ٹائیٹل پیج بار اوّل

جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ

إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا

بفضلہٖ تعالےٰ

یہ رسائل اربعہ جن کے نام بہ تفصیل ذیل ہیں

۱ انجام آتھم

۲ خدائی فیصلہ ۔ ۳ دعوت قوم

۴ مکتوب عربی بنام علماء

مطبع ضیاء الاسلام میں طبع ہوکر عام فائدہ
کے لئے شائع کئے گئے

بمقام قادیان

قیمت فی جلد ؏

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ط

نَحمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلیٰ رَسُولِہِ الکَرِیمِ ط

خدا کا مارا کبھی نہیں بچتا
خدا کی قسم سے انکار کرنے والا نیست و نابود کیا جائیگا

مفہوم یرمیاہ ۱۲/۱۲

چونکہ مسٹر عبداللہ آتھم صاحب ، ۲۷ جولائی ۱۸۹۶ء کو بمقام فیروز پور فوت ہوگئے ہیں اسلئے ہم قرین مصلحت سمجھتے ہیں کہ پبلک کو وہ پیشگوئیاں دوبارہ یاد دلا دیں جن میں لکھا تھا کہ آتھم صاحب اگر قسم نہیں کھائیں گے تو اس انکار سے جو اُن کا اصل مدعا ہے یعنی باقیماندہ عمر سے ایک کافی حصہ پانا یہ ان کو ہرگز حاصل نہیں ہوگا بلکہ انکار کے بعد جو اُن کی بیباکی کی علامت ہے جلدی اس جہان سے اُٹھائے جائیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور ابھی ہمارے اشتہار ۳۰ دسمبر ۱۸۹۵ء پر سات مہینے نہیں گزرے تھے کہ وہ اس جہان سے گزر گئے۔ اور وہ پیشگوئیاں جو کہ اُن کی اس **موت** پر دلالت کرتی ہیں اور پہلے اشتہارات میں درج ہیں یہ ہیں:

اول۔ ضرور تھا کہ وہ کامل عذاب (یعنی موت) اس وقت تک تھما رہے جبتک کہ وہ (یعنی آتھم) بیباکی اور شوخی سے اپنے ہاتھ سے اپنے لئے ہلاکت کے اسباب پیدا کرے۔ دیکھو انوار الاسلام صفحہ ۴۔

دوم۔ وہ بڑا ہاویہ جو موت سے تعبیر کیا گیا ہے۔ اس میں کسی قدر (آتھم صاحب کو) مہلت دی گئی ہے۔ (یعنی تھوڑی سی مہلت کے بعد پھر موت آئیگی) دیکھو انوار الاسلام صفحہ ۶۔

سوم۔ اور یاد رہے کہ مسٹر عبداللہ آتھم میں کامل عذاب (یعنی موت) کی بنیادی اینٹ رکھدی گئی ہے اور وہ عنقریب بعض تحریکات سے ظہور میں آجائے گی۔ خداتعالیٰ کے تمام کام اعتدال اور رحم سے ہیں۔ اور کینہ ور انسان کی طرح خواہ نخواہ جلد باز نہیں۔ دیکھو انوار الاسلام صفحہ ۱۰ ٭

چہارم۔ اس ہماری تحریر سے کوئی یہ خیال نکرے۔ کہ جو ہونا تھا وہ سب ہوچکا اور آگے کچھ نہیں۔ کیونکہ آیندہ کے لئے الہام میں یہ بشارتیں ہیں۔ وَنمزق الاعداء کل ممزق۔ ہم دشمنوں کو ٹکڑے ٹکڑے کردیں گے یعنی اپنی حجت کامل طور پر ان پر پوری کردیں گے۔ دیکھو انوار الاسلام صفحہ ۱۵ ٭

پنجم۔ اب اگر آتھم صاحب قسم کھالیویں تو وعدہ ایک سال قطعی اور یقینی ہے جس کے ساتھ کوئی بھی شرط نہیں اور تقدیر مبرم ہے اور اگر قسم نہ کھاویں۔ تو پھر بھی خدا تعالیٰ ایسے مجرم کو بے سزا نہیں چھوڑیگا۔ جس نے حق کا اخفا کر کے دنیا کو دھوکہ دینا چاہا اور وہ دن نزدیک ہیں دُور نہیں۔ یعنی اس کی موت کے دن۔ دیکھو اشتہار انعامی چار ہزار روپیہ صفحہ ۱۱ ٭

ششم۔ مگر تاہم یہ کنارہ کشی آتھم کی (یعنی قسم سے انکار کرنا) بیسود ہے کیونکہ خداتعالیٰ مجرم کو بے سزا نہیں چھوڑتا۔ نادان پادریوں کی تمام یاوہ گوئی آتھم کی گردن پر ہے۔ اگرچہ آتھم نے نالش اور قسم سے پہلوتہی کر کے اپنے اس طریق سے صاف جتلایا کہ ضرور اس نے رجوع بحق کیا۔ اور تین حملوں کے طرز وقوع سے بھی جن کا وہ مدعی تھا کھُلے طور پر بتلادیا کہ وہ حملے انسانی حملے نہیں تھے۔ مگر پھر بھی آتھم اس جُرم سے بَری نہیں ہے کہ اس نے حق کو علانیہ طور پر زبان سے ظاہر نہیں کیا۔ دیکھو رسالہ ضیاء الحق مطبوعہ مئی ۱۸۹۵ء صفحہ ۱۲

ایسا ہی ان رسائل اور اشتہارات کے اور مقامات میں بار بار لکھا گیا ہے کہ موت میں صرف مہلت

دی گئی ہے اور وہ بہر حال انکار پر جمے رہنے کی حالت میں آتھم صاحب کو پکڑ لے گی چنانچہ ہمارا آخری اشتہار جو آتھم صاحب کے قسم کھانے کے لئے دیا گیا اس کی تاریخ ۳۰ دسمبر ۱۸۹۵ء ہے۔ اس کے بعد آتھم صاحب کا انکار کمال کو پہنچ گیا۔ کیونکہ انہوں نے باوجود اس قدر ہمارے اشتہارات کے کہ ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرا نکلا۔ یہانتک کہ سات اشتہار دیئے گئے مگر پھر بھی انہوں نے وہ گواہی جو اُن پر فرض تھی ادا نہیں کی اس لئے خدا تعالیٰ نے انکو اس پیشگوئی کے اثر سے خالی نہ چھوڑا چنانچہ سات اشتہار پر سات دفعہ انکار کرنے کے بعد آخر ساتویں اشتہار سے سات مہینے پیچھے* موت اُن پر وارد ہوگئی اور وہ ہاویہ کے عذاب سے پہلے بھی نجات یافتہ نہ تھے۔ اُسوقت سے جو اُن کو پیشگوئی سنائی گئی اس وقت تک کہ اُن کی جان نکل گئی غضب الٰہی کی آگ ہر وقت اُن کو جلا رہی تھی۔ اور ایک خوف اور بے آرامی اور بے چینی ان کے لاحق حال ہوگئی تھی۔ پس کچھ شک نہیں کہ وہ پیشگوئی کے وقت سے عذاب الٰہی میں پکڑے گئے جیسے کوئی سخت بیماری میں پکڑا جاتا ہے اور ان کا آرام اور خوشی سب جاتی رہی۔ سو الحمد للہ والمنۃ کہ جب آتھم صاحب نے اپنے رجوع الی الحق سے سات دفعہ انکار کیا۔ تو خدا نے اس دروغ گوئی کی سزا میں ان کو جلد لے لیا ۔

ناظرین یاد رکھیں کہ آخری پیغام جو آتھم صاحب کو قسم کھانے کے لئے پہنچایا گیا وہ اشتہار ۳۰ دسمبر ۱۸۹۵ء کا تھا۔ اس میں یہ غیرت دلانیوالے الفاظ بھی تھے کہ اگر آتھم کو عیسائی لوگ ٹکڑے ٹکڑے بھی کر دیں اور ذبح بھی کر ڈالیں۔ تب بھی وہ قسم نہیں کھائیں گے۔ سو چونکہ آتھم نے سچی قسم سے مُنہ پھیرا اور نہ چاہا کہ حق ظاہر ہو سو جیسا کہ اس نے حق کو چھپایا۔

---

*حاشیہ۔ بلاشبہ آتھم کے دوستوں کو اس کی موت کا بہت ہی غم ہوا ہوگا۔ بلکہ ہم نے سُنا ہے کہ ایک عیسائی بھولے خاں نامی اس کی موت کے غم سے مر ہی گیا۔ اور اس کو آتھم کی ناگہانی موت نے ایسے درد سے پکڑا۔ کہ اس نے خود کہدیا کہ یقیناً اب میرا جینا مشکل ہے۔ چنانچہ دل پر سخت صدمہ پہنچنے کی وجہ سے وہ مر ہی گیا۔ اور پھر عیسائیوں نے اپنی قدیم عادت جھوٹ کی وجہ سے اس کی موت کو اس کی کرامت بنا لیا۔ بہتر ہو کہ اس قسم کی کرامت دوسرے شریر پادریوں سے بھی ظاہر ہو۔ تا خس کم جہاں پاک کی مثال صادق آوے۔ منہ ۔

خدا نے اپنے وعدہ کے موافق اس کے وجود کو اس کے ہم مذہب لوگوں کی نظر سے چھپا لیا اور جیسا کہ اُس نے وعدہ کیا تھا ویسا ہی ظہور میں آیا۔ تیس ۳۰ دسمبر ۱۸۹۵ء تک ہماری طرف سے اس کو تبلیغ ہوتی رہی کہ شاید وہ خدا تعالیٰ سے خوف کر کے سچی گواہی ادا کرے۔ پھر ہم نے تبلیغ کو چھوڑ دیا اور خدا تعالیٰ کے وعدہ کے انتظار میں لگے۔ سو آتھم صاحب ۳۰ دسمبر ۱۸۹۵ء میں سے ابھی سات مہینے ختم نہ کئے تھے کہ قبر میں جا پڑے۔

یہ خدا تعالیٰ کے کام ہیں جس کو لوگ عبرت کی نظر سے نہیں دیکھتے بلکہ جن کے دل سیاہ اور آنکھیں اندھی ہیں وہ چاہتے ہیں کہ کسی طرح خدا تعالیٰ کے نشانوں کو چھپا دیں۔ چنانچہ پرچہ کشف الحقائق بمبئی یکم اگست ۱۸۹۶ء جو حسام الدین عیسائی کی طرف سے نکلتا ہے اس میں اسی پُرانی عادت جھوٹ کی نجاست خوری کی وجہ سے چند سطریں صفحہ ۱۰۸ پرچہ مذکور میں لکھی ہیں۔ جو مناسب سمجھ کر ذیل میں ان کا جواب دیا جاتا ہے۔

قولہٗ۔ ہم نے سُنا ہے کہ جنگ مقدس نہایت مفید اور عمدہ کتاب ہے۔ اس میں قادیانی صاحب کے ناجائز خیالات کی پردہ دری آتھم صاحب نے نہایت شائستگی سے کی ہے۔

اقول۔ بیشک اس قدر تو میں بھی قائل ہوں کہ جنگ مقدس کا واقعی نقشہ ان لوگوں کو بلاشبہ مفید ہے جو غور اور انصاف کا مادہ اپنے اندر رکھتے ہیں۔ لیکن جو مُردہ پرست ہیں۔ اور مُردہ پرستی کی عادت ان کی طبیعت کی جُزو ہو گئی ہے۔ ان کو مفید نہیں۔ کیونکہ وہ آنکھیں رکھتے ہوئے نہیں دیکھتے اور کان رکھتے ہوئے نہیں سُنتے اور دل رکھتے ہوئے نہیں سمجھتے۔

ظاہر ہے کہ جنگ مقدس کے مباحثہ میں عیسائیوں سے بڑا بھاری مطالبہ یہ تھا۔ کہ وہ ابن مریم کی خدائی کو عقل اور نقل کی رُو سے ثابت کریں۔ سو عقل تو دُور سے ایسے عقیدہ پر نفرین کرتی تھی۔ اس لئے انہوں نے عقل کا نام ہی نہ لیا۔ کیونکہ عقل اسلامی توحید تک ہی گواہی دیتی ہے اور اسی لئے تمام عیسائی اس بات کو مانتے ہیں کہ اگر ایک گروہ ایسے کسی جزیرہ کا رہنے والا ہو جس کے پاس قرآن پہنچا ہو اور نہ انجیل اور نہ اسلامی توحید پہنچی ہو اور نہ نصرانیت کی

تثلیث اُن سے صرف اسلامی توحید کا مواخذہ ہوگا۔ جیسا کہ پادری فنڈل نے میزان الحق میں یہ صاف اقرار کیا ہے۔ پس لعنت ہے ایسے مذہب پر جس کے اصل الاصول کی سچائی پر عقل گواہی نہیں دیتی۔ اگر انسان کے کانشنس اور خداداد عقل میں تثلیث کی ضرورت فطرتاً مرکوز ہوتی تو ایسے لوگوں کو بھی ضرور تثلیث کا مواخذہ ہوتا۔ جن تک تثلیث کا مسئلہ نہیں پہنچا۔ حالانکہ عیسائی عقیدہ میں بالاتفاق یہ بات داخل ہے کہ جن لوگوں تک تثلیث کی تعلیم نہیں پہنچی اُن سے صرف توحید کا مواخذہ ہوگا۔ اس سے ظاہر ہے کہ توحید ہی وہ چیز ہے جس کے نقوش انسان کی فطرت میں مرکوز ہیں۔

باقی رہا یسُوع کی خدائی کو منقولات سے ثابت کرنا۔ سو جنگ مقدس میں آتھم **مقتول** ہرگز ثابت نہ کر سکا کہ یہی تعلیم جو انجیل کے حوالہ سے اب ظاہر کی جاتی ہے موسیٰ کی توریت میں موجود ہے۔ ظاہر ہے کہ اگر باپ بیٹے روح القدس کی تعلیم جو دوسرے لفظوں میں تثلیث کہلاتی ہے۔ بنی اسرائیل کو دی جاتی تو کوئی وجہ نہ تھی کہ **وہ سب کے سب اس کو بھول جاتے** جس تعلیم کو موسیٰ نے چھ سات لاکھ یہود کے سامنے بیان کیا تھا اور بار بار اس کے حفظ رکھنے کیلئے تاکید کی تھی اور پھر حسب زعم عیسائیاں متواتر خدا کے تمام نبی یسُوع کے زمانہ تک اس تعلیم کو تازہ کرتے آئے ایسی تعلیم یہود کو کیونکر بھول سکتی تھی۔

کیا یہ بات ایک محقق کو تعجب میں نہیں ڈالتی کہ وہ تعلیم جو لاکھوں یہودیوں کو دی گئی تھی اور خدا کے نبیوں کی معرفت ہر صدی میں تازہ کی گئی تھی جو اصل مدار نجات تھی اس کو یہود کے تمام فرقوں نے بھلا دیا ہو حالانکہ یہود اپنی تالیفات میں صاف گواہی دیتے ہیں کہ ایسی تعلیم ہمیں کبھی نہیں ملی۔ اور ہمیں ماننا پڑتا ہے کہ یہود اس بات میں ضرور سچے ہیں۔ کیونکہ اگر تنزل کے طور پر یہ بھی فرض کرلیں کہ صرف یسوع کے زمانہ تک یہود میں تثلیث کی تعلیم پر عمل تھا۔ تب بھی یہ فرض صریح باطل ٹھہرتا ہے۔ کیونکہ اگر ایسا عمل ہوتا تو ضرور اس کے آثار یہود کی منقولات اور تالیفات میں باقی رہ جاتے۔ اور غیر ممکن تھا کہ یہود یک دفعہ اس تعلیم سے رُوگردان ہو جاتے کہ جو تعامل کے طور پر برابر اُن میں چلی آئی

تھی۔ اور اگر کسی پیشگوئی میں یہود کو خبر دی جاتی کہ ایک خدا بھی عورت کے پیٹ سے پیدا ہونے والا ہے تو پیشگوئی کے ایسے مفہوم سے جو نبیوں کی معرفت سبق کے طور پر ان کو ملا تھا ہرگز انکار نہ کرتے۔ ہاں یہ ممکن تھا کہ یہ عذر پیش کرتے کہ ایک خدا ایک عورت کے پیٹ میں سے نکلنے والا تو ضرور ہے مگر وہ خدا ابن مریم نہیں ہے بلکہ وہ کسی دوسرے وقت میں آئیگا۔ حالانکہ ایسے عقیدہ پر یہود ہزار لعنت بھیجتے ہیں۔

پس میں پوچھتا ہوں کہ جنگ مقدس میں آتھم نے ان باتوں کا کیا جواب دیا ہے۔ کیا یہود کی گواہی سے ثابت کیا کہ نبیوں سے یہی تعلیم اُن کو ملی تھی۔ یا نبیوں کی معرفت جو پیشگوئیوں کے معنے ان کو سمجھائے گئے تھے وہ یہی معنی ہیں۔ سچ ہے کہ آتھم اور اس کے ہم مشربوں نے بائبل میں سے چند پیش گوئیاں پیش کی تھیں مگر وہ ہرگز ثابت نہ کر سکے کہ یہود جو وارث توریت کے ہیں۔ وہ یہی معنے کرتے ہیں۔ صرف تاویلات رکیکہ پیش کیں۔ مگر ظاہر ہے کہ صرف خود تراشیدہ تاویلات سے ایسا بڑا دعویٰ جو عقل اور نقل کے برخلاف ہے ثابت نہیں ہو سکتا۔

مثلاً یہ لکھنا کہ "عمانوایل نام رکھنا" یہ یسوع کے حق میں پیشگوئی ہے۔ حالانکہ یہود نے بڑی صفائی سے ثابت کر دیا ہے کہ یسوع کی پیدائش سے مدت پہلے یہ پیشگوئی ایک اور لڑکے کے حق میں پوری ہو چکی ہے۔

اور مثلاً یہ کہنا کہ الوہیم کا لفظ جو جمع ہے تثلیث پر دلالت کرتا ہے۔ حالانکہ یہود نے کھلے کھلے طور پر ثابت کر دیا ہے کہ الوہیم کا لفظ توریت میں فرشتہ پر بھی بولا گیا ہے۔ اور اُن کے نبی پر بھی اور بادشاہ پر بھی۔ اور لفظ الوہیم سے صرف تین شخص ہی کیوں مراد لئے جاتے ہیں کیونکہ جمع کا صیغہ تین سے زیادہ سینکڑوں ہزاروں پر بھی تو دلالت کرتا ہے۔ سو ان بے ہودہ تاویلات سے بجز اپنی پردہ دری کرانے کے اور کیا آتھم کے لئے نتیجہ نکلا تھا۔ مگر عیسائی بھی عجیب قوم ہے۔ کہ اتنی ذلتیں اُٹھا کر پھر بھی شرمندہ نہیں ہوتی۔

قولہٗ۔ "قادیانی صاحب باضابطہ مباحثہ میں کامیاب نہ ہوئے تو انہوں نے آتھم صاحب کے مرنے

کی پیشگوئی کی۔ مگر وہ بھی وقت معینہ پر پوری نہ ہوئی ۔

اقول۔ مباحثہ کا نمونہ تو میں نے کسی قدر ابھی بتلا دیا۔ اور پھر بھی انکار کرتے رہنا ان لوگوں کا کام ہے جو جھوٹ سے محبت رکھتے ہیں۔ اور رہا یہ کہ آتھم تاریخ مقررہ پر نہیں مرا بلکہ اس کے بعد مرا یہ عیسائیوں کی حماقت ہے جو ایسا سمجھتے ہیں۔ کیا پیشگوئی میں یہ شرط نہ تھی کہ آتھم اس حالت میں ہاویہ میں گرے گا۔ کہ جب رجوع الی الحق نہ کرے*۔ اب ذرا دل کو ٹھہرا کر اور آنکھوں کو کھول کر سوچو اور فکر کرو۔ کہ کیونکر آتھم نے اپنے اقوال سے اپنے افعال سے اپنی مضطربانہ حرکات سے اپنے مفتریانہ دعاوی سے اس بات کو ثابت کر دیا۔ کہ درحقیقت پیشگوئی کی عظمت نے اس کے دل پر اثر کیا اور درحقیقت وہ پیشگوئی کے زمانہ میں نہ معمولی طور پر بلکہ بہت ہی ڈرا اور وہ خوف

* **حاشیہ**۔ اس بات کے لئے بڑے زبردست دلائل ہمارے ہاتھ میں ہیں کہ آتھم کی یہ موت کوئی معمولی موت نہیں۔ آتھم کی عمر قریباً میرے برابر تھی۔ اور میں تو اکثر عوارض لاحقہ سے بیمار رہتا ہوں اور دردِ سر کی بیماری مجھے مدت تیس سال سے ہے۔ مگر آتھم ایک پرورش یافتہ بیل کی طرح موٹا تھا اور دن رات شراب پینے اور عمدہ غذائیں کھانے کے سوا اور کوئی کام نہیں تھا۔ سو اس کی موت درحقیقت انہیں پیشگوئیوں کا ظہور ہے کہ جو قطعی طور پر اس کے لئے کی گئی تھیں ۔

اور علاوہ پیشگوئیوں کے جن کا اپنے وقت پر پورا ہونا ضروری تھا۔ یہ بھی انوار الاسلام اور دیگر اشتہارات میں بار بار لکھ چکے ہیں کہ یہ قدیم سے سنت اللہ ہے کہ جو شخص خوف کی حالت میں رجوع کرکے اور پھر امن پا کر برگشتہ ہو جائے خدا اس کو تھوڑی مہلت دیکر پھر پکڑ لیتا ہے جیسا کہ وہ خود فرماتا ہے۔ انا کاشفوا العذاب قلیلاً انکم عائدون[1]۔ یعنی ہم رجوع کے بعد کچھ تھوڑی مدت عذاب کو موقوف رکھیں گے اور پھر پکڑ لیں گے اور تھوڑی مدت اس لئے کہ پھر تم انکار کی طرف رجوع کرو گے۔ سو ایسا ہی ہوا۔

یہ بات مسلمانوں کو بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ گو ایک شخص کا انجام خدائے تعالیٰ کے علم میں کفر ہو مگر عادت اللہ قدیم سے یہی ہے کہ اس کی تضرع اور خوف کے وقت عذاب کو دوسرے وقت پر ڈال دیا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ وعید میں خدا کے ارادہ عذاب کا تخلف جائز ہے مگر بشارت میں جائز نہیں۔ جیسا کہ قوم یونس کی وعید میں نزول عذاب کی قطعی تاریخ بغیر کسی شرط کے بتلا کر پھر اس قوم کی تضرع پر وہ عذاب موقوف

[1] الدخان : ۱۶

کے تمثلات اُس کی آنکھوں کے سامنے بار بار آئے۔ جو قانون فطرت کی رُو سے ان لوگوں کو دکھائی دیا کرتے ہیں۔ جو حد سے زیادہ ڈرتے ہیں ٭

مثلاً امرتسر کے مقام میں اُس نے سانپ دیکھا کہ گویا وہ ہمارے اشارہ سے اس پر حملہ کرتا ہے اور لدھیانہ کے مقام میں نیزوں والے دیکھے جو اس کو مارنا چاہتے ہیں ٭

اور فیروزپور کے مقام میں بندوقوں والوں کو دیکھا کہ گویا اس کا کام تمام کرنا چاہتے ہیں۔ اگر یہ حملے کسی انسان کی طرف سے ہوتے تو ضرور آتھم صاحب اس سانپ کو مار سکتے۔ اور اگر سانپ ہاتھ سے نکل گیا تھا تو اُن لوگوں میں سے کسی کو پکڑ سکتے جنہوں نے لدھیانہ میں اُن پر حملہ کیا تھا اور اگر اُن کو نہ پکڑ سکتے تو ان لوگوں میں سے تو ضرور کسی کو پکڑتے جنہوں نے مقام فیروزپور میں اُن کے داماد کی کوٹھی پر پہرہ والوں کے ہوتے ہوئے اُن پر حملہ کیا تھا۔ کیا یہ تعجب کی بات نہیں کہ آتھم جیسے پیر جہاں دیدہ پر اس درجہ کی مذہبی دشمنی کی وجہ سے تین حملے ہوں۔ تو وہ نہ کسی اقدام قتل کرنے والے کو پکڑ سکے اور نہ اس مدت میں کسی عیسائی کو اس واقعہ کی خبر دے سکے اور نہ تھانہ میں رپورٹ لکھوا سکے اور نہ عدالت میں نالش کر سکے۔ اور

حاشیہ متعلقہ

رکھا گیا اور قرآن شریف اور توریت کے اتفاق سے یہ بھی ثابت ہے کہ فرعون کے ایمان کے وعدہ پر خدا تعالےٰ بار بار عذاب کو اس سے ٹالتا رہا۔ حالانکہ جانتا تھا کہ فرعون کا خاتمہ کفر پر ہے۔ مگر اس بات کا بھید کیا ہے کہ وعید میں تخلف ارادہ عذاب کا کیوں اور کس وجہ سے بعض اوقات میں ہو جاتا ہے حالانکہ بظاہر تخلف وعید میں بھی رائحہ کذب ہے ٭

اس کا جواب یہ ہے کہ کسی کو سزا دینا دراصل خدا تعالےٰ کے ذاتی ارادہ میں داخل نہیں ہے اس کے صفاتی نام جو اصل الاصول تمام صفاتی ناموں کے ہیں چار ہیں اور چاروں جُود اور کرم پر مشتمل ہیں یعنی وہی نام جو سُورۂ فاتحہ کی پہلی تین آیتوں میں مذکور ہیں یعنی ربّ العٰلمین اور رحمان اور رحیم اور ملٰک یوم الدین یعنی مالک یوم جزا ٭

ان ہر چہار صفات میں خدا تعالیٰ کی طرف سے انسانوں کے لئے سرسرنیکی کا ارادہ کیا گیا ہے یعنی پیدا کرنا پرورش کرنا جس کا نام ربوبیت ہے اور بے استحقاق آرام کے اسباب مہیا کرنا جس کا نام رحمانیت ہے۔ اور تقویٰ اور خداترسی اور ایمان پر انسان کے لئے وہ اسباب مہیا کرنا جو

ہمارا محکمہ بذریعہ عدالت لے سکے اور مُنہ پر مُہر لگ جائے۔ کیا تم انسان ہو یا حیوان ہو کہ اتنی موٹی بات کو سمجھ نہیں سکتے۔ کہ جس آتھم پر جو اکسٹرا اسسٹنٹ بھی رہ چکا تھا ایسے ایسے سخت حملے ہوئے اور نہ صرف اسی قدر بلکہ بقول تمہارے اس کو زہر دینے کا بھی ارادہ کیا گیا مگر اس نے عدالت کے ذریعہ سے **خونخوار** حریف کا کچھ بھی تدارک نہ کرایا۔ ایسے بدذات اور پلید طبع جنہوں نے زہر دینے کی تجویز کی اور ڈاکوؤں کی طرح تین مرتبہ اس پر سخت حملے کئے گئے ایسے خبیثوں کو چھوڑ نا روا تھا۔ خدا کی لعنت اُس شخص پر جس نے سانپ چھوڑا اور زہر دینے کی تجویز کی اور سوار اور پیادے بندوقوں اور تلواروں اور نیزوں کے ساتھ بمقام لدھیانہ اور فیروزپور آتھم کی کوٹھی پر بھیجے تا اس کو قتل کریں اور اگر یہ بات صحیح نہیں تو پھر اس شخص پر ہزار لعنت جس نے ایسا بے بنیاد افتراء کیا اور حق کو مخفی رکھنے کے لئے اور اپنے خوف کو چھپانے کے لئے یہ منصوبہ گھڑا ؛

اسی قسم کے افتراؤں سے جن کو ہم نے بچشم خود دیکھ لیا ہم یقین رکھتے ہیں کہ اس عیسائی قوم میں سخت بدذات اور شریر پیدا ہوتے ہیں اور بھیڑوں کے لباس میں اپنے تئیں ظاہر کرتے ہیں اور اصل میں شریر بھیڑیئے ہوتے ہیں۔ اور ایسی بدذاتی سے بھرے ہوئے جھوٹ بولتے ہیں اور افترا کرتے

بقیہ حاشیہ

آئندہ دُکھ اور مصیبت سے محفوظ رکھیں۔ جس کا نام **رحیمیّت** ہے۔ اور اعمال صالحہ کے بجالانے پر جو عبادت اور صوم اور صلوٰۃ اور بنی نوع کی ہمدردی اور صدقہ اور ایثار وغیرہ ہے۔ وہ مقام صالح عطا کرنا جو دائمی سرور اور راحت اور خوشحالی کا مقام ہے جس کا نام جزاءِ خیر از طرف مالک یوم الجزاء ہے۔ سو خدا نے ان ہر چہار صفات میں سے کسی صفت میں بھی انسان کے لئے بدی کا ارادہ نہیں کیا سراسر خیر اور بھلائی کا ارادہ کیا ہے۔ لیکن جو شخص اپنی بدکاریوں اور بے اعتدالیوں سے ان صفات کے پرتوہ کے نیچے سے اپنے تئیں باہر کرے اور فطرت کو بدل ڈالے اس کے حق میں اسی کی شامت اعمال کی وجہ سے وہ صفات بجائے خیر کے شر کا حکم پیدا کر لیتے ہیں چنانچہ ربوبیت کا ارادہ فناء اور اعدام کے ارادہ کے ساتھ مبدل ہو جاتا ہے۔ اور رحمانیت کا ارادہ غضب اور سخط کی صورت میں ظاہر ہو جاتا ہے اور رحیمیت کا ارادہ انتقام اور سخت گیری کے رنگ میں جوش مارتا ہے اور جزاءِ خیر کا ارادہ سزا اور تعذیب کی صورت میں اپنا ہولناک چہرہ دکھاتا ہے ؛

سو یہ تبدیلی خدا کی صفات میں انسان کی اپنی حالت کی تبدیلی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

ہیں جن کی کچھ بھی اصلیت نہیں ہوتی ✦

عیسائی اس بات کو مانیں یا نہ مانیں مگر منصف لوگ سمجھ سکتے ہیں کہ آتھم کو ان بیہودہ افتراؤں کی کیوں ضرورت پیش آئی اور کیوں اور کس وجہ سے یہ باتیں اُس نے میعاد گذرنے کے بعد پیش کیں اور میعاد کے اندر میت کی طرح کیوں خاموش رہا۔ حالانکہ دشمن کی مجرمانہ حرکت کو اسی وقت شائع کرنا چاہیئے تھا جبکہ دشمن کی طرف سے ارتکاب جرم کا ہوا تھا ✦

اس افترا کا یہی سبب تھا کہ آتھم نے اپنی کمال سراسیمگی سے پیشگوئی کی میعاد میں دنیا پر ظاہر کر دیا تھا کہ وہ پیشگوئی کی عظمت سے سخت خوف میں پڑ گیا اور اس کے دل کا آرام جاتا رہا۔ اکثر وہ روتا تھا۔ اور اس کے ڈرنے والے دل کا نقشہ اس کے چہرہ پر نمودار تھا اور مُردہ پرستی کا ایمان اس کو **قوت اور استقامت** نہیں بخش سکتا تھا بلکہ اس وقت سچائی کے خوف نے اس کے ایسے پلید خیالات کو اپنے پیروں کے نیچے کچل دیا تھا۔ سو جس خوف کا اس نے اپنی سخت بیقراری سے ثبوت دیدیا تھا میعاد گذرنے پر ضرور تھا کہ وہ اپنی قوم کے آگے اس کی کچھ تاویل کرتا اور اس کی کوئی وجہ بتلاتا۔ تا کسی کے ذہن کا اس طرف انتقال نہ ہو کہ وہ تمام خوف پیشگوئی کی وجہ سے تھا۔ سو اس نے تین حملوں اور زہر دینے کی تجویز کو بہانہ بنایا۔ تا سب لوگ بول اٹھیں کہ جبکہ آتھم بیچارہ پر اس قدر سخت حملے ہوئے تو وہ بیچارہ کیوں سراسیمہ اور بیقرار نہ رہتا ✦

اگر یہ بہانہ نہیں تھا اور واقعی طور پر ہم نے کوئی تعلیم یافتہ سانپ چھوڑا تھا۔ یا ہمارے سوار اور پیادے اُس کے قتل کرنے کے لئے اس کی کوٹھی پر آئے تھے یا اس کو زہر دینے کیلئے ہماری

حاشیہ در حاشیہ: غرض چونکہ سزا دینا یا سزا کا وعدہ کرنا خدا تعالیٰ کی ان صفات میں داخل نہیں جو ام الصفات ہیں کیونکہ دراصل اُس نے انسان کیلئے نیکی کا ارادہ کیا ہے اس لئے خدا کا وعید بھی جبتک انسان زندہ ہے اور اپنی تبدیلی کرنے پر قادر ہے۔ فیصلہ ناطقہ نہیں ہے لہٰذا اس کے برخلاف کرنا کذب یا عہد شکنی میں داخل نہیں۔ اور گو بظاہر کوئی وعید شروط سے خالی ہو مگر اس کے ساتھ پوشیدہ طور پر ارادہ الٰہی میں شروط ہوتی ہیں بجز ایسے الہام کے جس میں ظاہر کیا جائے کہ اس کے ساتھ شروط نہیں ہیں۔ پس ایسی صورت میں وہ قطعی فیصلہ ہو جاتا ہے اور تقدیر مبرم قرار پا جاتا ہے یہ نکتہ معارف الٰہیہ میں سے نہایت قابل قدر اور جلیل الشان نکتہ ہے جو سورۂ فاتحہ میں مخفی رکھا گیا ہے۔ فتدبر۔ منہ؛

طرف سے کوئی اقدام ہوا تھا تو اس کو خدا نے خوب موقعہ دیا تھا کہ ہماری پیشگوئی کی قلعی کھولتا اور حملہ آوروں کو پکڑتا اور ان حملوں کے وقوع کا ثبوت دیتا۔ یا کم سے کم اثناء پیشگوئی میں کسی تھانہ میں رپورٹ لکھواتا یا کسی حاکم سے ذکر کرتا۔ یا اخباروں میں چھپوا دیتا۔ جس شخص نے اول جھوٹی پیشگوئی کر کے اس قدر اس کے دل کو دکھایا اور اس درجہ کا صدمہ پہنچایا۔ اور پھر زہر دینے کی فکر میں رہا۔ اور پھر تین حملے کئے تا اس کو نیست و نابود کرے اور اس کی موت کو اس کے مذہب کے بطلان پر دلیل لاوے۔ کیا ضرور نہ تھا کہ ایسے ظالم کے ظلم پر ہرگز صبر نہ کیا جاتا۔ اگر اپنے لئے نہیں تو اپنے مذہب کی حمایت کے لئے ہی ایسے مفسد کا واجب تدارک کرنا چاہیئے تھا۔ چنانچہ اخبار والوں نے بھی ہر طرف سے زور دیا کہ آتھم صاحب لوگوں پر احسان کریں گے۔ اگر ایسے مفسد کو عدالت کے ذریعہ سے سزا دائیں گے۔ مگر آتھم صاحب موت سے پہلے ہی مر گئے اور ہماری سچائی کے پوشیدہ ہاتھ نے انہیں ایسا دبایا۔ کہ گویا وہ زندہ ہی قبر میں داخل ہو گئے۔

دنیا تمام اندھی نہیں ہر یک منصف موچ سکتا ہے کہ جو ناحق کے الزاموں کے تیر انہوں نے میری طرف پھینکے تھے وہی تیر بوجہ عدم ثبوت اُن کو زخمی کر گئے۔ اور ان افتراؤں سے عقلمندوں نے سمجھ لیا کہ ضرور دال میں کالا ہے۔

غرض جبکہ وہ اس بار ثبوت سے سبکدوش نہ ہو سکے جس سے انہیں سبکدوش ہونا چاہیئے تھا۔ بلکہ قسم کھانے سے بھی محض حق پوشی کے طریق پر انکار کر گئے تو کیا اب بھی یہ ثابت نہ ہوا۔ کہ ضرور انہوں نے پیشگوئی کی عظمت کا خوف دل میں ڈال کر اُس شرط سے فائدہ اُٹھایا تھا۔ جو الہامی عبارت میں درج تھی۔

قولہ۔ قادیانی صاحب کے پیرو پیشگوئی کے سبب سے اُن سے منحرف ہو گئے۔

اقول۔ میاں حسام الدین کی یہ دروغگوئی درحقیقت افسوس کی جگہ نہیں۔ کیونکہ جبکہ اُن کے بزرگ عیسائی ایک مُردہ کو خدا بنانے کے لئے کئی جھوٹی انجیلیں بنا کر چھوڑ گئے تو جھوٹ

بولنا اُن کی وراثت ہے ۔

یہ بھی یاد رہے کہ انحراف سے اُن کی مراد کسی ایک آدھ ناسمجھ کا انحراف ہے۔ تو آپ کے یسُوع صاحب پر سب سے پہلے یہ الزام ہے کیونکہ یہودا اسکریوطی یسُوع صاحب سے بڑے زور شور کے ساتھ منحرف ہوا تھا اور نہ صرف منحرف ہوا بلکہ نہایت بدظن ہو کر یہ چاہا کہ ایسا شخص ہلاک ہی ہو جائے تو بہتر ہے۔ تیس روپیہ لینے پر اسی وجہ سے راضی ہوا۔ کہ یہ رقم قلیل بھی اس کے وجود سے بدرجہا افضل ہے ۔

بات یہ ہے کہ یسُوع صاحب نے یہ پیشگوئی کی تھی کہ میں داؤد کے تخت کو قائم کرنے آیا ہوں اور اس طرح پر یہود کو اپنی طرف کھینچنا چاہا تھا۔ کہ دیکھو میں تمہاری بادشاہی پھر دنیا میں دوبارہ قائم کرنے آیا ہوں اور رومی گورنمنٹ سے اب جلد تم آزاد ہوا چاہتے ہو۔ مگر وہ بات نہوئی بلکہ حضرت یسُوع صاحب نے نہایت درجہ کی ذلت دیکھی۔ مُنہ پر تھوکا گیا۔ اور آپ کے اس حصہ جسم پر کوڑے لگائے گئے جہاں مجرموں کو لگائے جاتے ہیں اور حوالات میں کیا گیا۔ پس یہود اور ایسا ہی اور بہت سے آدمیوں نے بخوبی سمجھ لیا۔ کہ اس شخص کی پیشگوئی صاف جھوٹی نکلی اور یہ خدا تعالےٰ کی طرف سے نہیں ہے ۔

لہٰذا انہوں نے اس کے ساتھ رہنا پسند نہ کیا۔ اور ان کے دل پہلے ہی سے شکستہ ہو گئے تھے کیونکہ پہلے نبیوں کی پیشگوئیوں کے مطابق یسُوع میں مسیح موعود ہونے کی علامتیں نہ پائی گئیں اور خاص کر یہ کہ اُن سے پہلے ایلیا آسمان سے نہ اُترا جس کا اُترنا ضروری تھا

اور پھر اس بات سے تو طبیعتیں نہایت بیزار ہو گئیں کہ داؤد کے تخت کے بحال کرنے کی پیشگوئی جو مسیح موعود کی علامت تھی اُن کے حق میں صادق نہ آئی۔ انہوں نے دعویٰ بھی کر دیا کہ میں پہلے نبیوں کی پیشگوئی کے مطابق داؤد کے تخت کو بحال کرنے آیا ہوں۔ بلکہ شوق ظاہر کیا کہ لوگ مجھ کو شہزادہ کہیں۔ مگر ان کی بدقسمتی سے داؤد کا تخت بحال نہ ہوا۔ اور وہ دعویٰ جھوٹا نکلا۔ اور درحقیقت یسوع صاحب کی یہ ایک فضولی تھی۔ اور یا ایک قسم کی چالاکی اور دام

اندازی کہ انہوں نے یہودیوں کو داؤد کے تخت کی امید دلائی تاکہ وہ لوگ اگر اور طرح نہیں۔ تو اسی طرح ان کے قبضہ میں آجائیں۔ مگر چاہیئے تھا کہ وہ ایسی لاف وگزاف سے اپنی زبان کو بچاتے اور اسی پہلی بات پر قائم رہتے کہ میری بادشاہت دنیا کی بادشاہت نہیں۔ مگر **نفسانی جذبات** کی وجہ سے صبر نہ کر سکے اور اپنے پہلے پہلو میں ناکامی دیکھ کر ایک اور چال اختیار کی۔ اور پھر جب باغی ہونے کے شبہ میں پکڑے گئے تو پھر اپنے تئیں بغاوت کے الزام سے بچانے کے لئے وہی پہلا پہلو اختیار کر لیا۔ **دعویٰ خدائی کا اور پھر یہ چال بازیاں۔ جائے تعجب ہے** ٭

اور یاد رہے کہ یہ ہماری رائے اس یسوع کی نسبت ہے۔ جس نے **خدائی کا دعویٰ** کیا۔ اور پہلے نبیوں کو **چور** اور **بٹمار** کہا۔ اور خاتم الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت بجز اس کے کچھ نہیں کہا کہ میرے بعد جھوٹے نبی آئیں گے۔ **ایسے یسوع کا قرآن میں کہیں ذکر نہیں** ٭

قولہٗ۔ ہر ایک شریف مسلمان کو اس بات کے سُننے سے نہایت رنج ہوگا کہ مسلمان مخالفین نے اُن کے یعنی آتھم صاحب کے مارنے کے لئے وحشیانہ حرکتیں کیں اُن کے گھر میں زندہ سانپ چھوڑے گئے اُن کو زہر کھلانے کی تجویز کی گئی ٭ ۔

اقول۔ میں پوچھتا ہوں کہ اب آتھم صاحب جو مر گئے کس زہر سے مارے گئے یا کس سانپ نے اُن کو ڈسا یا کس نے اُن پر بندوق فیر کی یا تلوار چلائی۔ اگر کہو کہ اب پیشگوئی کی میعاد کے بعد فوت ہوئے تو یہ صاف حماقت ہے کیونکہ پیشگوئی نے یہ قطعی فیصلہ نہیں دیا تھا کہ ضرور اس کی میعاد کے اندر ہی فوت ہوں گے۔ بلکہ پیشگوئی میں یہ صاف شرط موجود تھی۔ کہ اگر وہ عیسائیت پر مستقیم رہیں گے اور ترک استقامت کے آثار نہیں پائے جائیں گے اور اُن کے افعال یا اقوال سے رجوع الی الحق ثابت نہیں ہوگا تو صرف اس حالت میں پیشگوئی کے اندر فوت ہوں گے ورنہ اُن کی موت میں تاخیر ڈال دی جائے گی۔ ہاں کسی قدر ہاویہ کا بھی مزہ چکھ لیں گے

سو بلاشبہ پیشگوئی نے میعاد کے اندر اس ہاویہ کا مزا اُن کو چکھا دیا جس ہاویہ کی تکمیل رفتہ رفتہ ۲۷ جولائی ۱۸۹۶ء کو ہو گئی اور ضرور تھا کہ وہ پیشگوئی کی میعاد میں ہاویہ کے پورے اثر سے بچے رہتے۔ کیونکہ انہوں نے اسلامی پیشگوئی کا ڈر اپنے پر ایسا غالب کیا کہ ایک قسم کی موت اُن پر آگئی۔ وہ مُردوں کی طرح چُپ ہو گئے اور عیسائیت کے پلید عقائد کی حمایت میں جو پہلے تالیفات کرتے رہتے تھے اُن سے یکلخت دستکش ہو گئے اور خوف کے صدمات نے اُن کو سراسیمہ کر دیا۔ پس کیا ضرور نہ تھا۔ کہ خدا تعالےٰ اپنے الہام کی شرط کے موافق موت کو دوسرے وقت پر ٹال دیتا۔ اور کیا اُن کی موت سے پہلے یہ پیشگوئی شائع نہیں کی گئی کہ **انکار قسم کے اصرار پر یہ پیشگوئی پُورے طور پر پُوری ہو جائیگی**۔ سو اب بیشک آتھم صاحب پیشگوئی کے مطابق مرے اور آخری انکار کے بعد صرف سات مہینے زندہ رہے ٭

سو یہ ہمارا حق ہے کہ ہم کہیں کہ ہر ایک شریف عیسائی کو اس بات کے سُننے سے نہایت رنج ہوگا کہ آتھم باطل اندیش نے پیشگوئی کی سچائی کو چھپانے کے لئے کیا کیا مکروہ اور نالائق افتراؤں سے کام لیا اور کس طرح دلیری کے ساتھ بے بنیاد جھوٹ کو پیش کیا۔ نالائق آتھم نے سراسر بے وجہ مجھے زہر خورانی کے اقدام کی تہمت دی۔ میرے پر یہ افترا باندھا کہ گویا میں نے اس کے قتل کرنے کے لئے اس کی کوٹھی میں سانپ چھوڑے تھے۔ اور گویا میں ایسا پُرانا خونی تھا کہ تین مرتبہ میں نے تین مختلف شہروں میں اس کے مارنے کے لئے اپنی جماعت کے جوانوں سے حملے کرائے اور کئی سوار اور پیادے معہ بندوقوں اور تلواروں اور نیزوں کے اس کی کوٹھی میں لدھیانہ اور فیروزپور میں میرے حکم سے گھس گئے۔ **خدا کی لعنت کا مارا بہت سا جھوٹ بول کر بھی آخر موت سے بچ نہ سکا**۔ شرطی پیشگوئی سے تو اس کی جان بوجہ ادائے شرط کے بچ گئی لیکن قطعی پیشگوئی نے آخر اس کو کھا لیا ٭

میں اپنے اشتہارات انوار الاسلام وغیرہ اور ضیاء الحق میں نہایت دلائل قاطعہ سے ثابت کر چکا ہوں کہ آتھم کا یہ نہایت گندہ جھوٹ ہے کہ اس نے ان حملوں کا میرے پر الزام لگایا اور ایک راستباز انسان کی طرح کبھی یہ ارادہ نہ کیا کہ اس الزام کو ثابت کرے۔ نہ نالش سے نہ بذریعہ پولس ثبوت

دینے سے اور نہ قسم کھانے سے اور نہ کسی خانگی طور سے۔ اور میں یقیناً جانتا ہوں کہ کسی **منصف** کا کانشنس ہرگز یہ گواہی نہیں دے گا کہ درحقیقت واقعی طور پر یہ حملے ہوئے تھے۔ میں دشمنوں سے اس وقت امید نہیں رکھتا کہ وہ اپنے کانشنس سے مجھ کو اطلاع دیں مگر ایک **حق پسند** کیلئے یہ ثبوت تسلّی بخش ہے کہ آتھم نے ان چار الزاموں میں سے کسی الزام کو ثابت نہیں کیا بلکہ قسم کھانے سے بھی اعراض کیا جس سے بآسانی صفائی ہو سکتی تھی ۔

اور اس سوال کا جواب ہر یک منصف کا کانشنس دے سکتا ہے کہ ان بہتانوں کے لئے اس کو کونسی ضرورت پیش آئی تھی۔ کیا بجز اس کے اور بھی کوئی ضرورت عقل میں آسکتی ہے کہ اُس نے بہتانوں کے ساتھ اپنے اس خوف پر پردہ ڈالنا چاہا جو اس کی سراسیمگی کی وجہ سے ہر ایک شخص پر ظاہر ہو چکا تھا۔ کیا عقل باور کر سکتی ہے کہ جس کی جان لینے کے لئے ہم نے سو کوس تک تعاقب کیا اور بار بار حملے کئے اُس کے مُنہ پر اخیر میعاد تک مُہر لگی رہی اور نہ صرف اس کے مُنہ پر **بلکہ ان سب کے منہ پر جنہوں نے ایسے حملہ آوروں کو دیکھا تھا**۔ نہ نالش کرنا نہ قسم کھانا نہ خانگی طور پر کوئی گواہ پیش کرنا کیا یہ وہ علامات ناطقہ نہیں ہیں جن سے اصل حقیقت کھلتی ہے اور ثابت ہوتا ہے کہ صرف پیشگوئی کی شرط سے لوگوں کے خیالات ہٹانے کے لئے یہ حرکت مذبوحی تھی ۔

مگر تاہم اگر اب تک کسی عیسائی کو آتھم کے اس افترا پر شک ہو تو آسمانی شہادت سے رفع شک کرا لیوے۔ آتھم تو پیشگوئی کے مطابق فوت ہو گیا۔ **اب وہ اپنے تئیں اس کا قائم مقام ٹھہرا کر** آتھم کے مقدمہ میں قسم کھا لیوے۔ اس مضمون سے کہ آتھم پیشگوئی کی عظمت سے نہیں ڈرا بلکہ اس پر یہ چار حملے ہوئے تھے۔ اگر یہ قسم کھانے والا بھی **ایک سال تک بچ گیا تو دیکھو میں اس وقت اقرار کرتا ہوں** کہ میں اپنے ہاتھ سے شائع کر دوں گا۔ کہ میری پیشگوئی غلط نکلی۔ **اس قسم کے ساتھ کوئی شرط نہ ہوگی**۔ یہ نہایت صاف فیصلہ ہو جائے گا۔ اور جو شخص خدا کے نزدیک باطل پر ہے اس کا بطلان کھل جائیگا ۔

اگر عیسائی لوگ سچے دل سے یقین رکھتے ہیں کہ پیشگوئی جھوٹی نکلی تو اس طریق امتحان سے

کونسی چیز اُن کو مانع ہے +

آتھم کا مقدمہ ایک ایسا صاف ہے کہ اگر بہیئت کذائی چیف کورٹ کے ججوں کے سامنے بھی پیش ہو تو اُن سے کچھ نہیں بن سکے گا بجز اس کے کہ ہمارے حق میں ڈگری دیں۔ کیا آتھم ان بہتانوں میں سے کسی ایک بہتان کو بھی ثابت کر سکا جو اس نے پیشگوئی کی میعاد کے بعد مجھ پر لگائے کیا یہ سفید جھوٹ نہیں کہ بقول اُس کے میں نے زہر خورانی کا اقدام کیا۔ جیسا کہ میاں حسام الدین عیسائی کشف الحقائق پرچہ اگست ۱۸۹۶ء میں مجھ پر الزام لگاتے ہیں کہ گویا میں نے زہر خورانی کی تجویز کی اور سانپ چھوڑے۔ شاید اس سے ان کا مطلب یہ ہے کہ آتھم کو ایک کراماتی عیسائی بناویں کیونکہ انجیلوں میں لکھا ہے کہ راستباز مسیحی کی یہ علامت ہے کہ سانپ اُس کو ڈس نہ سکے اور زہر اس میں اثر نہ کر سکے۔ سو گویا یہ دونوں کرامتیں آتھم سے ظہور میں آگئیں اب اس کے ولی ہونے میں کیا کسر رہ گئی۔ لیکن عقلمند خوب سمجھتے ہیں کہ یہ ساری باتیں اس خوف کے چھپانے کے لئے ہیں جس نے آتھم کو پیشگوئی سُننے کے بعد ہوش و حواس سے الگ کر دیا تھا +

اگر یہ بات صحیح نہیں ہے تو کوئی ثبوت پیش کرنا چاہیئے تھا کہ یہ خوف آتھم صاحب کا جس کا ان کو اقرار ہے اس سبب سے نہیں تھا جو پہلے موجود تھا وہی سبب جس سے طبعی طور پر متاثر ہونا ممکن بھی تھا۔ جس کی فریق ثانی کو بوجہ موجودگی شرط کے انتظار بھی تھی یعنی الہامی پیشگوئی۔ بلکہ یہ خوف اس وجہ سے ہوا۔ کہ فریق ثانی درحقیقت خون کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔ کیا آتھم صاحب نے کوئی ایسے قرائن ثابت شدہ پیش کئے۔ جن سے شبہ بھی گذر سکتا ہو کہ خونریزی کی نیت کی گئی تھی۔ پھر اگر یہ پہلو ڈرنے کا غیر ثابت اور غیر معقول تھا اور چار حملے جو بیان کئے گئے ان میں علاوہ عدم ثبوت کے بناوٹ کی بدبُو بھی ظاہر تھی تو ایک عادل جج کو ماننا پڑتا ہے کہ ڈرنے کی کوئی اَور وجہ ہوگی۔ پس وہ اَور وجہ بجز اس کے کیا تھی کہ آتھم صاحب عرصہ تیس برس سے میرے حال اور میرے چال چلن سے بخوبی واقف تھے اور ہمارے اس ضلع میں وہ مدت تک اسی علاقہ کی تحصیل میں ملازم بھی رہ چکے تھے۔ ان کو خوب معلوم تھا کہ یہ شخص کاذب نہیں اور نیز سچائی کی ذاتی خاصیت نے اسی وقت اُن کو ہراساں اور

ترساں کر دیا تھا۔ سو اسی لئے وہ ڈرے اور اُن کے ڈرنے نے اُن کو اس وقت تک مرنے سے محفوظ رکھا جبتک اُن سے بیباکی پر اصرار ظاہر ہوا۔ سو میعاد گذرنے کے بعد شیطان نے اُن کے دل میں شُبہات ڈالے کہ پیشگوئی کچھ چیز نہیں۔ بہرحال بچنا ہی تھا سو یہ شبہات بڑھتے گئے اور قوت پکڑ گئے یہانتک کہ وہ ہمارے اشتہار ۳۰ دسمبر ۱۸۹۵ء کے شائع ہونے تک پُورے منکر اور بیباک ہو چکے تھے۔ سو خدا نے اُن کو جیسا کہ پیشگوئی میں وعدہ تھا اور پہلے شائع ہو چکا تھا۔ بیباکی کے بعد اشتہار آخری سے سات مہینہ تک لے لیا۔ اور ابھی یہ ہمارے آخری اشتہار شائع ہو رہے تھے کہ ان کی موت کی خبر پہنچ گئی ؀

افسوس کہ عیسائیوں کی تمام دیانت آزمائی کے لئے یہ پہلا موقعہ تھا۔ مگر کسی نے بھی ان میں سے سچ کی پرواہ نہ کی۔ یہانتک کہ **ایڈیٹر سول ملٹری** نے جس کو **آزادی اور راست گوئی کا دعویٰ تھا۔ اس مقام میں گندہ جھوٹ بولا۔** حسام الدین پر تو کچھ بھی افسوس نہیں۔ کیونکہ یہ لوگ جو پادریانہ مشرب رکھتے ہیں۔ اکثر وہ جھوٹ کے پتلے اور نجاست خوری کے کیڑے ہیں۔ ان کو نہ فطرتی حیا ہے اور نہ خدا تعالےٰ کا خوف ؀

یہ کہنا غلط ہے کہ بباعث بیخبری یہ لوگ معذور ہیں کیونکہ ہم نے اس مقدمہ میں پانچہزار کے قریب اشتہار جاری کیا ہے اور کُھلے کُھلے دلائل کے ساتھ دکھلا دیا ہے کہ آتھم خدا اور خلقت کے نزدیک ملزم ہے * اور پیشگوئی اپنے دوؔ پہلوؤں میں سے ایک پہلو پر پوری ہو چکی ہے۔ پھر کیونکر یہ لوگ

* **حاشیہ**۔ یہ کس کو خبر نہیں کہ آتھم صاحب نے پرچہ نور افشاں میں صاف اقرار چھپوایا۔ کہ میں اثناء ایام پیشگوئی میں ضرور خونی فرشتوں سے ڈرتا رہا۔ یہ کس کو معلوم نہیں کہ ڈرنے کی علامات اُن سے اس قدر صادر ہوئیں کہ جن کو چھپانا ممکن نہیں۔ کون عیسائی اس سے انکار کرے گا کہ آتھم صاحب ایام پیشگوئی میں روتے رہے۔ کس کے کانوں تک یہ خبر نہیں پہنچی کہ اس وقت بھی آتھم صاحب کے آنسو نہیں تھمے تھے جبکہ وہ اکراہ اور جبر کے طور پر پیشگوئی کے دنوں میں عیسائیوں کے جلسہ میں بلائے گئے پھر جب تھوڑے دنوں کے بعد آتھم صاحب کے ہوش و حواس قائم ہوئے اور قوم کے خناسوں کا اثر ان پر پڑا۔ اور دل سخت ہو گیا۔ تب اُن کو سمجھ آیا کہ یہ میں نے اچھا نہیں کیا کہ اسلامی پیشگوئی کے خیال سے اس قدر بیقراری ظاہر کی۔ تب زہر خورانی کے اقدام کا منصوبہ اور تین حملوں کا بہانہ بنایا گیا۔ کیونکہ جس قدر خوف

بے خبر ہیں دیکھو انوار الاسلام اور اشتہار ہزار روپیہ ۔ دو ہزار روپیہ ۔ تین ہزار روپیہ ۔ چار ہزار روپیہ اور رسالہ ضیاء الحق اور آخری اشتہار ۳۰ دسمبر ۱۸۹۵ء جس کے سات ماہ بعد آتھم اپنی بیباکی کی جزا کو پہنچ گیا ❊

میرا یہ خیال بھی ہے کہ آتھم زہر خورانی کے دعویٰ میں تو بالکل جھوٹا ہے لیکن باقی تین حملوں کے دعویٰ میں شاید ایک اصلیت بھی ہو اور وہ یہ ہے کہ شاید یونس کی قوم کی طرح ایسے پیرایوں میں فرشتے اس کو نظر آئے ہوں جن کا وہ خود خونی فرشتے نام رکھتا ہے اور پھر اس نے عمداً یا کسی قدر سہو کی آمیزش سے ان حملوں کو انسانی حملے خیال کر لیا ہو ۔ اور اصل واقعہ کو گڑبڑ کر دیا ہو ۔ یہ اس حالت میں ہے کہ کسی قدر اس کو بھلا مانس آدمی خیال کر لیا جائے لیکن یقیناً عیسائی لوگ اس تاویل پر راضی نہیں ہوں گے ۔ پس دوسرا احتمال صرف یہ ہے کہ اس نے عمداً ایک گندے اور ناپاک جھوٹ اور افترا سے کام لیا ۔ تا اس خوف کو چھپا دے جو اس کے مضطربانہ افعال سے ظاہر ہو چکا تھا ❊

غرض اگر اُس کے بیان پر اعتبار کیا جائے تو ان حملوں کو فرشتوں کے تمثلات مان لینا چاہیئے ورنہ اس میں کچھ شک نہیں کہ سخت نالائق اور مکروہ جھُوٹ کو اس نے حق پوشی کے لئے استعمال کیا ہے ۔

اُن کی سراسیمگی اور بیقراری سے ظاہر ہو چکا تھا ۔ وہ چاہتا تھا کہ اگر اس کا سبب الہامی پیشگوئی نہیں ۔ تو ایسا سبب ضرور ہونا چاہیئے جو نہایت ہی قوی اور عظیم الشان ہو جس سے یقینی طور پر موت کا اندیشہ دل میں جم سکے ۔ سو جھوٹ کی بندشوں سے کام لے کر یہ خوف کے اسباب تراشے گئے ۔ مگر ان بہتانوں نے جو نہایت مکروہ طور پر غیر محل پر استعمال کیئے گئے آتھم صاحب کی اندرونی حالت بلکہ عیسائیت کے لب لباب کو اور بھی پبلک کے سامنے رکھ دیا اور اس نظیر نے ثابت کر دیا ۔ کہ اُن کی فطرت میں کس قدر قابل شرم خُبث بھرا ہوا ہے ۔ جو ایسے ظلم اور جھوٹ اور بناوٹ اور سراسر بے اصل بہتان باندھنے کا محرک ہوا ۔

مگر یہ چاروں بہتان آتھم صاحب کو ملزم کرتے تھے ۔ افسوس کہ آتھم صاحب کے ان بہتانوں سے عقلمندوں کے نزدیک اگر کچھ نتیجہ پیدا ہوا تو صرف یہی کہ یہ عیسائی لوگ جھوٹ بولنے میں سخت بیباک اور بے شرم ہیں ۔ کون نہیں سمجھ سکتا کہ ان جھوٹے اور بے ثبوت بہتانوں سے ان کا منہ کالا ہو گیا تھا ۔ اور اس کلنک کو دُور کرنے کے لئے بجز اس کے اور کوئی تدبیر نہ تھی ۔ کہ یا تو عدالت

اگرچہ حال کے فلاسفروں کی نظر میں یہ پہلا احتمال بہت قدر کے لائق نہیں ہے یعنی یہ کہ آتھم کو فرشتے نظر آئے ہوں مگر چونکہ خود اس کے منہ سے یہ الفاظ نکلے تھے۔ کہ "میں خونی فرشتوں سے ڈرتا رہا" اس لئے ہمیں مناسب ہے کہ اُس کے ان الفاظ کو بھی اس سچائی پر قیاس کریں کہ جو بعض اوقات بے اختیار مجرم کی زبان پر جاری ہو جاتی ہے ◆

ایک محقق کی نظر میں یہ امر بہت مشکل ہے کہ اگر یہ تمام حملے انسان ہی کے حملے تھے تو ان مختلف حملوں میں کوئی دوسرا شخص کسی موقعہ پر بھی آتھم کا شریک رؤیت نہو سکا اور آتھم کی زبان پر بھی مُہر لگی رہی اور اس نے اس میعاد میں کوئی کارروائی ایسی نہ دکھلائی جیسا کہ ایک شخص خونیوں کے حملوں سے ڈرنے والا طبعی جوش سے دکھلاتا ہے بلکہ اس نے تو اپنا دامن قسم کھانے سے بھی پاک نہ کیا جس کے کھانے میں نہ صرف آسانی بلکہ نقد چار ہزار روپیہ ملتا تھا ◆

پس ان واقعات سے یہ نتیجہ نکالنا عین انصاف ہے کہ کوئی ڈرانیوالا امر اس کو اس جرأت کرنے سے روکتا تھا کہ وہ نالش کرتا یا قسم کھاتا یا خانگی تحقیقات کرواتا۔ اگر ایک پاک نظر لے کر اس مقدمہ پر سلسلہ وار غور کرو تو تمہیں بہت جلد سمجھ آجائیگا کہ اوّل سے آخر تک تمام سلسلہ اس نتیجہ کو چاہتا ہے کہ آتھم کا وہ خوف جس کا اس کو اقرار ہے صرف پیشگوئی کی عظمت کی وجہ سے تھا نہ کسی اور وجہ سے ◆

اور آتھم کے دروغگو ہونے پر وہ اختلاف اور تناقض بھی شاہد ہے جو اس کے دعویٰ عیسائیت اور اس قدر بزدلی سے مترشح ہو رہا ہے کیونکہ اس نے عیسائیت کا اقرار کر کے اسلام کے مقابل وہ خوف دکھلایا۔ کہ جبتک انسان کم سے کم تذبذب کی حالت میں نہو ہرگز دکھلا نہیں سکتا اور نیز اس کی کلام میں یہ

حاشیہ: فوجداری میں نالش کر کے ان بہتانوں کو ثابت کراتے اور یا چند گواہوں کے پیش کرنے سے اُن کا ثبوت دیتے اور یا جلسہ عام میں قسم کھا لیتے۔ مگر آتھم صاحب نے ان طریقوں میں سے کسی طریق کو اختیار نہیں کیا۔ پھر آتھم صاحب کے جھوٹا ہونے کی ایک یہ بھی نشانی ہے کہ ان الزاموں کو انہوں نے نہ ایام میعاد پیشگوئی میں بیان کیا اور نہ ان ایام کے گذرنے کے بعد ان چاروں حملوں کو یکدفعہ بیان کر دیا بلکہ جیسا کہ جھوٹ رفتہ رفتہ فکر اور سوچ کے ساتھ بنایا جاتا ہے ایسا ہی کیا۔ اب اے عزیزو آپ ہی سوچو کہ کیا وہ اس خوف کا اقرار کر کے جو الہامی شرط کا موید تھا اس خوف کے کوئی اور اسباب ثابت کر سکا اور کیا وہ اس بات کا کچھ ثبوت دے سکا کہ درحقیقت اس پر چار حملے ہوئے اور انہیں حملوں کی وجہ سے اس کا یہ

تناقض بھی ہے کہ کبھی وہ حملے کرنے والوں کا نام فرشتے رکھتا ہے جو گناہ سے پاک ہیں اور اُن کو ناپاک طبع انسان ٹھہراتا ہے جن کا کام ناحق کا خون کرنا ہے اور پھر طُرفہ یہ کہ ان میں وہ کسی کا نام نہیں بتلا سکا اور یہ بھی نہیں کہا کہ میں اُن کو شناخت کرسکتا ہوں اور وہ خوب جانتا تھا کہ ایسے بیہودہ اور بے اصل بہتان سے اس راقم کے مخالف کوئی قیاس نہیں نکل سکتا۔ اس لئے اُس نے اُن بہتانوں کو عام طور پر شائع بھی نہیں کیا۔ صرف نور افشاں میں ایک دجل آمیز تقریر میں چھپوا دیا ٭

اس سے یہ امر قابلِ لحاظ پیدا ہوتا ہے کہ یہ چھپوانا صرف عیسائیوں کی دلجوئی کی وجہ سے تھا جس کو اس نے بار بار بیان کرنا بھی نہیں چاہا ٭

قاعدہ فطرت کے مطابق یہ بات عادات میں داخل ہے کہ انسان حریف کی تکذیب کے لئے اصل واقعات کو چھپاتا ہے۔ یہ ایک معمولی بات ہے اور گو اس پر بہت کچھ منحصر نہیں۔ مگر بے ثبوت عذروں کے پیش ہونے کے بعد اس فطرتی امر کا محفوظ رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ آتھم کے تمام حالات میں اس خیال کے پیدا کرنے کے لئے کچھ نہیں ہے کہ وہ بجز اقدام قتل کے حملوں کے صرف پیشگوئی کی عظمت سے ڈر نہیں سکتا تھا۔ کیونکہ ایسا خیال ان حملوں کی صحت اور آتھم کی طرز استقامت کے ثبوت پر موقوف تھا جس کا ثبوت نہ آتھم پیش کرسکا اور نہ اس کا کوئی اَور حامی۔ اور ظاہر ہے کہ اگر اس بیان میں کچھ بھی سچائی ہوتی تو آتھم کو طریقہ فطرت فی الفور سکھلاتا کہ آئندہ حملوں کے روکنے کے لئے جن میں ابھی ایک برس پڑا تھا۔ کوئی قانونی کارروائی کرے ہیؔ۔ کیا یہ عذر قابلِ اطمینان یا عدالت کو تشفی بخش ہے۔ کہ ہر ایک حملہ کے وقت اس کی

٭ **حاشیہ**۔ نادان بٹالوی محمد حسین اپنے پرچہ اشاعت السنّہ میں ہم پر یہ اعتراض کرتا ہے۔ کہ جس حالت میں آتھم نے تم پر جھوٹا الزام لگایا تھا کہ میرے قتل کرنے کے لئے کئی حملے میرے پر کئے گئے تو چاہیئے تھا کہ تم اس پر نالش فوجداری کرتے اور اگر الزام فی الواقعہ جھوٹا تھا تو اس کو سزا دلاتے ٭

مگر افسوس کہ بٹالوی نے اس اعتراض میں بھی شیطان ملعون کی طرح دانستہ لوگوں کو دھوکا دینا چاہا۔ اعتراض کے وقت اس کو خوب معلوم تھا کہ پیشگوئی کے الفاظ میں بار بار یہ ذکر ہے کہ آتھم انکار کی حالت میں بے سزا نہیں چھوڑا جائے گا اور خدا اس کو اصرار انکار کے بعد جلد پکڑے گا۔ اور ہلاک کرے گا۔ پس جس حالت میں آسمانی عدالت سے ہمیں یقین دلایا گیا تھا۔ کہ عنقریب آتھم آسمانی وارنٹ سے گرفتار کیا جائیگا اور اپنے جرم بے باکی اور انکار پر ماخوذ ہو کر جلد سزائے موت سے سزایاب ہوگا۔ تو پھر

رحیمانہ عادت مجرموں کا واجب تدارک کرانے سے روکتی رہی بلکہ جس حالت میں پہلے حملہ کی وجہ سے آئندہ زندگی کا امن اُٹھ گیا تھا تو کیا عقل باور کر سکتی ہے کہ پھر بھی آتھم صاحب نے درگذر اور عفو کو ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ اور کسی نے اس کو یہ مشورہ نہ دیا کہ اب دشمن کا تدارک بہت ضروری ہے۔ اور اس میں دو فائدے ہیں۔ ایک یہ کہ اپنی جان کا بچاؤ اور دوسرے دشمن کے مذہب کی ذلت جو عیسائیوں کا عین مطلب ہے۔

یہ بھی یاد رکھنے کے لائق ہے کہ آتھم کا بیان صرف اس اعتبار تک محدود تھا کہ جو ایک مدعا علیہ کے ایسے بیان پر کر سکتے ہیں جس کا اس کے پاس کچھ بھی ثبوت نہ ہو اگر اس نے اُن حملوں کا واقعی طور پر معائنہ کیا تھا تو وہ بڑا ہی بدقسمت تھا کہ باوجودیکہ اس کی کوٹھی بہت سے آدمیوں سے بھری ہوئی تھی۔ تب بھی وہ کسی اپنے آدمی کو کوئی سوار یا پیادہ یا گھوڑا یا ہتھیار دکھلا نہ سکا۔ اور نہ بیان کر سکا۔ یہانتک کہ پیشگوئی کی میعاد گزر گئی گویا جس طرح فری میسن کے لوگ اپنا راز ظاہر کرنا مناسب نہیں سمجھتے۔

حاشیہ

ہمیں کونسی ضرورت پیش آئی تھی کہ انگریزوں کی عدالتوں کے دروازہ پر اپنے تئیں سرگردان کرتے۔ ہم تو اس وقت سے ہی آتھم کو مرا ہوا دیکھتے تھے جبکہ جاہل عیسائی اور نادان بٹالوی اور اس کے ہمخیال آتھم مذکور کو زندہ سمجھتے تھے۔ لیکن یہ فرض آتھم کا تھا کہ جن بے ثبوت حملوں کے الزاموں سے قطعی طور پر یہ نتیجہ نکلتا تھا کہ وہ ضرور اس پیشگوئی کی عظمت سے ڈرتا رہا جو نہایت ہولناک لفظوں میں بیان کی گئی تھی اور ضرور اس نے پیچھے سے اپنے خوف کی اصل حقیقت چھپانے کے لئے اقدام قتل کا بے ثبوت افترا بنا لیا۔ عدالت میں نالش کر کے ان حملوں کا ثبوت دیتا اور مجرموں کو واقعی سزا دلاتا۔ کیونکہ اُس کے بے ثبوت دعووں کا بار ثبوت تو اسی کے ذمہ تھا۔ لیکن وہ ظالم مفتری تو قسم بھی نہ کھا سکا چہ جائیکہ نالش کرتا۔ کیا ضرور نہ تھا کہ وہ کسی طرح نالش سے یا قسم سے یا خانگی طور پر ثبوت دینے سے اپنی صفائی ظاہر کر دیتا۔ کیا وہ چار حملے یعنی ارادہ زہرخورانی اور سانپ چھوڑنا اور لودیانہ اور فیروزپور میں جو بقول آتھم قتل کے لئے حملے ہوئے ان تمام حملوں کا ثبوت میرے ذمہ تھا یا آتھم کی گردن پر تھا۔

اے بد ذات فرقہ مولویاں! تم کب تک حق کو چھپاؤ گے۔ کب وہ وقت آئے گا کہ تم یہودیانہ خصلت کو چھوڑو گے۔ اے ظالم مولویو! تم پر افسوس! کہ تم نے جس بے ایمانی کا پیالہ پیا وہی عوام کالانعام کو بھی پلایا۔

اسی طرح آتھم کو بھی اس راز کے افشا میں اپنی جان کا اندیشہ تھا۔ کیا کوئی سچا اس پر راضی ہو سکتا ہے کہ اس کے ایسے دعاوی جو اس کی سچائی کا مدار ہیں اندھیرے میں چھوڑے جائیں اور کوئی بھی سچائی کی چمک اُن میں نظر نہ آوے ❊ سچا مدعی اپنے کسی پہلو کو قابل اعتراض چھوڑنا نہیں چاہتا اور پوری صفائی کے لئے تیار ہوتا ہے مگر حسام الدین صاحب مجھے بتلاویں کہ کس بات میں آتھم نے پوری صفائی دکھلائی کیا اس نے حملوں کے وقت کسی تھانہ یا عدالت میں رپورٹ کی۔ اور اگر یہ نہیں تو کیا زبانی ہی کسی حاکم سے یہ ذکر کیا۔ یا کسی دوست کو اس راز سے اطلاع دی۔ کیا اس نے سزا دلانے کے لئے کسی نالش یا مچلکہ کے لئے کوئی کوشش کی یا خانگی طور پر کوئی ثبوت دیا۔ یا اُس نے قسم سے اس الزام کو اپنے پر سے

❊ دیکھو آج جیسا کہ خدا نے پیش از وقت وہ الہام کیا تھا جو انوار الاسلام صفحہ ۲ میں درج کیا ہے صفائی سے پورا ہوا۔ اور وہ یہ ہے۔ اِطَّلَعَ اللّٰہُ علیٰ ھَمِّہٖ وغَمِّہٖ۔ وَلن تجد لِسُنَّت اللّٰہ تبدِیلًا۔ وَلا تعجبُوا ولا تحزنُوا وانتم الاعلون ان کنتم مؤمنین۔ وَبعزّتی وجلالی۔ انّک اَنت الاعلیٰ ونمزّق الاعداء کل ممزّق۔ وَمکرُ اولٰئک ھو یبُوْر۔ اِنّا نکشف السِّر عن ساقہٖ۔ یَوْمئِذٍ یفرح المؤمنُون۔ ثلّۃٌ من الاولین وثلّۃٌ من الاٰخِرِین۔ وَھٰذہٖ تذکرۃٌ فمن شاء اتّخذ اِلیٰ ربّہٖ سَبِیْلًا۔ دیکھو انوار الاسلام صفحہ ۲

اور پھر اسی انوار الاسلام صفحہ ۲ میں اس الہام کا ترجمہ یہ لکھا ہے کہ خدا تعالےٰ نے اس کے (یعنی آتھم کے) ہم و غم پر اطلاع پائی اور اس کو مہلت دی۔ جب تک کہ وہ بیباکی اور سخت گوئی اور تکذیب کی طرف میل کرے۔ اور خدا تعالےٰ کے احسان کو بھلا دے۔ یہ معنی فقرہ مذکورہ کے تفہیم الٰہی سے ہیں۔ اور پھر فرمایا کہ خدا تعالےٰ کی یہی سُنّت ہے۔ اور تو ربّانی سُنّتوں میں تغیر و تبدل نہیں پائے گا۔ اس فقرہ کے متعلق یہ تفہیم ہوئی کہ عادت اللہ اسی طرح پر جاری ہے۔ کہ وہ کسی پر عذاب نازل نہیں کرتا جب تک ایسے کامل اسباب پیدا نہ ہو جائیں جو غضب الٰہی کو مشتعل کریں اور اگر دل کے کسی گوشہ میں کچھ خوف الٰہی مخفی ہو اور کچھ دھڑکہ شروع ہو جائے تو عذاب نازل نہیں ہوتا۔ اور دوسرے وقت پر جا پڑتا ہے۔ اور پھر فرمایا کہ کچھ تعجب مت کرو اور غمناک مت ہو۔ اور غلبہ تمہیں کو ہے۔ اگر تم ایمان پر قائم رہو۔ یہ اس عاجز کی جماعت کو خطاب ہے۔ اور پھر فرمایا کہ مجھے اپنی عزت اور جلال کی قسم ہے کہ تو ہی غالب ہے۔ یہ اس عاجز کو خطاب ہے اور

ٹالنا چاہا مگر ہم نے قسم کو قبول نکیا۔ کیا یہ روا ہے کہ بے دلیل کسی کو ایسے سنگین جرائم کا ملزم ٹھہرایا جائے۔ اور اس کی روش اور چال چلن پر ناحق دھبہ لگایا جاوے ✦

برائے خدا ذرا سوچو کہ کسی بھلے مانس پر بے ثبوت تہمتیں لگا کر پھر کسی طور سے ان تہمتوں کا ثبوت نہ دینا کیا یہ نیک آدمیوں کا کام ہے **یا بدمعاشوں کا !!!**

عیسائیوں نے آتھم کے ان بہتانوں کا بار بار ذکر تو کیا مگر یہ نہیں دکھلایا کہ ان کے نزدیک اس کا ثبوت کیا ہے۔ کیا وہ لوگ جو ان واقعات سے ذاتی واقفیت کا اقرار رکھتے ہیں کسی **غار میں** زندہ موجود ہیں یا وہ بھی آتھم کے ساتھ ہی مر گئے ؟ ✦

کیا عیسائی دیانت یہی تھی جواب ظاہر ہو گئی۔ اگر کامل ثبوت موجود نہیں تو مختصر اور ناکافی

پھر فرمایا کہ ہم دشمنوں کو پارہ پارہ کریں گے یعنی ان کو ذلت پہنچیگی اور ان کا مکر ہلاک ہو جائے گا۔ اس میں یہ تفہیم ہوئی کہ تم ہی فتحیاب ہو نہ دشمن۔ اور خدا تعالےٰ بس نہیں کرے گا اور نہ باز آئے گا جبتک دشمنوں کے تمام مکروں کی پردہ دری نہ کرے اور ان کے مکر کو ہلاک نہ کر دیوے۔ یعنی جو مکر بنایا گیا اور مجسم کیا گیا اس کو توڑ ڈالے گا اور اس کو مُردہ کر کے پھینک دیگا اور اس کی لاش لوگوں کو دکھا دے گا۔ اور پھر فرمایا کہ ہم اصل بھید اس کی پنڈلیوں سے ننگا کر کے دکھاویں گے۔ یعنی حقیقت کو کھول دیں گے اور فتح کے دلائل بیّنہ ظاہر کر دیں گے اور اس دن مومن خوش ہوں گے۔ پہلے مومن بھی پچھلے مومن بھی۔ دیکھو انوارالاسلام صفحہ ۲۔

اب دیکھو آج اس الہام کے موافق کیسے صفائی سے اس پیشگوئی کی حقیقت کھل گئی۔ کیا آج وہ سب مر گئے یا نہیں جنہوں نے امرتسر میں آتھم کو گاڑی میں بٹھا کر بازاروں میں پھرایا تھا۔ کیا آج ثابت ہو گیا یا نہیں کہ **اُن کی وہ ساری خوشیاں جھوٹی تھیں**۔ اس پیشگوئی میں خدائے رحیم نے صاف وعدہ فرمایا تھا کہ گو آتھم نے الہامی پیشگوئی کی وجہ سے بہت غم و ہم اپنے دل پر ڈال کر خدا کی سُنّت قدیمہ سے فائدہ اُٹھایا اور اس کی موت میں تاخیر ہو گئی۔ مگر بیباکی کے وقت پھر خدا اس کو پکڑے گا اور ہلاک کرے گا ✦

سو اب یہ پیشگوئی دُہرے طور پر دونوں پہلوؤں پر پوری ہو گئی۔ اوّل آتھم کے ہم و غم کی وجہ سے اس طرح پر پوری ہوئی کہ موافق الہامی شرط کے اس کی موت میں تاخیر ڈال دی گئی پھر آتھم کی بے باکی اور سخت انکار کی حالت میں اس طرح پر پوری ہوئی کہ خدا نے اپنے وعدہ کے موافق

ثبوت ہی پیش کریں تا افترا اور بہتان کا کلنک کسی قدر تو ہلکا ہو جائے اور اگر کچھ بھی ثبوت نہیں۔ تو کیا یہ معقول قیاس نہیں کہ یہ سب کچھ صرف ایک ہی بات کے واسطے بنایا گیا۔ تا اس خوف کی دھار کو جو اسلامی پیشگوئی کی عظمت سے زور سے بہہ رہی تھی خواہ نخواہ دوسری طرف پھیر دیا جائے ۔

اب اس امر کو کون ہے کہ ثابت شدہ تسلیم نکرے کہ آتھم نے اس حد تک رجوع الی الحق ضرور کیا جو ایک خائف اور ترساں اور ہراساں کی نسبت خیال کر سکتے ہیں۔ میں اس واقعہ کو قبول کرتا ہوں کہ جیسا کہ وہ پیشگوئی سے پہلے عیسائی تھا ایسا ہی پیشگوئی کی میعاد گذرنے کے بعد اس نے اپنی عیسائیت کو ظاہر کیا لیکن کیا کوئی اس بات کا ثبوت دے سکتا ہے کہ اس نے پیشگوئی کے ایام میں کبھی تحریراً یا تقریراً عیسائیت کے اصول کی تائید کر کے اپنا سرگرم عیسائی ہونا ظاہر کیا جیسا کہ پہلے اس کا شیوہ اور طریق تھا۔ بلکہ سچ تو یہ بات ہے کہ وہ ان تمام دنوں میں عیسائیت کا چولہ اُتار کر حقیقی خدا کے آگے تضرع میں رہا جیسا کہ مختلف شہادتیں اس کے ثبوت میں اب تک گذر رہی ہیں۔ پھر فرعون کی طرح خطرناک ایام کے گزرنے کے بعد دن بدن سخت دل ہوتا گیا۔ یہانتک کہ ہمارے اشتہار ۳۰ دسمبر ۱۸۹۵ء کے وقت میں پورے طور پر وہ کفر کے گڑھے میں گر گیا اور بلعم کی طرح دنیا سے محبت کر کے ۲۷ جولائی ۱۸۹۶ء میں اُن رُوحوں میں جا ملا جو دوزخ کی تاریک آگ میں جل رہی ہیں ۔

سُنو اے عزیزو!! آتھم کے بیان پر کیونکر راستی کی امید ہو سکتی ہے جو محض بے ثبوت اور جس میں بناوٹ اور رجذبات کی دُور سے بُو آ رہی ہے اور جو نہ بادی النظر میں اور نہ عمیق نگاہ میں درست ٹھہر سکتا ہے۔ اور نہ صرف بے دلیل بلکہ فطرتی طور پر حق کو چھپانے کے لئے یہی عام طریقہ حیلہ سازوں کا ہے۔ جو بات قرینِ قیاس نہیں کیا وہ ایسی بات کے مقابل پر کچھ وزن رکھتی ہے۔

حاشیہ در حاشیہ: اس پر موت نازل کر دی۔ سو اس مبارک پیشگوئی میں خدا تعالیٰ نے اپنی صفات جمالی اور جلالی دونو دکھلا دیں اور ناسمجھ عیسائیوں اور نالائق مولویوں کو ذلت پر ذلت نصیب ہوئی۔ اسلام کا بول بالا ہوا۔ اور مردہ پرست پادری اور نفاق زدہ یہودی سیرت مولوی سخت ذلیل ہو گئے۔ مگر کیا وہ اب بھی سچائی کی طرف واپس آئیں گے۔ ہرگز نہیں ۔
قلوبٌ ملعونةٌ فمن یردّ من لعنه الله۔ فتدبّر ان کنت من الصّالحین ۔ منه ۔

جو ہر ایک سچائی سے بھرا ہوا کانشنس بآسانی اس کو قبول کر سکتا ہے۔ زہر خورانی کے اقدام اور تین حملوں کا منصوبہ ایک ایسی مکروہ بناوٹ ہے کہ میں خیال نہیں کر سکتا کہ کسی شریف عیسائی کے دل نے بھی اس کو قبول کیا ہو۔ یا ایک طرفۃ العین کے لئے بھی اس کی طرف خیال آسکتا ہو ✦

لیکن ہر ایک محقق اور پاک دل کو اس امر میں شک کرنے کے لئے کوئی وجہ دکھائی نہیں دیگی کہ وہ خوف جس کا آتھم کو اقرار ہے بجز پیشگوئی کی عظمت کے اور کوئی صحیح مصداق اس کا موجود نہیں اگر آتھم نے ان جھوٹے بہتانوں کو بیان نہ کیا ہوتا۔ اور یہ عذر کرتا کہ وہ اس سے ڈرا کہ کوئی خود غرض اس کو ضرر نہ پہنچاوے تو شاید کوئی سادہ طبع اس کو قبول کر لیتا اور کم سے کم یہ سمجھ لیتا کہ آتھم کا یہ فیصلہ ایک ایسا فیصلہ ہے جس نے لوگوں پر حق کو مشتبہ کر دیا لیکن ایسے سادہ طور سے بیان کرنا ایسے مفتری کیلئے کب ممکن تھا کہ جو درحقیقت پیشگوئی سے ڈر کر اپنی مجرمانہ حالت کی تحریک سے ناجائز بہانوں کے سوچ میں پڑا اور اس نے سچائی سے آگے قدم رکھ کر جھوٹ اور بہتان سے کام لینا چاہا جس سے وہ باز پرس اور طلب ثبوت کے لائق ہوا ✦

یہ کہنا بیجا ہے کہ پیشگوئی سے ڈرنے کا بار ثبوت آتھم پر نہیں تھا۔ کیونکہ جبکہ اس نے ڈرنے کا اقرار کر کے بلکہ خوف کو اپنی حرکات سے ظاہر کر کے پھر وجوہ خوف کے ایسے بیہودہ اور جعلی بیان دیئے جو سراسر بہتان اور بے دلیل تھے۔ تو بلاشبہ یہ بوجھ اسی کی گردن پر تھا کہ وہ اس کو ثابت کرتا۔ اور اس کو چاہیئے تھا کہ اس افترا کے الزام سے بری ہونے کے لئے کہ جو طریقہ مستقیمہ انصاف سے اس کی نسبت عاید ہوتا تھا۔ اپنی صفائی کے گواہ پیش کرتا۔ نالش اور قسم سے اس کا گریز کرنا صریح حقیقت کو چھپانے کے لئے تھا۔ جبکہ اس کو اور اُس کے رشتہ داروں اور دوستوں کو ہماری طرف سے اس قدر دکھ اور صدمہ پہنچ چکا تھا جس سے زیادہ دنیا میں پہنچنا غیر ممکن ہے۔ تو ایسا مظلوم کس طرح خاموش رہ سکتا تھا۔ ہم نے یہ سزا اپنے لئے خود بخود تجویز کر لی تھی۔ کہ وہ قسم کھا کر چار ہزار روپیہ نقد ہم سے لے لے۔ سو اس نے نہ چاہا۔ کہ قسم کھانے کی طرف متوجہ ہو۔ اب منصفین کے سوچنے کا یہ بڑا بھاری موقعہ ✱ ہے کہ کیوں اُس نے ایسے پہلو سے

✱ **حاشیہ** پرچہ شحنہ ہند میرٹھ یکم ستمبر ۱۸۹۶ء کے پہلے صفحہ میں ہی ایک نامہ نگار صاحب نے اس عاجز کی پیشگوئی آتھم وغیرہ کی نسبت کچھ نکتہ چینی کر کے اخیر پر اپنا نام انصاف طلب لکھا ہے۔ یہ تو خوشی کی بات ہے۔ کہ کوئی

اجتناب کیا جس سے اس کے دعوے کے تمام نقص اور عیوب پبلک کی نگاہ میں کالعدم ہو سکتے تھے۔ اور پورے طور پر اس کی صفائی ہو سکتی تھی۔ اس کا فرض تھا کہ وہ جس طرح ہو سکتا اُن الزاموں سے اپنے تئیں بری کر کے دکھلاتا کہ جو اس پر وارد ہو چکے تھے۔ نالش سے یا خانگی تحقیقات پیش کرنے سے یا قسم سے یا کسی اور طریق سے لیکن وہ اپنے تئیں اس داغ الزام سے بری نہ کر سکا یہانتک کہ قبر میں داخل ہو گیا۔ سو اس کے کذب پر ایک تو یہی ثبوت تھا کہ اس نے اپنی بریت ظاہر کرنے سے باوجود بہت وسیع موقعہ ملنے کے عمداً پہلو تہی کیا لیکن علاوہ اسکے ایک دوسری حجت ثبوت کی اس کے کذب پر یہ پیدا ہوئی جو وہ اس دوسری پیشگوئی کے اثر سے جس کا ہم صدر اشتہار میں ذکر کر چکے ہیں اپنی زندگی کو بچا نہ سکا۔ اور یہی بیباکی اور قسم کھانے سے انکار جس کے نتیجہ بد کی نسبت بار بار پیشگوئی کیگئی تھی اور بیان کیا گیا تھا کہ اس کے اصرار کے زمانہ کے بعد عذاب

حاشیہ در حاشیہ

شخص انصاف طلب یا انصاف کا خواہاں ہو لیکن افسوس تو یہ ہے کہ اکثر لوگ حق پسند اور انصاف طلب کہلا کر پھر جلدی سے انصاف کا خون کر دیتے ہیں اور قبل اس کے جو کسی بات کی تہ تک پہنچیں۔ اور کسی اصل حقیقت کو دریافت کریں رائے ظاہر کرنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔ پھر ایسی رائے جو صرف سرسری اور سطحی خیال سے پیدا ہوئی ہے کیونکر غلطی سے محفوظ رہ سکتی ہے۔ ناچار وہ اپنی شتاب کاریوں کیوجہ سے قابل شرم غلطیوں میں پڑتے ہیں اور پھر اپنی غلطی کی پچ میں ایسا تعصب پیدا ہو جاتا ہے کہ کیا ممکن ہے کہ اس سے رجوع کر سکیں۔ اگرچہ سچائی روز روشن کی طرح کھل جائے۔ بہر حال صاحب انصاف طلب کی خدمت میں ان کے بعض کلمات کا جواب دیا جاتا ہے اور وہ یہ ہے :-

قولہٗ ۔ "میرزا صاحب کے موافقین اور مخالفین نے پرلے درجہ کی افراط اور تفریط کی ہے۔ جو شخص یہ کہتا ہو کہ میں قرآن شریف کو مانتا ہوں۔ نماز پڑھتا ہوں۔ روزے رکھتا ہوں اور لوگوں کو اسلام سکھاتا ہوں اس کو کافر کہنا زیبا نہیں۔ مگر ایک عالم کے رتبہ سے بڑھا کر پیغمبری تک پہنچانا بھی نہیں"۔

اقول ۔ صاحب انصاف طلب کے بیان میں یعنی ان کے پہلے ہی قول شریف میں تناقض پایا جاتا ہے کیونکہ ایک طرف تو وہ بہت ہی حق پسند بن کر نہایت مہربانی سے فرماتے ہیں کہ مسلمان کو کافر کہنا زیبا نہیں۔ اور پھر دوسری طرف اسی مُنہ سے میری نسبت یہ رائے ظاہر کرتے ہیں۔ کہ گویا میری جماعت درحقیقت مجھے رسول اللہ جانتی ہے اور گویا میں نے درحقیقت نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔ اگر راقم صاحب کی پہلی رائے صحیح ہے کہ میں مسلمان ہوں اور قرآن شریف پر ایمان رکھتا ہوں تو پھر یہ دوسری رائے غلط ہے جس میں ظاہر کیا گیا ہے کہ میں خود نبوت کا مدعی ہوں اور اگر دوسری رائے صحیح ہے تو پھر وہ پہلی رائے غلط ہے جس میں ظاہر کیا گیا کہ میں مسلمان

موت اس پر وارد ہوگا۔ اس کے جلد مرنے کا موجب ہوگئی اور جیسا کہ ہم کئی مرتبہ لکھ چکے ہیں وہ ہمارے اشتہار ۳۰ دسمبر ۱۸۹۵ء کے بعد جو ہمارا آخری اشتہار بطور اتمام حجت تھا پورے سات مہینے بھی زندہ نہ رہ سکا۔ پس کیا یہ خدا کا فضل نہیں ہے کہ اس نے آتھم کے اصرار انکار پر موت کی سزا سے اس کا تمام جھوٹ اور افترا ایک لخت ظاہر کر دیا ۔

اب بیان کرو کہ کونسا قانونی سُقم ہماری اس تقریر میں ہے اور آتھم کو ملزم قرار دینے کے لئے کس ثبوت کی کسر رہ گئی ہے۔ بلاشبہ اُسی کی عملی حالت نے اس پر فرد قرار داد جرم لگا دی جس پر وہ ایک بھی صفائی کا گواہ پیش نہ کر سکا۔ اب عیسائیوں کو اس کی ناحق کی حمایت سے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ ہم نے بہت صفائی سے بار بار اس بات پر زور دیا کہ آتھم اس بیان میں بالکل جھوٹا ہے کہ اس کے قتل کے

حاشیہ در حاشیہ نمبر ٤

ہوں اور قرآن شریف کو مانتا ہوں۔ کیا ایسا بدبخت مفتری جو خود رسالت اور نبوت کا دعویٰ کرتا ہے۔ قرآن شریف پر ایمان رکھ سکتا ہے اور کیا ایسا وہ شخص جو قرآن شریف پر ایمان رکھتا ہے۔ اور آیت وَلٰکن رسول اللّٰہ وخاتم النّبیّین کو خدا کا کلام یقین رکھتا ہے وہ کہہ سکتا ہے کہ میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد رسول اور نبی ہوں ۔ صاحب انصاف طلب کو یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ اس عاجز نے کبھی اور کسی وقت حقیقی طور پر نبوت یا رسالت کا دعویٰ نہیں کیا اور غیر حقیقی طور پر کسی لفظ کو استعمال کرنا اور لغت کے عام معنوں کے لحاظ سے اس کو بول چال میں لانا مستلزم کفر نہیں۔ مگر میں اس کو بھی پسند نہیں کرتا کہ اس میں عام مسلمانوں کو دھوکہ لگ جانے کا احتمال ہے۔ لیکن وہ مکالمات اور مخاطبات جو اللہ جلشانہٗ کی طرف سے مجھ کو ملے ہیں جن میں یہ لفظ نبوت اور رسالت کا بکثرت آیا ہے۔ اُن کو میں بوجہ مامور ہونے کے مخفی نہیں رکھ سکتا۔ لیکن بار بار کہتا ہوں کہ اُن الہامات میں جو لفظ مُرْسَلْ یا رسول یا نبی کا میری نسبت آیا ہے* وہ اپنے حقیقی معنوں پر مستعمل نہیں ہے۔ اور اصل حقیقت جس کی میں علیٰ رؤس الاشہاد گواہی دیتا ہوں یہی ہے جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء ہیں۔ اور آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئیگا نہ کوئی پُرانا اور نہ کوئی نیا۔ ومن قال بعد رسولنا وسیّدنا انّی نبیّ او رَسُول علیٰ وجہ الحقیقۃ والافتراء وترک القراٰن و احکام الشریعۃ الغرّاء فھو کافرٌ کذّابٌ۔ غرض ہمارا مذہب یہی ہے کہ جو شخص حقیقی طور پر نبوت کا دعویٰ کرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دامنِ فیوض سے اپنے تئیں الگ کر کے اور اس پاک سرچشمہ سے جدا ہو کر آپ ہی براہ راست نبی اللہ بننا چاہتا ہے تو وہ ملحد بیدین ہے اور غالباً ایسا شخص اپنا کوئی نیا

*نوٹ۔ ایسے لفظ نہ اب بلکہ سولہ برس سے میرے الہامات میں درج ہیں چنانچہ براہین احمدیہ میں ایسے کئی مخاطبات الٰہیہ میری نسبت پاؤ گے منہ

لئے ہماری طرف سے ناجائز حملے ہوئے۔ ہم نے اس کو اپنے پہلے اشتہاروں میں بہت غیرت دلائی۔ اور غیرت دینے والے الفاظ استعمال کئے۔ مگر کچھ ایسا دھڑکا اس کے دل میں بیٹھ گیا تھا۔ کہ وہ سر نہ اُٹھا سکا۔ پھر ہم نے نہایت الحاح اور انکسار کے ساتھ یسُوع کی عزت اور مرتبہ کو یاد دلا کر قسم دی اور جہاں تک الفاظ ہمیں مل سکے۔ ہم نے اس بات پر زور دیا کہ وہ اس بہتان کو جو ہم پر لگاتا ہے ثابت کرے یا قسم کھاوے۔ لیکن وہ ان بدبخت جھوٹوں کی طرح چُپ رہا۔ جن کا کانشنس ہر وقت اُن کو ملامت کرتا ہے کہ تم خدا کی لعنت کے نیچے کارروائی کر رہے ہو۔ یقیناً اس کو یہ خوف کھا گیا کہ تحقیق کرانے کے وقت اس کے جھوٹے منصوبہ کے تمام پر د بال گر جائیں گے۔ اور قسم کھانے کی حالت میں خدا کا قہر اس پر نازل ہوگا۔ سو اس نے نہ نالش کی اور نہ قسم کھائی۔

حاشیہ در حاشیہ

کلمہ بنائے گا۔ اور عبادات میں کوئی نئی طرز پیدا کرے گا اور احکام میں کچھ تغیر و تبدل کر دیگا۔ پس بلاشبہ وہ مسیلمہ کذاب کا بھائی ہے اور اس کے کافر ہونے میں کچھ شک نہیں۔ ایسے خبیث کی نسبت کیونکر کہہ سکتے ہیں کہ وہ قرآن شریف کو مانتا ہے ٭

لیکن یاد رکھنا چاہیئے کہ جیسا کہ ابھی ہم نے بیان کیا ہے بعض اوقات خدا تعالےٰ کے الہامات میں ایسے الفاظ استعارہ اور مجاز کے طور پر اس کے بعض اولیاء کی نسبت استعمال ہو جاتے ہیں اور وہ حقیقت پر محمول نہیں ہوتے۔ سارا جھگڑا یہ ہے جس کو نادان متعصب اور طرف کھینچ کر لے گئے ہیں۔ آنیوالے مسیح موعود کا نام جو صحیح مسلم وغیرہ میں زبان مقدس حضرت نبوی سے نبی اللہ نکلا ہے وہ انہی مجازی معنوں کے رو سے ہے جو صوفیاء کرام کی کتابوں میں مسلّم اور ایک معمولی محاورہ مکالمات الٰہیہ کا ہے۔ ورنہ خاتم الانبیاء کے بعد نبی کیسا۔

قولہٗ۔ حضرت اقدس میرزا صاحب نے اپنے صادق یا کاذب ہونے کا معیار اپنی بیش بہا اور لاثانی کتاب **شہادۃ القرآن** میں درج فرمایا ہے (یعنی آتھم اور احمد بیگ ہوشیارپوری کے داماد کی موت کی پیشگوئی اور لیکھرام پشاوری کی موت کی نسبت پیش خبری) اب ناظرین خود بخود سمجھ لیں گے۔ کہ وہ سچا دعویٰ ہے یا دروغ بے فروغ ٭

اقول۔ میں کہتا ہوں کہ لیکھرام کی پیشگوئی کی میعاد تو ابھی بہت باقی ہے سو اس کا ذکر پیش از وقت ہے ہاں آتھم اور احمد بیگ اور داماد احمد بیگ کی نسبت جو پیشگوئی تھی اس کی میعاد گزر چکی ہے درحقیقت یہ دو پیشگوئیاں تھیں۔ ایک آتھم کی موت کی نسبت دوسری احمد بیگ اور اس کے داماد کی موت کی نسبت سو آتھم ۲۷ جولائی ۱۸۹۶؁ء کو بروز دوشنبہ فوت ہوگیا۔ اور ایک آنکھیں رکھنے والا سمجھ سکتا ہے۔ کہ پیشگوئی

بلکہ اُس نے امور واقعہ کی طرف نظر کر کے یہ امر صاف دیکھا کہ ان دونوں کارروائیوں میں سے کوئی کارروائی بھی اس کیلئے مبارک نہیں ہوگی اور انجام بد ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ اس کا اپنے تئیں عیسائی کہلانا اس کی عملی حالت سے اخیر دم تک متناقض رہا۔ اس کے رفیق پادری اور ڈاکٹر کلارک سر پیٹ پیٹ کر تھک گئے مگر اس نے نہ چاہا کہ ان دعاوی کو عدالت کے ذریعہ سے ثابت کراوے کیونکہ وہ جانتا تھا۔ کہ ایسے بڑے بہتان پیشتر اس کے کہ وہ صحیح سمجھے جاویں طبعی طور پر پختہ ثبوت کے واسطے تقاضا پیدا کرتے ہیں اور درحالت عدم ثبوت عدالتیں فریق ثانی کو انتقامی استغاثہ کی اجازت دیتی ہیں ✦

سو سوچنا چاہیئے کہ وہ کس قدر اپنے اس بہتان اور جھوٹ سے ہراساں اور ترساں تھا کہ باوجود یکہ اُس کے داماد بڑی بڑی حکومت کے عہدوں پر معزز تھے۔ اور اس کے عیسائی دوست گورنمنٹ میں

حاشیہ

کے مطابق اس کی موت ہوئی۔ اور اس پیشگوئی میں دو پہلو تھے۔ سو اپنے دونوں پہلوؤں کے رُو سے یہ پیشگوئی پوری ہوگئی۔ ہم کسی متعصب بے حیا کا مُنہ بند تو نہیں کر سکتے۔ اور نہ ہم سے پہلے کوئی نبی یا رسول بند کر سکا۔ لیکن ایک متقی کے لئے اس پیشگوئی کی صداقت سمجھنے میں کچھ بھی مشکلات نہیں چنانچہ ہم اسی رسالہ اور پہلے رسائل میں بھی بہت کچھ بیان کر چکے ہیں ✦

باقی رہی احمد بیگ کی موت اور اس کے داماد کی موت کی نسبت پیشگوئی سو احمد بیگ تو پیشگوئی کی میعاد کے اندر فوت ہوگیا جس سے ہمارے کسی مخالف کو انکار نہیں۔ گویا پیشگوئی کی دو ٹانگوں میں سے ایک ٹانگ ٹوٹ گئی۔ رہا داماد اُس کا۔ سو وہ اپنے رفیق اور خسر کی موت کے حادثہ سے اس قدر خوف سے بھر گیا تھا کہ گویا قبل از موت مرگیا۔ اور اس بات کو کون نہیں سمجھ سکتا۔ کہ جب ایک ہی پیشگوئی دو شخص کی موت کی خبر دیوے اور ایک ان میں سے مرجائے۔ تو دوسرے پر اس موت کا طبعًا و فطرتًا اثر پڑ جاتا ہے۔ سو اس جگہ ایسا ہی ہوا لہٰذا سنت اللہ کے موافق جس کا ذکر ہم بار بار لکھ چکے ہیں اس وعید کی میعاد میں تخلف ہوگیا ✦

ہم اپنے پہلے اشتہاروں میں اُن بعض خطوط کا ذکر کر چکے ہیں جو ان لوگوں کی طرف سے ہمیں پہنچے جن میں توبہ اور خوف و رجوع کا اقرار تھا۔ پھر اگر یہ امر قرآن اور توریت کی رُو سے صحیح نہیں ہے۔ کہ وعید کی پیشگوئی کی میعاد کا تخلف جائز ہے تو ہر ایک معترض کا اعتراض بجا اور درست ہے لیکن اگر قرآن اور توریت کی رُو سے یہی امر متواتر ثابت ہوتا ہے کہ وعید کی میعاد توبہ اور خوف سے ٹل سکتی ہے تو سخت بے ایمانی ہوگی کہ کوئی شخص مسلمان کہلا کر یا عیسائی کہلا کر پھر ایسی بات پر اعتراض کرے۔ جو قرآن شریف اور پہلی آسمانی کتابوں سے ثابت ہے۔ اس صورت میں ایسا شخص ہم پر اعتراض نہیں کرتا بلکہ ایسے خلاق

اوّل درجہ کی رسائی رکھتے تھے۔ پھر بھی اس کا دل اس بات پر مطمئن نہ ہو سکا کہ وہ ایسی نالش کے بعد پھر بچکر اپنے گھر میں آجائیگا۔ اگر رویت کی شہادتوں سے یہ ثابت کرنا آتھم کو میسّر آسکتا کہ درحقیقت یہ ناجائز حملے ہوئے تو کم سے کم وہ اخباروں کے ذریعہ سے اس ثبوت کو پبلک پر ظاہر کرتا۔ کیونکہ اس کامیابی کے اندر عیسائیوں کا بڑا مدعا بھرا ہوا تھا۔ وجہ یہ کہ اس کا عام نتیجہ یہ تھا کہ ہمارا کاذب اور مفتری ہونا ہر ایک پر کھُل جاتا اور کم سے کم یہ کہ ہمارے چال چلن کی نسبت ہر ایک کو قوی شبہ پیدا ہو جاتا اور صفحات تاریخ میں ہمیشہ یہ واقعہ قابلِ ذکر سمجھا جاتا۔ اس امر میں کس کا اطمینان ہو سکتا ہے کہ آتھم نے ان بہتانوں کو پیش کر کے اور پھر ثبوت دینے سے رُوگرداں ہو کر بے ایمانی اور دروغگوئی کی راہ کو اختیار نہیں کیا ✦

حاشیہ

کا خدا تعالیٰ کی پاک کتابوں پر اعتراض ہے ہمارے اشتہار چہارم کو پڑھو جس کے ساتھ چار ہزار روپیہ کا انعام ہے تا معلوم ہو کہ کیونکر خدا تعالیٰ نے یونس نبی کو قطعی طور پر چالیس دن تک عذاب نازل ہونے کا وعدہ دیا تھا اور وہ قطعی وعدہ تھا جس کے ساتھ کوئی بھی شرط نہیں تھی۔ جیساکہ تفسیر کبیر صفحہ ۱۶۴ اور امام سیوطی کی تفسیر درّمنثور میں احادیث صحیحہ کی رُو سے اس کی تصدیق موجود ہے۔ دیکھو اشتہار انعامی چار ہزار روپیہ صفحہ ۱۲۔ اور یونہ یعنی یونس نبی کی کتاب میں جو بائیبل میں موجود ہے۔ باب ۳ آیت ۴ میں لکھا ہے۔ " اور یونہ شہر میں یعنی نینوہ میں داخل ہونے لگا اور ایک دن کی راہ جا کے مُنادی کی اور کہا چالیس اَور دن ہوں گے تب نینوہ برباد کیا جائے گا۔ تب نینوہ کے باشندوں نے خدا پر اعتقاد کیا اور روزہ کی منادی کی اور سب نے چھوٹے بڑے تک ٹاٹ پہنا اور خدا نے ان کے کاموں کو دیکھا کہ وہ اپنی بُری راہ سے باز آئے۔ تب خدا اس بدی سے کہ اُس نے کہی تھی پچھتا کے باز آیا اور اُس نے ان سے وہ بدی نکی۔ باب ۴۔ پر یونہ اس سے ناخوش ہوا اور نہایت رنجیدہ ہوگیا۔ ۲۔ اور اس نے خداوند کے آگے دعا مانگی۔ ۳۔ اب اے خداوند میں تیری منّت کرتا ہوں کہ میری جان کو مجھ سے لے لے۔ کیونکہ میرا مرنا میرے جینے سے بہتر ہے۔" اور درّمنثور میں ابن عباس سے یہ روایت ہے۔ اوحی اللّٰہ الی یونس انّی مرسل علیھم العذاب فی یوم کذا وکذا۔ فعجّوا الی اللّٰہ وانابوا افاقالھم اللّٰہ واخّر عنھم العذاب۔ فقال یونس لا ارجع الیھم کذّابا ومضیٰ علیٰ وجھہ۔ یعنی خدا نے یونس پر یہ وحی نازل کی کہ فلاں تاریخ میں عذاب نازل کرونگا۔ سو ان لوگوں نے خدا کی طرف تضرع کی اور رجوع کیا سو خدا نے ان کو معاف کر دیا اور کسی دوسرے وقت پر عذاب ڈال دیا تب یونس کہنے لگا

اگر اب بھی عیسائی باز نہ آویں تو بہتر ہے کہ ہم اور اُن کے چند سرگروہ مباہلہ کے طور پر میدان میں آکر خدا کے انصاف سے فتویٰ لے لیں۔ جھوٹے پر بغیر تعیین کسی فریق کے لعنت کرنا کسی مذہب میں ناجائز نہیں۔ نہ ہم میں نہ عیسائیوں میں نہ یہودیوں میں۔ یہی وجہ ہے کہ پادری وایٹ بریخت شملہ جانے سے کچھ عرصہ پہلے چند اپنے عیسائیوں کے ساتھ قادیان میرے پاس آئے اور مجھے کہا کہ آتھم نہیں مرا۔ میں نے کہا کہ اُس نے اسلامی پیشگوئی سے ڈر کر پیشگوئی کی شرط سے فائدہ اُٹھایا۔ اور خود اقرار کیا کہ میں ڈرتا رہا اور ان حملوں کا ثبوت نہ دے سکا جو ڈرنے کی وجہ ٹھہرائی۔ وایٹ نے کہا کہ لعنت اللہ علی الکاذبین۔ یعنی جھوٹوں پر لعنت ہو۔ میں نے کہا کہ بیشک جھوٹوں پر لعنت وارد ہوگی۔ اگر آتھم جھوٹا ہے یا میں تو خدا اس کا فیصلہ کر دیگا۔ چنانچہ تھوڑے عرصہ کے بعد اس لعنت کا اثر آتھم پر وارد ہوگیا۔

تتمہ حاشیہ

کہ اب میں کذاب کہلا کر اپنی قوم کی طرف واپس نہیں جاؤں گا اور دوسری راہ لی۔ دیکھو تفسیر درمنثور تحت تفسیر آیت مغاضبا۔ اور دیکھو صفحہ ۱۴ اشتہار چہارم انعامی چار ہزار روپیہ ۰

ہم اس جگہ حضرت احمد حسن صاحب کو ہی منصف ٹھہراتے ہیں کہ کیا آپ کہہ سکتے ہیں۔ کہ خدا کا یہ الہام جھوٹا نکلا اور نعوذ باللہ یونس کذاب تھا۔ اصل بات یہ ہے کہ قرآن کریم کا علم اکثر لوگوں سے جاتا رہا ہے اور بظاہر اہلحدیث بھی کہلاتے ہیں۔ مگر حدیثوں کے مغز سے ناواقف ہیں۔ ہم بار بار لکھ چکے ہیں۔ کہ انہی قصوں کے لحاظ سے اہل سنت کا یہ عام عقیدہ ہے کہ وعید کی میعاد کی تاخیر کسی سبب توبہ یا خوف کی وجہ سے جائز ہے۔ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ مسلمان کہلا کر اور ان احادیث کو پڑھ کر پھر اُس پیشگوئی کی تکذیب کی جائے جو یونس کی پیشگوئی سے ہم شکل ہے اور ایسے امور میں اس عاجز کو کاذب ٹھہرایا جائے جن میں دوسرے انبیاء بھی شریک ہیں ۰

میں بار بار کہتا ہوں کہ نفس پیشگوئی داماد احمد بیگ کی تقدیر مبرم ہے اس کی انتظار کرو۔ اور اگر میں جھوٹا ہوں تو یہ پیشگوئی پوری نہیں ہوگی اور میری موت آجائے گی۔ اور اگر میں سچا ہوں تو خدا تعالیٰ ضرور اس کو بھی ایسا ہی پوری کر دے گا جیسا کہ احمد بیگ اور آتھم کی پیشگوئی پوری ہوگئی۔ اصل مدعا تو نفس مفہوم ہے۔ اور وقتوں میں تو کبھی استعارات کا بھی دخل ہو جاتا ہے یہانتک کہ بائبل کی بعض پیشگوئیوں میں دنوں کے سال بنائے گئے ہیں۔ جو بات خدا کی طرف سے ٹھہر چکی ہے کوئی اس کو روک نہیں سکتا۔ ذرا شرم کرنی چاہیئے کہ جس حالت میں خود احمد بیگ اسی پیشگوئی کے مطابق میعاد کے اندر فوت ہوگیا اور وہ پیشگوئی کے اوّل نمبر پر تھا تو پھر اگر خدا کا خوف ہو تو اس پیشگوئی کے نفس مفہوم میں شک نہ کیا جاوے۔ کیونکہ ایک وقوع یافتہ امر کی یہ دوسری جُزء ہے۔ جس حالت میں خدا اور رسول

اور چار و ناچار جان کندن کا سخت عذاب اُٹھا کر دائمی عذاب کے زندان میں جا پڑا۔ پادری وایٹ بریخت کو اگر خدا کا خوف ہے تو اب سمجھ سکتا ہے کہ ہم دونوں یعنی آتھم اور اس راقم میں سے کون لعنتی تھا۔
اب اس قصہ کے لکھنے کی وجہ یہ ہے کہ پادری وایٹ بریخت نے بھی چاہا تھا۔ کہ جھوٹے پر لعنت ہو سو چونکہ آتھم جھوٹا تھا اس لئے اس پر لعنت پڑ گئی۔ سو اسی لئے میں کہتا ہوں کہ آتھم کے معاملہ میں کسی پادری صاحب یا کسی اور عیسائی کو شک ہے اور خیال کرتا ہو کہ پیشگوئی پوری نہیں ہوئی تو لازم ہے کہ **مجھ سے مباہلہ کرے**۔
اور لعنت کا مفہوم اپنے مخالفوں کے لئے خود یسوع نے بھی استعمال کیا ہے کیونکہ واویلا یہودیوں پر یسوع کے کلام میں آیا ہے اور واویلا اور لعنت ایک ہی چیز ہے اور یسوع نے مخالفوں کے

حاشیہ در حاشیہ

اور پہلی کتابوں کی شہادتوں کی نظیریں موجود ہیں کہ وعید کی پیشگوئی میں گو بظاہر کوئی بھی شرط نہ ہو۔ تب بھی بوجہ خوف تاخیر ڈال دی جاتی ہے۔ تو پھر اجماعی عقیدہ سے **محض میری عداوت کے لئے** منہ پھیرنا اگر بدذاتی اور بے ایمانی نہیں تو اور کیا ہے۔ فیصلہ تو آسان ہے احمد بیگ کے داماد سلطان محمد کو کہو کہ تکذیب کا اشتہار دے پھر اس کے بعد جو میعاد خدا تعالیٰ مقرر کرے اگر اس سے اس کی موت تجاوز کرے تو میں جھوٹا ہوں۔ ورنہ اے نادانو! صادقوں کو جھوٹا مت ٹھہراؤ کہ روسیاہی کے ساتھ مروگے ٭میری عداوت سے اسلام سے باہر مت جاؤ کیا تم نہیں سمجھتے کہ اس ضمن میں قرآن شریف اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور دوسری الہامی کتابوں کی تکذیب لازم آتی ہے یقیناً مجھ کو کسی کی عداوت سے اللہ اور رسول اور دوسرے نبیوں کی کتابوں سے روگردان ہونا لعنتیوں کا کام ہے نہ نیک دل مسلمانوں کا۔ منشا ظاہر کنا آتھم کی پیشگوئی اور اس پیشگوئی میں تین شخصوں کی موت کی خبر دی گئی تھی۔ سو ان میں سے دو تو فوت ہو چکے صرف ایک باقی ہے سو اس ایک کا انتظار کرو۔ اور ضرور ہے کہ یہ وعید کی موت اس سے تھمی رہے جبتک کہ وہ گھڑی آجاوے کہ اس کو بیباک کر دیوے سو اگر جلدی کرنا ہے تو اٹھو اور اس کو بیباک اور مکذب بناؤ اور اس سے اشتہار دلاؤ اور خدا کی قدرت کا تماشا دیکھو اور اس پیشگوئی میں عربی الہام کے الفاظ یہ ہیں۔ کذبوا بایٰتنا وکانوا بھا یستھزءون فسیکفیکھم اللہ و یردھا الیک۔ لا تبدیل لکلمات اللہ۔ ان ربک فعال لما یرید۔ اگر کوئی اسی بات میں خوش ہے کہ مجھ سے ٹھٹھا کرے تو میں اس میں بھی ناخوش نہیں کیونکہ صادقوں اور راستبازوں کے ساتھ مجھ سے پہلے بھی ٹھٹھا کیا گیا ہے۔ پھر بہت جلد ٹھٹھا کرنے والے نابود ہو گئے اور کوئی نہ بتلا سکا کہ کہاں گئے۔ وانّی باعین اللہ ھو یرانی ومن یکذّبنی واعلم منہ انہ لا یضیعنی ولا یخزینی فویل للّذین کفّرونی ولعنونی وسبّونی وشتمونی وکذّبوا کلماتی ولم یحیطوا بھا علماً فالموت کان خیراً لھم من ھٰذا لو کانوا یعلمون۔ منہ

عذاب کی پیشگوئی بھی کی ہے اس صورت میں وہ طریق جو عیسائیوں کے مُرشد اور گُرو نے استعمال کیا ہے اس پر اعتراض کرنا سخت ناسعادتمندی ہے ماسوا اس کے اگر اس لعنت کے لفظ کو استعمال کرنا نہیں چاہتے تو سزا یا عقوبت کے لفظ کو استعمال کریں اور اگر ایک سال تک ایسا آدمی جو مباہلہ کے میدان میں آوے آسمانی عقوبت سے سزا یاب نہ ہو جاوے تو میں لکھ دوں گا کہ بیشک میری پیشگوئی غلط نکلی اور اگر کوئی مقابل پر نہ آیا تو تمام ناظرین سمجھ لیں کہ عیسائی بوجہ ناحق پر ہونے کے بھاگ گئے

یہ بھی مناسب دیکھتا ہوں کہ چونکہ عیسائیوں کا مذہبی عناد بہت بڑھ گیا ہے اس لئے نہایت ضروری ہے کہ روز کا جھگڑا طے کرنے کے لئے ساتھ ہی اسلام اور عیسائیت کا مباہلہ بھی میرے ساتھ کرلیں۔ اگر عیسائی لعنت کے لفظ سے متنفر ہیں تو اس لفظ کو جانے دیں بلکہ دونو فریق یہ دعا کریں کہ یا الٰہ العالمین اسلام تو یہ تعلیم دیتا ہے کہ تثلیث کی تعلیم سراسر جھوٹی اور شیطانی طریق ہے اور مریم کا بیٹا ہرگز خدا نہیں تھا بلکہ ایک انسان تھا اور نبی اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے سچے پیغمبر اور رسول اور خاتم الانبیاء تھے اور قرآن خدا کا پاک کلام ہے جو ہر ایک غلطی اور ضلالت سے پاک ہے اور عیسائی اس تعلیم کو پیش کرتے ہیں کہ مریم کا بیٹا یسوع درحقیقت خدا تھا وہی تھا جس نے زمین و آسمان پیدا کیا اُسی کے خون سے دنیا کی نجات ہوگئی۔ اور خدا تین اقنوم ہیں باپ بیٹا روح القدس اور یسوع تینوں کا مجموعہ کامل خدا ہے اب اے قادر ان دونوں گروہ میں اس طرح فیصلہ کر کہ جو ہم دو فریق میں سے جو اسوقت مباہلہ کے میدان میں حاضر ہیں جو فریق جھوٹے اعتقاد کا پابند ہے اس کو ایک سال کے اندر بڑے عذاب سے ہلاک کر کیونکہ تمام دنیا کی نجات کے لئے چند آدمی کا مرنا بہتر ہے

غرض ہر ایک فریق ہم میں سے اور عیسائیوں میں سے دُعا کرے اس طرح پر کہ اوّل ایک فریق یہ دعا کرے اور دوسرا فریق آمین کہے اور پھر دوسرا فریق دعا کرے اور پہلا فریق آمین کہے اور پھر ایک سال تک خدا کے حکم کے منتظر رہیں اور میں اسوقت اقرار صالح شرعی کرتا ہوں کہ ان دونوں مباہلوں میں دو ہزار روپیہ ان عیسائیوں کے لئے جمع کرادونگا جو میرے مقابل پر مباہلہ کے میدان میں آوینگے یہ کام نہایت ضروری ہے جیسا کہ ہم کہتے ہیں کہ زندہ اور قادر خدا ہمارے ساتھ ہے عیسائی بھی کہتے ہیں کہ وہ ہمارے ساتھ ہے

اب اس مباہلہ سے یہ بڑا فائدہ ہوگا کہ پبلک کو معلوم ہو جائیگا کہ کس قوم کے ساتھ خدا ہے اور اگر عیسائی قبول نہ کریں تو لعنت کا ذخیرہ ان کیلئے آسمان پر جمع ہوگا اور لوگ سمجھ جائینگے کہ وہ جھوٹے ہیں۔ ہمارے مخاطب ڈاکٹر کلارک پادری عماد الدین حسام الدین ایڈیٹر کشف الحقائق۔ منشی صفدر علی بھنڈارہ۔ پادری فتح مسیح اور ہر ایک ایسا شخص جو پادری اور معاند اسلام ہو درخواست کرے۔ یہ طریق فیصلہ بہتر ہے تا دُنیا روز کے جھگڑوں سے نجات پاوے۔ تا سیہ روئے شود ہر کہ درو غش باشد۔ والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ ۔

المشتہر میرزا غلام احمد از قادیان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

خدا کا فیصلہ

پادریوں کے لئے

پنجاب اور ہندوستان کے تمام پادری صاحبوں کے لئے

ایک احسن طریق فیصلہ

عیسائی صاحبوں کا یہ اعتقاد ہے کہ جو لوگ تثلیث کا عقیدہ اور یسوع کا کفارہ نہیں مانتے۔ وہ ہمیشہ کے جہنم میں ڈالے جائیں گے اور وہ اعتقاد جو خدا تعالےٰ نے اپنی پاک کلام قرآن شریف کے ذریعہ سے مسلمانوں کو سکھایا ہے وہ یہ ہے کہ بجز توحید کے نجات نہیں یہی توحید ہے جس کی رو سے تمام دنیا سے مواخذہ ہوگا خواہ قرآن ان کو نہ پہنچا ہو کیونکہ یہ انسان کے دل میں فطرتی نقش ہے کہ اس کا خالق اور مالک اکیلا خدا ہے جس کے ساتھ کوئی شریک نہیں۔ اس توحید میں کوئی بھی ایسی بات نہیں جو زبردستی منوانی پڑے کیونکہ انسانی دل کی بناوٹ کے ساتھ ہی اس کے نقوش انسان کے دل میں منقش کئے جاتے ہیں۔ مگر جیسا کہ عیسائیوں کا عقیدہ ہے غیر محدود خدا کو تین اقنوم میں یا چار اقنوم میں محدود کرنا اور پھر ہر ایک اقنوم کو کامل بھی سمجھنا اور ترکیب کا محتاج بھی اور پھر خدا پر یہ روا رکھنا کہ وہ ابتدا میں کلمہ تھا پھر وہی کلمہ جو خدا تھا مریم کے پیٹ میں پڑا اور اس کے خون سے مجسم ہوا اور معمولی راہ سے پیدا ہوا اور سارے دکھ خسرہ چیچک دانتوں کی تکلیف جو انسان کو ہوتی ہیں سب اٹھائی۔ آخر کو جوان ہو کر پکڑا گیا اور صلیب پر چڑھایا گیا۔ یہ نہایت گندہ شرک ہے جس میں انسان کو خدا ٹھہرایا گیا ہے خدا اس سے پاک ہے کہ وہ کسی کے پیٹ میں پڑے اور مجسم ہو اور دشمنوں کے ہاتھ میں گرفتار ہو۔ انسانی فطرت اس کو قبول نہیں کرسکتی کہ خدا پر ایسے دکھ کی مار اور یہ مصیبتیں پڑیں اور وہ جو تمام عظمتوں کا مالک اور تمام عزتوں کا سرچشمہ ہے اپنے لئے یہ تمام ذلتیں رکھے۔ عیسائی اس بات کو مانتے ہیں کہ خدا کی اس رسوائی کا یہ پہلا ہی موقعہ ہے اور اس سے پہلے اس قسم کی ذلتیں خدا نے کبھی نہیں اٹھائیں۔ کبھی یہ امر وقوع میں نہیں آیا کہ خدا بھی انسان کی طرح کسی عورت کے رحم میں نطفہ میں مخلوط ہو کر قرار پکڑ گیا ہو جیسے کہ لوگوں نے خدا کا نام سنا کبھی ایسا نہیں ہوا کہ وہ بھی انسان کی طرح کسی عورت کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو یہ تمام وہ باتیں ہیں جن کا عیسائیوں کو خود اقرار ہے اور اس بات کا بھی اقرار ہے کہ گو پہلے یہ تین اقنوم تین جسم علیحدہ علیحدہ نہیں رکھتے تھے مگر اس خلص زمانہ سے جس کو اب ۱۸۹۶ برس جاتا ہے تینوں اقنوم کیلئے تین علیحدہ علیحدہ جسم مقرر ہوگئے باپ کی وہ شکل ہے جو آدم کی کیونکہ

اس نے آدم کو اپنی شکل پر بنایا۔ دیکھو توریت پیدائش باب[۱] آیت[۲۷] اور بیٹا یسوع کی شکل پر مجسم ہوا دیکھو یوحنا باب[۱] آیت[۱۴] اور روح القدس کبوتر کی شکل پر متشکل ہوا دیکھو متی باب[۳] آیت[۱۶]۔ اب جس نے عیسائیوں کے ان تینوں مجسم خداؤں کا درشن کرنا ہو اور ان کی جسمانی تثلیث کا نقشہ دیکھنا منظور ہو تو کچھ ضرور نہیں کہ ان کی طرف التجا لے جائے بلکہ جیسا کہ ہم نے کتاب ست بچن میں سکھ صاحبوں کے مخفی چولہ کی تمام گرو کے چیلوں کی زیارت کرا دی ہے اسی طرح ہم یسوع کے شاگردوں کو بھی ان کے تین مجسم خداؤں کے درشن کرا دیتے ہیں اور ان کے سہ گوشہ تثلیثی خدا کو دکھا دیتے ہیں چاہیئے کہ اس کے آگے جھکیں اور سیس نوادیں اور وہ یہ ہے جس کو ہم نے عیسائیوں کی شائع کردہ تصویروں سے لیا ہے۔

عیسائیوں کا مثلث خدا اور اس کے تین ممبران کمیٹی جو اقنوم کہلاتے ہیں

بیٹا

باپ

روح القدس

یہ تینوں مجسم خدا عیسائیوں کے زعم میں ہمیشہ کے لئے مجسم اور ہمیشہ کے لئے علیحدہ علیحدہ وجود رکھتے ہیں۔ اور پھر بھی یہ تینوں مل کر ایک خدا ہے لیکن اگر کوئی بتلا سکتا ہے تو ہمیں بتلا دے کہ باوجود اس دائمی تجسم اور تغیر کے یہ تینوں ایک کیونکر ہیں۔ بھلا ہمیں کوئی ڈاکٹر مارٹن کلارک اور پادری عماد الدین اور پادری ٹھاکرداس کو باوجود ان کے علیحدہ علیحدہ جسم کے ایک کرکے تو دکھلا دے۔ ہم دعوے سے کہتے ہیں کہ اگر تینوں کو کوٹ کر بھی بعض کا گوشت بعض کے ساتھ ملا دیا جاوے پھر بھی جن کو خدا نے تین بنایا تھا ہرگز ایک نہیں ہو سکیں گے۔ پھر جبکہ اس فانی جسم کے حیوان باوجود امکان تحلیل اور تفرق جسم کے ایک نہیں ہو سکتے پھر ایسے تین مجسم جن میں بموجب عقیدہ عیسائیاں تحلیل اور تفریق جائز نہیں کیونکر ایک ہو سکتے ہیں ٭

یہ کہنا بیجا نہیں ہوگا کہ عیسائیوں کے یہ تین خدا بطور تین ممبر کمیٹی کے ہیں اور بزعم ان کے تینوں کی اتفاق رائے سے ہر ایک حکم نافذ ہوتا ہے یا کثرت رائے پر فیصلہ ہو جاتا ہے گویا خدا کا کارخانہ بھی جمہوری سلطنت ہے اور گویا ان کے گاڈ صاحب کو بھی **شخصی سلطنت کی لیاقت نہیں**۔ تمام مدار کونسل پر ہے۔

غرض عیسائیوں کا یہ مرکب خدا ہے جس نے دیکھنا ہو دیکھ لے۔ پادری صاحبان ایسے خدا والے مذہب پر تو ناز کرتے ہیں۔ لیکن اسلام جیسے مذہب کی جو ایسی خلاف عقل باتوں سے پاک ہے توہین اور تحقیر کر رہے ہیں اور دن رات یہی شغل ہے کہ اپنے دجالی فریبوں سے خدا کے پاک اور صادق نبی کو کاذب ٹھہرا دیں اور بُری بُری تصویروں میں اس نورانی شکل کو دکھلا دیں۔ بعض پلید فطرت پادریوں نے اپنی تالیفات میں اس طرح ہمارے سید و مولیٰ خاتم الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم کی تصویر کھینچ کر دکھلائی ہے کہ گویا وہ ایک ایسا شخص ہے جس کی خونی صورت ہے اور غصہ سے بھرا ہوا کھڑا ہے اور ایک تلوار ہاتھ میں ہے اور بعض غریب عیسائیوں وغیرہ کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا چاہتا ہے لیکن اگر ان لوگوں کو کچھ انصاف اور ایمان میں سے حصہ ہوتا تو اس تصویر سے پہلے موسیٰ کی تصویر کھینچ کر دکھلاتے اور اس طرح کھینچتے۔ کہ گویا ایک نہایت سخت دل اور بیرحم انسان ہاتھ میں تلوار لے کر شیر خوار بچوں کو ان کی ماؤں کے سامنے ٹکڑے ٹکڑے کر رہا ہے اور ایسا ہی یشوع بن نون کی تصویر پیش کرتے اور اس تصویر میں یہ دکھلاتے۔ کہ گویا اس نے لاکھوں بیگناہ بچوں کو ان کی ماؤں کے سمیت ٹکڑے ٹکڑے کرکے میدان میں پھینک دیا ہے

اور چونکہ ان کے عقیدہ کے موافق یسوع خدا ہے اور یہ ساری بیرحمی کی کاروائیاں اس کے حکم سے ہوئی ہیں اور وہ مجسم خدا ہے جیسا کہ بیان ہو چکا۔ تو اس صورت میں نہایت ضروری تھا کہ سب سے پہلے اس کی تصویر کھینچ کر اس کے ہاتھ میں کم سے کم تین تلواریں دی جاتیں پہلی وہ تلوار جو اس نے موسیٰ کو دی اور بے گناہ شیر خوار بچوں کو قتل کروایا۔ دوسری وہ تلوار جو یشوع بن نون کو دی۔ تیسری وہ تلوار جو داؤد کو دی۔ افسوس! کہ اس حق پوشش قوم نے بڑے بڑے ظلموں پر کمر باندھ رکھی ہے۔

اگر تلوار کے ذریعہ سے خدا کا عذاب نازل ہونا خدا کی صفات کے مخالف ہے۔ تو کیوں نہ یہ اعتراض اوّل موسیٰ سے ہی شروع کیا جائے جس نے قوموں کو قتل کرکے خون کی نہریں بہا دیں۔ اور کسی کی توبہ کو بھی قبول نہ کیا۔ قرآنی جنگوں نے تو توبہ کا دروازہ کھلا رکھا۔ جو عین قانون قدرت اور خدا کے رحم کے موافق ہے کیونکہ اب بھی جب خدا تعالےٰ طاعون اور ہیضہ وغیرہ سے اپنا عذاب دُنیا پر نازل کرتا ہے تو ساتھ ہی طبیبوں کو ایسی ایسی بُوٹیاں اور تدبیروں کا بھی علم دے دیتا ہے جس سے اس آتش وبا کا انسداد ہو سکے سو یہ موسیٰ کے طریق جنگ پر اعتراض ہے کہ اُس میں قانون قدرت کے موافق کوئی طریق بچاؤ قائم نہیں کیا گیا۔ ہاں بعض بعض جگہ قائم بھی کیا گیا ہے۔ مگر کلی طور پر نہیں الغرض جبکہ یہ سنّت اللہ یعنی تلوار سے ظالم منکروں کو ہلاک کرنا قدیم سے چلی آتی ہے تو قرآن شریف پر کیوں خصوصیت کے ساتھ اعتراض کیا جاتا ہے کیا موسیٰ کے زمانہ میں خدا کوئی اور تھا اور اسلام میں کوئی اور ہو گیا یا خدا کو اُس وقت لڑائیاں پیاری لگتی تھیں اور اب بُری دکھائی دیتی ہیں +

اور یہ بھی فرق یاد رہے کہ اسلام نے صرف ان لوگوں کے مقابل پر تلوار اُٹھانا حکم فرمایا ہے۔ کہ جو اوّل آپ تلوار اُٹھائیں اور انھیں کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے جو اوّل آپ قتل کریں۔ یہ حکم ہرگز نہیں دیا کہ تم ایک کافر بادشاہ کے تحت میں ہو کر اور اس کے عدل اور انصاف سے فائدہ اُٹھا کر پھر اسی پر باغیانہ حملہ کرو۔ قرآن کے رُو سے یہ بدمعاشوں کا طریق ہے نہ نیکوں کا۔ لیکن توریت نے یہ فرق کسی جگہ کھول کر بیان نہیں فرمایا اس سے ظاہر ہے کہ قرآن شریف اپنے جلالی اور جمالی احکام میں اس خط مستقیم عدل اور انصاف اور رحم اور احسان پر چلتا ہے جس کی نظیر دنیا میں کسی کتاب میں موجود نہیں مگر اندھے دشمن

پھر بھی اعتراض کرتے ہیں کیونکہ اُن کی فطرت روشنی سے عداوت اور ظلمت سے محبت رکھتی ہے ۔

اب اس اشتہار کی تحریر سے یہ غرض ہے کہ ہم نے بڑے لمبے تجربہ سے آزما لیا ہے۔ کہ یہ لوگ بار بار ملزم اور لاجواب ہو کر پھر بھی نیش زنی سے باز نہیں آتے اور اُس شخص کو تمام عیبوں سے مبرا سمجھتے ہیں جس نے خود اقرار کیا کہ "میں نیک نہیں" اور جس نے شرابخواری اور قمار بازی اور کھلے طور پر دوسروں کی عورتوں کو دیکھنا جائز رکھ کر بلکہ آپ ایک بدکار کنجری سے اپنے سر پر حرام کی کمائی کا تیل ڈلوا کر اور اس کو یہ موقعہ دے کر کہ وہ اس کے بدن سے بدن لگا دے۔ اپنی تمام امت کو اجازت دے دی کہ ان باتوں میں سے کوئی بات بھی حرام نہیں۔ سو ایسے شخص کو تو انہوں نے خدا بنا لیا مگر خدا کے مقدس نبیوں کو جن کی زندگی محض خدا کے لئے تھی اور جو تقویٰ کی باریک راہوں کو سکھا گئے بُرا کہنا اور گالیاں دینا شروع کر دیا چنانچہ اب تک یہ لوگ باز نہیں آئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ہجو میں نہایت ناپاک اور رنجیدہ کتابیں نکالتے ہیں اور نہایت بُری تصویروں میں اُس پاک وجود کو دکھلاتے ہیں ۔

اب ایسے کذابوں سے زبانی مباحثات سے کیونکر فیصلہ ہو۔ ہم جھوٹے کو دندان شکن جواب سے ملزم تو کر سکتے ہیں مگر اس کا منہ کیونکر بند کریں اس کی پلید زبان پر کونسی تھیلی چڑھا دیں؟ اس کے گالیاں دینے والے مُنہ پر کونسا قفل لگا دیں؟ کیا کریں؟ کیا کوئی اس سے بیخبر ہے کہ نالائق عماد الدین نے اُس پاک ذات نبی کی نسبت کیا کیا گندے الفاظ استعمال کئے۔ جس سے تمام مسلمانوں کے کلیجے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔ نور افشاں پرچہ لدھیانہ میں کیسے کیسے ہفتہ وار محض افترا کی بنیاد پر توہین اسلام کے کلمات لکھے جا رہے ہیں۔ ریواڑی والے پادری نے کس قدر مسلمانوں کا دل جلایا۔ اور ہمارے سیدو مولیٰ کو ڈاکو اور رہزن قرار دیا۔ غرض کہاں تک لکھیں۔ ان ظالم پادریوں نے لاکھوں گالیاں ہمارے نبی کریمؐ کو دے کر ہمارے دلوں کو زخمی کر دیا۔

لیکن ہم ظالم ہوں گے۔ اگر ساتھ ہی یہ بھی گواہی نہ دیں کہ ان کارروائیوں میں گورنمنٹ پر کوئی الزام نہیں۔ بلاشبہ گورنمنٹ ہریک قوم کو ایک ہی آنکھ سے دیکھتی ہے۔ مذہبی مناظرات

کی آزادی جیسا کہ پادریوں کو حاصل ہے ویسا ہی ہمیں بھی ہے اگر ہم گورنمنٹ کے انصاف پر یقین نہ رکھتے تو ممکن نہ تھا کہ ان اپنی شکایتوں کا اظہار بھی کر سکتے۔ لیکن ہم گورنمنٹ کو یہ تکلیف دینا ہی نہیں چاہتے کہ وہ مذہبی مباحثات کی آزادی کو بالکل بند کر دے۔ ہاں ہمارا مدعا یہ ہے کہ ان شرائط کی پابندی سے کسی قدر اس آزادی کو محدود کر دیا جائے۔ جس کی نسبت ہم ایک علیحدہ اشتہار شائع کر چکے ہیں لیکن گورنمنٹ اپنی مہمات ملکیہ میں مصروف ہے۔ اس کو اس فیصلہ کے لئے تو فرصت نہیں کہ توحید اور تین مجسّم خداؤں کے عقیدہ کے بارے میں کچھ اپنی رائے لکھے اور وہ کاروائی کرے جیسا کہ تیسری صدی کے بعد کانسٹنٹائن فرسٹ قسطنطنیہ کے بادشاہ نے اڑھائی سو بشپ کو جمع کر کے اپنے اجلاس میں موحد عیسائیوں اور تین اقنوم کے قائل عیسائیوں کا باہم مباحثہ کرایا تھا۔ اور آخر کار فرقہ موحدین کو ڈگری دی تھی اور خود ان کا مذہب بھی قبول کر لیا تھا۔ ایسا ہی یہ گورنمنٹ عالیہ بھی کرے * لیکن یہ گورنمنٹ ایسے تنازعات میں پڑنا نہیں چاہتی۔ پس یہ روز افزوں جھگڑے کیونکر فیصلہ پاویں۔ مباحثات کے نیک نتیجہ سے تو نومیدی ہو چکی بلکہ جیسے جیسے مباحثات بڑھتے جاتے ہیں

* **حاشیہ**۔ عیسائیوں میں تثلیث کا مسئلہ تیسری صدی کے بعد ایجاد ہوا ہے۔ جیسا کہ ڈریپر بھی اپنی کتاب میں بڑے بڑے علماء کے حوالہ سے لکھتا ہے موجد اس مسئلہ کا بشپ اتھاناسی اس الگزنڈریچ تھا جو صدی سوم کے بعد ہوا ہے۔ جب اس نے یہ مسئلہ شائع کرنا چاہا۔ تو اسی وقت بشپ ایری اس اس کا منکر کھڑا ہو گیا۔ اور یہاں تک اس مباحثہ میں عوام اور خواص کا مجمع ہوا کہ روم کے بادشاہ تک خبر پہنچ گئی۔ اتفاقاً اس کو مباحثات سے دلچسپی تھی۔ اس نے چاہا کہ اس اختلاف کو اپنے حضور میں ہی فریقین کے علماء سے رفع کرا دے۔ چنانچہ اس کے اجلاس میں بڑی سرگرمی سے یہ مباحثات ہوئے اور نہایت لطف کے ساتھ کونسل کی کرسیاں بچھیں اور مناظرہ کرنے والے دو سو پچاس نامی پادری تھے۔ آخر موحدین کا فرقہ جو یسوع کو محض انسان اور رسول جانتا تھا۔ غالب آیا۔ اسی دن بادشاہ نے یونی ٹیرین کا مذہب اختیار کیا اور چھ بادشاہ اس کے بعد موحد رہے۔ چنانچہ جس قیصر کو ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے خط لکھا تھا۔ جس کا ذکر صحیح بخاری میں پہلے صفحہ میں ہی موجود ہے۔ وہ بھی موحد ہی تھا۔ اُس نے قرآن کے اس مضمون پر اطلاع پا کر کہ مسیح صرف انسان ہے تصدیق کی۔

ویسے ہی کینے بھی ساتھ ترقی پکڑتے جاتے ہیں۔ سو اس نومیدی کے وقت میں میرے نزدیک ایک نہایت سہل و آسان طریق فیصلہ ہے۔ اگر پادری صاحبان قبول کریں اور وہ یہ ہے کہ اس بحث کا جو حد سے زیادہ بڑھ گئی ہے خدا تعالےٰ سے فیصلہ کرایا جائے ٭

اوّل مجھے یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ ایسا خدائی فیصلہ کرانے کے لئے سب سے زیادہ مجھے جوش ہے اور میری دلی مراد ہے کہ اس طریق سے یہ روز کا جھگڑا انفصال پا جائے۔ اگر میری تائید میں خدا کا فیصلہ نہ ہو تو میں اپنی **کُل املاک** منقولہ و غیر منقولہ جو **دس ہزار** روپیہ کی قیمت سے کم نہیں ہونگی عیسائیوں کو دے دوں گا۔ اور بطور پیشگی **تین ہزار** روپیہ تک ان کے پاس جمع بھی کرا سکتا ہوں۔ اس قدر مال کا میرے ہاتھ سے نکل جانا میرے لئے کافی سزا ہوگی۔ علاوہ اس کے یہ بھی اقرار کرتا ہوں کہ میں اپنے دستخطی اشتہار سے شائع کر دوں گا کہ عیسائی فتحیاب ہوئے اور میں مغلوب ہوا اور یہ بھی اقرار کرتا ہوں کہ اس اشتہار میں کوئی بھی شرط نہ ہوگی لفظاً نہ معناً۔

اور ربّانی فیصلہ کے لئے طریق یہ ہوگا کہ میرے مقابل پر ایک معزز پادری صاحب جو پادری صاحبان مندرجہ ذیل میں سے منتخب کئے جائیں٭ میدان مقابلہ کے لئے جو تراضی طرفین سے مقرر کیا جائے طیار ہوں۔ پھر بعد اس کے ہم دونوں معہ اپنی اپنی جماعتوں کے میدان مقررہ میں حاضر ہو جائیں اور خدا تعالےٰ سے دُعا کے ساتھ یہ فیصلہ چاہیں کہ ہم دونوں میں سے جو شخص درحقیقت خدا تعالےٰ کی نظر میں کاذب اور مورد غضب ہے۔ خدا تعالےٰ ایک سال میں اس کاذب پر وہ قہر نازل کرے جو اپنی غیرت کے رُو سے ہمیشہ کاذب اور مکذّب قوموں پر کیا کرتا ہے۔ جیسا کہ اس نے فرعون پر کیا۔ نمرود پر کیا۔ اور نوحؑ کی قوم پر کیا۔ اور یہود پر کیا۔ حضرات پادری صاحبان یہ بات یاد رکھیں کہ اس باہمی دُعا میں کسی خاص فریق پر نہ لعنت ہے نہ بد دُعا ہے۔ بلکہ اُس جھوٹے کو سزا دلانے کی غرض سے ہے جو اپنے جھوٹ کو چھوڑنا نہیں چاہتا۔ ایک جہان کے زندہ ہونے کے لئے ایک کا مرنا بہتر

بقیہ حاشیہ۔ جیسا کہ نجاشی نے بھی جو عیسائی بادشاہ تھا۔ قسم کھا کر کہا کہ یسوع کا رتبہ اس سے ذرہ زیادہ نہیں جو قرآن نے اس کی نسبت لکھا ہے۔ مگر نجاشی اس کے بعد کھلا کھلا مسلمان ہو گیا۔ منہ

٭ **نوٹ**۔ ان صاحبوں میں سے کوئی منتخب ہونا چاہئے۔ اوّل ڈاکٹر مارٹن کلارک۔ دوسرے پادری عماد الدین پھر پادری ٹھاکر داس۔ یا حسام الدین بمبئی یا صفدر علی بھنڈارہ یا طامس ہاول یا فتح مسیح بشرط منظوری دیگران ۰

ہے۔ پادری صاحبان خوب جانتے ہیں۔ کہ جھوٹوں پر یسُوع نے بھی بددعائیں کی ہیں ۔ چنانچہ یسوع متی باب ۲۳ میں یہود کے علماء کو مخاطب کر کے کہتا ہے ۔ " اے سانپو اور سانپ کے بچو تم جہنم کے عذاب سے کیونکر بھاگو گے ۔ ۳۶ ۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں ۔ کہ یہ سب کچھ اس زمانہ کے لوگوں پر آوے گا یعنی عذاب اور باب ۲۳ آیت ۱۳ میں یسُوع بار بار جھوٹوں مکاروں کی تباہی چاہتا ہے اور ویل کا لفظ استعمال کرتا ہے جو ہمیشہ بددعا کے لئے آتا ہے۔ غرض ایسا جھوٹا جو جھوٹ کو کسی طرح چھوڑنا نہ چاہے ۔ اس کا وجود تمام فتنوں سے زیادہ فتنہ ہے اور فتنہ کو ہریک طرح سے فرو کرنا راستبازوں کا فرض ہے ۔ پس جس حالت میں عیسائی نہایت غلو سے کہتے ہیں کہ دین اسلام انسان کا افترا ہے اور اہل اسلام دلی یقین رکھتے ہیں کہ عیسائی درحقیقت انسان پرست ہیں ۔ تو کیا لازم نہیں ہے کہ جس طرح ہوسکے یہ بات فیصلہ پا جائے ۔

ہم نے بار بار سمجھایا کہ عیسٰی پرستی بت پرستی اور رام پرستی سے کم نہیں ۔ اور مریم کا بیٹا کشلیا کے بیٹے سے کچھ زیادت نہیں رکھتا ۔ مگر کیا کبھی آپ لوگوں نے توجہ کی ۔ یوں تو آپ لوگ تمام دنیا کے مذہبوں پر حملہ کر رہے ہیں ۔ مگر کبھی اپنے اس مثلث خدا کی نسبت بھی کبھی غور کی ۔ کبھی یہ خیال آیا ۔ کہ وہ جو تمام عظمتوں کا مالک ہے اس پر انسان کی طرح کیونکر دُکھ کی مار پڑ گئی ۔ کبھی یہ بھی سوچا کہ خالق نے اپنی ہی مخلوق سے کیونکر مار کھالی کیا یہ سمجھ آسکتا ہے کہ بندے ناچیز اپنے خدا کو کوڑے ماریں اس کے مُنہ پر تھُوکیں اس کو پکڑیں ۔ اس کو سُولی دیں اور وہ مقابلہ سے عاجز رہ جائے ۔ بلکہ خدا کہلا کر پھر اس پر موت بھی آجائے ۔ کیا یہ سمجھ میں آسکتا ہے کہ تین مجسم خدا ہوں ایک وہ مجسم جس کی شکل پر آدم ہوا ۔ دوسرا یسُوع ۔ تیسرا کبوتر* اور تینوں میں سے ایک بچہ والا اور دو لاولد ۔ کیا یہ سمجھ میں آسکتا ہے کہ خدا شیطان کے

* نوٹ ۔ عیسائی صاحبان کبوتروں کو شوق سے کھاتے ہیں ۔ حالانکہ کبوتر اُن کا دیوتا ہے ۔ اُن سے ہندو اچھے رہے کہ اپنے دیوتا بیل کو نہیں کھاتے ۔

پیچھے پیچھے چلے اور شیطان اس سے سجدہ چاہے اور اس کو دنیا کی طمع دے۔ کیا یہ سمجھ میں آ سکتا ہے کہ وہ شخص جس کی ہڈیوں میں خدا گھسا ہوا تھا۔ ساری رات رو رو کر دعا کرتا رہا اور پھر بھی استجابت دعا سے محروم اور بے نصیب ہی رہا۔ کیا یہ بات تعجب میں نہیں ڈالتی کہ خدائی کے ثبوت کے لئے یہود کی کتابوں کا حوالہ دیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہود اس عقیدہ پر ہزار لعنت بھیجتے ہیں اور سخت انکاری ہیں اور کوئی اُن میں ایسا فرقہ نہیں جو تثلیث کا قائل ہوا اگر یہود کو موسیٰ سے آخری نبیوں تک یہی تعلیم دی جاتی تو کیونکر ممکن تھا کہ وہ لاکھوں آدمی جو بہت سے فرقوں میں منقسم تھے اس تعلیم کو سب کے سب بھول جاتے۔ کیا یہ بات سوچنے کے لائق نہیں کہ عیسائیوں میں قدیم سے ایک فرقہ موحد بھی ہے جو قرآن شریف کے وقت میں بھی موجود تھا۔ اور وہ فرقہ بڑے زور سے اس بات کا ثبوت دیتا ہے۔ کہ تثلیث کا گندہ مسئلہ صرف تیسری صدی کے بعد نکلا ہے اور اب بھی اُس فرقہ کے لاکھوں انسان یورپ اور امریکہ میں موجود ہیں۔ اور ہزار ہا کتابیں ان کی شائع ہو رہی ہیں۔ پس جبکہ اس قدر ملزم ہو کر پھر بھی پادری صاحبان اپنی بدزبانیوں سے باز نہیں آتے۔ تو کیا اس وقت خدا کے فیصلہ کی حاجت نہیں؟ ضرور حاجت ہے۔ تا جو جھوٹا ہے ہلاک ہو جائے۔ جو گروہ جھوٹا ہوگا۔ اب بلاشبہ بھاگ جائے گا۔ اور جھوٹے بہانوں سے کام لے گا ؛

سوا اے پادری صاحبان دیکھو کہ میں اس کام کے لئے کھڑا ہوں۔ اگر چاہتے ہو کہ خدا کے حکم سے اور خدا کے فیصلہ سے سچے اور جھوٹے میں فرق ظاہر ہو جائے تو آؤ۔ تا ہم ایک میدان میں دعاؤں کے ساتھ جنگ کریں تا جھوٹے کی پردہ دری ہو۔ یقیناً سمجھو کہ خدا ہے اور بے شک وہ قادر موجود ہے اور وہ ہمیشہ صادقوں کی حمایت کرتا ہے۔ سو ہم دونوں میں سے جو صادق ہوگا خدا ضرور اس کی حمایت کرے گا۔ یہ بات یاد رکھو کہ جو شخص خدا کی نظر میں ذلیل ہے وہ اس جنگ کے بعد ذلت دیکھے گا۔ اور جو اس کی نظر میں عزیز ہے وہ عزت پائے گا

آتھم کے مقدمہ میں دیکھ چکے ہو کہ باوجود اُس کے بہت سے منصوبوں کے پھر آخر حق ظاہر ہوگیا۔ کیا تمہارے دل قبول نہیں کر گئے۔ کہ آتھم کا قسم سے انکار کرنا اور نالش سے انکار کرنا اور حملوں کا ثبوت دینے سے انکار کرنا صرف اسی وجہ سے تھا کہ اس نے ضرور الہامی شرط کے موافق حق کی طرف رجوع کر لیا تھا۔ تمہیں معلوم ہے کہ باوجود اس کے کہ ملامتی اشتہاروں کی بہت ہی اُس کو مار پڑی مگر وہ الزام سے اپنے تئیں بری نہ کر سکا جو اس کے اقرار خوف اور بے ثبوت ہونے عذر حملوں سے اس پر وارد ہو چکا تھا۔ یہاں تک کہ اس موت نے اُس کو آپکڑا جس سے وہ ڈرتا رہا۔ اور ضرور تھا کہ وہ انکار کے بعد جلد مرتا۔ کیونکہ خدا تعالٰے کی پاک پیش گوئیوں کے رُو سے بھی سزا اس کے لئے ٹھہر چکی تھی۔ سو اُس خدا سے خوف کرو۔ جس نے آتھم کو بڑی سرگردانیوں کے گرداب میں ڈال کر آخر اپنے وعید کے موافق ہلاک کر دیا۔ خدا کی کُھلی کُھلی پیشگوئیوں سے منہ پھیرنا یہ بدطینتوں کا کام ہے۔ نہ نیک لوگوں کا۔ اور جھوٹ کے مُردار کو کسی طرح نہ چھوڑنا۔ یہ کتّوں کا طریق ہے نہ انسانوں کا۔ میاں حسام الدین عیسائی لکھتے ہیں کہ آتھم چار دن تک بیہوش رہا۔ مگر وہ اس کا سر نہیں بیان کر سکے کہ کیوں چار دن تک بیہوش رہا۔ سو جاننا چاہیئے۔ کہ یہ چار دن کی سخت جان کندن کے اُن چار افتراؤں کی اسی دُنیا میں اس کو سزا دی گئی۔ جو اُس نے زہر خورانی کے اقدام کا افترا کیا۔ سانپ چھوڑنے کا افترا کیا۔ لدھیانہ اور فیروزپور کے حملہ کا افترا کیا اور عیسائیوں کے خوش کرنے کے لئے اصل وجہ خوف کو چھپایا۔ سو عیسائیوں کے لئے اس سے زیادہ اور کوئی شرم کی جگہ نہیں کہ آتھم ان کے مذہب کے جھوٹا ہونے پر گواہی دے گیا۔ اب اگر آتھم کی گواہی پر اعتبار نہیں تو اُس نئے طریق سے دوبارہ حجت اللہ کو پورا کرا لینا چاہیئے۔ اور اس نئے طریق میں کوئی شرط بھی نہیں۔ سیدھی بات ہے کہ اگر باہم دُعا کرنے کے بعد جس کے ساتھ فریقین کی طرف سے آمین بھی ہوگی۔ میرے مقابل کا شخص ایک سال تک خدا تعالٰے کی فوق العادت عذاب سے بچ گیا۔ تو جیسا کہ میں لکھ چکا ہوں تاوان مذکورہ بالا ادا کرونگا۔

اور میں حضرات پادری صاحبان کو دوبارہ یاد دلاتا ہوں کہ اس طرح کا طریق دُعا اُن کے

مذہب اور اعتقاد سے ہرگز منافی نہیں اور حضرت یسوع صاحب نے باب ۲۳ آیت ۱۳ متی میں خود اس طریق کو استعمال کیا ہے اور ویل کے لفظ سے فقیہوں اور فریسیوں پر بددعا کی ہے اب اگر عیسائی صاحبان کوئی اور لفظ استعمال کرنے سے تامل کریں تو ویل کے لفظ کو ہی استعمال کرنا تو خود اُن پر واجب ہے کیونکہ اُن کے مُرشد اور ہادی نے بھی یہی لفظ استعمال کیا ہے۔ ویل کے معنی سختی اور لعنت اور ہلاکت کے ہیں۔ سو ہم دونوں اس طرح پر دعا کریں گے کہ اے خدائے قادر اس وقت ہم بالمقابل دو فریق کھڑے ہیں ایک فریق یسوع بن مریم کو خدا کہتا اور نبی اسلام کو سچا نبی نہیں جانتا اور دوسرا فریق عیسٰے ابن مریم کو رسول مانتا اور محض بندہ اس کو یقین رکھتا اور پیغمبر اسلام کو درحقیقت سچا اور یہود اور نصاریٰ میں فیصلہ کرنے والا جانتا ہے۔ سو اِن دونوں فریق میں سے جو فریق تیری نظر میں جھوٹا ہے اُس کو ایک سال کے اندر ہلاک کر اور اپنا ویل اس پر نازل کر۔ اور چاہیئے کہ ایک فریق جب دعا کرے تو دوسرا آمین کہے اور جب وہ فریق دعا کرے تو یہ فریق آمین کہے ۔

اور میری دلی مراد ہے کہ اس مقابلہ کے لئے ڈاکٹر مارٹن کلارک کو منتخب کیا جائے کیونکہ وہ موٹا اور جوان عمر اور اوّل درجہ کا تندرست اور پھر ڈاکٹر ہے۔ اپنی عمر درازی کا تمام بندوبست کریگا یقیناً ڈاکٹر مارٹن کلارک صاحب ضرور ہماری اس درخواست کو قبول کرلیں گے کیونکہ انہیں یسوع ابن مریم کے خدا بنانے کا بہت شوق ہے۔ اور سخت نامردی ہوگی کہ اب وہ اس وقت بھاگ جائیں اور اگر وہ بھاگ جائیں تو پادری عمادالدین صاحب اس مقابلہ کے لائق ہیں جنہوں نے ابن مریم کو خدا بنانے کے لئے ہر ایک انسانی چالاکی کو استعمال کیا اور آفتاب پر تھوکا ہے۔ اور اگر وہ بھی اس خوف سے بھاگ گئے کہ خدا کا ویل ضرور انہیں کھا جائے گا تو حسام الدین یا صفدر علی یا ٹھاکر داس یا طامس ہاول اور بالآخر فتح مسیح اس میدان میں آوے۔ **یا کوئی اور پادری صاحب** نکلیں اور اگر اس رسالہ کے شائع ہونے کے بعد دو ماہ تک کوئی بھی نہ نکلا اور صرف شیطانی عذر بہانہ سے کام لیا تو پنجاب اور ہندوستان کے تمام پادریوں کے جھوٹے ہونے پر مُہر لگ جائیگی اور پھر خدا اپنے طور سے جھوٹ کی بیخکنی کریگا یاد رکھو کہ ضرور کریگا۔ کیونکہ وقت آگیا۔ والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔ **میرزا غلام احمد**

از قادیان ۱۴ ستمبر ۱۸۹۶ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (رسالہ دعوتِ قوم) نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

اشتہار مباہلہ

بغرض دعوت ان مسلمان مولویوں کے جو اس عاجز کو کافر اور کذاب اور مفتری اور دجّال اور جہنمی قرار دیتے ہیں

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ [1]

اے ہمارے خدا ہم میں اور ہماری قوم میں سچا فیصلہ کر دے اور تو سب فیصلہ کرنیوالوں سے بہتر ہے

چونکہ علماء پنجاب اور ہندوستان کی طرف سے فتنہ تکفیر و تکذیب حد سے زیادہ گزر گیا ہے اور نہ فقط علماء بلکہ فقراء اور سجادہ نشین بھی اس عاجز کے کافر اور کاذب ٹھہرانے میں مولویوں کی ہاں میں ہاں ملا رہے ہیں اور ایسا ہی ان مولویوں کے اغواء سے ہزار ہا ایسے لوگ پائے جاتے ہیں کہ وہ ہمیں نصاریٰ اور یہود اور ہنود سے بھی اکفر سمجھتے ہیں۔ اگرچہ اس تمام فتنہ تکفیر کا بوجھ نذیر حسین دہلوی کی گردن پر ہے۔ مگر تاہم دوسرے مولویوں کا یہ گناہ ہے کہ انہوں نے اس نازک امر تکفیر مسلمانوں میں اپنی عقل اور اپنی تفتیش سے کام نہیں لیا۔ بلکہ نذیر حسین کے دجالانہ فتویٰ کو دیکھ کر جو محمد حسین بٹالوی نے تیار کیا تھا بغیر تحقیق اور تنقیح کے اس پر ایمان لے آئے۔ ہم کئی مرتبہ لکھ چکے ہیں کہ اس نالائق نذیر حسین اور اس کے ناسعادتمند شاگرد محمد حسین کا یہ سراسر افترا ہے کہ ہماری طرف یہ بات منسوب کرتے ہیں کہ گویا ہمیں معجزات انبیاء علیہم السلام سے انکار ہے یا ہم خود دعویٰ نبوت کرتے ہیں یا نعوذ باللہ حضرت سیّد المرسلین محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم الانبیاء نہیں سمجھتے یا ملائک سے انکاری یا حشر و نشر وغیرہ اصول عقائد اسلام سے منکر ہیں۔ یا صوم و صلوٰۃ وغیرہ ارکان اسلام کو نظر استخفاف سے دیکھتے یا غیر ضروری سمجھتے ہیں۔ نہیں۔ بلکہ خدا تعالےٰ گواہ ہے کہ ہم ان سب باتوں کے قائل ہیں۔ اور ان عقائد اور ان اعمال کے منکر کو ملعون اور خسر الدنیا والآخرہ یقین رکھتے ہیں۔

اگر ہمیں ہمارے دعویٰ کے موافق قبول کرنے کے لئے یہی مایہ النزاع ہے تو ہم بلند آواز سے بار بار سُناتے ہیں کہ ہمارے یہی عقائد ہیں۔ جو ہم بیان کر چکے ہیں۔ ہاں ایک بات ضرور ہے جس کے

[1] الاعراف : ۹۰

لئے یہ اشتہار مباہلہ لکھا گیا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے اس عاجز کو شرف مکالمہ اور مخاطبہ سے مشرف فرما کر اس صدی چہار دہم کا مجدد قرار دیا ہے اور ہر یک مجدّد کا بلحاظ حالت موجودہ زمانہ کے ایک خاص کام ہوتا ہے جس کے لئے وہ مامور کیا جاتا ہے۔ سو اس سنّت اللہ کے موافق یہ عاجز صلیبی شوکت کے توڑنے کے لئے مامور ہے یعنی خدا تعالیٰ کی طرف سے اس خدمت پر مقرر کیا گیا ہے کہ جو کچھ عیسائی پادریوں نے کفارہ اور تثلیث کے باطل مسائل کو دنیا میں پھیلایا ہے اور خدائے واحد لاشریک کی کسرِ شان کی ہے۔ یہ تمام فتنہ سچے دلائل اور روشن براہین اور پاک نشانوں کے ذریعہ سے فرو کیا جائے۔ اس بات کی کس کو خبر نہیں کہ دنیا میں اس زمانہ میں ایک ہی فتنہ ہے جو کمال کو پہنچ گیا ہے اور الٰہی تعلیم کا سخت مخالف ہے یعنی کفارہ اور تثلیث کی تعلیم جس کو صلیبی فتنہ کے نام سے موسوم کرنا چاہیئے۔ کیونکہ کفّارہ اور تثلیث کے تمام اغراض صلیب کے ساتھ وابستہ ہیں۔ سو خدا تعالیٰ نے آسمان پر سے دیکھا کہ یہ فتنہ بہت بڑھ گیا ہے اور یہ زمانہ اس فتنہ کے تموّج اور طوفان کا زمانہ ہے۔ پس خدا نے اپنے وعدہ کے موافق چاہا کہ اس صلیبی فتنہ کو پارہ پارہ کرے۔ اور اس نے ابتدا سے اپنے نبی مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے خبر دی تھی کہ جس شخص کی ہمت اور دُعا اور قوتِ بیان اور تاثیرِ کلام اور انفاسِ کافر کُش سے یہ فتنہ فرو ہوگا۔ اسی کا نام اس وقت عیسٰے اور مسیح موعود ہوگا ٭

اگرچہ وہ پیشگوئیاں بہت سے نازک اور لطیف استعارات سے بھری پڑی ہیں۔ مگر اُن میں جو نہایت واضح اور کھُلا کھُلا اور موٹا نشان مسیح موعود کے بارے میں لکھا گیا ہے۔ وہ **کسرِ صلیب ہے** یعنی صلیب کو توڑنا۔ یہ لفظ ہر عقلمند کے لئے بڑی غور کے لائق ہے اور یہ صاف بتلا رہا ہے کہ وہ مسیح موعود عیسائیت کے موجزن فتنہ کے زمانہ میں ظاہر ہوگا نہ کسی اور زمانہ میں۔ کیونکہ صلیب پر سارا مدار نجات کا رکھنا کسی اور دجّال کا کام نہیں ہے۔ یہی گروہ ہے جو صلیبی کفّارہ پر زور دے رہا ہے اور اس کو فروغ دینے کے لئے ہر ایک دجل کو کام میں لا رہا ہے ٭

دجال بہت گزرے ہیں۔ اور شاید آگے بھی ہوں۔ مگر وہ دجّال اکبر جن کا دجل خدا کے نزدیک ایسا مکروہ ہے۔ کہ قریب ہے جو اس سے آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں۔ یہی گروہ مُشتِ خاک کو خدا بنانے والا ہے۔ خدا نے یہودیوں اور مُشرکوں اور دوسری قوموں کے

طرح طرح کے دجل قرآن شریف میں بیان فرمائے مگر یہ عظمت کسی کے دجل کو نہیں دی کہ اس دجل سے آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہو سکتے ہیں پس جس گروہ کو خدا نے اپنے پاک کلام میں دجّال اکبر ٹھہرایا ہے ہمیں نہیں چاہیئے کہ اس کے سوا کسی اور کا نام دجّال اکبر رکھیں۔ نہایت ظلم ہوگا کہ اس کو چھوڑ کر کوئی اور دجّال اکبر تلاش کیا جائے ✦

یہ بات کسی پہلو سے درست نہیں ٹھہر سکتی کہ حال کے پادریوں کے سوا کوئی اور بھی دجّال ہے جو ان سے بڑا ہے کیونکہ جبکہ خدا نے اپنی پاک کلام میں سب سے بڑا یہی دجّال بیان فرمایا ہے تو نہایت بے ایمانی ہوگی کہ خدا کی کلام کی مخالفت کر کے کسی اور کو بڑا دجّال ٹھہرایا جائے۔ اگر کسی ایسے دجّال کا کسی وقت وجود ہو سکتا تو خدا تعالےٰ جس کا علم ماضی اور حال اور مستقبل پر محیط ہے۔ اسی کا نام دجّال اکبر رکھتا نہ ان کا نام۔ پھر یہ نشان دجّال اکبر کا جو حدیث بخاری کے صریح اس اشارہ سے نکلتا ہے کہ یَکسِرُ الصَّلِیب صاف بتلا رہا ہے کہ اس دجّال اکبر کی شان میں سے یہ ہوگا کہ وہ مسیح کو خدا ٹھہرائے گا اور مدار نجات صلیب پر رکھے گا ✦

یہ بات عارفوں کے لئے نہایت خوشی کا موجب ہے کہ اس جگہ نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ کا تظاہر ہو گیا ہے جس سے تمام حقیقت اس متنازعہ فیہ مسئلہ کی کھل گئی۔ کیونکہ قرآن نے تو اپنے صریح لفظوں میں دجّال اکبر پادریوں کو ٹھہرایا اور اُن کے دجل کو ایسا عظیم الشان دجل قرار دیا کہ قریب ہے جو اس سے زمین و آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور حدیث نے مسیح موعود کی حقیقی علامت یہ بتلائی کہ اس کے ہاتھ پر کسر صلیب ہوگا۔ اور وہ دجّال اکبر کو قتل کرے گا۔ ہمارے نادان مولوی نہیں سوچتے کہ جبکہ مسیح موعود کا خاص کام کسر صلیب اور قتل دجّال اکبر ہے اور قرآن نے خبر دی ہے کہ وہ بڑا دجل اور بڑا فتنہ جس سے قریب ہے کہ نظام اس عالم کا درہم برہم ہو جائے اور خاتمہ اس دنیا کا ہو جائے وہ پادریوں کا فتنہ ہے تو اس سے صاف طور پر کھل گیا کہ پادریوں کے سوا اور کوئی دجّال اکبر نہیں ہے اور جو شخص اب اس فتنہ کے ظہور کے بعد اور کی انتظار کرے وہ قرآن کا مکذب ہے ✦

اور نیز جبکہ لغت کی رُو سے بھی دجّال ایک گروہ کا نام ہے جو اپنے دجل سے زمین کو پلید کرتا ہے۔ اور حدیث کی رُو سے نشان دجّال اکبر کا حمایت صلیب ٹھہرا تو باوجود اس کھلی کھلی تحقیق

کے وہ شخص نہایت درجہ کور باطن ہے کہ جو اب بھی حال کے پادریوں کو دجّال اکبر نہیں سمجھتا ٭

ایک اور بات ہے جس سے ہمارے نادان مولوی اس حقیقت کو سمجھ سکتے ہیں کہ وہ اس بات کے خود قائل ہیں کہ دجّال معہود کا بجز حرمین کے تمام زمین پر تسلّط ہو جائے گا۔ سو اگر دجّال سے مراد کوئی اور رکھا جائے تو یہ حدیث قرآن کی صریح پیشگوئی سے مخالف ہو جائے گی۔ کیونکہ قرآن شریف نے یہ فیصلہ کر دیا ہے کہ قیامت تک زمین پر غلبہ اور تسلّط دو قوموں میں سے ایک قوم کا ہوتا رہے گا۔ یا اہلِ اسلام کا یا نصاریٰ کا۔ پس قرآن کے رُو سے ایسے دجّال کو جو اپنی خدائی کا دعویٰ لے کر آئے گا۔ زمین پر قدم رکھنے کی جگہ نہیں اور قرآن اُس کے وجود کو روکتا ہے ہاں استعارہ کے طور پر نصاریٰ کا دعویٰ خدائی ثابت ہے کیونکہ چاہتے ہیں کہ کلوں کے زور سے تمام زمین و آسمان کو اپنے قابو میں کر لیں یہانتک کہ مینہ برسانے کی قدرت بھی حاصل ہو جائے۔ پس اس طرح پر وہ خدائی کا دعویٰ کرتے ہیں ٭

غرض یہ وہ امُور ہیں جن کو حال کے مولوی نہیں سمجھتے اور اہلِ اسلام میں انہوں نے بڑا بھاری فتنہ اور تفرقہ ڈال رکھا ہے اور نہایت بیہودہ اور رکیک تاویلات سے نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ سے مُنہ پھیر رہے ہیں۔ دعویٰ کرتے تھے کہ ہم اہلحدیث ہیں مگر اب تو انہوں نے قرآن کو بھی چھوڑا۔ اور حدیث کو بھی۔ سو جبکہ میں نے دیکھا کہ قرآن شریف اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُن کے دلوں میں عظمت نہیں اور جلیل الشان اکابر ائمہ کی شہادت بھی جیسا کہ امام بخاری اور ابن حزم اور امام مالک کی شہادت جو حضرت عیسیٰؑ کے فوت ہو جانے کی نسبت بار بار لکھی گئی ہے۔ اُن کے نزدیک کچھ چیز نہیں سو مجھ کو اس پہلو سے بکلّی نومیدی ہوئی کہ وہ منقولی بحث و مباحثہ کے ذریعہ سے ہدایت پاسکیں٭ پس خدا تعالیٰ نے میرے دل میں ڈالا کہ میں دوسرا پہلو اختیار کروں جو اصل بنیاد میرے دعویٰ کی ہے۔ یعنی اپنے سچے ملہم ہونے کا ثبوت کیونکہ اس میں کچھ شک نہیں کہ اگر وہ لوگ مجھے خدا تعالیٰ کی طرف سے سچا ملہم سمجھتے اور میرے الہامات کو میرا ہی افترا یا شیطانی وساوس خیال نکرتے تو اس قدر سب اور شتم اور ہنسی اور ٹھٹھا اور تکفیر اور بدتہذیب کے ساتھ پیش نہ آتے بلکہ اپنے بہت سے ظنوں

٭حاشیہ منقولی بحث مباحثہ کی کتابیں جو میری طرف سے چھپی ہیں جن میں ثابت کیا گیا ہے جو درحقیقت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے ہیں اور دوبارہ آنا اُن کا بطور بروز مراد ہے نہ بطور حقیقت وہ یہ ہیں۔ فتح اسلام۔ توضیح مرام ازالہ اوہام۔ اتمام الحجۃ۔ تحفہ بغداد۔ حمامۃ البشریٰ۔ نُور الحق دو حصے۔ کرامات الصادقین۔ سرّ الخلافہ۔ آئینہ کمالات اسلام

فاسدہ کا حسن ظن کے غلبہ سے آپ فیصلہ کر لیتے کیونکہ کسی کی سچائی اور منجانب اللہ ہونے کے یقین کے لئے وہ مشکلات ہرگز پیش نہیں آتیں کہ جو اس حالت میں پیش آتی ہیں کہ انسان کے دل پر اس کے کاذب ہونے کا خیال غالب ہوتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ خدا تعالیٰ نے میری سچائی کے سمجھنے کے لئے بہت سے قرائن واضح ان کو عطا کئے تھے۔ میرا دعویٰ صدی کے سر پر تھا۔ میرے دعوے کے وقت میں خسوف کسوف ماہ رمضان میں ہوا تھا۔ میرے دعویٰ الہام پر پورے بیس برس گزر گئے اور مفتری کو اس قدر مہلت نہیں دی جاتی۔ میری پیشگوئی کے مطابق خدا نے آتھم کو کچھ مہلت بھی دی اور پھر مار بھی دیا۔ مجھ کو خدا نے بہت سے معارف اور حقائق بخشے اور اس قدر میری کلام کو معرفت کے پاک اسرار سے بھر دیا کہ جبتک انسان خدا تعالیٰ کی طرف سے پورا تائید یافتہ نہ ہو۔ اس کو یہ نعمت نہیں دی جاتی۔ لیکن مخالف مولویوں نے ان باتوں میں سے کسی بات پر غور نہیں کی۔

سو اب چونکہ تکذیب اور تکفیر اُن کی انتہا تک پہنچ گئی اس لئے وقت آگیا کہ خدائے قادر اور علیم اور خبیر کے ہاتھ سے جھوٹے اور سچے میں فرق کیا جائے۔ ہمارے مخالف مولوی اس بات کو جانتے ہیں کہ خدا تعالےٰ نے قرآن شریف میں ایسے شخص سے کس قدر بیزاری ظاہر کی ہے جو خدا تعالےٰ پر افترا باندھے یہاں تک کہ اپنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا ہے کہ اگر وہ بعض قول میرے پر افترا کرتا تو میں فی الفور پکڑ لیتا اور رگِ جان کاٹ دیتا۔ غرض خدا تعالیٰ پر افتراء کرنا اور یہ کہنا کہ فلاں فلاں الہام مجھے خدا تعالےٰ کی طرف سے ہوا ہے حالانکہ کچھ بھی نہیں ہوا۔ ایک ایسا سخت گناہ ہے کہ اس کی سزا میں صرف جہنم کی ہی وعید نہیں بلکہ قرآن شریف کے نصوص قطعیہ سے ثابت ہوتا ہے کہ ایسا مفتری اسی دنیا میں دست بدست سزا پالیتا ہے اور خدائے قادر و غیور کبھی اس کو امن میں نہیں چھوڑتا اور اس کی غیرت اس کو کچل ڈالتی ہے اور جلد ہلاک کرتی ہے۔ اگر ان مولویوں کا دل تقویٰ کے رنگ سے کچھ بھی رنگین ہوتا اور خدا تعالیٰ کی عادتوں اور سنتوں سے ایک ذرہ بھی واقف ہوتے۔ تو ان کو معلوم ہوتا کہ ایک مفتری کا اس قدر دراز عرصہ تک افترا میں مشغول رہنا بلکہ روز بروز اس میں ترقی کرنا اور خدا تعالیٰ کا اس کے افترا پر اس کو نہ پکڑنا بلکہ لوگوں میں اس کو عزت دینا دلوں میں اس کی قبولیت ڈالنا اور اس کی زبان کو چشمہ حقائق و معارف بنانا ایک ایسا امر ہے کہ جب سے خدا تعالےٰ نے دنیا کی بنیاد ڈالی ہے اس کی نظیر ہرگز نہیں پائی جاتی۔ افسوس کہ کیوں یہ منافق مولوی خدا تعالیٰ کے احکام

اور مواعید کو عزت کی نظر سے نہیں دیکھتے۔ کیا اُن کے پاس حدیث یا قرآن شریف سے کوئی نظیر موجود ہے کہ ایسے خبیث طبع مفتری کو خدا تعالیٰ نہ پکڑے جو اس پر افترا پر افترا باندھے اور جھوٹے الہام بنا کر اپنے تئیں خدا کا نہایت ہی پیارا ظاہر کرے اور محض اپنے دل سے شیطانی باتیں تراش کر اس کو عمداً خدا کی وحی قرار دیوے اور کہے کہ خدا کا حکم ہے کہ لوگ میری پیروی کریں اور کہے۔ کہ خدا مجھے اپنے الہام میں فرماتا ہے کہ تو اس زمانہ میں تمام مومنوں کا سردار ہے حالانکہ اس کو کبھی الہام نہ ہوا ہو اور نہ کبھی خدا نے اس کو مومنوں کا سردار ٹھہرایا ہو اور کہے کہ مجھے خدا مخاطب کر کے فرماتا ہے کہ تو ہی مسیح موعود ہے جس کو میں کسرِ صلیب کیلئے بھیجتا ہوں۔ حالانکہ خدا نے کوئی ایسا حکم اس کو نہیں دیا۔ اور نہ اس کا نام عیسیٰ رکھا اور کہے کہ خدا تعالیٰ مجھے مخاطب کر کے فرماتا ہے کہ مجھ سے تو ایسا ہے جیسا کہ میری توحید۔ تیرا مقام قرب مجھ سے وہ ہے جس سے لوگ بیخبر ہیں۔ حالانکہ خدا اس کو مفتری جانتا ہے۔ اس پر لعنت بھیجتا ہے اور مردودوں اور مخذولوں کے ساتھ اس کا حصہ قرار دیتا ہے۔ پھر کیا یہی خدا تعالیٰ کی عادت ہے کہ ایسے کذاب اور بیباک مفتری کو جلد نہ پکڑے۔ یہاں تک کہ اس افترا پر بیس برس سے زیادہ عرصہ گذر جائے۔

کون اس کو قبول کر سکتا ہے کہ وہ پاک ذات جس کے غضب کی آگ وہ صاعقہ ہے کہ ہمیشہ جھوٹے مُلہموں کو بہت جلد کھاتی رہی ہے۔ اس قدر عرصہ تک بس جھوٹے کو چھوڑ دے جس کی نظیر دُنیا کے صفحہ میں مل ہی نہیں سکتی۔ اللہ جل شانہٗ فرماتا ہے وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا[1]۔ یعنی اس سے زیادہ تر ظالم اور کون ہے جو خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھے۔ بیشک مفتری خدا تعالیٰ کی لعنت کے نیچے ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ پر افترا کرنے والا جلد مارا جاتا ہے۔

سو ایک تقویٰ شعار آدمی کے لئے یہ کافی تھا کہ خدا نے مجھے مفتریوں کی طرح ہلاک نہیں کیا۔ بلکہ میرے ظاہر اور باطن اور میرے جسم اور میری رُوح پر وہ احسان کئے جن کو میں شمار نہیں کر سکتا۔ میں جوان تھا جب خدا کی وحی اور الہام کا دعوےٰ کیا۔ اور اب میں بوڑھا ہو گیا۔ اور ابتداء دعویٰ پر بیس برس سے بھی زیادہ عرصہ گذر گیا۔ بہت سے میرے دوست اور عزیز جو مجھ سے چھوٹے تھے فوت ہو گئے اور مجھے اس نے عمر دراز بخشی اور ہر یک مشکل میں میرا متکفل اور متولی رہا۔ پس کیا اُن لوگوں کے یہی نشان ہوا کرتے ہیں کہ جو خدا تعالیٰ پر افترا باندھتے

[1] الانعام: ۲۲

ہیں۔ اب بھی اگر مولوی صاحبان مجھے مفتری سمجھتے ہیں تو اس سے بڑھ کر ایک اور فیصلہ ہے۔ اور وہ یہ کہ میں ان الہامات کو ہاتھ میں لے کر جن کو میں شائع کر چکا ہوں۔ مولوی صاحبان سے مباہلہ کروں ؎ اس طرح پر کہ میں خدا تعالےٰ کی قسم کھا کر بیان کروں کہ میں درحقیقت اس کے شرف مکالمہ اور مخاطبہ سے مشرف ہوں اور درحقیقت اُس نے مجھے چہاردہم صدی کے سر پر بھیجا ہے کہ تا میں اس فتنہ کو فرو کروں کہ جو اسلام کے مخالف سب سے زیادہ فتنہ ہے اور اسی نے میرا نام عیسیٰ رکھا ہے۔ اور کسر صلیب کے لئے مجھے مامور کیا ہے لیکن نہ کسی جسمانی حربہ سے بلکہ آسمانی حربہ سے اور یہ سب اس کا کلام ہے اور وہ خاص الہامات اس کے جو اس وقت مَیں مخالف مولویوں کو سناؤں گا ان میں سے بطور نمونہ چند الہامات اس جگہ لکھتا ہوں ان میں سے بعض الہامات بیس برس کے عرصہ سے ہیں جو مختلف ترتیبوں اور کمی بیشی کے ساتھ بار بار القا ہوئے ہیں۔ اور وہ یہ ہیں :-

یَا عِیْسٰی الَّذِیْ لَا یُضَاعُ وَقْتُہٗ ۔ اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃٍ لَّا

اے وہ عیسیٰ جس کا وقت ضائع نہیں کیا جائے گا۔ تو میری جناب میں وہ مرتبہ رکھتا ہے جس کا

یَعْلَمُھَا الْخَلْق ۔ اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ تَوْحِیْدِیْ وَ تَفْرِیْدِیْ

لوگوں کو علم نہیں تو مجھ سے ایسا ہے جیسا کہ میری توحید اور تفرید۔

فَحَانَ اَنْ تُعَانَ وَ تُعْرَفَ بَیْنَ النَّاس ۔ ھُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَہٗ

سو وقت آگیا کہ تو لوگوں میں شناخت کیا جائے اور مدد دیا جائے۔ وہ خدا جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور

بِالْھُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْھِرَہٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ ۔ لَا تَبْدِیْلَ لِکَلِمَاتِ

دین حق کے ساتھ بھیجا تا اس دین کو سب دینوں پر غالب کرے۔ خدا کی پیشگوئیوں کو کوئی بدل نہیں

اللّٰہ ۔ قُلْ اِنِّیْ اُمِرْتُ وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِیْن ۔ اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ لِتُنْذِرَ

سکتا۔ کہہ میں مامور ہوں اور میں سب سے پہلا مومن ہوں۔ وہ رحمٰن ہے جس نے قرآن سکھلایا تا کہ تو

قَوْمًا مَّا اُنْذِرَ اٰبَاءُ ھُمْ وَ لِتَسْتَبِیْنَ سَبِیْلُ الْمُجْرِمِیْن ۔ اِنَّا کَفَیْنَاکَ

اُن لوگوں کو ڈراوے جن کے باپ دادے نہیں ڈرائے گئے تاکہ مجرموں کی راہ کھل جائے۔ ہم تیرے لئے ٹھٹھا کرنے

الْمُسْتَھْزِئِیْنَ ۔ قُلْ عِنْدِیْ شَھَادَۃٌ مِّنَ اللّٰہِ فَھَلْ اَنْتُمْ مُّؤْمِنُوْن

والوں کے لئے کافی ہیں۔ کہہ میرے پاس خدا کی گواہی ہے پس کیا تم ایمان لاتے ہو

قُل عِندی شہادۃ مِّن اللہ فہل انتم مُسلِمُون ۔ اِنّ مَعِیَ رَبِّی
کہہ میرے پاس خدا کی گواہی ہے پس کیا تم قبول کرتے ہو میرے ساتھ میرا خدا ہے وہ عنقریب
سَیَھدِین ۔ قُل اِن کُنتم تحِبّونَ اللہَ فاتّبِعُونی یُحبِبکم اللہ ۔ ھَل
مجھے کامیابی کی راہ دکھائیگا ۔ ان کو کہہ کہ اگر تم خدا سے محبت کرتے ہو تو آؤ میرے پیچھے ہو تا خدا بھی تم سے محبت کرے ۔
اُنَبِّئکُم علیٰ مَن تنزّل الشیاطین تنزل علیٰ کل اَفّاکٍ اثیم ۔ یُرِیدُونَ
کیا میں بتلاؤں کہ کن پر شیطان اُترا کرتے ہیں ۔ ہر ایک جھوٹے مفتری پر اُترتے ہیں ۔ ارادہ کرتے ہیں
اَن یُطفِئُوا نورَ اللہِ بِاَفواھِھِم وَاللہ مُتِمّ نُورِہٖ ولو کرِہَ الکافِرُونَ
کہ خدا کے نور کو اپنے منہ کی پھونکوں سے بجھا دیں اور خدا اپنے نور کو کامل کریگا اگرچہ کافر کراہت ہی کریں
سَنلقی فی قلوبھم الرُّعبَ ۔ اِذا جاءَ نَصرُ اللہِ وَالفتح وانتھی امر الزّمانِ
عنقریب ہم ان کے دلوں پر رُعب ڈال دینگے جب خدا کی مدد اور فتح آئیگی اور زمانہ کا امر ہماری طرف رجوع کریگا کیا
الینا الیس ھٰذا بالحق ۔ اِنّی معک ۔ کُن مَعِیَ اَینما کُنتَ ۔ کُن مَعَ
جائیگا کہ کیا یہ سچ نہ تھا میں تیرے ساتھ ہوں میرے ساتھ ہو جہاں تو ہووے خدا کے ساتھ ہو
اللہ حیث ما کنتَ ۔ کنتم خیرَ امّۃٍ اُخرِجَت لِلنّاس ۔ اِنّکَ بِاَعیُنِنا
جہاں تو ہووے تم بہتر امت ہو جو لوگوں کے نفع کے لئے نکالے گئے تو ہماری آنکھوں کے
یرفعُ اللہ ذِکرک ۔ وَیتمّ نعمتہ علیک فی الدنیا والاٰخرۃ ۔ یا احمد یتم
سامنے ہے خدا تیرے ذکر کو بلند کریگا اور دنیا اور آخرت میں اپنی نعمت تیرے پر پوری کرے گا ۔ اے احمد تیرا نام پورا
اِسمک ولا یتم اِسمی ۔ اِنّی رافعُکَ اِلَیّ ۔ اَلقیتُ علیکَ محبّۃً مِّنّی
ہوجائیگا قبل اس کے جو میرا نام پورا ہو میں تجھے اپنی طرف اُٹھانیوالا ہوں ۔ میں نے اپنی محبت کو تجھ پر ڈال دیا ۔
شَانُکَ عجِیبٌ وَ اَجرُکَ قریبٌ ۔ الارض والسّماءُ مَعَکَ کما ھُو معِیْ*
تیری شان عجیب ہے ۔ تیرا اجر قریب ہے ۔ زمین و آسمان تیرے ساتھ ہے جیسا کہ وہ میرے ساتھ ہے
اَنتَ وَجِیہٌ فی حَضرَتی ۔ اِختَرتُکَ لِنفسِی ۔ اَنتَ وَجِیہٌ فی الدّنیا
تو میری جناب میں وجیہ ہے میں نے تجھے اپنے لئے چن لیا ۔ تو دنیا اور میری جناب میں وجیہ ہے
*حاشیہ ۔ ھُوَ کا ضمیر واحد باعتبار واحد فی الذہن یعنی مخلوق ہے اور ایسا محاورہ قرآن شریف میں بہت ہے ۔ منہ

وَحَضْرَتِیْ سُبْحَانَ اللّٰہِ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی۔ زَادَ مَجْدَکَ۔ یَنْقَطِعُ آبَاءُکَ

پاک ہے وہ خدا جو بہت برکتوں والا اور بہت بلند ہے تیری بزرگی کو اس نے زیادہ کیا۔ اب تیرے باپ دادے

وَیُبْدَءُ مِنْکَ۔ نُصِرْتَ بِالرُّعْبِ وَاُحْیِیْتَ بِالصِّدْقِ اَیُّھَا الصِّدِّیْقُ

کا ذکر منقطع ہو جائیگا اور خدا تجھ سے شروع کریگا۔ تو رعب کے ساتھ مدد دیا گیا۔ اور صدق کے ساتھ زندہ کیا گیا اے صدّیق

نُصِرْتَ۔ وَقَالُوْا لَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ۔ آثَرَکَ اللّٰہُ عَلَیْنَا وَلَوْ کُنَّا

تو مدد دیا گیا۔ اور مخالف کہیں گے کہ اب گریز کی جگہ نہیں۔ خدا نے تجھے ہم پر اختیار کر لیا اگرچہ ہم کراہت کرتے

کَارِھِیْنَ۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا اِنَّا کُنَّا خَاطِئِیْنَ۔ لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْکُمُ الْیَوْمَ

تھے اے ہمارے خدا ہمیں بخش کہ ہم خطا پر تھے آج تم پر اے رجوع کرنیوالو کچھ سرزنش نہیں

یَغْفِرُ اللّٰہُ لَکُمْ وَھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔ وَمَا کَانَ لِیَتْرُکَکَ حَتّٰی یَمِیْزَ

خدا تمہیں بخش دیگا اور وہ ارحم الراحمین ہے اور خدا ایسا نہیں کہ تجھے یونہی چھوڑ دے جبتک

الْخَبِیْثَ مِنَ الطَّیِّبِ۔ وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ

پاک اور پلید میں فرق کرکے نہ دکھلاوے اور خدا اپنے امر پر غالب ہے مگر اکثر آدمی نہیں جانتے

لَا یَعْلَمُوْنَ۔ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ وَتَمَّتْ کَلِمَةُ رَبِّکَ ھٰذَا الَّذِیْ

جب خدا کی مدد اور فتح آئی اور اس کا کلمہ پورا ہوا کہا جائیگا کہ یہ وہی ہے جس میں

کُنْتُمْ بِہٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ۔ اَرَدْتُ اَنْ اَسْتَخْلِفَ فَخَلَقْتُ اٰدَمَ۔ سَوَّیْتُہٗ

تم جلدی کرتے تھے۔ میں نے ارادہ کیا کہ اپنا خلیفہ بناؤں تو میں نے آدم کو پیدا کیا میں نے اس کو

وَنَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ یُقِیْمُ الشَّرِیْعَةَ وَیُحْیِی الدِّیْنَ۔ وَلَوْ کَانَ

برابر کیا اور اپنی روح اس میں پھونکی شریعت کو قائم کریگا اور دین کو زندہ کریگا اور اگر ایمان

الْاِیْمَانُ مُعَلَّقًا بِالثُّرَیَّا لَنَالَہٗ۔ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا

ثریا سے معلق ہوتا۔ تب بھی اسے پا لیتا پاک ہے جس نے اپنے بندہ کو رات میں سیر کرایا

خَلَقَ اٰدَمَ فَاَکْرَمَہٗ جَرِیُّ اللّٰہِ فِیْ حُلَلِ الْاَنْبِیَاءِ۔ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا

آدم کو پیدا کیا اور اس کو عزت دی خدا کا فرستادہ نبیوں کے حُلّہ میں وہ لوگ جو کافر ہوگئے اور خدا کی

وَصَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ رَدَّ عَلَیْھِمْ رَجُلٌ مِّنْ فَارِسَ۔ شَکَرَ اللّٰہُ سَعْیَہٗ

راہ سے روکنے لگے۔ ایک فارسی الاصل آدمی نے ان کے خیالات کو رد کیا خدا اس کی کوشش کا شکر گزار ہے

كتابُ الوَليّ ذو الفقارِ عليّ - يكاد زيتهُ يضِئُ ولو لم تمسَسه نارٌ

اس ولی کی کتاب ایسی ہے جیسے علی کی ذوالفقار- اس کا تیل یونہی چمکنے کو ہے۔ اگرچہ آگ چھو بھی نہ جائے۔

خُذوا التّوحيدَ التّوحيدَ يا ابناءَ الفارِس۔ انا انزلناهُ قريبًا

توحید کو پکڑو توحید پکڑو اے فارس کے بیٹو ہم نے اس کو قادیان کے قریب

مِنَ القادیان وَبالحقّ انزلناه وَبالحقّ نزل وَكانَ أمرُ اللهِ مفعُولًا۔

اُتارا ہے اور حق کے ساتھ اُتارا ہے اور ضرورت حقہ کیساتھ اُترا ہے اور جو خدا نے ٹھہرا رکھا تھا

أم يقولون نحن جميعٌ مُنتصِر۔ سَيُهزمُ الجَمعُ ويولّون الدُّبُر۔

وہ ہونا ہی تھا۔ کیا یہ کہتے ہیں کہ ہم ایک جماعت انتقام لینے والی ہیں۔ سب بھاگ جائیں گے اور پیٹھ دکھلائینگے۔

یا عَبدی لاتخف انّی اسمع واریٰ۔ الم تر انّا ناتی الارضَ ننقصُها

اے میرے بندے مت خوف کر میں دیکھتا ہوں اور سنتا ہوں۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین کو کم کرتے

مِن اطرافها۔ اَلَم تَر اَنّ اللهَ علیٰ کلّ شیءٍ قدیر۔ صلّ

چلے آتے ہیں اس کی طرفوں سے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے۔ محمدؐ اور اس کی

علیٰ محمّدٍ وآلِ محمّدٍ سیّدِ ولدِ آدمَ وخاتمِ النّبیین۔ انک علیٰ صراطٍ

آل پر درود بھیج وہ بنی آدم کا سردار اور خاتم الانبیاء ہے۔ تو صراط مستقیم پر ہے

مستقیم۔ فاصدع بما تؤمر وَاعرِض عن الجاھلین۔ وَقالوا لولا

پس جو کچھ حکم ہوتا ہے کھول کر بیان کر اور جاہلوں سے کنارہ کر اور کہتے ہیں کہ دو

نُزّلَ علیٰ رجلٍ من قریتین عظیم۔ وَقالوا انّیٰ لکَ هٰذا ان هٰذا

شہروں میں سے ایک بڑے آدمی کو خدا نے کیوں مامور نہ کیا۔ اور کہتے ہیں کہ تجھے کہاں یہ رتبہ یہ تو

لمکرٌ مکرتموهُ فی المدینة۔ وَاعانهُ علیه قومٌ آخرونَ۔ ینظرونَ

مکر ہے کہ مل جل کر بنایا گیا ہے اور کئی لوگوں نے اس مکر میں اس شخص کی مدد کی ہے تجھے دیکھتے

الیک وھم لایُبصرون۔ اعلموا انّ اللهَ یحیِی الارضَ بعد موتها

ہیں اور تو انہیں نظر نہیں آتا۔ اے لوگو جان لو کہ زمین مر گئی تھی اور خدا پھر اسے نئے سرے زندہ

ومن کان لِلّٰه کان اللهُ لَهٗ۔ اِنّ اللهَ مع الّذین اتّقوا وَالّذینَ

کرتا ہے اور جو خدا کا ہو خدا اس کا ہو جاتا ہے۔ خدا ان کے ساتھ ہے جو پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں

هم محسنون۔ قالوا ان ھٰذا الا اختلاق۔ قل ان افتریتہٗ فعلیّ اجرامٌ شدید۔ انک الیوم
اور ان کے ساتھ ہے جو نیکو کار ہیں۔ کہتے ہیں کہ یہ تمام افترا ہے کہہ اگر میں نے افترا کیا ہے تو یہ سخت گناہ میری گردن پر ہے
لدینا مکین امین۔ وان علیک رحمتی فی الدنیا والدین۔ وانک
آج تو ہمارے نزدیک بارتبہ اور امین ہے۔ اور تیرے پر دین اور دنیا میں میری رحمت ہے۔ اور تو
من المنصورین۔ یحمدک اللہ من عرشہ۔ یحمدک اللہ ویمشی
مدد دیا گیا ہے۔ خدا عرش پر سے تیری تعریف کرتا ہے خدا تیری تعریف کرتا ہے۔ اور تیری
الیک۔ الا ان نصر اللہ قریب۔ کمثلک دُرٌّ لا یضاع۔ بشریٰ لک
طرف چلا آتا ہے۔ خبردار خدا کی مدد قریب ہے۔ تیرے جیسا موتی ضائع نہیں کیا جاتا۔ تجھے
یا احمدی۔ انت مرادی ومعی۔ انی ناصرک۔ انی حافظک
خوشخبری ہو اے میرے احمد تو میری مراد ہے اور میرے ساتھ ہے۔ میں تیرا مددگار ہوں۔ میں تیرا حافظ ہوں
انی جاعلک للناس اماما۔ اکان للناس عجبا۔ قل ھو اللہ
میں تجھے لوگوں کا امام بناؤں گا کیا لوگوں کو تعجب ہوا۔ کہہ وہ خدا عجیب ہے
عجیبٌ یجتبی من یشاء من عبادہ۔ لا یسئل عما یفعل وھم
جس کو چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے چن لیتا ہے۔ وہ اپنے کاموں میں پوچھا نہیں جاتا
یسئلون۔ وتلک الایام نداولھا بین الناس۔ وقالوا ان ھٰذا
اور دوسرے پوچھے جاتے ہیں۔ اور یہ دن ہم لوگوں میں پھیرتے رہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو
الا اختلاق۔ اذا نصر اللہ المؤمن جعل لہ الحاسدین فی الارض
ضرور افترا ہے۔ خدا جب مومن کو مدد دیتا ہے تو زمین پر اس کے کئی حاسد بنا دیتا ہے
قل اللہ ثم ذرھم فی خوضھم یلعبون۔ لا تخاط اسرار الاولیاء
کہہ خدا ہے جس نے یہ الہام کیا پھر ان کو چھوڑ دے تا اپنی کج فکریوں میں بازی کریں۔ اولیاء کے اسرار پر
تلطف بالناس وترحم علیھم۔ انت فیھم بمنزلۃ موسیٰ۔ واصبر
کوئی احاطہ نہیں کر سکتا۔ لوگوں سے لطف کے ساتھ پیش آ اور اُن پر رحم کر۔ تو ان میں بمنزلہ موسیٰ کے ہے اور ان کی
علیٰ ما یقولون۔ وذرنی والمکذبین اولی النعمۃ۔ انت من مائنا
باتوں پر صبر کر اور منعم مکذبوں کی سزا مجھ پر چھوڑ دے تو ہمارے پانی میں سے ہے

وَهُم مِن فشل۔ وَ اِذا قیل لَهم اٰمِنوا کما اٰمن النّاسُ قالوا انؤمِن

اور وہ لوگ فشل سے۔ اور جب ان کو کہا جائے کہ ایمان لاؤ جیسا کہ اچھے آدمی ایمان لائے۔ تو جواب میں

کَمَا اٰمَنَ السّفھاءُ الاَ اِنّھم ھُم السّفھاءُ ولٰکِن لّا یعلمون۔ قل

کہتے ہیں کہ کیا اس طرح ایمان لائیں جیسا کہ سفیہ اور بیوقوف ایمان لائے۔ خوب یاد رکھو کہ درحقیقت بیوقوف

اِن کنتم تحِبّونَ اللہ فاتبعُونی یُحببکمُ اللہ۔ قیل ارجعُوا اِلی اللہِ

اور سفیہ یہی لوگ ہیں مگر انہیں معلوم نہیں کہ ہم کیسی غلطی پر ہیں۔ ان کو کہہ دے کہ اگر تم خدا سے محبت کرتے ہو

فلا ترجعون۔ وَقیل استحوذوا فلا تستحوذون۔ الحمدُ للہ الّذی

تو آؤ میری پیروی کرو تا خدا بھی تم سے محبت رکھے۔ کہا گیا کہ تم رجوع کرو سو تم نے رجوع نہ کیا اور کہا گیا کہ تم اپنے

جَعَلکَ المسیح ابنَ مَریَمَ۔ الفتنۃ ھٰھُنا فاصبر کما صبر اولوا العزم

وساوس پر غالب آجاؤ سو تم غالب نہ آئے سب تعریف خدا کو ہے جس نے تجھے مسیح ابن مریم بنایا۔ اس جگہ فتنہ ہے سو

تبّت یدا ابی لَھَبٍ وتبّ ما کان لہٗ اَنْ یدخل فیھا اِلّا خائفاً۔ وَ

اولوا العزم لوگوں کی طرح صبر کر۔ ابی لہب کے دونوں ہاتھ ہلاک ہو گئے اور وہ آپ بھی ہلاک ہو گیا۔ اس کو نہیں چاہئے تھا کہ وہ اس

مَا اَصَابکَ فَمِنَ اللہ۔ اَلَا اِنّھا فتنۃ من اللہ لیحبّ حُبّاً جمّاً۔

فتنہ میں دخل دیتا یعنی اس کا بانی ہوتا مگر ڈرتے ہوئے۔ اور تجھے کوئی تکلیف نہیں پہنچیگی مگر اسی قدر جو خدا نے مقرر کی۔ یہ فتنہ

حُبّاً مِّن اللہ العَزِیزِ الاکرم۔ عَطَاءً غیرَ مجذوذ۔ وقت الابتلاء

خدا کی طرف سے ہو تا وہ تجھ سے بہت ہی پیار کرے یہ خدا کا پیار کرنا ہے جو غالب اور بزرگ ہے اور یہ پیار وہ عطا ہے جو کبھی

✚حاشیہ۔ یہ جو فرمایا کہ تو ہمارے پانی میں سے ہے اور وہ لوگ فشل سے۔ اس جگہ پانی سے مراد ایمان کا پانی استقامت کا پانی تقویٰ کا پانی وفا کا پانی صدق کا پانی حب اللہ کا پانی ہے جو خدا سے ملتا ہے اور فشل بزدلی کو کہتے ہیں جو شیطان سے آتی ہے۔ اور ہریک بے ایمانی اور بدکاری کی جڑ بزدلی اور نامردی ہے جب قوت استقامت باقی نہیں رہتی تو انسان گناہ کی طرف جھک جاتا ہے۔ غرض فشل شیطان کی طرف سے ہے اور عقائد صالحہ اور اعمال طیبہ کا پانی خدا تعالے کی طرف سے۔ جب بچہ پیٹ میں پڑتا ہے تو اس وقت اگر بچہ سعید ہے اور نیک ہونے والا ہے تو اس نطفہ پر روح القدس کا سایہ ہوتا ہے اور اگر بچہ شقی ہے اور بد ہونیوالا ہے تو اس نطفہ پر شیطان کا سایہ ہوتا ہے اور شیطان اس میں شراکت رکھتا ہے اور بطور استعارہ وہ شیطان کی ذریت کہلاتی ہے اور جو خدا

ووقت الاصطفاء ۔ ولا یرد وقت العذاب عن القوم المجرمین۔

منقطع نہیں ہوگی۔ ابتلاء کا وقت ہے اور اصطفاء کا وقت ہے اور عذاب کا وقت مجرموں کے سر پر سے کبھی نہیں ٹل

وَلَا تھنوا ولا تحزنوا وَانتم الاعلونَ ان کنتم مؤمنین۔ وعسیٰ اَنْ

سکتا۔ اور اے اس مامور کی جماعت سست مت ہو جانا اور غم میں نہ پڑ جانا اور بالآخر غلبہ تمہیں کو ہے اگر تم ایمان پر

تحبّوا شیئًا وھو شرٌّ لکم وعسیٰ اَنْ تکرھوا شیئًا وھوَ خیرٌ لکُم واللّٰہ

ثابت رہو گے۔ یہ ممکن ہے کہ ایک چیز کو تم چاہو اور وہ دراصل تمہارے لئے اچھی نہ ہو اور ایک چیز سے نفرت کرو

یَعلم وَانتم لا تعلمون۔ کنتُ کنزًا مخفیًا فاَحْبَبتُ اَن اُعرفَ۔ انّ

اور وہ دراصل تمہارے لئے اچھی ہو اور خدا جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ میں ایک خزانہ پوشیدہ تھا سو میں نے چاہا۔ کہ

السّمٰوات والارض کانتا رتقًا ففتقنٰھُمَا ۔ وإن یتّخِذ ونکَ

شناخت کیا جاؤں۔ زمین و آسمان بندھے ہوئے تھے سو ہم نے دونوں کو کھول دیا۔ اور تجھے انہوں نے ایک ہنسی کی

اِلّا ھزوًا ۔ اَھٰذا الّذی بعث اللّٰہ ۔ قل انما اَنا بشرٌ مِثلکُم

جگہ بنا رکھا ہے۔ کیا یہی ہے جو خدا کی طرف سے بھیجا گیا۔ کہہ میں ایک آدمی ہوں تم جیسا مجھے خدا سے

یوحیٰ الیّ انما الٰھُکُمْ الٰہ واحد والخیر کلہ فی القراٰن ۔ وَلقد

الہام ہوتا ہے کہ تمہارا خدا ایک خدا ہے اور تمام بھلائی قرآن میں ہے اور میں اس سے پہلے

لبثت فیکم عمرًا مِّن قبلہ افلا تعقلون ۔ وقالوا ان ھٰذا الّا افتراء

ایک مدت سے تم میں ہی رہتا تھا کیا تمہیں میرے حالات معلوم نہیں۔ اور انہوں نے کہا کہ یہ باتیں افترا ہیں

حاشیہ در حاشیہ:

کے ہیں وہ خدا کے کہلاتے ہیں جن کو پہلی کتابوں میں بطور استعارہ ابناء اللہ کہا گیا ہے۔ چنانچہ یہ لفظ آدم اور یعقوب وغیرہ بہت سے نبیوں پر استعمال ہوا ہے اور انجیل میں مسیح ابن مریم پر بھی استعمال پایا ہے اور کسی کی اس میں کچھ خصوصیت نہیں صرف بلحاظ مذکورہ بالا استعمال پاتا رہا ہے چنانچہ مسیح ابن مریم کی نسبت احادیث سے جو معلوم ہوتا ہے کہ شیطان کے مَس سے وہ اور اس کی ماں پاک ہے تو یہ لفظ اسی اظہار کی غرض سے ہے کہ عیسیٰ بن مریم کی ناجائز پیدائش نہیں جیسا کہ یہودیوں کا خیال ہے تا نطفہ پر شیطان کا سایہ مانا جائے۔ بلکہ بلاشبہ برخلاف زعم یہودیوں کے وہ حلال زادہ تھا۔ اور مریم بدکار عورت نہیں تھی۔ اس مسئلہ میں اصول یہ ہے کہ شیطان کا سایہ جس کو مس اور اشتراک بھی کہتے ہیں جس کے لحاظ سے کہا جاتا ہے کہ یہ شخص ذریت شیطان ہے یا بائبل کے محاورہ کے رُو سے نخاس کا بچہ ہے یعنی سانپ کا

قل انّ ھُدی اللّٰہ ھُو الھدیٰ۔ الا انّ حزبَ اللّٰہِ ھم الغالبون۔

کہہ حقیقی ہدایت جس میں غلطی نہ ہو خدا کی ہدایت ہے۔ اور خبردار رہو کہ خدا کا گروہ ہی آخر کار غالب ہوتا ہے

انا فتحنا لک فتحاً مبیناً لیغفر لک اللّٰہ ما تقدّم من ذنبک وما

ہم نے تجھے کھُلی کھُلی فتح دی ہے تا تیرے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کئے جائیں

تاخّرَ۔ الیسَ اللّٰہ بکافٍ عبدہٗ۔ فبرّاہ اللّٰہ مِمّا قالوا وکانَ عند

کیا خدا اپنے بندہ کیلئے کافی نہیں ہے۔ سو خدا نے ان کے الزاموں سے اس کو بری کیا۔ اور وہ خدا

اللّٰہ وَجیھاً۔ وَاللّٰہ موھن کید الکاذبین۔ ولنجعلہٗ اٰیۃً

کے نزدیک وجیہ ہے اور خدا کافروں کے مکر کو سست کر دے گا اور ہم اس کو لوگوں کے لئے

لِلنّاس ورحمۃً مِّنّا وکان اَمراً مقضیّاً۔ قول الحق الّذی فیہ

نشان بنائینگے اور رحمت کا نمونہ ہوگا اور یہی مقدر تھا یہ وہ سچا قول ہے جس میں لوگ شک

تمترون۔ یا اَحْمَدُ فاضت الرحمۃ علیٰ شفتیک۔ انّا اعطینٰک

کرتے ہیں اے احمد رحمت تیرے لبوں پر جاری ہو رہی ہے ہم نے تجھے بہت سے حقائق

الکوثر۔ فصل لربّک وانحر۔ انّ شانئک ھو الابتر۔* یاتی قمر

اور معارف اور برکات بخشے ہیں اور ذریت نیک عطا کی ہے سو خدا کے لئے نماز پڑھ اور قربانی کر۔ تیرا بدگو بے خیر ہے

الانبیاء وَ اَمْرُکَ یَتَاَتّٰی یوم یجیئُ الحقّ ویکشف الصّدق۔

یعنی خدا اسے بےنشان کر دیگا اور وہ نامراد مریگا نبیوں کا چاند آئیگا اور تیرا کام تجھے حاصل ہو جائیگا۔ اس دن حق آئیگا اور سچ

*حاشیہ نمبر ۲۔ یہ الہام کہ ان شانئک ھو الابتر۔ اس وقت اس عاجز پر خدا تعالیٰ کی طرف سے القا ہوا کہ جب ایک شخص نو مسلم سعد اللہ نام نے ایک نظم گالیوں سے بھری ہوئی اس عاجز کی طرف بھیجی تھی اور اس میں اس عاجز کی نسبت اس ہندو زادہ نے وہ الفاظ استعمال کئے تھے کہ جب تک ایک شخص درحقیقت شقی خبیث طینت فاسد القلب نہ ہو۔ ایسے الفاظ استعمال نہیں کر سکتا۔

حاشیہ در حاشیہ نمبر ۲: جو شیطان ہے شرارت اس صورت میں کسی نطفہ پر پڑتا ہے جبکہ نطفہ ڈالنے والا یا وہ جس کے رحم میں نطفہ ٹھہرا۔ نہایت بری حالت میں ہوں اور گناہ اور سخت دلی کی تاریکی ان پر ایسی محیط ہو کہ کوئی گوشہ خالی نہ ہو اور فطرتی نور بالکل محجوب ہو اور ایسی صورت میں بچے نہایت خبیث پیدا ہوتے ہیں۔ کیونکہ شیطان کے سایہ کے نیچے ان کا خاکہ بنتا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ اکثر چوروں اور رنڈیوں کے بچے چور رنڈا ہی نکلتے ہیں اور راستبازوں کے راستباز۔ فتامّل۔ منہ

وَيَخسر الخاسرُونَ ۔ اَقِمِ الصّلوٰة لِذِكرِی ۔ اَنتَ مَعِی وَ اَنَا

کھولا جائیگا اور جو خسران میں ہیں ان کا خسران ظاہر ہو جائیگا۔ میری یاد میں نماز کو قائم کر۔ تو میرے ساتھ اور میں تیرے

مَعَكَ ۔ سِرّكَ سِرّی ۔ وضعنا عنكَ وزركَ الّذی انقض

ساتھ ہوں۔ تیرا بھید میرا بھید ہے۔ ہم نے تیرا وہ بوجھ اُتار دیا جس نے تیری کمر توڑ دی

ظَهرَكَ ۔ وَرَفَعنَالكَ ذِكرَكَ ۔ يخوّفونكَ من دونه

اور تیرے ذکر کو ہم نے بلند کیا تجھے خدا کے سوا اَوروں سے ڈراتے ہیں۔

اَئِمّة الكفر۔ لَاتخف اِنّكَ اَنت الاَعلٰی ۔ غرستُ لكَ بيدی

یہ کفر کے پیشوا ہیں مت ڈر غلبہ تجھی کو ہے میں نے اپنی رحمت اور قدرت کے

رحمتی وَقُدرتی ۔ لن يجعل الله لِلكافرين علی المؤمنينَ سبيلاً

درخت تیرے لئے اپنے ہاتھ سے لگائے۔ خدا ہرگز ایسا نہیں کریگا کہ کافروں کا مومنوں پر کچھ الزام ہو

ينصركَ الله فی مواطن۔ كتبَ الله لاغلبنّ انا ورُسُلی ۔ لامبدّل

خدا تجھے کئی میدانوں میں فتح دیگا۔ خدا کا یہ قدیم نوشتہ ہے کہ میں اور میرے رسول غالب رہینگے۔ اس کے کلموں کو

لكلماته ۔ اَللّٰه الّذی جَعَلَكَ المسِيحَ ابْنَ مَريَمَ ۔ قل هٰذا فضل ربّی وَ

کوئی بدل نہیں سکتا۔ وہ خدا جس نے تجھے مسیح ابن مریم بنایا۔ کہہ یہ خدا کا فضل ہے۔ اور میں

اِنّی اُجرّدُ نفسی من ضروب الخطاب ۔ يا عيسٰی اِنّی متوفّيكَ ورافعكَ

تو کسی خطاب کو نہیں چاہتا۔ اے عیسٰی میں تجھے وفات دوں گا اور اپنی طرف

اِلیّ وجاعِلُ الّذين اتبعوكَ فوق الّذين كفروا اِلٰی يومِ القيامةِ ۔

اٹھاؤں گا اور تیرے تابعداروں کو تیرے مخالفوں پر قیامت تک غلبہ بخشوں گا۔

اگرچہ ایسے لفظوں اور ایسی گالیوں میں جو دجال شیطان کذاب کافر اکفر مکار کے نام سے ہیں اور دوسرے مولوی بھی اس کے ساتھ شریک ہیں بلکہ باطل پرست بطالوی جو محمد حسین کہلاتا ہے شریک غالب اور اعدی الاعداء ہے لیکن اس ہندوزادہ کی خباثت فطرتی اس لئے سب سے بڑھ کر ہے کہ باوجود محض جاہل ہونے کے یہ شعر بھی اردو میں کہتا ہے اور شعروں میں گالیاں نکالتا ہے اور نہایت بدگوئی سے افترا بھی کرتا ہے اور بہتان کے طور پر ایسی دشنام دہی کرتا ہے جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عرب کے شاعر بے ایمان گالیاں نکالا کرتے تھے۔ سو یہ الہام اس کے اشتہار اور رسالہ کے پڑھنے کے وقت ہوا کہ ان شانئك هو الابتر۔ سو اگر اس ہندوزادہ بدفطرت کی نسبت ایسا وقوع میں نہ آیا اور وہ نامراد اور ذلیل اور رسوا نہ مرا تو سمجھو کہ یہ خدا کی طرف سے نہیں۔ منہ

نظر اللہ الیک معطراً۔ وقالوا اتجعل فیھا من یفسد فیھا قال

خدا نے تیرے پر خوشبودار نظر کی اور لوگوں نے دلوں میں کہا کہ اے خدا کیا تو ایسے مفسد کو اپنا خلیفہ بنائے گا

انی اعلم ما لا تعلمون۔ وقالوا کتاب ممتلیٔ من الکفر و

خدا نے کہا کہ جو کچھ میں جانتا ہوں تمہیں معلوم نہیں۔ اور لوگوں نے کہا کہ یہ کتاب کفر اور کذب سے بھری ہوئی

الکذب۔ قل تعالوا ندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم و

ہے ان کو کہدے کہ آؤ ہم اور تم اپنے بیٹوں اور عورتوں اور عزیزوں سمیت ایک جگہ اکٹھے

انفسنا وانفسکم ثم نبتھل فنجعل لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔

ہوں پھر مباہلہ کریں اور جھوٹوں پر لعنت بھیجیں

سلام علی ابراھیم صافیناہ ونجیناہ من الغم۔ تفردنا بذالک

ابراہیم یعنی اس عاجز پر سلام ہم نے اس سے دلی دوستی کی اور غم سے نجات دی۔ یہ ہمارا ہی کام تھا جو ہم نے

یاداؤد عامل بالناس رفقاً واحساناً۔ تموت وانا راض منک

کیا۔ اے داؤد لوگوں سے نرمی اور احسان کے ساتھ معاملہ کر تو اس حالت میں مریگا۔ کہ میں تجھ سے

واللہ یعصمک من الناس۔ کذبوا بایاتی وکانوا بھا یستھزءُون۔

راضی ہونگا۔ اور خدا تجھ کو لوگوں کے شر سے بچائیگا۔ انہوں نے میرے نشانوں کی تکذیب کی اور ٹھٹھا کیا

فسیکفیکھم اللہ ویردھا الیک ❦ امر من لدنا انا کنا فاعلین۔

سو خدا ان کیلئے تجھے کفایت کریگا۔ اور اس عورت کو تیری طرف واپس لائیگا۔ یہ امر ہماری طرف سے ہے اور ہم ہی کرنیوالے ہیں۔

زوجنکھا۔ الحق من ربک فلا تکونن من الممترین۔ لا تبدیل

بعد واپسی کے ہم نے نکاح کردیا۔ تیرے رب کی طرف سے سچ ہے پس تو شک کرنے والوں سے مت ہو۔ خدا کے

❦ **حاشیہ**۔ شیخ محمد حسین بٹالوی کا یہ اعتراض ہے کہ الہام کا یہ فقرہ کہ یردھا الیک خلاف محاورہ ہے۔ کیونکہ ردّ کا لفظ اس صورت میں آتا ہے کہ ایک چیز اپنے پاس ہو۔ پھر چلی جائے اور پھر واپس آوے۔ لیکن افسوس کہ اس کو باعث کمی واقفیت علم زبان کے معلوم نہیں کہ یہ لفظ ادنے تعلق کے ساتھ بھی استعمال ہو جاتا ہے۔ اس کی کلام عرب میں ہزارہا مثالیں ہیں جن کے لکھنے کا اس مقام میں موقعہ نہیں چونکہ اس جگہ قرابت قریبہ تھی اور نزدیک کے رشتہ کے تعلقات نے اپنے پاس کے حکم میں اس کو کیا ہوا تھا۔ اس لئے خدا تعالیٰ نے ایسا لفظ استعمال کیا جو ان چیزوں کیلئے مستعمل ہوتا ہے جو اپنے پاس سے چلی جائیں اور پھر واپس آویں۔ ہاں اس جگہ یہ نہایت لطیف اشارہ تھا۔ کہ خدا نے یردھا کا لفظ استعمال کیا۔ تا معلوم ہو کہ اول اس کا اپنے پاس سے بے تعلق لوگوں میں چلے جانا ضروری ہے پھر واپس آنا تقدیر میں ہے فقط۔ منہ ❦

لکلمات اللّٰہ ان ربک فعّال لّما یرید۔ انا رادّوھا الیک ۔ یوم

کلمے بدلا نہیں کرتے۔ تیرا رب جس بات کو چاہتا ہے وہ بالضرور اس کو کر دیتا ہے۔ کوئی نہیں جو اس کو روک سکے

تُبدّل الارض غیر الارض ۔ اذا نُفخ فی الصّور فلا انساب بینھم

ہم اس کو واپس لانے والے ہیں۔ اس دن زمین دوسری زمین سے بدلائی جائیگی۔ جب صور میں پھونکا

انما یؤخرھم الیٰ اجل مسمّٰی اجل قریب۔ یاتی قمر الانبیاء وامرک

گیا تو کوئی رشتہ ان میں باقی نہیں رہیگا۔ خدا ان کو ایک مقررہ وقت مہلت دے رہا ہے جو نزدیک وقت ہے

یتأتّی۔ ھٰذا یومٌ عصیب۔ توجہتُ لفصل الخطاب۔ انا رادّوھا

نبیوں کا چاند آئے گا اور تیرا کام حاصل ہو جائیگا۔ یہ سخت دن ہے۔ آج میں فیصلہ کرنے کیلئے متوجہ ہوا ہم

الیک ۔ اِن استجارتک فاجرھا ۔ ولا تخف سنعیدھا سیرتھا

اس کو تیری طرف واپس لائیں گے اگر تیری طرف پناہ ڈھونڈے۔ تو پناہ دیدے۔ اور مت خوف کر ہم اس کی پہلی خصلت

الاولیٰ ۔ اِنا فتحنا لک فتحاً مبیناً ۔ یا نوح اسرر رؤیاک ۔ وقالوا

پھر اس میں ڈال دینگے۔ ہم نے تجھ کو کھلی کھلی فتح دی۔ اے نوح اپنے خواب کو پوشیدہ رکھ۔ اور کہا لوگوں نے کہ

متیٰ ھٰذا الوعد۔ قل اِن وعد اللّٰہ حق ۔ انت معی وانا معک

یہ وعدہ کب ہوگا۔ کہہ خدا کا وعدہ سچا ہے تو میرے ساتھ اور میں تیرے ساتھ

ولا یعلمون الا المسترشدون۔ لا تیئس من رّوح اللّٰہ ۔ انظر الیٰ

ہوں۔ اور اس حقیقت کو کوئی نہیں جانتا۔ مگر وہی جو رشد رکھتے ہیں۔ خدا کے فضل سے نومید مت ہو۔ یوسف

یوسف واقبالہ ۔ اطلع اللّٰہ علیٰ ھمّہ وغمّہ ۔ ولن تجد لسنت اللّٰہ

کو دیکھ اور اس کے اقبال کو۔ خدا اس کے یعنی آتھم کے غم پر مطلع ہوا۔ اس لئے اس نے عذاب میں تاخیر کی۔ یہ خدا

تبدیلا ۔ ولا تعجبوا ولا تحزنوا وانتم الاعلون اِن کنتم مومنین

کی سنت ہے۔ اور تو خدا کی سنت میں تبدیلی نہیں پائیگا۔ اور تعجب مت کرو اور غمناک مت ہو اور تم ہی غالب ہو

وبعزتی وجلالی انک انت الاعلیٰ ۔ ونمزق الاعداء کل ممزق

اگر تم ایمان پر ثابت قدم رہے اور مجھے میری عزت اور جلال کی قسم ہے کہ غلبہ تجھ ہی کو ہے۔ اور ہم دشمنوں کو ٹکڑے

ومکر اولٰئک ھو یبور ۔ انا نکشف السّر عن ساقہ ۔ یومئذٍ

ٹکڑے کر دیں گے اور ان کا مکر ہلاک ہو جائیگا۔ اور ہم حقیقت کو اس کی پنڈلی سے کھول دینگے۔ اس دن مومن خوش ہونگے

یفرح المومنون۔ ثلۃ من الاولین و ثلۃ من الاخرین۔ وھذا تذکرۃ
اور گروہ پہلوں میں سے اور ایک پچھلوں میں سے اور یہ تذکرہ ہے پس
فمن شاء اتخذ الی ربہ سبیلا۔ ان النصاری حوّلوا الامر۔ سنردّھا
جو چاہے خدا کی راہ کو اختیار کرے۔ نصاریٰ نے حقیقت کو بدلا دیا ہے سو ہم ذلت اور شکست
علی النصاری۔ لینبذن فی الحطمۃ ۔ انا نبشرک بغلام حلیم
کو نصاریٰ پر واپس پھینکدیں گے۔ اور آتھم نابود کرنیوالی آگ میں ڈال دیا جاویگا۔ ہم تجھے ایک حلیم لڑکے کی
مظہر الحق والعلاء کان اللہ نزل من السماء۔ اسمہ
خوشخبری دیتے ہیں جو حق اور بلندی کا مظہر ہوگا گویا خدا آسمان سے اُترا ۔ نام اس کا عمانوایل ہے
عمانوایل۔ یولد لک الولد۔ ویدنی منک الفضل۔ ان نوری قریب
جس کا ترجمہ یہ ہے کہ خدا ہمارے ساتھ ہے۔ تجھے لڑکا دیا جائیگا اور خدا کا فضل تجھ سے نزدیک ہوگا۔ میرا نور قریب ہے
قل اعوذ برب الفلق من شر ما خلق۔ عجل جسد لہ خوار۔ فلہ نصب و عذاب
کہہ میں شر مخلوقات سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔ یہ بچھا گوسالہ بے جان ہیولی گویعنی لیکھرام پشاوری سو اس کو دکھ کی مار اور عذاب ہوگا۔ یعنی اسی دنیا میں

(فارسی و اردو الہام)

بخرام کہ وقت تو نزدیک رسید و پائے محمدیاں بر منار بلند تر محکم افتاد۔ خدا تیرے سب کام درست کردیگا اور تیری ساری مرادیں تجھے دیگا۔ میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا۔ اپنی قدرت نمائی سے تجھ کو اُٹھاؤں گا اور تیری برکتیں پھیلاؤں گا۔ یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔ دُنیا میں ایک نذیر آیا پر دنیا نے اس کو قبول نکیا۔ لیکن خدا اُسے قبول کریگا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کردیگا

آمین

یہ کسی قدر نمونہ ان الہامات کا ہے جو وقتاً فوقتاً مجھے خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوئے ہیں اور ان کے سوا اور بھی بہت سے الہامات ہیں مگر میں خیال کرتا ہوں کہ جس قدر میں نے لکھا ہے۔ وہ کافی ہے۔

اب ظاہر ہے کہ ان الہامات میں میری نسبت بار بار بیان کیا گیا ہے۔ کہ یہ خدا کا فرستادہ خدا کا مامور خدا کا امین اور خدا کی طرف سے آیا ہے جو کچھ کہتا ہے اس پر ایمان لاؤ اور اس کا دشمن جہنمی ہے اور نیز ان تمام الہامات میں اس عاجز کی اس قدر تعریف اور توصیف ہے کہ اگر یہ تعریفیں درحقیقت خدا تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔ تو ہر یک مسلمان کو چاہیئے کہ تمام تکبر اور نخوت اور شیخی سے الگ ہو کر ایسے

شخص کی فرمانبرداری کا جوا اپنی گردن پر لیلے ۔ جس کی دشمنی میں خدا کی لعنت اور محبت میں خدا کی محبت ہے لیکن اگر یہ تعریفیں خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہیں اور یہ تمام کلمات جو الہام کے دعویٰ پر پیش کئے گئے ہیں خدائے قادر و قدوس کا الہام نہیں ہیں بلکہ ایک دجّال کذاب نے چالاکی کی راہ سے ان کو آپ بنالیا ہے اور بندگان خدا کو یہ دھوکہ دینا چاہا ہے کہ یہ خدا تعالےٰ کے الہام ہیں ۔ تو درحقیقت وہ جو نہایت بے باکی سے خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھتا ہے خدا تعالیٰ کی گرجنے والی صاعقہ کے نیچے کھڑا ہے ۔ اور اس کے مشتعل غضب کا نشانہ ہے اور کوئی اس کو اس قہار اور غیور کے ہاتھ سے چھڑا نہیں سکتا۔

کیا یہ بات تعجب میں نہیں ڈالتی کہ ایسا کذاب اور دجّال اور مفتری جو برابر بیس برس کے عرصہ سے خدا تعالےٰ پر جھوٹ باندھ رہا ہے اب تک کسی ذلت کی مار سے ہلاک نہوا ۔ اور کیا یہ بات سمجھ نہیں آسکتی ۔ کہ جس سلسلہ کا تمام مدار ایک مفتری کے افتراء پر تھا وہ اتنی مدت تک کسی طرح چل نہیں سکتا تھا۔* توریت اور قرآن شریف دونوں گواہی دے رہے ہیں ۔ کہ خدا پر افترا کرنے والا جلد تباہ ہوجاتا ہے

* نوٹ اگر کسی کے دل میں یہ سوال پیدا ہو کہ دنیا میں صدہا جھوٹے مذہب ہیں جو ہزاروں برسوں سے چلے آتے ہیں ۔ حالانکہ ابتدا ان کی کسی کی افتراء سے ہوگی۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ افتراء سے مراد ہمارے کلام میں وہ افتراء ہے کہ کوئی شخص عمدًا اپنی طرف سے بعض کلمات تراش کر یا ایک کتاب بنا کر پھر یہ دعویٰ کرے کہ یہ باتیں خدا تعالیٰ کی طرف سے ہیں اور اس نے مجھے الہام کیا ہے اور ان باتوں کے بارے میں میرے پر اس کی وحی نازل ہوئی ہے حالانکہ کوئی وحی نازل نہیں ہوئی۔ سو ہم نہایت کامل تحقیقات سے کہتے ہیں کہ ایسا افترا کبھی کسی زمانہ میں چل نہیں سکا ۔ اور خدا کی پاک کتاب صاف گواہی دیتی ہے کہ خدا تعالےٰ پر افترا کرنیوالے جلد ہلاک کئے گئے ہیں ۔ اور ہم لکھ چکے ہیں کہ توریت بھی یہی گواہی دیتی ہے اور انجیل بھی اور فرقان مجید بھی ہاں جس قدر دنیا میں جھوٹے مذہب نظر آتے ہیں جیسے ہندوؤں اور پارسیوں کا مذہب ۔ ان کی نسبت یہ خیال نہیں کرنا چاہئیے ۔ کہ وہ کسی جھوٹے پیغمبر کا سلسلہ چلا آتا ہے بلکہ اصل حقیقت ان میں یہ ہے کہ خود لوگ غلطیوں میں پڑتے پڑتے ایسے عقائد کے پابند ہوگئے ہیں ۔ دنیا میں تم کوئی ایسی کتاب دکھا نہیں سکتے جس میں صاف اور بے تناقض لفظوں میں کھلا کھلا یہ دعویٰ ہو کہ یہ خدا کی کتاب ہے حالانکہ اصل میں وہ خدا کی کتاب نہ ہو ۔ بلکہ کسی مفتری کا افترا ہو اور ایک قوم اس کو عزت کے ساتھ مانتی

کوئی نام لینے والا اُس کا باقی نہیں رہتا اور انجیل میں بھی لکھا ہے۔ کہ اگر یہ انسان کا کاروبار ہے تو جلد باطل ہو جائیگا۔ لیکن اگر خدا کا ہے تو ایسا نہ ہو کہ تم مقابلہ کر کے مجرم ٹھہرو۔ اللہ جلشانہٗ قرآن شریف میں فرماتا ہے۔ ان یك كاذبًا فعلیه كذبه وان یك صادقًا یصبكم بعض الذی یعدكم إن الله لا یهدی من هو مسرف كذاب[1] یعنی اگر یہ جھوٹا ہے تو اُس کا جھوٹ اس پر پڑے گا۔ اور اگر یہ سچا ہے تو تم اس کی ان بعض پیشگوئیوں سے بچ نہیں سکتے جو تمہاری نسبت وہ وعدہ کرے خدا ایسے شخص کو فتح اور کامیابی کی راہ نہیں دکھلاتا جو فضول گو اور کذاب ہو۔

اب اے مخالف مولویو! اور سجادہ نشینو!! یہ نزاع ہم میں اور تم میں حد سے زیادہ بڑھ گئی ہے۔ اور اگرچہ یہ جماعت بہ نسبت تمہاری جماعتوں کے تھوڑی سی اور فئہ قلیلہ ہے۔ اور شائد اس وقت تک چار ہزار پانچہزار سے زیادہ نہ ہوگی تاہم یقیناً سمجھو کہ یہ خدا کے ہاتھ کا لگایا ہوا پودہ ہے خدا اس کو ہرگز ضائع نہیں کریگا۔ وہ راضی نہیں ہوگا جبتک کہ اس کو کمال تک نہ پہنچادے۔ اور وہ اس کی آبپاشی کرے گا اور اس کے گرد احاطہ بنائے گا۔ اور تعجب انگیز ترقیات دیگا۔ کیا تم نے کچھ کم زور لگایا۔ پس اگر یہ انسان کا کام ہوتا تو کبھی کا یہ درخت کاٹا جاتا۔ اور اس کا نام و نشان باقی نہ رہتا۔

اسی نے مجھے حکم دیا ہے کہ تا میں آپ لوگوں کے سامنے مباہلہ کی درخواست پیش کروں۔ تا جو راستی کا دشمن ہے وہ تباہ ہو جائے اور جو اندھیرے کو پسند کرتا ہے وہ عذاب کے اندھیرے میں پڑے۔ پہلے میں نے کبھی ایسے مباہلہ کی نیّت نہیں کی اور نہ چاہا کہ کسی پر بددعا کروں۔ عبدالحق غزنوی ثم امرتسری نے مجھ سے مباہلہ چاہا۔ مگر میں مدت تک اعراض کرتا رہا۔ آخر اس کے نہایت اصرار سے مباہلہ ہوا۔ مگر میں نے اس کے حق میں کوئی بددُعا نہیں کی۔ لیکن اب میں بہت ستایا گیا اور دکھ دیا گیا۔ مجھے کافر ٹھہرایا گیا۔ مجھے دجّال کہا گیا۔ میرا نام شیطان رکھا گیا۔ مجھے

بقیہ حاشیہ

چلی آئی ہو۔ ہاں ممکن ہے کہ خدا کی کتاب کے الٹے معنی کئے گئے ہوں جس حالتیں انسانی گورنمنٹ ایسے شخص کو نہایت غیرتمندی کے ساتھ پکڑتی ہے کہ جھوٹے طور پر ملازم سرکاری ہونے کا دعوے کرے تو خدا جو اپنے جلال اور ملکوت کے لئے غیرت رکھتا ہے کیوں جھوٹے مدعی کو نہ پکڑے۔ منہ

[1] المؤمن : ۲۹

کذاب اور مفتری سمجھا گیا۔ میں ان کے اشتہاروں میں لعنت کے ساتھ یاد کیا گیا۔ میں ان کی مجلسوں میں نفرین کے ساتھ پکارا گیا۔ میری تکفیر پر آپ لوگوں نے ایسی کمر باندھی کہ گویا آپ کو کچھ بھی شک میرے کفر میں نہیں۔ ہر یک نے مجھے گالی دینا اجر عظیم کا موجب سمجھا اور میرے پر لعنت بھیجنا اسلام کا طریق قرار دیا۔ پر ان سب تلخیوں اور دکھوں کے وقت خدا میرے ساتھ تھا۔ ہاں وہی تھا جو ہر یک وقت مجھ کو تسلی اور اطمینان دیتا رہا۔ کیا ایک کیڑا ایک جہان کے مقابل کھڑا ہو سکتا ہے۔ کیا ایک ذرہ تمام دنیا کا مقابلہ کرے گا۔ کیا ایک دروغگو کی ناپاک روح یہ استقامت رکھتی ہے۔ کیا ایک ناچیز مفتری کو یہ طاقتیں حاصل ہو سکتی ہیں ؁

سو یقیناً سمجھو کہ تم مجھ سے نہیں بلکہ خدا سے لڑ رہے ہو۔ کیا تم خوشبو اور بدبو میں فرق نہیں کر سکتے۔ کیا تم سچائی کی شوکت کو نہیں دیکھتے۔ بہتر تھا کہ تم خدا تعالیٰ کے سامنے روتے اور ایک ترساں اور ہراساں دل کے ساتھ اس سے میری نسبت ہدایت طلب کرتے۔ اور پھر یقین کی پیروی کرتے نہ شک اور وہم کی ؁

سو اب اٹھو اور مباہلہ کے لئے تیار ہو جاؤ۔ تم سن چکے ہو کہ میرا دعویٰ دو باتوں پر مبنی تھا۔ **اول نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ پر۔ دوسرے الہامات الٰہیہ** پر۔ سو تم نے نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ کو قبول نہ کیا اور خدا کی کلام کو یوں ٹال دیا جیسا کہ کوئی تنکا توڑ کر پھینکدے۔ اب میرے بنا دعویٰ کا دوسرا شق باقی رہا۔ سو میں اس ذات قادر غیور کی آپ کو قسم دیتا ہوں جس کی قسم کو کوئی ایماندار رد نہیں کر سکتا کہ اب اس دوسری بناء کی تصفیہ کے لئے مجھ سے مباہلہ کر لو ؁

اور یوں ہوگا کہ تاریخ اور مقام مباہلہ کے مقرر ہونے کے بعد میں ان تمام الہامات کے پرچہ کو جو لکھ چکا ہوں اپنے ہاتھ میں لے کر میدان مباہلہ میں حاضر ہوں گا۔ اور دعا کروں گا کہ یا الٰہی اگر یہ الہامات جو میرے ہاتھ میں ہیں میرا ہی افترا ہے اور تو جانتا ہے کہ میں نے ان کو اپنی طرف سے بنا لیا ہے یا اگر یہ شیطانی وساوس ہیں اور تیرے الہام نہیں تو آج کی تاریخ سے ایک برس گذرنے سے پہلے مجھے وفات دے۔ یا کسی ایسے عذاب میں مبتلا کر جو موت سے بدتر ہو اور اس سے رہائی عطا نہ کر۔ جب تک کہ موت آ جائے۔

تامیری ذلّت ظاہر ہو اور لوگ میرے فتنہ سے بچ جائیں کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ میرے سبب سے تیرے بندے فتنہ اور ضلالت میں پڑیں۔ اور ایسے مفتری کا مرنا ہی بہتر ہے۔ لیکن اے خدائے علیم وخبیر اگر تو جانتا ہے کہ یہ تمام الہامات جو میرے ہاتھ میں ہیں تیرے ہی الہام ہیں۔ اور تیرے منہ کی باتیں ہیں۔ تو ان مخالفوں کو جو اس وقت حاضر ہیں۔ ایک سال کے عرصہ تک نہایت سخت دکھ کی مار میں مبتلا کر۔ کسی کو اندھا کر دے۔ اور کسی کو مجذوم اور کسی کو مفلوج اور کسی کو مجنون اور کسی کو مصروع اور کسی کو سانپ یا سگ دیوانہ کا شکار بنا۔ اور کسی کے مال پر آفت نازل کر اور کسی کی جان پر اور کسی کی عزت پر۔ اور جب میں یہ دُعا کر چکوں تو دونوں فریق کہیں۔ کہ آمین۔ ایسا ہی فریق ثانی کی جماعت میں سے ہر یک شخص جو مباہلہ کے لئے حاضر ہو جناب الٰہی میں یہ دُعا کرے کہ اے خدائے علیم وخبیر ہم اس شخص کو جس کا نام غلام احمد ہے درحقیقت کذّاب اور مفتری اور کافر جانتے ہیں پس اگر یہ شخص درحقیقت کذّاب اور مفتری اور کافر اور بیدین ہے اور اس کے یہ الہام تیری طرف سے نہیں بلکہ اپنا ہی افترا ہے۔ تو اس امّت مرحومہ پر یہ احسان کر کہ اس مفتری کو ایک سال کے اندر ہلاک کر دے تا لوگ اس کے فتنہ سے امن میں آجائیں۔ اور اگر یہ مفتری نہیں اور تیری طرف سے ہے اور یہ تمام الہام تیرے ہی منہ کی پاک باتیں ہیں تو ہم پر جو اس کو کافر اور کذّاب سمجھتے ہیں۔ دُکھ اور ذلّت سے بھرا ہوا عذاب ایک برس کے اندر نازل کر اور کسی کو اندھا کر دے اور کسی کو مجذوم اور کسی کو مفلوج اور کسی کو مجنون اور کسی کو مصروع اور کسی کو سانپ یا سگ دیوانہ کا شکار بنا اور کسی کے مال پر آفت نازل کر اور کسی کی جان پر اور کسی کی عزت پر۔ اور جب یہ دُعا فریق ثانی کر چکے تو دونوں فریق کہیں کہ آمین۔ اور یاد رہے کہ اگر کوئی شخص مجھے کذّاب اور مفتری تو جانتا ہے مگر کافر کہنے سے پرہیز رکھتا ہے تو اُس کو اختیار ہوگا کہ اپنے دعائے مباہلہ میں صرف کذّاب اور مفتری کا لفظ استعمال کرے جس پر اس کو یقین دلی ہے ۔

اور اس مباہلہ کے بعد اگر میں ایک سال کے اندر مر گیا یا کسی ایسے عذاب میں مبتلا ہو گیا جس میں جاں بری کے آثار نہ پائے جائیں تو لوگ میرے فتنہ سے بچ جائیں گے۔ اور میں ہمیشہ کی لعنت کے ساتھ ذکر کیا جاؤں گا۔ اور میں ابھی لکھ دیتا ہوں کہ اس صورت میں مجھے کاذب اور مورد لعنت الٰہی یقین کرنا چاہئیے۔ اور پھر اس کے بعد میں دجّال یا ملعون یا شیطان کہنے سے ناراض نہیں

اور اس لائق ہوں گا کہ ہمیشہ کے لئے لعنت کے ساتھ ذکر کیا جاؤں اور اپنے مولیٰ کے فیصلہ کو فیصلہ ناطق سمجھوں گا۔ اور میری پیروی کرنے والا یا مجھے اچھا اور صادق سمجھنے والا خدا کے قہر کے نیچے ہوگا۔ پس اس صورت میں میرا انجام نہایت ہی بد ہوگا۔ جیسا کہ بد ذات کاذبوں کا انجام ہوتا ہے۔

لیکن اگر خدا نے ایک سال تک مجھے موت اور آفات بدنی سے بچا لیا اور میرے مخالفوں پر قہر اور غضب الٰہی کے آثار ظاہر ہو گئے اور ہر یک ان میں سے کسی نہ کسی بلا میں مبتلا ہو گیا۔ اور میری بد دُعا نہایت چمک کے ساتھ ظاہر ہو گئی۔ تو دنیا پر حق ظاہر ہو جائے گا۔ اور یہ روز کا جھگڑا درمیان سے اُٹھ جائے گا۔ میں دوبارہ کہتا ہوں کہ میں نے پہلے اس سے کبھی کلمہ گو کے حق میں بد دُعا نہیں کی اور صبر کرتا رہا۔ مگر اس روز خدا سے فیصلہ چاہونگا۔ اور اس کی عصمت اور عزت کا دامن پکڑونگا کہ تا ہم میں سے فریق ظالم اور دروغگو کو تباہ کر کے اس دین متین کو شریروں کے فتنہ سے بچا دے۔

میں یہ بھی شرط کرتا ہوں کہ میری دعا کا اثر صرف اس صورت میں سمجھا جائے کہ جب تمام وہ لوگ جو مباہلہ کے میدان میں بالمقابل آویں ایک سال تک اُن بلاؤں میں سے کسی بلا میں گرفتار ہو جائیں۔ اگر ایک بھی باقی رہا تو میں اپنے تئیں کاذب سمجھوں گا اگرچہ وہ ہزار ہوں یا دو ہزار اور پھر ان کے ہاتھ پر توبہ کروں گا۔ اور اگر میں مرگیا تو ایک خبیث کے مرنے سے دنیا میں ٹھنڈ اور آرام ہو جائے گا۔

میرے مباہلہ میں یہ شرط ہے کہ اشخاص مندرجہ ذیل میں سے کم سے کم **دس** آدمی حاضر ہوں اس سے کم نہ ہوں اور جس قدر زیادہ ہوں میری خوشی اور مراد ہے۔ کیونکہ بہتوں پر عذاب الٰہی کا محیط ہو جانا ایک ایسا کھلا کھلا نشان ہے جو کسی پر مشتبہ نہیں رہ سکتا۔

گواہ رہ اے زمین اور اے آسمان کہ خدا کی لعنت اس شخص پر کہ اس رسالہ کے پہنچنے کے بعد مباہلہ میں حاضر ہو اور نہ تکفیر اور توہین کو چھوڑے اور نہ ٹھٹھا کرنے والوں کی مجلسوں سے الگ ہو۔ اور اے مومنو! برائے خدا تم سب کہو کہ آمین۔ مجھے افسوس سے یہ بھی لکھنا پڑا کہ آجتک اِن ظالم مولویوں نے اس صاف اور سیدھے فیصلہ کی طرف رُخ ہی نہیں کیا۔ تا اگر میں ان کے خیال میں کاذب تھا تو احکم الحاکمین کے حکم سے اپنی سزا کو پہنچ جاتا۔ ہاں بعض اُن کے اپنی بدگوہری کی

وجہ سے گورنمنٹ انگریزی میں جھوٹی شکائتیں میری نسبت لکھتے رہے اور اپنی عداوت باطنی کو چھپا کر مخبروں کے لباس میں نیش زنی کرتے رہے اور کر رہے ہیں جیسا کہ شیخ بٹالوی عَلَیہِ مَا یستحقہ اگر ایسے لوگ خدا تعالیٰ کی جناب سے رَدّ شدہ نہ ہوتے تو مجھے دُکھ دینے کے لئے مخلوق کی طرف التجا نہ لے جاتے. یہ نادان نہیں جانتے کہ کوئی بات زمین پر نہیں ہو سکتی جب تک کہ آسمان پر نہ ہو جائے اور گورنمنٹ انگریزی میں یہ کوشش کرنا کہ گویا میں مخفی طور پر گورنمنٹ کا بدخواہ ہوں یہ نہایت سفلہ پن کی عداوت ہے۔ یہ گورنمنٹ خدا کی گنہ گار ہوگی اگر میرے جیسے خیر خواہ اور سچے وفادار کو بدخواہ اور باغی تصور کرے۔ میں نے اپنی قلم سے گورنمنٹ کی خیر خواہی میں ابتدا سے آجتک وہ کام کیا ہے جس کی نظیر گورنمنٹ کے ہاتھ میں ایک بھی نہیں ہوگی اور میں نے ہزارہا روپیہ کے صرف سے کتابیں تالیف کر کے ان میں جابجا اس بات پر زور دیا ہے کہ مسلمانوں کو اس گورنمنٹ کی سچی خیر خواہی چاہیئے اور رعایا ہو کر بغاوت کا خیال بھی دل میں لانا نہایت درجہ کی بدذاتی ہے اور میں نے ایسی کتابوں کو نہ صرف برٹش انڈیا میں پھیلایا ہے بلکہ عرب اور شام اور مصر اور روم اور افغانستان اور دیگر اسلامی بلاد میں محض للّٰہی نیت سے شائع کیا ہے نہ اس خیال سے کہ یہ گورنمنٹ میری تعظیم کرے یا مجھے انعام دے کیونکہ یہ میرا مذہب اور میرا عقیدہ ہے جس کا شائع کرنا میرے پر حق واجب تھا۔

تعجب ہے کہ یہ گورنمنٹ میری کتابوں کو کیوں نہیں دیکھتی اور کیوں ایسی ظالمانہ تحریروں سے ایسے مفسدوں کو منع نہیں کرتی۔ ان ظالم مولویوں کو میں کس سے مثال دُوں۔ یہ ان یہودیوں سے مشابہ ہیں جنہوں نے حضرت عیسٰے علیہ السلام کو ناحق دُکھ دینا شروع کیا اور جب کچھ پیش نہ گئی تو گورنمنٹ روم میں مخبری کی۔ کہ یہ شخص باغی ہے۔ سو میں بار بار اس گورنمنٹ عادلہ کو یاد دلاتا ہوں کہ میری مثال مسیح کی مثال ہے میں اس دنیا کی حکومت اور ریاست کو نہیں چاہتا اور بغاوت کو سخت بدذاتی سمجھتا ہوں میں کسی **خونی مسیح** کے آنے کا قائل نہیں اور نہ **خونی مہدی** کا منتظر۔ صلحکاری سے حق کو پھیلانا میرا مقصد ہے۔ اور میں تمام ان باتوں سے بیزار ہوں جو فتنہ کی باتیں ہوں یا جوش دلانے والے منصوبے ہوں۔ گورنمنٹ کو چاہیئے کہ بیدار طبعی سے میری حالت کو جانچے اور گورنمنٹ روم کی شتابکاری سے عبرت پکڑے اور خود غرض مولویوں یا دوسرے لوگوں کی باتوں کو سند نہ سمجھ لیوے کہ میرے اندر کھوٹ نہیں اور میرے لبوں پر نفاق نہیں۔

اب میں پھر اپنے کلام کو اصل مقصد کی طرف رجوع دے کر ان مولویصاحبوں کا نام ذیل میں درج

کرتا ہوں جن کو میں نے مباہلہ کے لئے بلایا ہے اور میں پھر ان سب کو اللہ جلشانہٗ کی قسم دیتا ہوں کہ مباہلہ کے لئے تاریخ اور مقام مقرر کرکے جلد میدان مباہلہ میں آویں۔ اور اگر نہ آئے اور نہ تکفیر اور تکذیب سے باز آئے تو خدا کی لعنت کے نیچے مریں گے ۔

اب ہم ان مولوی صاحبوں کے نام ذیل میں لکھتے ہیں جن میں سے بعض تو اس عاجز کو کافر بھی کہتے ہیں اور مفتری بھی۔ اور بعض کافر کہنے سے تو سکوت اختیار کرتے ہیں۔ مگر مفتری اور کذاب اور دجّال نام رکھتے ہیں۔ بہرحال یہ تمام مکفرین اور مکذبین مباہلہ کے لئے بلائے گئے ہیں اور ان کے ساتھ وہ سجادہ نشین بھی ہیں جو مکفر یا مکذب ہیں اور درحقیقت ہر یک شخص جو باخدا اور صوفی کہلاتا ہے اور اس عاجز کی طرف رجوع کرنے سے کراہت رکھتا ہے وہ مکذبین میں داخل ہے۔ کیونکہ اگر مکذب نہ ہوتا تو ایسے شخص کے ظہور کے وقت جس کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تاکید فرمائی تھی۔ کہ اس کی مدد کرو اور اس کو میرا اسلام پہنچاؤ اور اس کے مخلصین میں داخل ہو جاؤ تو ضرور اس کی جماعت میں داخل ہو جاتا۔ اور صاف باطن فقراء کے لئے یہ موقعہ ہے کہ خدا تعالیٰ سے ڈر کر اور ہر یک کدورت سے الگ ہو کر اور کمال تضرع اور ابتہال سے اس پاک جناب میں توجہ کرکے اس راز سربستہ کا اسی کے کشف اور الہام سے انکشاف چاہیں۔ اور جب خدا کے فضل سے انہیں معلوم کرایا جائے تو پھر جیسا کہ ان کی اتقاء کی شان کے لائق ہے محبت اور اخلاص اور کامل رجوع سے ثواب آخرت حاصل کریں اور سچائی کی گواہی کے لئے کھڑے ہو جائیں۔ مولویان خشک بہت سے حجابوں میں ہیں کیونکہ ان کے اندر کوئی سماوی روشنی نہیں لیکن جو لوگ حضرت احدیت سے کچھ مناسبت رکھتے ہیں اور تزکیہ نفس سے انانیت کی تاریکیوں سے الگ ہو گئے ہیں۔ وہ خدا کے فضل سے قریب ہیں۔ اگرچہ بہت تھوڑے ہیں جو ایسے ہیں۔ مگر یہ امت مرحومہ ان سے خالی نہیں۔

وہ لوگ جو مباہلہ کے لئے مخاطب کئے گئے ہیں یہ ہیں:-

مولوی نذیر حسین دہلوی	شیخ محمد حسین بٹالوی ایڈیٹر اشاعۃ السنہ	مولوی عبد الحمید دہلوی مہتمم
مطبع انصاری	مولوی رشید احمد گنگوہی	مولوی عبد الحق دہلوی مؤلف تفسیر حقانی
مولوی عبد العزیز لدھیانوی	مولوی محمد لدھیانوی	مولوی محمد حسن رئیس لدھیانہ

سعداللہ نومسلم مدرس لدھیانہ
مولوی احمداللہ امرتسری
مولوی ثناءاللہ امرتسری

مولوی غلام رسول عرف رسل بابا امرتسری
مولوی عبدالجبار غزنوی
مولوی عبدالواحد غزنوی

مولوی عبدالحق غزنوی
محمد علی بوپڑی واعظ
مولوی غلام دستگیر قصور ضلع لاہور

مولوی عبداللہ ٹونکی
مولوی اصغر علی لاہور
حافظ عبدالمنان وزیرآباد
مولوی محمد بشیر

بھوپالی
شیخ حسین عرب یمانی
مولوی محمد ابراہیم آرہ
مولوی محمد حسن مولف تفسیر امروہہ

مولوی احتشام الدین مرادآباد
مولوی محمد اسحٰق اجرادری
مولوی عین القضاۃ صاحب

لکھنو فرنگی محل
مولوی محمد فاروق کانپور
مولوی عبدالوہاب کانپور
مولوی

سعیدالدین کانپور رامپوری
مولوی حافظ محمد رمضان پشوری
مولوی دلدار علی الور مسجد دائرہ

مولوی محمد رحیم اللہ مدرس مدرسہ اکبرآباد
مولوی ابوالانوار نواب محمد رستم علیخاں چشتی
مولوی ابوالموید

امروہی مالک رسالہ مظہرالاسلام اجمیر
مولوی محمد حسین کوٹکہ والا دہلی
مولوی احمد حسن صاحب

شوکت مالک اخبار شحنہ ہند میرٹھ
مولوی نذیر حسین ولد امیر علی انبیٹھہ ضلع سہارنپور

مولوی احمد علی صاحب سہارنپور
مولوی عبدالعزیز دینانگر ضلع گورداسپور
قاضی

عبدالاحد خانپور ضلع راولپنڈی
مولوی احمد برامپور ضلع سہارنپور محلہ محل
مولوی

محمد شفیع رامپور ضلع سہارنپور
مولوی فقیراللہ مدرس مدرسہ نصرت الاسلام واقعہ لال مسجد بنگلور

مولوی محمد امین صاحب بنگلور
مولوی قاضی حاجی شاہ عبدالقدوس صاحب پیش امام جامع مسجد بنگلور

مولوی عبدالغفار صاحب فرزند قاضی شاہ عبدالقدوس صاحب بنگلور
مولوی محمد ابراہیم صاحب ویلوری

حال مقیم بنگلور
مولوی عبدالقادر صاحب پیارم پیٹی ساکن پیارم پیٹ علاقہ بنگلور
مولوی

محمد عباس صاحب ساکن وانمباڑی علاقہ بنگلور
مولوی گل حسن شاہ صاحب میرٹھ
مولوی

امیر علی شاہ صاحب اجمیر
مولوی احمد حسن صاحب کنجپوری حال دہلی خاص جامع مسجد

مولوی محمد عمر صاحب دہلی فراشخانہ | مولوی مستعان شاہ صاحب سانبھر علاقہ جے پور

مولوی حفیظ الدین صاحب دوجانہ ضلع رہتک | مولوی فضل کریم صاحب نیازی غازیپور زمینا

مولوی حاجی عابد حسین صاحب دیوبند

اور سجادہ نشینوں کے نام یہ ہیں

غلام نظام الدین صاحب سجادہ نشین نیاز احمد صاحب بریلی | میاں الٰہ بخش صاحب

سجادہ نشین سلیمان صاحب تونسوی سنگھڑی | سجادہ نشین صاحب شیخ نور احمد صاحب مہارانوالہ

میاں غلام فرید صاحب چشتی چاچڑاں علاقہ بہاولپور | التفات احمد شاہ صاحب سجادہ نشین ردولے

مستان شاہ صاحب کابلی | محمد قاسم صاحب سجادہ نشین شاہ معین الدین شاہ خاموش حیدرآباد دکن

محمد حسین صاحب گدی نشین شیخ عبد القدوس صاحب گنگوہی | گدی نشین اوچہ شاہ جلال الدین صاحب بخاری

ظہور الحسین صاحب گدی نشین بٹالہ ضلع گورداسپور | صادق علی شاہ صاحب گدی نشین ترچھیر ضلع گورداسپور

سید صوفی جان صاحب مراد آبادی صابری چشتی | مہر شاہ صاحب سجادہ نشین گولڑہ ضلع راولپنڈی

مولوی قاضی سلطان محمود صاحب آئی اعوان والہ پنجاب | حیدر شاہ صاحب جلال پور کنکیاں والہ

توکل شاہ صاحب انبالہ | مولوی عبد اللہ صاحب ٹلونڈی والہ | محمد امین صاحب

چکوتری علاقہ گجرات پنجاب | مولوی عبد الغنی صاحب جانشین قاضی اسمٰعیل صاحب مرحوم منگلور | مولوی

ولی النبی شاہ صاحب نقشبند رامپور دار الریاست | حاجی وارث علی شاہ صاحب مقام دیوا ضلع لکھنؤ

میر امداد علی شاہ صاحب سجادہ نشین شاہ ابو العلا نقشبند | سید حسین شاہ صاحب مودودی دہلی

عبد اللطیف شاہ صاحب خلف حاجی نجم الدین شاہ صاحب چشتی جودھپور | قطب علی شاہ صاحب دیوگڈھ

علاقہ اودے پور میواڑ | میرزا بادل شاہ صاحب بدایونی | مولوی عبد الوہاب صاحب

جانشین عبد الرزاق صاحب لکھنؤ فرنگی محل | علی حسین صاحب کچھوچھا ضلع فقیر آباد

شیخ غلام محی الدین صوفی وکیل انجمن حمایت اسلام لاہور | حافظ صابر علی صاحب

رامپور ضلع سہارنپور | امیر حسن صاحب خلف پیر عبداللہ صاحب دہلی | منور شاہ

صاحب فاضل پور ضلع گوڑگانواں قریب دہلی | محمد معصوم شاہ صاحب نبیرہ شاہ ابوسعید

صاحب رامپور دارالریاست | بدرالدین شاہ صاحب سجادہ نشین پھلواری ضلع پٹنہ

شاہ اشرف صاحب سجادہ نشین پھلواری ضلع پٹنہ | مظہر علی شاہ صاحب

سجادہ نشین لوادا ضلع پٹنہ | لطافت حسین شاہ صاحب سجادہ نشین لوادا

نثار علی شاہ صاحب الور دارالریاست | وزیرالدین شاہ صاحب سجادہ نشین

مخدوم صاحب الور | مولوی اسلام الدین شاہ صاحب نہم ضلع رہتک

غلام حسین خان شاہ صاحب ٹھانوی ضلع حصار | سید اصغر علی شاہ صاحب

نیازی اکبرآباد | واجد علی شاہ صاحب فیروزآباد ضلع اکبرآباد | سید احمد شاہ

صاحب ہردوئی ضلع لکھنؤ | مقصود علی شاہ صاحب شاہجہان پور

مولوی نظام الدین چشتی صابری جھجر | مولوی محمد کامل شاہ اعظم گڈھ ضلع خاص

محمود شاہ صاحب سجادہ نشین بہار ضلع خاص

ان تمام حضرات کی خدمت میں یہ رسالہ پیکٹ کر کے بھیجا جاتا ہے لیکن اگر اتفاقاً کسی صاحب

کو نہ پہنچا ہو تو وہ اطلاع دیں تا کہ دوبارہ بذریعہ رجسٹری بھیجا جائے

راقم میرزا غلام احمد از قادیان

المکتوب الی علماء الهند ومشائخ هذه البلاد وغیرها من البلاد الاسلامیه

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله الذی منّ علینا بارسال الرسل والکتب وجعل الانبیاء لخیام

همه ثنا خدائے راست که بفرستادن پیغمبران وکتاب ها برما منت نهاد ـ وانبیاء را برائے خیمه ہائے توحید

التوحید کالطنب وقفّی علی آثارهم بالاولیاء لیکونوا کالاوتاد للسبب ـ والصلوٰة

ہمچو طنابے گردانید که خیمه را بداں استوار میکنند وپس انبیاء اولیاء را آورد ـ تا ایشاں ہمچو میخها باشند برائے

والسلام علی خیر الرسل ونخبة النخب محمّد خاتم النبیّین وشفیع المذنبین

رسن انبیاء ـ ودرود وسلام بر بهترین پیغمبران وبرگزیده گزیدگان محمد که خاتم الانبیاء وشفیع المذنبین است و

وافضل الاولین والآخرین وآله الطاهرین المطهّرین واصحابه الذین هم

بزرگتر ست از همه آنانکه گذشتند واز همه آنانکه بیایند ـ وبرآل او که طاهر ومطهّر اند وبراصحاب او که نشان حق

آیات الحق وحجة الله علی العٰلمین ـ وعلیٰ کل عبد من عباده الصّٰلحین

وحجت الله اند بر جهانیاں ـ وبر هر بندهٔ از بندگان نیکوکار او ـ

امّا بعد ـ فهذا مکتوب کتبته الی الذین انعم الله علیهم بانواع

امّا بعد ـ پس ایں نامه ایست که سوئے کسانے بنوشته ام که خدا تعالیٰ بانواع کرامت

الکرامة وهذّبهم بالعلم الکامل والمعرفة التّامة وکشف علیهم سُبُل

ایشانرا مخصوص گردانید وبعلم کامل ومعرفت تامه پاکیزگیها بخشید ـ وراه ہائے برگزیدگی وقربت بر

الاصطفاء والقربة وحبّب الیهم طرق الانکسار والغربة من العلماء العٰملین

ایشاں کشود وانکسار وغربت مرغوب طبیعت ایشاں گردانید آنانکه علماء راسخین اند

الراسخین ـ المتوغّلین ـ والفقراء المنقطعین المتبتلین ـ الذین جذبهم

ودر علم مهارتے تام میدارند وعلم ایشاں بعمل مقرون ست ونیز آنانکه از دنیا بجانب حق بریده شده اند

الله الیٰ ملکوته واذاقهم حظ لاهوته ورزقهم خشیة عظمته وسقاهم

وخدا تعالیٰ سوئے ملکوت خود ایشانرا کشیده است وحظے از لاهوت خود ایشانرا چشانیده ـ وخوف عظمت خود

كاس محبته فلا ترهقهم ذلة الزلة ولا نكال المَعصِيَة وَهُم مِنَ المحفوظين

مقسوم ایشاں کرد و جامہائے محبت خود نوشانیده پس نمے گیرد ایشانرا ذلت لغزش و نہ وبال معصیت و

وانّما نخاطبهم لجلالة شانِهم وَصَفاء وجدانِهم وَسعةِ ظروفِهم وحلاوة

درحفاظت حق میباشند۔ و ماکہ ایشانرا مخاطب کردیم سبب آں بزرگی شان ایشان ست وصفائی وجدان ایشان

تطوفهم لعلهم يؤيّدون من الله وَيُلهمون۔ ولعلهم يفقهون مالا يفقه الآخرون

ونیز ازینکہ ایشاں تنگ ظرف نیستند و انگور ایمان ایشاں حلاوتے دارد۔ تا باشد کہ ایشانرا خدا تائید کند و ایشاں

وَيَعلمُونَ مَا لَمْ يَعلمه المحجوبون ولعلهم يتدبرون بالفراسة الايمانية ۔ وَيتفكرون

دربارہ ما از خدا الہام یابند و تا باشد کہ ایشاں آں حقائق را بفہمند کہ دیگراں نفہمیدہ اند و آں امور را بدانند کہ محجوباں ندانستہ

بالتقاة الرّوحانية ويقومون للهِ شاهِدين ۔لِيكونوا حجة اللهِ عَلى الظّٰلِمين

اند و تا بفراست ایمانی خود تدبر کنند۔ و تا با پرہیزگاری روحانی خود فکرے بکار برند و برائے گواہی حق بخیزند۔ تا کہ بر جفا

المعتدين۔ ولينقطع معاذير المعتذرين الافاكين۔ وليضمحل كل قول

پیشگاں و از حد گزشتگان حجۃ اللہ باشند و تا کہ ہمہ عذر ہائے عذر کنندگان از دروغگویاں مردود و منقطع شوند

يقال من بعد موتى ولتستبينَ سَبيل المجرمين۔ وَانا ندعوا الله ان يؤيدهم

و تا کہ ہر سخنے کہ پس از مردن من گفتہ شود آں ہمہ ہیچ و متلاشی گردد و راہ مجرماں ہویدا گردد۔ و ما دعای کنیم کہ خدا خود

وَيلهمهم وَيحفظهم وَيَعصِمهم ويعطيهم حظ الصّالحين۔

اوشانرا تائید کند و خود در دل ایشاں القا کند و خود نگہبان شان باشد و از لغزشہا دور دارد و آنچہ صلحا را میدہد اوشانرا دہد

وَلما كان المقصد ان يتبيّن الحق الذى جئنا بهِ لِكل تقى وَسَعيد مِن

و ہرگاہ کہ مقصود ایں بود کہ بر ہر پرہیزگارے و نیک نہادے آں امر حق ہویدا گردد کہ ما آوردیم گو آں

قريب وّبعيد۔ القى فى رُوعى ان اكتب هٰذا المكتوب فى العربية والترجمة

مرد از سرزمین قریب باشد یا از بعید لہذا در دلم انداختہ شد کہ ایں مکتوب را در زبان عربی بنویسیم و ترجمہ آں

بالفارسية وارعى النواظر فى النواضر الاصلية واوسع التبليغ بالالسن

فارسی کنم و نظارگیاں را در چراگاہ اصلی سیر کنانم و بزبان ہائے اسلامیان تبلیغ را وسیع کنم

الاسلامية ليكونَ بلاغًا تامًا للطالبين۔ فاعلموا يا معشر الكرام وجمع

تا برائے طالبان ایں تبلیغ بمرتبہ کمال رسد ۔ پس بدانید اے گروہ بزرگان وجماعتہائے صاحبان

اولی الابصار والافهام انّ الله قد بعثنی مجددًا علیٰ راس هٰذه المائة

بصیرت وفہم کہ خدائے عزوجل مرا بر سر ایں صدی مجدد مبعوث فرمودہ است و بندہ را برائے مصلحت عامہ

واختص عبدًا لمصالح العامة واعطانی علومًا ومعارف تجب لاصلاح

خاص گردانیدہ است ۔ و مرا آں علوم و معارف بخشید کہ برائے اصلاح ایں امت از واجبات

هٰذه الامة ووهب لی من لدنه علمًا حيًّا لاتمام الحجة علی الكفرة الفجرة ۔ و

اند ۔ و مرا علم زندہ بخشید تا کہ بر کافراں و فاسقاں حجت تمام شود ۔ و مرا ثمرہ تازہ و

اَعْطانی ثمرًا غضًّا طريًّا لتغذية جياع الملة ۔ وكاسًا دهاقًا لعُطاشی

تر عنایت کرد تا گرسنگان ملت را غذا دادہ شود ۔ و جامہائے پر بخشید تا تشنگان ہدایت و

الهداية والمعرفة وجَعَلنی امامًا لكل من يريد صلاح نفسه ويحبّ

معرفت را نوشانیدہ شود ۔ و مرا برائے ہر آں شخصے کہ صلاحیت نفس خود میجوید و رضائے رب خود مے خواہد

رضاء ربه وجعلنی من المكلمين الملهمين ۔ واكمل علیّ نعمه واتم تفضله

امام گردانید و مرا از آناں گردانید کہ بشرف مکالمہ الہیہ مشرف میباشند ۔ و بر من نعمتہائے خود کامل کرد و تفضلات

وسمّانی المسيح ابن مريم بالفضل والرحمة ۔ وقدّر بينی وبينه تشابه الفطرة

خود باتمام رسانید و نام من از فضل خود مسیح ابن مریم نہاد ۔ و در من و مسیح ابن مریم تشابہ فطرت مقدر

كالجوهرين من المادة الواحدة ووهب لی علومًا مقدسة نقية ومعارف

کرد ۔ چنانچہ دو جوہر از یک مادہ می باشند و مرا علوم مقدس و مصفا بخشید و معارف صاف و روشن

صافية جلية وعلّمنی ما لم يعلم غيری من المعاصرين ۔ وصبّ فی

عطا کرد و مرا چیزہا بیاموخت کہ غیر من از مردم ہم زمانہ من از آں ہا بیخبر اند ۔ و در دل من معارفے

قلبی ما لم يحيطوا بها علما ۔ ونورًا لم يمسّه احد منهم وجعلنی من

ریخت کہ علم آں از ایشاں احدے را نیست و در دل من نورے ریخت کہ ہیچ کس از ایشاں بداں آشنائی ندارد

المنعمین۔ وَمِنْ اَجلّ اٰلائہ انّہ استودعنی سِرّہٗ الذی یکشف للاولیاء

و در انعام یابندگاں مرا داخل کرد۔ و از بزرگترین نعمتہائے او کہ بر من انداخت آں رازیست کہ در دل من امانت

والرّوحَ الذی لَا یُنفخ اِلّا فی اَھْل الاصطفاء واعطانی کلما یُعطی لِاھل

نہاد آں رازے کہ بر اولیاء مکشوف میگردد و روحے کہ دمیدہ نمی شود مگر در برگزیدگان او۔ و مرا تمام آں چیزہا

الموالاۃ والولاء و صافانی ووافانی وشرحَ صَدْری وَاتمّ بدری وَاخبرنی

داد کہ اہل محبت را میدہند و با من محبت خالص کرد و نزدم آمد و سینہ من کشاد و بدر من کامل کرد و از امور

بالسّرِ ماھو مزمعٌ علیہ فی سابق علمہٖ وَصَبّغنی بصبغۃ حُبّہٖ وَھَدانی

پوشیدہ علم ازلی خود مرا خبر داد۔ و برنگ محبت خود مرا رنگین کرد۔ و طریق اسلام پسندیدہ

طُرقَ اسلامہٖ وسلمہٖ واخرجنی مِنَ المحجوبین وَمن اٰلائہ انّہ وَفّقنی لِفعل

خود مرا نمود۔ و از محجوبین مرا بیروں آورد۔ و از نعمتہائے او یکے ایں ست کہ مرا برائے کارہائے

الخیرات وَھَدانی الی الصّٰلحٰت الطیّبٰت وَاَجرٰی لطائف قلبی

نیکو توفیق داد۔ و بسوئے اعمال پاک و صالح راہ نمود۔ و لطیفہ ہائے دل من با حسن طریق جاری کرد

فَاَحْسَنَ اجرائہا وزکّی ینابیعَہا وماءھا واتمّ نورھا وصفائہا وَطَھّرَ

و چشمہ ہا و آب آں لطائف را پاک کرد و نور و صفاء آنہا را باتمام رسانید و مجری و

مجاریھا وَفناءھا وبدّل ارضی غیرالارض وجَعَلنی من المطھرین۔

صحن آنہا را پاک گردانید و زمین مرا بر زمینے دیگر تبدل کرد۔ و مرا از پاک شدگان گردانید۔

ومن اٰلائہ انّہ وَھَبَ لی حُبّ وَجھہٖ حُبًّا جَمًّا وَصِدقًا اکمل وَاتمّ وسئلتہ

و از جملہ نعمتہائے او اینکہ مرا محبت روئے خود بسیار در بسیار بخشید و صدق اکمل و اتم عنایت کرد۔ و

ان یھب لی حبًّا لَا یزید علیہ اَحَدٌ من بعدی فاعلم منہ انہ استجاب

من از و خواستہ بودم کہ مرا محبتے بخشد کہ ہیچکس بعد از من بر اں زیادت تواند کرد پس من با علام او میدانم

دعوتی واعطانی مُنیتی واَحَاطنی فضلًا ورُحمًا۔ فالحمد للہ اَحسن المُحسنین

کہ او دعائے من قبول کرد و از روئے من مراد او و فضل و رحمت را بر من محیط کرد پس ہمہ ستائش اور است کہ

الحمد لله الذی اذھب عنّی الحزن واعطانی مالم یُعط احدٌ من العٰلمین

از ہر محسن نیکوتراست ہمہ تعریفہا خدائے راکہ اندوہ من دور کرد ومرا چیزہا داد کہ از جہانیان احدے را مثل

وما قلتُ ھٰذا من عند نفسی بل قُلتُ ما قال علی السمٰوٰت ربّی وما کان

آں نداد۔ واین کلمہ از طرف خود نگفتم بلکہ ہماں گفتم کہ بر آسمانہا خداوند من گفت۔ ومرانمے سزد

لی اَنْ اتکبّر وارفع نفسی انّ اللّٰہ لایُحِبُّ المستکبرین بل ھٰذا الھام من حضرۃ

کہ تکبّر کنم ونفس خود را بلند بردارم کہ خدا متکبراں را دوست نمی دارد۔ بلکہ ایں الہام از حضرت

العزۃ واراد من العٰلمین ماھو فی زماننا مِن الکائنات الموجودۃ فی الارضین

عزت است واز عالمین مخلوقے را مراد داشت کہ دریں زمانہ بر زمین موجود ست۔

ومِنْ آلائِہٖ انہ علّمنی القراٰن ورزقنی منہ معارف تجاوز الحدّ والحُسبان

واز نعمتہائے او یکے ایں است کہ او مرا قرآن بیاموخت وآں معارف قرآنیہ نصیبۂ من کرد کہ آں را حدّ وشمار

لاذکّر الغافلین المنھمکین فی ھُمُوم الدنیا الدنیّۃ۔ وانذر قومًا ما اُنذِرَ اٰباءُھم

نیست۔ تاکہ من غافلاں را یاد دہانم اناآنکہ در ہموم دنیائے دوں مستغرق اند وتاکہ من آنانرا بترسانم کہ آباءِ

فی الایام السّابقۃ ولاقیم الحجۃ علی المجرمین۔

ایشاں را ہیچ کس پیش از من نترسانیدہ است وتاکہ من حجت را بر مجرمان قائم کنم۔

ومِنْ آلائِہٖ انّہٗ خاطبنی وقال انت وجیہ فی حضرتی اخترتک لنفسی

واز جملہ نعمتہائے او یکے اینست کہ او مرا مخاطب کرد وگفت کہ تو در بارگاہ من وجیہ ہستی ترا برائے خود پسندیدم

وقال اَنْتَ مِنی بمنزِلۃ لایعلمہ الخلق۔ وقالَ انت مِنّی بمنزلۃ توحیدی

وتو از من بمقامے ہستی کہ مخلوق را بعلم آں راہ نیست۔ وگفت تو از من بداں قربتے رسیدی کہ ہمچو توحید من

وتفریدی۔ وقال یا احمدی انت مرادی ومعی۔ یحمدک اللّٰہ مِن عرشہٖ

وتفرید من گردیدی۔ وگفت اے احمد من تو مراد من وبامن۔ خدا از عرش خود ثنائے تو میگوید

وقال انت عیسی الذی لایُضاع وقتہ۔ کمثلک درٌّ لایضاع جری اللّٰہ

وگفت تو آں عیسیٰ ہستی کہ وقت او ضائع نہ خواہد شد وہمچو تو لولوئے برباد شدنی نیست۔ فرستادۂ خدا

فی حلل الانبیاء وقال قل انی امرت وانا اوّل المومنین۔ وقال اصنع الفلك

درحلہ انبیاء۔ وگفت بگو کہ من ماموروم ومن از ہمہ مومناں دراوّل مرتبہ ام۔ وگفت کشتی را در بردے

باَعْینِنا وَوَحْیِنا انّ الذین یبایعُونَكَ انما یبایعونَ اللّٰہ ید اللّٰہ

چشمان من طیارکن۔ آنانکہ تو بیعت می کنند بخدا بیعت می کنند۔ و دستِ خدا

يا اهل الجرايد والمكائد أتامرون الناس بالبر وتنسون انفسكم - أهذا خير لكم بل شر لكم - لو كنتم تعلمون - أتجعل الدولة المخلصين كالمفسدين - او يخفى عليه ما تكتمون في انفسكم كالمنافقين - قد جربت الدولة عواقب ابائنا - ورأت مرارًا ما هو في وعاءنا - وقد بلغنا تحت تجاربها الوستين - فان سعد ما قبل ذالك الى نحو خمسين سنة من طريق الخلوص - وآثرنا طرقًا فاسدة كاللصوص - فالدولة ان تظن كما تظن كالمجربين العارفين - فان القليل يقاس على الكثير والصغير على الكبير - وكذالك جرت عادة المتفرسين - والا فاتقوا الله واستحيوا ولا تجترؤا ان كنتم صالحين - ووالله انا نحن براء من تلك التهمة - وما لنا ولهذه المعصية - وتنزه النظام السابقة ذيلنا عن مثل هذه البهتانات - والتهم والخرافات - وكيف وانا لا ننسى الى ان نموت نعم هذه الدولة - ولا منن هذه الحكومة - وقد اوصينا من كتاب الله بشكر المحسنين -

وهي آيات واحاديث لا يسع المقام سردها الآن وقد كتبنا من قبل وابسطنا فيه البيان - فلينظر من كان من الشائقين - وانا رئينا من هذه الدولة انواع الراحة - وحفظت بها دماءنا واعراضنا واموالنا من انواع المصيبة - توارد بها علينا من نعم لا نستطيع ان ندخلها تحت الحصر والاحصاء - فندعو لهذه الدولة طول العمر والبقاء - واي عاقل يسب المحسن وينسى نعمه ولا يذكر المنن - نعوذ بالله من سوء الفهم ووضع الرأي في غير محله - وقولنا هذا رد على جريدة سول واما الذي يزعم ان حماية الكفار كيف يجوز فقد رددنا وساوسه غير مرة - واثبتنا الامر بكثير من ادلة واثبتنا ان النبي صلى الله عليه وسلم وضع هذا الاساس - وقال ما شكر الله من لا يشكر الناس - فهذا اصول محكم لا يرده الا الفاسق ولا يقبله الا الصالح ولو بعد اللتيا واللتي واما نحن فهذا مذهبنا ونشكر المحسن ولا نرى اختلاف المذاهب يصعب علينا خلاف ذالك ونختار عليه الموت - ومن اجل ذالك قد اشعنا رأينا هذا في بلاد الاسلام الى ما وسع لنا وامكن وان في هذا دليل قاطع على اخلاصنا ولكن للذين لا يخلون - فحاصل الكلام انا مترهون من تلك التهم - ولنا شواهد لا ترد شهادتها ولا تشك في صحتها - و نتوكل على الله - لا حول ولا قوة الا بالله - وهو احكم الحاكمين +

ضمیمہ رسالہ انجام آتھم

اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

رسالہ عربی کے ختم ہونے کے بعد ایک صاحب نے مجھ سے یہ سوال کیا ہے کہ آپ کے دعویٰ کی تائید میں خدا تعالیٰ کی طرف سے کونسے ایسے نشان ظاہر ہوئے ہیں جو ایک طالب حق ان پر غور کرنے سے یہ سمجھ سکے کہ یہ کاروبار انسان کا منصوبہ نہیں بلکہ اس خدا کی طرف سے ہے جو عین وقت پر اسلام کی تائید کیلئے اپنے بندوں کو بھیجتا اور ان کا سچا ہونا اپنے خاص نشانوں کے ذریعہ ثابت کر دیتا ہے۔

سو واضح ہو کہ اگرچہ میں نے اس سوال کا جواب کئی مرتبہ اس سے پہلے بھی اپنی کتابوں میں لکھا ہے لیکن اب پھر اُن متفرق باتوں کو حق کے طالبوں کے فائدہ کے لئے ایک ہی جگہ جمع کر کے لکھ دیتا ہوں۔ شاید وہ وقت پہنچ گیا ہو کہ لوگ میری باتوں میں غور کریں۔ پس غور سے سُنو کہ عقلمندوں اور سوچنے والوں کے لئے میرے دعوے کیساتھ اس قدر نشان موجود ہیں کہ اگر وہ انصاف سے کام لیں تو ان کے تسلّی پانے کیلئے نہایت کافی وشافی ذخیرہ خوارق موجود ہے ہاں اگر کوئی اس شخص کی طرح جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مینہ کے بارے میں معجزہ استجابت دُعا دیکھ کر یعنی کئی برسوں کے امساک باراں کے بعد مینہ برستا ہوا مشاہدہ کر کے پھر کہدیا تھا کہ یہ کوئی معجزہ نہیں۔ اتفاقاً بادل آیا اور مینہ برس گیا۔ انکار سے باز نہ آوے تو ایسے شخص کا علاج ہمارے پاس نہیں۔ ایسے لوگ ہمارے سیّد ومولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمیشہ آسمانی نشان دیکھتے رہے پھر یہی کہتے رہے۔ فَلْیَاْتِنَا بِاٰیَۃٍ کَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ[1] جو شخص سچے دل سے خدا کا نشان دیکھنا چاہتا ہے اس کو چاہئیے کہ سب سے پہلے اس نشان پر نظر کرے کہ اس عاجز کا ظاہر ہونا عین اس وقت میں ہے جس وقت کا ذکر ہمارے سیّد خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک سے آپ فرمایا ہے یعنی صدی کا سر پھر آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ **صلیب کے غلبہ کے وقت** ایک شخص پیدا ہوگا جو صلیب کو توڑیگا۔ ایسے شخص کا نام آنحضرت نے مسیح ابن مریم رکھا ہے۔

اب سوچو کہ صلیب کا غلبہ تو انتہا تک پہنچ گیا اور نصاریٰ ٹڈیوں کی طرح دنیا پر محیط ہوگئے اور پادریوں کو اپنے شیطانی اغوا میں وہ کامیابی ہوئی جس کی کوئی نظیر نہیں اور صدی میں سے بھی تیرہ برس گذر گئے تو کیا ابتک صلیب کا توڑنے والا ظاہر نہ ہوا۔ یا نعوذ باللہ پیشگوئی خطا گئی یا علماء مخالفین کی یہ خواہش ہے کہ اور سَو برس **تک** پادری لوگ اسلام کو پیروں کے نیچے کچلتے رہیں۔ جب تک کہ نئی صدی آوے اور

[1] الانبیاء : ۶

آسمان سے اُن کا فرضی مسیح نازل ہو۔ پھر اس صدی پر بھی کیا امید ہے شاید وہ بھی خطا جائے غرض اب یہ نازک وقت اور صدی کا سر چاہتا تھا کہ صلیب کا توڑنے والا پیدا ہو اور خنزیروں کو جن میں خنزیعنے فساد کا جوش ہے دلائل بیّنہ کے ساتھ قتل کرے۔ سو وہ ظاہر ہو گیا جس کو قبول کرنا ہو کرے۔

پھر دوسرا نشان یہ ہے کہ اُس گذشتہ زمانہ میں جس کو ستّرہ برس گذر گئے۔ یعنی اُس زمانہ میں جبکہ یہ عاجز گوشۂ گمنامی میں پڑا ہوا تھا اور کوئی نہ جانتا تھا کہ کون ہے اور نہ کوئی آتا تھا اُس وقت اِس موجودہ زمانہ کی خبر دی گئی ہے جس میں ہر ایک طرف سے رجوع خلائق ہوا اور ایک دنیا میں شہرت ہوئی چنانچہ براہین احمدیہ میں ستّرہ برس کا الہام اسبارہ میں چھپا ہوا یہ ہے انت منّی بمنزلۃ توحیدی و تفریدی فحان اَن تُعان و تعرف بین النّاس۔ یأتون من کلّ فجٍ عمیق۔ یعنی تو مجھ سے ایسا ہے جیسا کہ میری توحید اور تفرید۔ پس وہ وقت آتا ہے کہ تو مشہور کیا جائے گا۔ اور لوگ دُور دُور سے تیرے پاس آئینگے۔

اب دیکھو کیا یہ نشان نہیں کہ اس پیشگوئی کے مطابق اب خدا تعالےٰ نے لاکھوں انسانوں میں اور ہندوستان کے کناروں تک اس عاجز کو مشہور کر دیا ہے اور ایسا ہی وہ لوگ جو ملنے کیلئے اس وقت تک آئے اُن کی تعداد ساٹھ ہزار سے بھی کچھ زیادہ ہو گی۔ کیا ایک عقلمند کو یہ پیشگوئی تعجب میں نہیں ڈالتی جو ایسے زمانہ میں ظاہر فرمائی گئی تھی جبکہ اس کا مفہوم بالکل قیاس سے بعید معلوم ہوتا تھا۔

پھر ایک اور پیشگوئی سوچنے والوں کے لئے نشان ہے جس کا ذکر براہین حصہ سوم کے صفحہ ۲۴۱ میں ہے جس کو پندرہ برس کا عرصہ گذر گیا ہے۔ اس میں خدا تعالیٰ اس عاجز کو مخاطب کر کے فرماتا ہے کہ عیسائیوں کا ایک فتنہ ہوگا اور تجھ کو ایک واقعہ میں وہ کاذب ٹھہرائیں گے اور بالآخر خدا تیری سچائی ظاہر کرے گا۔ اس پیشگوئی کی عبارت یہ ہے۔ ولن ترضٰی عنک الیھود ولا النّصارٰی ۔ و خرقوا لہ بنین و بناتٍ بغیر علم۔ قُل ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَد۔ وَیَمْکُرُوْنَ وَیَمْکُرُ اللّٰہُ وَاللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْن ۔ الفتنۃ ھٰھُنَا فَاصْبِرْ کَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ۔ قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ۔ یعنی یہود اور نصاریٰ تیرے پر خوش نہیں ہونگے جب تک تو ان کے مذہب کا پیرو نہ ہو۔ یعنی ان کا خوش ہونا محال ہے ان لوگوں نے یعنی نصاریٰ نے خدا کیلئے بیٹے بیٹیاں بنا رکھی ہیں حالانکہ خدا وہ ہے جس کے کوئی بیٹا نہیں اور نہ وہ کسی کا بیٹا نہ اُس کا

کوئی ہمسر اور عیسائی تیرے ساتھ ایک مکر کریں گے اور خدا بھی ان کے ساتھ مکر کریگا خدا کی مکر سر اسر نیک اور بہتر اور دوسروں کے مکر پر غالب ہے۔ اس وقت عیسائیوں کی طرف سے ایک فتنہ برپا ہوگا۔ پس چاہیئے کہ تو رسولوں اور نبیوں کی طرح صبر کرے اس وقت تو یہ دعا کر کہ اے میرے رب میرا صدق ظاہر کر دے۔

اب ذرہ آنکھ کھول کر دیکھو کہ یہ پیشگوئی کیسی صریح اور صاف طور پر آتھم کے قصہ کی خبر دے رہی ہے جس میں عیسائیوں نے یہ مکر کیا کہ حقیقت کو چھپایا۔ پیشگوئی میں رجوع الی الحق کی شرط تھی جس سے آتھم نے فائدہ اُٹھایا کیونکہ وہ اخیر دن تک پیشگوئی سے ڈرتا رہا۔ یہانتک کہ مارے ڈر کے دیوانہ کی طرح ہوگیا۔ اس لئے خدا تعالےٰ نے پیشگوئی کے وعدہ کے موافق اس کی موت میں تاخیر ڈالدی عیسائی خوب جانتے تھے کہ وہ پیشگوئی کے خوف سے نیم جان ہوگیا۔ اس نے قسم نہ کھائی نہ اس نے حملہ کے الزاموں کو ثابت کیا مگر تب بھی پادریوں نے شرارت پر کمر باندھی۔ اور امرتسر اور بہت سے دوسرے شہروں میں نہایت شوخی سے ناچتے پھرے کہ ہماری فتح ہوئی اور اُن کے نہایت پلید اور بدذات لوگوں نے گالیاں نکالیں اور سخت بدزبانی کی۔ غرض جیساکہ پندرہ برس پہلے خدا تعالیٰ فرماچکا تھا۔ کہ عیسائی فتنہ برپا کرینگے۔ ایسا ہی ہوا اور یہودی صفت مولوی اور اُن کے چیلے اُن کے ساتھ ہوگئے۔ آخر جیساکہ خدا تعالیٰ نے اس پیشگوئی میں اشارہ فرمایا تھا کہ قُل رَبِّ ادخِلنِی مُدخَلَ صِدقٍ۔ ایسا ہی اس عاجز کا صدق ظاہر ہوگیا اور آتھم جیساکہ الہام میں بار بار ظاہر کیا گیا تھا۔ اپنی بیباکی کے بعد اخیری اشتہار سے سات مہینے تک فوت ہوگیا۔ اب دیکھنا چاہیئے کہ یہ کیسا عظیم الشان نشان ہے۔ اور یہ ایک نشان نہیں بلکہ دو نشان ہیں۔ {۱} ایک یہ کہ عیسائیوں کے فتنہ کی پندرہ برس پہلے خبر دی گئی۔ {۲} دوسرے یہ کہ آخر وہ فتنہ برپا ہو کر اس پیشگوئی کے مطابق اور نیز دوسری پیشگوئی کے مطابق آتھم مرگیا اور صدق ظاہر ہوا اگر ان دونوں پیشگوئیوں کو یکجائی نظر سے دیکھا جائے تو خدا تعالیٰ کی ایک عظیم الشان قدرت نظر کے سامنے آجائے گی * اور اس میں ایک اور عظمت یہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی بھی اس کی پوری

* **حاشیہ**۔ ایک مُردہ پرست فتح مسیح نام نے فتحگڑھ تحصیل بٹالہ ضلع گورداسپورہ سے پھر اپنی پہلی بے حیائی کو دکھلا کر ایک گندہ اور بدزبانی سے بھرا ہوا خط لکھا ہے۔ جس میں وہ پھر اپنی بے شرمی سے کام لے کر یہ ذکر بھی درمیان میں لاتا ہے کہ آتھم کی نسبت پیشگوئی پوری نہیں ہوئی۔ سو ہم اس پیشگوئی کے پورا

ہونے سے پوری ہوگئی کیونکہ آپ نے فرمایا تھا کہ عیسائیوں اور اہل اسلام میں آخری زمانہ میں ایک جھگڑا ہوگا۔ عیسائی کہینگے کہ ہم حق پر ہیں اور مسلمان کہینگے کہ حق ہم میں ظاہر ہوا۔ اس وقت عیسائیوں کیلئے شیطان آواز دیگا کہ حق آل عیسیٰ کے ساتھ ہے اور مسلمانوں کے لئے آسمان سے آواز آئیگی کہ حق آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہے سو یاد رہے کہ یہ پیشگوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آتھم کی قصہ کے متعلق ہے کیونکہ زمین کے شیطانوں نے آتھم کے مقدمہ میں عیسائیوں کا ساتھ کیا اور یہ کہا کہ عیسائی فتح پا گئے چنانچہ پلید دل مولوی اور بعض اخباروں والے انہیں شیطانوں میں سے تھے جنہوں نے حق اور سچائی اور دین کا پاس نہ کیا اور آسمان کی آواز جو خدا تعالیٰ کا پاک الہام تھا جو اس عاجز پر نازل ہوا۔ اس الہام نے بار بار گواہی دی کہ اسلام کی فتح ہے۔ آخر زمین کے شیطانوں نے شکست کھائی اور آسمان کی آواز کی سچائی ثابت ہوئی۔ یہ ایسی کھلی سچائی ہے جو کوئی اس سے انکار نہیں کرسکتا یہ کیسی نابینائی تھی کہ پلید دل لوگوں نے شرطی پیشگوئی کو ایسا سمجھ لیا کہ گویا اس کے ساتھ کوئی بھی شرط نہیں

حاشیہ

ہونے کے بارے میں بہت کچھ ثبوت رسالہ انوار الاسلام اور رسالہ ضیاء الحق اور رسالہ انجام آتھم میں دے چکے ہیں اور اب بھی ہم بیان کر چکے ہیں کہ اس پیشگوئی کی بنیاد نہ آج سے بلکہ پندرہ برس پہلے سے ڈالی گئی تھی جس کا مفصل ذکر براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱ میں موجود ہے۔ سو ایسے انتظام کے ساتھ پیشگوئی کو پورا کرنا انسان کا کام نہیں ہے۔

یسوع کی تمام پیشگوئیوں میں سے جو عیسائیوں کا مُردہ خدا ہے۔ اگر ایک پیشگوئی بھی اس پیشگوئی کے ہم پلہ اور ہموزن ثابت ہوجائے تو ہم ہر ایک تاوان دینے کو تیار ہیں۔ اس درماندہ انسان کی پیشگوئیاں کیا تھیں۔ صرف یہی کہ زلزلے آئیں گے قحط پڑیں گے لڑائیاں ہوں گی پس ان دلوں پر خدا کی لعنت جنہوں نے **ایسی ایسی** پیشگوئیاں اس کی خدائی پر دلیل ٹھہرائیں اور ایک مُردہ کو اپنا خدا بنا لیا۔ کیا ہمیشہ زلزلے نہیں آتے کیا ہمیشہ قحط نہیں پڑتے۔ کیا کہیں نہ کہیں لڑائی کا سلسلہ شروع نہیں رہتا۔ پس اس نادان اسرائیلی نے ان معمولی باتوں کا پیشگوئی کیوں نام رکھا محض یہودیوں کے تنگ کرنے سے۔ اور جب معجزہ مانگا گیا تو یسوع صاحب فرماتے ہیں کہ حرامکار اور بدکار لوگ مجھ سے معجزہ مانگتے ہیں۔ ان کو کوئی معجزہ دکھایا نہیں

یہ کیسی خباثت تھی کہ آتھم کی موت کو جو عین الہام کے موافق بیباکی کے بعد بلا توقف ظہور میں آئی کسی نے اس کو نشان الٰہی قرار نہ دیا۔ وہ گندے اخبار نویس جو آتھم کے مؤید تھے پیشگوئی کی حقیقت کھلنے کے بعد ایسے تجاہل سے چپ ہوئے کہ گویا مر گئے۔ اب آنکھیں کھولو اور اٹھو اور جاگو اور تلاش کرو۔ کہ آتھم کہاں ہے۔ کیا خدا کے حکم نے اس کو قبر میں نہ پہنچا دیا۔ ہر ایک منصف اس پیشگوئی کو تسلیم کریگا

جائے گا۔ دیکھو یسوع کو کیسی سوجھی اور کیسی پیش بندی کی۔ اب کوئی حرام کار اور بدکار بنے تو اس سے معجزہ مانگے۔ یہ تو وہی بات ہوئی کہ جیسا کہ ایک شریر مکار نے جس میں سراسر یسوع کی روح تھی لوگوں میں یہ مشہور کیا کہ میں ایک ایسا ورد بتلا سکتا ہوں جس کے پڑھنے سے پہلی ہی رات میں خدا نظر آجائیگا بشرطیکہ پڑھنے والا حرام کی اولاد نہ ہو۔ اب بھلا کون حرام کی اولاد بنے اور کہے کہ مجھے وظیفہ پڑھنے سے خدا نظر نہیں آیا۔ آخر ہر ایک وظیفہ خواں کو یہی کہنا پڑتا تھا۔ کہ ہاں صاحب نظر آگیا۔ سو یسوع کی بندشوں اور تدبیروں پر قربان ہی جائیں بنا بنایا چھڑانے کے لئے کیسا داؤ کھیلا۔ یہی آپ کا طریق تھا۔ کہ ایک مرتبہ کسی یہودی نے آپ کی قوت شجاعت آزمانے کے لئے سوال کیا کہ اے استاد قیصر کو خراج دینا روا ہے یا نہیں۔ آپ کو یہ سوال سنتے ہی اپنی جان کی فکر پڑ گئی کہ کہیں باغی کہلا کر پکڑا نہ جاؤں۔ سو جیسا کہ معجزہ مانگنے والوں کو ایک لطیفہ سنا کر معجزہ مانگنے سے روک دیا تھا۔ اس جگہ بھی وہی کارروائی کی اور کہا کہ قیصر کا قیصر کو دو اور خدا کا خدا کو۔ حالانکہ حضرت کا اپنا عقیدہ یہ تھا۔ کہ یہودیوں کے لئے یہودی بادشاہ چاہیئے نہ کہ مجوسی۔ اسی بنا پر ہتھیار بھی خریدے۔ شہزادہ بھی کہلایا مگر تقدیر نے یاوری نہ کی۔

متی کی انجیل سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی عقل بہت موٹی تھی۔ آپ جاہل عورتوں اور عوام الناس کی طرح مرگی کو بیماری نہیں سمجھتے تھے بلکہ جن کا آسیب خیال کرتے تھے۔

ہاں آپ کو گالیاں دینے اور بدزبانی کی اکثر عادت تھی۔ ادنیٰ ادنیٰ بات میں غصہ آجاتا تھا۔ اپنے نفس کو جذبات سے روک نہیں سکتے تھے۔ مگر میرے نزدیک آپ کی یہ حرکات جائے افسوس نہیں کیونکہ آپ تو گالیاں دیتے تھے اور یہودی ہاتھ سے کسر نکال لیا کرتے تھے۔

یہ بھی یاد رہے کہ آپ کو کسی قدر جھوٹ بولنے کی بھی عادت تھی۔ جن جن پیشگوئیوں کا اپنی ذات کی نسبت توریت میں پایا جانا آپ نے فرمایا ہے۔ ان کتابوں میں ان کا نام و نشان نہیں پایا جاتا

ضمیمہ انجام آتھم

مگر شاید بعض بدذات مولوی منہ سے اقرار نہ کریں مگر دل اقرار کر گئے ہیں۔

پھر ایک اور پیشگوئی نشان الٰہی ہے جس کا ذکر براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱ میں ہے اور وہ یہ ہے یا احمد فاضت الرحمۃ علی شفتیک۔ اے احمد فصاحت بلاغت کے چشمے تیرے لبوں پر جاری کئے گئے سو اس کی تصدیق کئی سال سے ہو رہی ہے۔ کئی کتابیں عربی بلیغ فصیح میں تالیف کر کے

حاشیہ

بلکہ وہ اوروں کے حق میں تھیں جو آپ کے تولّد سے پہلے پوری ہوگئیں اور نہایت شرم کی بات یہ ہے کہ آپ نے پہاڑی تعلیم کو جو انجیل کا مغز کہلاتی ہے یہودیوں کی کتاب **طالمود سے چرا کر لکھا ہے**۔ اور پھر ایسا ظاہر کیا ہے کہ گویا یہ میری تعلیم ہے لیکن جب سے یہ چوری پکڑی گئی عیسائی بہت شرمندہ ہیں۔ آپ نے یہ حرکت شاید اس لئے کی ہوگی کہ کسی عمدہ تعلیم کا نمونہ دکھلا کر رسوخ حاصل کریں۔ لیکن آپ کی اس بیجا حرکت سے عیسائیوں کی سخت روسیاہی ہوئی اور پھر افسوس یہ ہے کہ وہ تعلیم بھی کچھ عمدہ نہیں۔ عقل اور کانشنس دونوں اس تعلیم کے منہ پر طمانچے مار رہے ہیں۔ آپ کا ایک یہودی استاد تھا جس سے آپ نے توریت کو سبقاً سبقاً پڑھا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ یا تو قدرت نے آپ کو زیرکی سے کچھ بہت حصہ نہیں دیا تھا اور یا اس اُستاد کی یہ شرارت ہے کہ اس نے آپ کو محض سادہ لوح رکھا۔ بہرحال آپ علمی اور عملی قویٰ میں بہت کچے تھے۔ اسی وجہ سے آپ ایک مرتبہ شیطان کے پیچھے پیچھے چلے گئے۔

ایک فاضل پادری صاحب فرماتے ہیں کہ آپ کو اپنی تمام زندگی میں تین مرتبہ شیطانی الہام بھی ہوا تھا چنانچہ ایک مرتبہ آپ اسی الہام سے خدا سے منکر ہونے کے لئے بھی تیار ہو گئے تھے۔

آپ کی انھیں حرکات سے آپ کے حقیقی بھائی آپ سے سخت ناراض رہتے تھے اور ان کو یقین تھا کہ آپ کے دماغ میں ضرور کچھ خلل ہے اور وہ ہمیشہ چاہتے رہے کہ کسی شفاخانہ میں آپ کا باقاعدہ علاج ہو شاید خدا تعالیٰ شفا بخشے۔

عیسائیوں نے بہت سے آپ کے معجزات لکھے ہیں۔ مگر حق بات یہ ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ نہیں ہوا۔ اور اس دن سے کہ آپ نے معجزہ مانگنے والوں کو گندی گالیاں دیں اور اُن کو حرامکار اور حرام کی اولاد ٹھہرایا۔ اسی روز سے شریفوں نے آپ سے کنارہ کیا۔ اور نہ چاہا کہ معجزہ مانگ کر حرامکار اور حرام

ہزار ہا روپیہ کے انعام کے ساتھ علماء اسلام اور عیسائیوں کے سامنے پیش کی گئیں مگر کسی نے سر نہ اُٹھایا اور کوئی مقابل پر نہ آیا۔ کیا یہ خدا کا نشان ہے یا انسان کا ہذیان ہے۔

پھر ایک اور پیشگوئی نشان الٰہی ہے جو براہین کے صفحہ ۲۳۸ میں درج ہے۔ اور وہ یہ ہے الرحمٰن علّم القرآن۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے علم قرآن کا وعدہ دیا تھا۔ سو اُس وعدہ کو ایسے طور سے

نقل مطابق اصل

کی اولاد بنیں۔ آپ کا یہ کہنا کہ میرے پیرو زہر کھائیں گے اور ان کو کچھ اثر نہیں ہوگا۔ یہ **بالکل جھوٹ نکلا**۔ کیونکہ آجکل زہر کے ذریعہ سے یورپ میں بہت خودکشی ہو رہی ہے۔ ہزار ہا مرتے ہیں۔ ایک پادری کو کیسا ہی موٹا ہو۔ تین رتی اسٹرکنیا کھانے سے دو گھنٹے تک بآسانی مر سکتا ہے۔ پھر یہ معجزہ کہاں گیا۔ ایسا ہی آپ فرماتے ہیں کہ میرے پیرو پہاڑ کو کہینگے کہ یہاں سے اُٹھ اور وہ اُٹھ جائے گا یہ کس قدر جھوٹ ہے **بھلا** ایک پادری صرف بات سے ایک **الٹی جوتی کو سیدھا کرکے تو دکھلائے**۔

ممکن ہے کہ آپ نے معمولی تدبیر کے ساتھ کسی شب کور وغیرہ کو اچھا کیا ہو۔ یا کسی اور ایسی بیماری کا علاج کیا ہو۔ مگر آپ کی بدقسمتی سے اُسی زمانہ میں ایک تالاب بھی موجود تھا جس سے بڑے بڑے نشان ظاہر ہوتے تھے۔ خیال ہو سکتا ہے۔ کہ اس تالاب کی مٹی آپ بھی استعمال کرتے ہونگے اسی تالاب سے آپکے معجزات کی پوری پوری حقیقت کھلتی ہے اور اسی تالاب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ اگر آپ سے کوئی معجزہ بھی ظاہر ہوا ہو تو وہ معجزہ آپکا نہیں بلکہ اس تالاب کا معجزہ ہے۔ اور آپ کے ہاتھ میں سوا مکر اور فریب کے اور کچھ نہیں تھا۔ پھر افسوس کہ نالائق عیسائی ایسے شخص کو خدا بنا رہے ہیں۔

آپ کا خاندان بھی نہایت پاک اور مطہر ہے۔ تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زناکار اور کسبی عورتیں تھیں جن کے **خون** سے آپ کا وجود ظہور پذیر ہوا۔ مگر شاید یہ بھی خدائی کے لئے ایک شرط ہوگی۔ آپ کا کنجریوں سے میلان اور صحبت بھی شاید اسی وجہ سے ہو کہ جدّی مناسبت درمیان ہے ورنہ کوئی پرہیزگار انسان ایک جوان کنجری کو یہ موقعہ نہیں دے سکتا۔ کہ وہ اس کے سر پر اپنے ناپاک ہاتھ لگاوے اور زناکاری کی کمائی کا پلید عطر اس کے سر پر ملے اور اپنے بالوں کو اس کے پیروں پر ملے سمجھنے والے سمجھ لیں کہ ایسا انسان کس چلن کا آدمی ہو سکتا ہے۔

پورا کیا کہ اب کسی کو معارف قرآنی میں مقابلہ کی طاقت نہیں۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ اگر کوئی مولوی اس ملک کے تمام مولویوں میں سے معارف قرآنی میں مجھ سے مقابلہ کرنا چاہے اور کسی سورۃ کی ایک تفسیر

آپ وہی حضرت ہیں جنہوں نے یہ پیشگوئی بھی کی تھی کہ ابھی یہ تمام لوگ زندہ ہوں گے کہ میں پھر واپس آجاؤں گا۔ حالانکہ نہ صرف وہ لوگ بلکہ انیس۱۹ نسلیں ان کے بعد بھی انیس۱۹ صدیوں میں مر چکیں۔ مگر آپ اب تک تشریف نہ لائے۔ خود تو وفات پاچکے مگر اس جھوٹی پیشگوئی کا کلنک اب تک پادریوں کی پیشانی پر باقی ہے سو عیسائیوں کی یہ حماقت ہے کہ ایسی پیشگوئیوں پر تو ایمان لاویں۔ مگر آتھم کی پیشگوئی کی نسبت جو صاف اور صریح طور پر پوری ہوگئی اب تک انہیں شک ہو۔ سوچنا چاہیئے کہ یہ وہ عظیم الشان پیشگوئی ہے جس کی پندرہ سال پہلے خبر دی گئی ہے۔ اور جو اپنی شرط کے موافق اور اپنے آخری الہاموں کے موافق پوری ہوگئی۔ اس سے انکار کرنا کیا صریح خباثت ہے یا نہیں۔ کیا یہ انسان کا کام ہے کہ ایک مخفی امر کی پندرہ سال پہلے خبر دے اور پھر شرط کے موافق نہ خلاف شرط پیشگوئی کو انجام تک پہنچا دے۔

یہ مُردہ پرست لوگ کیسے جاہل اور خبیث طینت ہیں کہ سیدھی بات کو بھی نہیں سمجھتے۔ فتح مسیح کو یاد رکھنا چاہیئے کہ آتھم تمام پادریوں کا منہ کالا کر کے قبر میں داخل ہو چکا ہے۔ اب یہ کالک کا ٹیکہ عیسائیوں کی پیشانی سے کسی طرح اُتر نہیں سکتا۔ اگر وہ قسم کھا لیتا اور پھر ایک برس تک نہ مرتا تو عیسائیوں کو اس کی زندگی مفید ہوتی۔ مگر اس نے نہ قسم کھائی نہ نالش کی نہ اپنے جھوٹے تین الزاموں کا ثبوت دیا۔ پس اس نے اپنی عملی کارروائیوں سے ثابت کر دیا کہ وہ ضرور ڈرتا رہا۔ پھر جب بیباکی کی طرف رُخ کیا تو حسب منشاء الہام الٰہی آخری اشتہار سے سات مہینے تک داخل جہنم ہو گیا۔ اور جیسا کہ خدا کے پاک الہام نے خبر دی تھی ویسا ہی ہوا۔ پس کیا ایسی پیشگوئی جو ایسی صراحت کے ساتھ ظہور پذیر ہوئی جس کا تمام نقشہ خدائے عالم الغیب نے پندرہ برس پہلے اپنے پاک الہام کے ذریعہ سے ظاہر کر دیا تھا وہ جھوٹ ٹھہر سکتی ہے۔ بلکہ وہی لعنتی فرقہ جھوٹا ہے جو ایسے کھُلے کھُلے نشان کی تکذیب کرتا ہے۔

بالآخر ہم لکھتے ہیں کہ ہمیں پادریوں کے یسوع اور اس کے چال چلن سے کچھ غرض نہ تھی۔ انہوں نے ناحق ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دے کر ہمیں آمادہ کیا* کہ اُن کے یسوع کا کچھ تھوڑا سا حال ان پر ظاہر کریں۔ چنانچہ اسی پلید نالائق فتح مسیح نے اپنے خط میں جو میرے نام بھیجا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

* اگر پادری اب بھی اپنی پالیسی بدل دیں اور عہد کر لیں کہ آئندہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں نہیں نکالیں گے تو ہم بھی عہد کریں گے کہ آئندہ نرم الفاظ کے ساتھ ان سے گفتگو کریں گے ورنہ جو کچھ کہیں گے اس کا جواب سنیں گے۔

میں لکھوں اور ایک کوئی اور مخالف لکھے تو وہ نہایت ذلیل ہوگا اور مقابلہ نہیں کر سکیگا۔ اور یہی وجہ ہے کہ باوجود اصرار کے مولویوں نے اس طرف رُخ نہیں کیا۔ پس یہ ایک عظیم الشان نشان ہے مگر اُن کے لئے جو انصاف اور ایمان رکھتے ہیں۔

اور ایک نشان خدا کے نشانوں میں سے یہ ہے کہ میرے دعویٰ سے تیس[۳۰] برس پہلے ایک بندہ صالح نے میری نسبت پیشگوئی کی اور اس پیشگوئی میں میرا نام اور میرے گاؤں کا نام لیکر کہا۔ کہ وہ شخص مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کریگا اور وہ اپنے دعویٰ میں سچا ہوگا اور مولوی لوگ جہالت اور حماقت سے اس کا انکار کریں گے چنانچہ اُس نے اس تمام پیشگوئی سے کریم بخش نام ایک نیک بخت مسلمان کو جو لودیانہ کے قریب ایک گاؤں میں رہنے والا تھا اطلاع دی اور کہا کہ وہ مسیح موعود لدھیانہ میں آئیگا اور نصیحت کی کہ مولویوں کے شور کی کچھ پروانہ کرنا کہ مولوی اس مخالفت میں جھوٹے ہوں گے۔ چنانچہ جب میں اس دعویٰ کے بعد لدھیانہ میں گیا تو کریم بخش میرے پاس آیا۔ اور صدہا لوگوں کے روبرو بار بار یہ گواہی دی چنانچہ اس کی طرف سے ایک رسالہ بھی شائع ہو چکا سو یہ بھی ایک نشان الٰہی ہے۔

اور منجملہ نشانوں کے ایک نشان خسوف وکسوف رمضان میں ہے۔ کیونکہ دارقطنی میں صاف لکھا ہے کہ مہدی موعود کی تصدیق کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے یہ ایک نشان ہوگا کہ رمضان میں چاند

کو زانی لکھا ہے اور اس کے علاوہ اور بہت گالیاں دی ہیں۔ پس اسی طرح اس مُردار اور خبیث فرقہ نے جو مُردہ پرست ہے ہمیں اس بات کے لئے مجبور کر دیا ہے کہ ہم بھی ان کے یسوع کے کسی قدر حالات لکھیں۔ اور مسلمانوں کو واضح رہے کہ خدا تعالیٰ نے یسوع کی قرآن شریف میں کچھ خبر نہیں دی کہ وہ کون تھا۔ اور پادری اس بات کے قائل ہیں کہ یسوع وہ شخص تھا جس نے خدائی کا دعویٰ کیا اور حضرت موسیٰ کا نام ڈاکو اور بٹمار رکھا۔ اور آنے والے مقدس نبی کے وجود سے انکار کیا۔ اور کہا کہ میرے بعد سب جھوٹے نبی آئیں گے۔ پس ہم ایسے ناپاک خیال اور متکبر اور راستبازوں کے دشمن کو ایک بھلا مانس آدمی بھی قرار نہیں دے سکتے۔ چہ جائیکہ اس کو نبی قرار دیں۔ نادان پادریوں کو چاہیئے کہ بدزبانی اور گالیوں کا طریق چھوڑ دیں۔ ورنہ نامعلوم۔ خدا کی غیرت کیا کیا اُن کو دکھلائے گی۔ اور ہم اس جگہ فتح مسیح کی سفارش کرتے ہیں۔ کہ بزرگ پادری

اور سورج کو گرہن لگے گا چنانچہ وہ گرہن لگ گیا۔ اور کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ مجھ سے پہلے کوئی اور بھی ایسا مدعی گذرا ہے جس کے دعویٰ کے وقت میں رمضان میں چاند اور سورج کا گرہن ہوا ہو سو یہ ایک بڑا بھاری نشان ہے جو اللہ تعالیٰ نے آسمان سے ظاہر کیا۔ دارقطنی کی حدیث میں کوئی اغلاق نہیں۔ جس طرح پر خسوف کسوف ظہور میں آیا وہ سراسر حدیث کے الفاظ کے موافق ہے چنانچہ میں نے اسی خسوف کسوف رمضان کی نسبت عربی میں ایک رسالہ لکھا ہے اس میں اس حدیث کی مفصّل شرح کر دی گئی ہے اور یہ کہنا کہ اس حدیث میں بعض راویوں پر محدثین نے جرح کیا ہے۔ یہ قول سراسر حماقت ہے۔ کیونکہ یہ حدیث ایک پیشگوئی پر مشتمل تھی جو اپنے وقت پر پوری ہو گئی۔ پس جبکہ حدیث نے اپنی سچائی کو آپ ظاہر کر دیا۔ تو اس کی صحت میں کیا کلام ہے۔ ایسے لوگ چارپائے ہیں نہ آدمی جن کے دل میں بعد قیام دلائل صحت پھر بھی شبہ رہ جاتا ہے فرض کیا کہ محدثین کی طرز تحقیق میں اس حدیث کی صحت میں کچھ شبہ رہ گیا تھا۔ مگر دوسرے پہلو سے وہ شبہ رفع ہو گیا۔ محدثین نے اس بات کا ٹھیکہ نہیں لیا کہ جو حدیث اُن کی نظر میں قاعدہ تنقید رُواۃ کی رُو سے کچھ ضعف رکھتی ہو۔ وہ ضعف کسی دوسرے طریق سے دُور نہ ہو سکے۔ اس حدیث کو تو کسی شخص نے وضعی قرار نہیں دیا اور اہل سنت اور شیعہ دونوں میں پائی جاتی ہے اور اہل حدیث خوب جانتے ہیں کہ صرف محدثین کا فتویٰ قطعی طور پر کسی حدیث کے صدق یا کذب کا مدار نہیں ٹھہر سکتا۔ بلکہ یہانتک ممکن ہے کہ ایک حدیث کو محدثین نے وضعی قرار دیا ہو اور اس حدیث کی پیشگوئی اپنے وقت پر پوری ہو جائے اور اس طرح پر اُس حدیث کی صحت کھُل جائے ہمیں اصل غرض تحقیق صحت سے ہے نہ محدثین کے قواعد سے۔

پس یہ نہایت بے ایمانی اور بد دیانتی ہے کہ جب خدا تعالیٰ کسی اور پہلو سے کسی حدیث کو ظاہر کر دے اور اطمینان بخش ثبوت دیدے تب بھی ان ظنون فاسدہ کو نہ چھوڑیں کہ فلاں شخص نے فلاں راوی کی نسبت یہ شکوک پیش کئے تھے۔ یہ ایسی ہی بات ہے جیسا کہ معتبر راویوں کے بیان سے

ضرور اُس کو اس خطرناک خدمات پادریانہ منصب سے علیحدہ کر دیں۔ اور اس کو اس نوکری سے موقوف کر دینا سراسر اُس پر احسان ہے۔ ورنہ معلوم نہیں کہ اس گندی پلید زبان کا انجام کیا ہوگا۔ منہ

کسی کی موت ثابت ہو اور پھر وہ شخص جو مُردہ قرار دیا گیا ہے حاضر ہو جائے اور اس کے حاضر ہونے پر بھی اُس کی زندگی پر اعتبار نہ کریں اور یہ کہیں کہ راوی بہت معتبر ہیں ہم اس کو زندہ نہیں مان سکتے۔ ایسا ہی ان بدبخت مولویوں نے علم تو پڑھا مگر عقل ابتک نزدیک نہیں آئی۔

اس جگہ اس حکمت کا بیان کرنا بھی فائدہ سے خالی نہیں کہ خدا تعالیٰ نے مہدی موعود کا نشان چاند اور سورج کے خسوف کسوف کو جو رمضان میں ہوا کیوں ٹھہرایا اس میں کیا بھید ہے سو جاننا چاہیئے کہ خدا تعالیٰ کے علم میں تھا کہ علماء اسلام مہدی کی تکفیر کریں گے۔ اور کفر کے فتوے لکھیں گے چنانچہ یہ پیشگوئی آثار اور احادیث میں موجود ہے کہ ضرور ہے کہ مہدی موعود اپنی قبولیت کے وقت سے پہلے علماء زمانہ کی طرف سے اپنی نسبت کفر کے فتوے سُنے اور اس کو کافر اور بے ایمان کہیں اور اگر ممکن ہو تو اس کے قتل کرنے کی تدبیر کریں۔ سو چونکہ علماء امت اور فقراء ملت زمین کے آفتاب اور ماہتاب کی طرح ہوتے ہیں اور انہیں کے ذریعہ سے دنیا کی تاریکی دُور ہوتی ہے۔ اس لئے خدا تعالےٰ نے آسمان کے اجرام چاند اور سورج کی تاریکی کو علماء اور فقراء کے دلوں کی تاریکی پر دلیل ٹھہرائی ہے۔ گویا پہلے کسوف خسوف زمین کے چاند اور سورج پر ہوا کہ علماء اور فقراء کے دل تاریک ہو گئے اور پھر اسی تنبیہ کے لئے آسمان پر خسوف کسوف ہوا۔ تا معلوم ہو کہ وہ بلا جس نے علماء اور فقراء کے دلوں پر نازل ہو کر خسوف کسوف کی حالت میں اُن کو کر دیا آسمان نے اس کی گواہی دی۔ کیونکہ آسمان زمین کے اعمال پر گواہی دیتا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں بھی شق قمر کی یہی حکمت تھی کہ جن کو پہلی کتابوں کے علم کا نور ملا تھا وہ لوگ اس نُور پر قائم نہ رہے اور اُن کی دیانت اور امانت ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی۔ سو اس وقت بھی آسمان کے شق القمر نے ظاہر کر دیا کہ زمین میں جو لوگ نور کے وارث تھے اُنہوں نے تاریکی سے پیار کیا ہے اور اس جگہ یہ بات قابل افسوس ہے کہ مدت ہوئی کہ آسمان کا خسوف کسوف جو رمضان میں ہوا وہ جاتا رہا اور چاند اور سورج دونوں صاف اور روشن ہو گئے مگر ہمارے وہ علماء اور فقراء جو شمس العلماء اور بدر العرفاء کہلاتے ہیں وہ آجتک اپنے کسوف خسوف میں گرفتار ہیں اور رمضان میں کسوف خسوف ہونا اس بات کی طرف

اشارہ تھا کہ رمضان نزول قرآن اور برکات کا مہینہ ہے اور مہدی موعود بھی رمضان کے حکم میں ہے کیونکہ اس کا زمانہ بھی رمضان کی طرح نزول معارف قرآن اور ظہور برکات کا زمانہ ہے سو اُس کے زمانہ میں علماء کا اُس سے مُنہ پھیرنا اس کو کافر قرار دینا گویا رمضان میں خسوف کسوف ہونا ہے اگر کسی کو ایسی خواب آئے کہ رمضان میں خسوف کسوف ہوا تو اس کی یہی تعبیر ہے کہ کسی بابرکت انسان کے زمانہ میں علماء وقت اُس کی مخالفت کرینگے اور سب اور توہین اور تکفیر سے پیش آوینگے۔ اور وہ شخص موعود مہدی کے نام سے بھی اس لئے نامزد کیا گیا ہے تا اس بات کی طرف اشارہ کیا جائے کہ لوگ اُس کو مہدی یعنی ہدایت یافتہ نہیں سمجھینگے بلکہ کافر اور بیدین کہیں گے سو یہ نام پہلے سے بطور ردّ ب اور دفع کے مقرر کیا گیا جیسا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مذمّت کرنیوالوں کے ردّ کے لئے **محمّد** رکھا گیا۔ تا اس بات کی طرف اشارہ ہو کہ اس قابل تعریف نبی کی شریر اور خبیث لوگ مذمت کریں گے مگر وہ **محمّد** ہے یعنی نہایت تعریف کیا گیا نہ کہ مذمّم۔

اب یہ بھی یاد رکھنا چاہئیے کہ حدیث میں دو خسوف کسوف کا وعدہ تھا۔ ایک علماء اور فقراء کے دلوں کا خسوف کسوف اور دوسرے چاند اور سورج کا کسوف خسوف۔ سو زمین کا خسوف کسوف تو علماء اور فقراء نے اپنے ہاتھ سے پورا کیا کیونکہ انھوں نے علم اور معرفت کی روشنی پا کر پھر اُس شخص سے عمداً منہ پھیرا جس کو قبول کرنا چاہئیے تھا۔ اور ضرور تھا کہ ایسا کرتے کیونکہ لکھا گیا تھا کہ ابتدا میں مہدی موعود کو کافر قرار دیا جائیگا۔ سو انہوں نے مجھے کافر قرار دے کر اس نوشتہ کو پورا کر دیا۔ اور دوسرا حصہ آسمان میں پورا ہوا۔

اس جگہ یہ بھی یاد رہے کہ مہدی کو اسی طرح حدیث میں آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہرایا گیا جس طرح حدیث میں عیسائیوں کو آل عیسیٰ ٹھہرایا گیا۔

اب نشان مانگنے والے سوچیں کہ کیا یہ خسوف کسوف نشان نہیں ہے۔ کیا خسوف و کسوف ظاہر نہیں کرتا کہ مہدی موعود پیدا ہو گیا۔ اور وہ وہی ہے جس کی تکذیب کی گئی جس کو کافر ٹھہرایا گیا کیونکہ **نشان اسی کی تصدیق کیلئے ہوتا ہے جس کو قبول نہ کیا جائے** افسوس ہمارے نادان علماء اور مغرور فقراء نہیں سوچتے کہ آثار اور احادیث میں مہدی موعود کی یہی نشانی تھی۔ کہ پہلے

اُس کو بڑے زور شور سے کافر ٹھہرایا جائے گا اور پھر اُس کی تصدیق کے لئے آسمان پر رمضان میں خسوف کسوف ہوگا۔ سو نہایت صفائی سے یہ نشانی پوری ہو گئی۔ کیا وہ لوگ ابتک متقی اور پرہیزگار کہلاتے ہیں جو اس قدر کھلا کھلا نشان ظاہر ہونے پر بھی حق کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ ان کے دلوں میں خدا تعالے کا خوف پیدا نہیں ہوتا۔ یہ کیسے اُن کے دلوں پر قفل ہیں جنہوں نے ایک ذرہ تصدیق سے کام نہ لیا۔

اور منجملہ آسمانی نشان کے ایک نشان میرزا احمد بیگ ہوشیار پوری کی موت ہے۔ آپ لوگ جانتے ہیں کہ پیشگوئی میں صاف لفظوں میں لکھا گیا تھا کہ وہ اپنی دختر کے روز نکاح سے تین برس تک فوت ہو جائیگا چنانچہ روز نکاح سے ابھی چھ مہینے نہیں گذرے تھے۔ کہ وہ بمقام ہوشیار پور فوت ہو گیا۔ اب سوچو کیا یہ نشان نہیں ہے۔ کیا یہ علم غیب بجز خدا کے اور کسی کو بھی حاصل ہے مگر اس پیشگوئی کا دوسرا حصہ جو اس کے داماد کی موت ہے وہ الہامی شرط کی وجہ سے دوسرے وقت پر جا پڑا اور داماد اس کا الہامی شرط سے اسی طرح متمتع ہوا جیسا کہ آتھم ہوا۔ کیونکہ احمد بیگ کی موت کے بعد اُس کے وارثوں میں سخت مصیبت برپا ہوئی۔ سو ضرور تھا کہ وہ الہامی شرط سے فائدہ اُٹھاتے۔ اور اگر کوئی بھی شرط نہ ہوتی تاہم وعید سنت اللہ یہی تھی جیسا کہ یونس کے دنوں میں ہوا۔ پس اس کا داماد تمام کنبہ کے خوف کی وجہ سے اور اُن کے توبہ اور رجوع کے باعث سے اس وقت فوت نہ ہوا۔ مگر یاد رکھو کہ خدا کے فرمودہ میں تخلف نہیں اور انجام وہی ہے جو ہم کئی مرتبہ لکھ چکے ہیں۔ خدا کا وعدہ ہرگز ٹل نہیں سکتا۔ غرض احمد بیگ کی موت بھی خدا کے نشانوں میں سے ایک نشان ہے۔

اسی طرح بہت امور غیبیہ ہیں جو ظہور میں آئے۔ چنانچہ پنڈت دیانند کی موت کی خبر قبل از وقت دینا۔ دلیپ سنگھ کے اپنے ارادہ سیر ہندوستان میں ناکام رہنے کی خبر قبل از وقت دینا۔ مہر علی ہوشیار پوری کی مصیبت کی خبر قبل از وقت دینا۔ یہ ایسے امور ہیں جو صدہا آدمی اس پر گواہ ہیں۔ اور تین ہزار کے قریب وہ اخبار غیب ہیں جن پر وقتاً فوقتاً صحبت میں رہنے والے اطلاع پاتے گئے جن میں سے بہت اب تک موجود ہیں۔ اور میں سچ سچ کہتا ہوں کہ ہر ایک شخص جو کسی مدت معقول تک میری صحبت میں رہا ہے ضرور اس نے کوئی نشان بھی دیکھا ہے۔ ایسا کوئی نہیں

جو ایک مدت تک میرے پاس رہا ہو اور پھر اُس نے کوئی نشان نہ دیکھا ہو اور نہ کوئی خبر غیب سُنی ہو
میاں عبدالرحیم یا عبدالواحد پسران مولوی عبداللہ صاحب غزنوی جو اس وقت مجھ کو کافر ٹھہراتے
ہیں اور سخت مخالف ہیں ذرہ اُن کو قسم دیکر پوچھئے کہ کیا مقام ہوشیارپور میں جس کو گیارہ برس گذر گئے میں نے یہ الہام
نہیں سنایا تھا ایتھا المرأۃ توبی توبی فان البلاء علٰے عقبک یعنی اے عورت (عورت سے
مراد احمد بیگ ہوشیارپوری کی بیوی کی والدہ ہے) توبہ کر توبہ کر کہ تیری دختر اور دختر دختر پر بلا نازل
ہونیوالی ہے۔ سو ایک بلا تو نازل ہو گئی کہ احمد بیگ فوت ہو گیا۔ اور بنت البنت کی بلا باقی ہے جس کو
خدا تعالیٰ نہیں چھوڑیگا جب تک پورا نہ کرے۔ مگر چونکہ اس الہام میں توبی کا لفظ توبہ کی شرط کو ظاہر کر رہا
تھا۔ اور اس شرط کو احمد بیگ کی موت کے بعد اس کے وارثوں نے پورا کر دیا اور وہ بہت ڈرے اور
اپنے داماد کے لئے دُعا اور رجوع میں لگ گئے اس لئے احمد بیگ کے داماد کی موت میں سنت اللہ
کے موافق تاخیر ہو گئی کیونکہ وہ خوف جو احمد بیگ کی موت نے اُن کے دلوں میں بٹھا دیا وہی توبہ کا باعث
ہوا۔ یہ تو ظاہر ہے کہ تجربہ انسان کے دل پر بڑا قوی اثر ڈالتا ہے اور اس کے دل کو خوف سے بھر دیتا ہے
سو احمد بیگ کی موت کے بعد ان کا حال ایسا ہی ہوا۔

اسی طرح شیخ محمد حسین بٹالوی کو حلفاً پوچھنا چاہیئے کہ کیا یہ قصہ صحیح نہیں کہ یہ عاجز اس
شادی سے پہلے جو دہلی میں ہوئی اتفاقاً اس کے مکان پر موجود تھا اُس نے سوال کیا کہ کوئی الہام مجھ کو سُناؤ
میں نے ایک تازہ الہام جو انہیں دنوں میں ہوا تھا اور اس شادی اور اس کی دُوسری جُز پر دلالت کرتا تھا
اُس کو سُنایا۔ اور وہ یہ تھا کہ بِکْرٌ وَثَیِّبٌ یعنی مقدر یوں ہے کہ ایک بکر سے شادی ہو گی اور پھر
بعدہ ایک بیوہ سے میں اس الہام کو یاد رکھتا ہوں مجھے امید نہیں کہ محمد حسین نے بھلا دیا ہو مجھے اس کا
وہ مکان یاد ہے جہاں کرسی پر بیٹھ کر میں نے اُس کو الہام سُنایا تھا اور احمد بیگ کے قصہ کا ابھی نام نشان
نہ تھا اور نہ ابھی اس دوسری شادی کا کچھ ذکر تھا۔ پس اگر وہ سمجھے تو سمجھ سکتا ہے کہ یہ خدا کا نشان تھا جس کا
ایک حصہ اُس نے دیکھ لیا اور دوسرا حصہ جو ثیّب یعنی بیوہ کے متعلق ہے دوسرے وقت میں دیکھ لیگا۔

پھر ایک اور الہام ہے جو فروری ۱۸۸۶ء میں شائع ہوا تھا۔ اور وہ یہ ہے کہ

خدا تین کو چار کریگا۔ اُس وقت اِن تین لڑکوں کا جو اَب موجود ہیں نام و نشان نہ تھا اور اس الہام کے معنی یہ تھے کہ تین لڑکے ہونگے اور پھر ایک اور ہوگا جو تین کو چار کر دے گا۔ سو ایک بڑا حصہ اُس کا پورا ہوگیا یعنے خدا نے تین لڑکے مجھ کو اس نکاح سے عطا کئے جو تینوں موجود ہیں صرف ایک کی انتظار ہے جو تین کو چار کرنیوالا ہوگا۔ اب دیکھو یہ کیسا بزرگ نشان ہے۔ کیا انسان کے اختیار میں ہے کہ اوّل افترا کے طور پر تین یا چار لڑکوں کی خبر دے اور پھر وہ پیدا بھی ہو جائیں۔

پھر ایک اور نشان یہ ہے جو یہ تین لڑکے جو موجود ہیں۔ ہر ایک کے پیدا ہونے سے پہلے اُس کے آنے کی خبر دی گئی ہے چنانچہ **محمود** جو بڑا لڑکا ہے اس کی پیدائش کی نسبت اس سبز اشتہار میں صریح پیشگوئی معہ محمود کے نام کے موجود ہے جو پہلے کی وفات کے بارے میں شائع کیا گیا تھا۔ جو رسالہ کی طرح کئی ورقوں کا اشتہار سبز رنگ کے ورقوں پر ہے۔ اور **بشیر** جو درمیانی لڑکا ہے اُس کی خبر ایک سفید اشتہار میں موجود ہے جو سبز اشتہار کے تین سال بعد شائع کیا گیا تھا اور **شریف** جو سب سے چھوٹا لڑکا ہے اس کے تولّد کی نسبت پیشگوئی ضیاء الحق اور انوار الاسلام میں موجود ہے اب دیکھو کہ کیا یہ خدائے عالم الغیب کا نشان نہیں ہے کہ ہر ایک بشارت کے وقت میں قبل از وقت وہ بشارت دیتا رہا۔

پھر ایک اور پیشگوئی ہے جو ابھی ظہور میں آئی ہے یعنی وہ جلسہ مذاہب جو لاہور میں ہوا تھا۔ اس کی نسبت مجھے پہلے سے خبر دی گئی کہ وہ مضمون جو میری طرف سے پڑھا جائے گا وہ سب مضمونوں پر غالب رہے گا چنانچہ میں نے قبل از وقت اس بارے میں اشتہار دیدیا جو حاشیہ میں لکھا جاتا ہے

نقل اشتہار مطابق اصل

هو

سچائی کے طالبوں کے لئے ایک عظیم الشان خوشخبری

جلسہ اعظم مذاہب جو لاہور ٹاؤن ہال میں ۲۶-۲۷-۲۸ دسمبر ۱۸۹۶ء کو ہوگا۔ اس میں اس عاجز کا ایک مضمون قرآن شریف کے کمالات اور معجزات کے بارہ میں پڑھا جائے گا۔ یہ وہ مضمون ہے جو انسانی طاقتوں سے برتر اور خدا کے نشانوں میں سے ایک نشان اور خاص

اور اس الہام کے موافق میرے اُس مضمون کی جلسہ مذاہب میں ایسی قبولیت ظاہر ہوئی کہ مخالفوں نے

اس کی تائید سے لکھا گیا ہے۔ اس میں قرآن شریف کے وہ حقائق اور معارف درج ہیں۔ جن سے آفتاب کی طرح روشن ہو جائیگا کہ درحقیقت یہ خدا کا کلام اور ربّ العالمین کی کتاب ہے۔ اور جو شخص اس مضمون کو اوّل سے آخر تک پانچوں سوالوں کے جواب میں سُنے گا۔ میں یقین کرتا ہوں کہ ایک نیا ایمان اس میں پیدا ہوگا۔ اور ایک نیا نور اس میں چمک اُٹھے گا۔ اور خدا تعالیٰ کے پاک کلام کی ایک **جامع تفسیر** اس کے ہاتھ آجائے گی۔ یہ میری تقریر انسانی فضولیوں سے پاک اور لاف و گزاف کے داغ سے منزّہ ہے۔ مجھے اس وقت محض بنی آدم کی ہمدردی نے اس اشتہار کے لکھنے کے لئے مجبور کیا ہے کہ تا وہ قرآن شریف کے حسن و جمال کا مشاہدہ کریں اور دیکھیں کہ ہمارے مخالفوں کا کس قدر ظلم ہے کہ وہ تاریکی سے محبت کرتے اور اس نور سے نفرت رکھتے ہیں۔ مجھے خدائے علیم نے **الہام** سے مطلع فرمایا ہے۔ کہ یہ وہ مضمون ہے جو **سب پر غالب آئے گا**۔ اور اس میں سچائی اور حکمت اور معرفت کا وہ نور ہے جو دوسری قومیں بشرطیکہ حاضر ہوں اور اس کو اوّل سے آخر تک سُنیں۔ شرمندہ ہو جائیں گی۔ اور **ہرگز** قادر نہیں ہوں گے کہ اپنی کتابوں کے یہ کمال دکھلا سکیں۔ خواہ وہ عیسائی ہوں خواہ آریہ خواہ سناتن دھرم والے یا کوئی اور۔ کیونکہ خدا تعالیٰ نے **ارادہ فرمایا ہے**۔ کہ اُس روز اس کی پاک کتاب کا جلوہ ظاہر ہو۔ میں نے **عالم کشف** میں اس کے متعلق دیکھا کہ میرے محل پر غیب سے ایک ہاتھ مارا گیا اور اس ہاتھ کے چھونے سے اس محل میں سے ایک نور ساطعہ نکلا جو ارد گرد پھیل گیا۔ اور میرے ہاتھوں پر بھی اس کی روشنی پڑی۔ تب ایک شخص جو میرے پاس کھڑا تھا وہ بلند آواز سے بولا کہ **اللہ اکبر خربت خیبر**۔ اس کی تعبیر یہ ہے کہ اس محل سے میرا دل مراد ہے جو جائے نزول و حلول انوار ہے اور وہ نور قرآنی معارف ہیں اور خیبر سے مراد تمام خراب مذہب ہیں جن میں شرک اور باطل کی ملونی ہے۔ اور انسان کو خدا

٭ سوامی شوگن چندر صاحب نے اپنے اشتہار میں مسلمانوں اور عیسائی صاحبان اور آریہ صاحبوں کو قسم دی تھی کہ ان کے نامی علماء اس جلسہ میں اپنے اپنے مذہب کی خوبیاں ضرور بیان فرماویں۔ سو ہم سوامی صاحب کو اطلاع دیتے ہیں کہ ہم اس بزرگ قسم کی عزت کیلئے آپ کی منشاء کو پورا کرنے کیلئے تیار ہو گئے ہیں۔ اور انشاء اللہ ہمارا مضمون آپ کے جلسہ میں پڑھا جائیگا۔ اسلام وہ مذہب ہے جو خدا کا نام درمیان آنے سے سچے

بھی اقرار کیا ہے کہ وہ مضمون سب سے اوّل رہا ہے۔ اور یہ اشتہار الہامی محمد حسین بٹالوی اور احمد اللہ اور ثناء اللہ مولویان امرتسری اور عیسائیوں کو بھی قبل از وقت بھیجا گیا تھا۔

اب بتلاویں کیا یہ خدا کا نشان نہیں ہے کہ خدا نے مجھے پہلے سے خبر دی کہ سب پر تیرا ہی مضمون غالب رہے گا۔ پس وہ مضمون جس عظمت کی نگاہ سے سُنا گیا۔ اور جس تعظیم سے شہر لاہور میں اس کی دھوم مچ گئی۔ کیا محمد حسین اس سے بے خبر ہے یا ثناء اللہ اس واقعہ سے ناواقف ہے۔ پس یہ بے ایمانی کیسی ہے۔ جو صریح نشانوں

کی جگہ دی گئی۔ یا خدا کی صفات کو اپنے کامل محل سے نیچے گرا دیا ہے۔ سو مجھے جتلایا گیا کہ اس مضمون کے خوب پھیلنے کے بعد جھوٹے مذہبوں کا جھوٹ کھُل جائے گا۔ اور قرآنی سچائی دن بدن زمین پر پھیلتی جائے گی۔ جب تک کہ اپنا دائرہ پورا کرے پھر میں اس کشفی حالت سے الہام کی طرف منتقل کیا گیا۔ اور مجھے یہ الہام ہوا۔

اِنَّ اللّٰہ معک ان اللّٰہ یقوم اینما قمتَ

یعنی خدا تیرے ساتھ ہے خدا وہیں کھڑا ہوتا ہے۔ جہاں تو کھڑا ہو۔ یہ حمایت الٰہی کے لئے ایک استعارہ ہے۔

اب میں زیادہ لکھنا نہیں چاہتا۔ ہر ایک کو یہی اطلاع دیتا ہوں۔ کہ اپنا اپنا حرج بھی کرکے ان معارف کے سُننے کے لئے ضرور بمقام لاہور تاریخ جلسہ پر آ دیں۔ کہ اُن کی عقل اور ایمان کو اس سے وہ فائدے حاصل ہوں گے۔ کہ وہ گمان نہیں کر سکتے ہوں گے۔

والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ

خاکسار غلام احمد از قادیان ۲۱ دسمبر ۱۸۹۶ء

مسلمان کو کامل اطاعت کی ہدایت فرماتا ہے۔ لیکن اب ہم دیکھیں گے کہ آپ کے بھائی آریوں اور پادری صاحبوں کو ان کے پرمیشر یا یسوع کی عزت کا کس قدر پاس ہے۔ اور وہ ایسے عظیم الشان قدوس کے نام پر حاضر ہونے کے لئے مستعد ہیں یا نہیں۔ منہ

سے انکار کرتے ہیں۔ کیا اس قدر اخبارِ غیب ✤ کوئی خود بخود تراش سکتا ہے۔ اور کیا یہ ایک کذّاب کی نشانی ہے۔ کہ اس طور سے خدا اُس کی تائید کرے اور ایسے عام جلسوں میں جھوٹے دجّال کو عزت

✤ **حاشیہ** دنیا میں بہت نادان اس دھوکہ میں پڑے ہوئے ہیں۔ کہ وہ اس اعلام غیب کو جو خدا تعالیٰ کے خاص بندوں کو اس کی طرف سے ہوتا ہے بنظر توہین اور تحقیر دیکھتے ہیں۔ بعض جاہل سجادہ نشین اور فقیری اور مولویت کے شتر مُرغ الہام کے معارف کو سُنتے ہی جلد بول اٹھتے ہیں کہ یہ کچھ حقیقت نہیں۔ یہ تو ہمارے ادنیٰ مریدوں کو بھی ہوا کرتا ہے۔ بعض کہہ دیتے ہیں کہ یہ ابتدائی حالات کا ایک ناقص مرتبہ ہے جس سے آگے گذر جانا چاہیئے۔ اور ہم نے اپنی دستگیری سے مُریدوں کو اُوپر کی طرف کھینچنا ہے۔ یہ کچھ نہیں۔ ہیچ ہے۔

لیکن جاننا چاہیئے کہ یہ سب شیاطین الانس ہیں اور چاہتے ہیں کہ کسی طرح خدا کے نور کو بجھا دیں۔ یہ تو سچ ہے کہ کبھی سچی خواب ادنیٰ مومن یا کافر کو بھی آجاتی ہے۔ اور کوئی ٹوٹا پھوٹا فقرہ الہام کے رنگ میں ہر ایک مومن کے دل میں القاء ہو سکتا ہے بلکہ کبھی ایک فاسق بھی تنبیہہ یا ترغیب کے طور پر پا سکتا ہے۔ مگر وہ امر جس کو یہ عاجز پیش کرتا ہے یعنی **مکالمات الٰہیہ** وہ بغیر خاص اور برگزیدہ بندوں کے کسی کو عطا نہیں کیا جاتا۔ یہ تو ظاہر ہے کہ ادنےٰ مشارکت سے کوئی شخص اس لقب کا مستحق نہیں ہو سکتا جو حضرت احدیت کے فضل سے اکمل اور اتم فرد کے لئے مخصوص ہے۔ دنیا کے کمالات کی طرف نظر کر کے دیکھو۔ کیا کسی دیوار پر ایک اینٹ لگانے سے کوئی شخص کامل معماروں میں شمار ہو سکتا ہے یا ایک دوا بتلانے سے ڈاکٹر کہلا سکتا ہے۔ یا عربی یا انگریزی کا ایک لفظ سیکھنے سے اس زبان کا امام تسلیم کیا جا سکتا ہے۔ یوں تو چوہڑوں چماروں اور فاسقوں کو بھی خدا کے پاک نبیوں سے خواب دیکھنے میں مشارکت ہے۔ مگر کیا اس ایک ذرہ سی مشارکت سے تمام فاسق انبیاء کے ہم پایہ اور ہم مرتبہ شمار کئے جائیں گے۔

یہ جہلاء کی غلطیاں ہیں کہ جو قلّت تدبّر سے اُن کے نفوس امّارہ پر محیط ہو رہی ہیں۔ ہاں یہ سچ ہے کہ ناتمام صوفیوں بلکہ فاسقوں اور فاجروں اور کافروں سے بھی خدا تعالیٰ کی یہ سنّت جاری ہے کہ کبھی وہ سچّی خوابیں دیکھتے ہیں۔ بعض وقت کوئی ٹوٹا پھوٹا فقرہ بطور الہام بھی سُن لیتے ہیں۔ بعض وقت کشفی طور پر کسی مُردہ کو دیکھ لیتے یا کشفِ قبور کے رنگ میں کسی رُوح سے ملاقات کر لیتے ہیں۔ مگر وہ ایسے ناتمام نظاروں سے کسی کمال کے وارث نہیں کہلا سکتے۔ اور خدا تعالیٰ ان بدکاروں یا ناتمام فقیروں کو اس لئے رُؤیا یا کشف یا

دے اور محمد حسین جیسے راستباز کو اگر وہ راستباز ہے ذلیل اور رُوسیاہ کرے۔ کیا یہ خدا کا فعل تھا یا

بقیہ حاشیہ

الہام کا مزہ چکھا تا ہے کہ تا وہ یقین کر لیں کہ یہ قوت تخمی طور پر ہر ایک میں موجود ہے۔ اور ہر ایک کے لئے ترقی کی راہ کھُلی ہے خدا نے کسی کو روکنا نہیں چاہا۔ سو یہ نمایش جو نا تمام فقراء یا فاسقوں اور فاجروں کو ہوتی ہے۔ یہ صرف اسی غرض کے لئے ہے کہ تا ان کی ہمتیں مضبوط ہوں۔ اور اُن کا شوق بڑھے اور آگے قدم رکھنے کے لئے تیار ہوں۔ اور اس نمایش میں بہت سی اضغاث احلام بھی داخل ہو جاتی ہیں۔

غرض کمال کی یہ علامت نہیں۔ ہاں صحت استعداد کی کسی قدر علامت ہے۔ اور میں اعلان سے کہتا ہوں کہ جس قدر فقراء میں سے اس عاجز کے مکفّر یا مکذّب ہیں وہ تمام اس کامل نعمت مکالمہ الٰہیہ سے بے نصیب ہیں اور محض یاوہ گو اور ژاژخا ہیں۔

اور مکالمہ الٰہیہ کی حقیقت یہ ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے نبیوں کی طرح اس شخص کو جو فنافی اللہ ہے اپنے کامل مکالمہ کا شرف بخشے۔ اس مکالمہ میں وہ بندہ جو کلیم اللہ ہو خدا سے گویا آمنے سامنے باتیں کرتا ہے۔ وہ سوال کرتا ہے خدا اس کا جواب دیتا ہے۔ گو ایسا سوال جواب پچاسؔ دفعہ واقعہ ہو یا اس سے بھی زیادہ۔ خدا تعالیٰ اپنے مکالمہ کے ذریعہ سے تینؔ نعمتیں اپنے کامل بندہ کو عطا فرماتا ہے۔ **اوّل**۔ اُن کی اکثر دُعائیں قبول ہوتی ہیں۔ اور قبولیت سے اطلاع دی جاتی ہے۔ **دوم** اس کو خدا تعالیٰ بہت سے امور غیبیہ پر اطلاع دیتا ہے۔ **سوم**۔ اس پر قرآن شریف کے بہت سے علوم حکمیہ بذریعہ الہام کھولے جاتے ہیں۔ پس جو شخص اس عاجز کا مکذّب ہو کر پھر یہ دعویٰ کرتا ہے کہ یہ ہنر مجھ میں پایا جاتا ہے میں اس کو خدا تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں کہ ان تینوں باتوں میں میرے ساتھ مقابلہ کرے اور فریقین میں قرآن شریف کے کسی مقام کی سات آیتیں تفسیر کیلئے بالاتفاق منظور ہو کر اُن کی تفسیر دونوں فریق لکھیں یعنے فریق مخالف اپنے الہام سے اس کے معارف لکھے اور میں اپنے الہام سے لکھوں اور چند ایسے الہام قبل از وقت وہ پیش کرے جن میں قبولیت دعا کی بشارت ہو۔ اور وہ دعا فوق الطاقت ہو۔ ایسا ہی میں بھی پیش کروں اور چند امور غیبیہ جو آنیوالے زمانہ سے متعلق ہیں۔ وہ قبل از وقت ظاہر کرے اور ایسا ہی میں بھی ظاہر کروں اور دونوں فریق کے یہ بیان اشتہارات کے ذریعہ سے شائع ہو جائیں تب ہر ایک کا صدق کذب کھُل جائیگا۔ مگر یاد رکھنا چاہیئے کہ ہرگز ایسا نہیں کر سکیں گے مکذّبین کے دلوں پر خدا کی لعنت ہے خدا ان کو نہ قرآن کا نور دکھلائیگا نہ بالمقابل دُعا کی استجابت جو اعلام قبل از وقت کے ساتھ ہو اور نہ امور غیبیہ پر اطلاع دیگا لَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖۤ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ[1] پس اب میں نے یہ اشتہار دیدیا ہے

جو شخص اس کے بعد سیدھے طریق سے میرے ساتھ مقابلہ نہ کرے اور نہ تکذیب سے باز آوے وہ خدا کی لعنت فرشتوں کی لعنت اور تمام صلحاء کی لعنت کے نیچے ہے۔ وما علی الرسول الا البلاغ۔ منہ

[1] الجنّ: ۲۷-۲۸

انسان کا منصوبہ۔

ماسوا اس کے میں دوبارہ حق کے طالبوں کے لئے عام اعلان دیتا ہوں کہ اگر وہ اب بھی نہیں مجھے تو نئے سرے اپنی تسلی کر لیں۔ اور یاد رکھیں کہ خدا تعالیٰ سے چھ طور کے نشان میرے ساتھ ہیں۔

اوّل۔ اگر کوئی مولوی عربی کی بلاغت فصاحت میں میری کتاب کا مقابلہ کرنا چاہیگا۔ تو وہ ذلیل ہوگا میں ہر ایک متکبر کو اختیار دیتا ہوں کہ اسی عربی مکتوب کے مقابل پر طبع آزمائی کرے۔ اگر وہ اس عربی کے مکتوب کے مقابل پر کوئی رسالہ بالتزام مقدار نظم و نثر بنا سکے اور ایک مادری زبان والا جو عربی ہو قسم کھا کر اس کی تصدیق کر سکے تو میں کاذب ہوں۔ **دوم**۔ اور اگر یہ نشان منظور نہ ہو۔ تو میرے مخالف کسی سورۃ قرآنی کی بالمقابل تفسیر بناویں یعنی رُوبرو ایک جگہ بیٹھ کر بطور فال قرآن شریف کھولا جاوے۔ اور پہلی سات آیتیں جو نکلیں اُن کی تفسیر میں بھی عربی میں لکھوں اور میرا مخالف بھی لکھے۔ پھر اگر میں حقائق معارف کے بیان کرنے میں صریح غالب نہ رہوں تو پھر بھی میں جھوٹا ہوں۔ **سوم**۔ اور اگر یہ نشان بھی منظور نہ ہو تو ایک سال تک کوئی مولوی نامی مخالفوں میں سے میرے پاس رہے۔ اگر اس عرصہ میں انسان کی طاقت سے برتر کوئی نشان مجھ سے ظاہر نہ ہو تو پھر بھی میں جھوٹا ہوں گا۔ **چہارم**۔ اور اگر یہ بھی منظور نہ ہو تو ایک تجویز یہ ہے کہ بعض نامی مخالف اشتہار دے دیں کہ اس تاریخ کے بعد ایک سال تک اگر کوئی نشان ظاہر ہو تو ہم توبہ کرینگے اور مصدق ہو جائیں گے۔ پس اس اشتہار کے بعد اگر ایک سال تک مجھ سے کوئی نشان ظاہر نہ ہوا۔ جو انسانی طاقتوں سے بالاتر ہو خواہ پیشگوئی ہو یا اور تو میں اقرار کروں گا کہ میں جھوٹا ہوں۔ **پنجم**۔ اور اگر یہ بھی منظور نہ ہو تو شیخ محمد حسین بطالوی اور دوسرے نامی مخالف مجھ سے مباہلہ کر لیں۔* پس اگر

* **حاشیہ**۔ مولوی ثناء اللہ امرتسری نے مباہلہ کی دعوت پر اطلاع پاکر اپنے خط میں مولوی عبدالحق غزنوی کے مباہلہ کا ذکر کیا ہے شاید اس ذکر سے اس کا یہ مطلب ہے کہ اس مباہلہ سے عبدالحق پر کوئی بلا نازل نہ ہوئی اور نہ اس طرف کوئی نیک اثر ہوا۔ سو میں اس کو اور اس کے رفیقوں کو اطلاع دیتا ہوں۔ کہ اول تو یہ بات صحیح نہیں ہے کہ اس مباہلہ کے بعد عبدالحق کو کوئی

مباہلہ کے بعد میری بد دُعا کے اثر سے ایک بھی خالی رہا تو میں اقرار کروں گا۔ کہ میں جھوٹا ہوں

واقعی ذلّت نہ پہنچی یا ہمیں کوئی واقعی عزت حاصل نہ ہوئی جیسا کہ میں آگے چل کر بیان کروں گا۔

بقیہ حاشیہ

ماسوا اس کے وہ مباہلہ درحقیقت میری درخواست سے نہیں تھا اور نہ میرا اس میں یہ مدعا تھا کہ عبدالحق پر بددُعا کروں اور نہ مَیں نے بعد مباہلہ کبھی اس بات کی طرف توجہ کی۔ اس بات کو اللہ تعالےٰ خوب جانتا ہے کہ مَیں نے کبھی عبدالحق پر بددُعا نہیں کی۔ اور اپنے دل کے جوش کو ہرگز اس طرف توجہ نہیں دیا۔ لیکن اب نااہل مولویوں کا ظلم انتہا سے گزر گیا۔ اس لئے اب میں آسمانی فیصلہ کے لئے خود ہر ایک مکفّر سے مباہلہ کی درخواست کرتا ہوں۔ اور اس لئے کہ بعد میں شبہات پیدا نہ ہوں مَیں نے یہ لازمی شرط ٹھہرا دی ہے کہ جو لوگ مباہلہ کے لئے بلائے گئے ہیں کم سے کم دس آدمی ان میں سے مباہلہ کی درخواست کریں تا خدا کی مدد صفائی سے ثابت ہو۔ اور کسی تاویل کی گنجائش نہ رہے اور تا کوئی بعد میں یہ نہ کہے کہ مقابل پر صرف ایک آدمی تھا۔ سو اتفاقاً اس پر کوئی مصیبت آ گئی۔ بعض خبیث طبع مولوی جو یہودیت کا خمیر اپنے اندر رکھتے ہیں۔ سچائی پر پردہ ڈالنے کے لئے یہ بھی کہا کرتے ہیں کہ گذشتہ مباہلہ میں عبدالحق کو فتح ہوئی۔ کیونکہ آتھم کے متعلق جو پیشگوئی کی تھی اس میں آتھم نہیں مرا۔ مگر یہ دل کے مجذوم اور اسلام کے دشمن یہ نہیں سمجھتے کہ کب اور کس وقت یہ الہام ظاہر کیا گیا تھا کہ آتھم ضرور میعاد کے اندر مرے گا اور کس اشتہار یا کتاب میں ہم نے لکھا تھا کہ اس عرصہ میں بغیر کسی شرط کے آتھم کی نسبت موت کا حکم ہے دنیا میں سب جانداروں سے زیادہ پلید اور کراہت کے لائق خنزیر ہے مگر خنزیر سے زیادہ پلید وہ لوگ ہیں جو اپنے نفسانی جوش کے لئے حق اور دیانت کی گواہی کو چھپاتے ہیں۔ اے مُردار خور مولویو۔ اور گندی روحو۔ تم پر افسوس کہ تم نے میری عداوت کے لئے اسلام کی سچی گواہی کو چھپایا۔ اے اندھیرے کے کیڑو۔ تم سچائی کی تیز شعاعوں کو کیونکر چھپا سکتے ہو۔ کیا ضرور نہ تھا کہ خدا اس پیشگوئی میں اپنی شرط کا لحاظ رکھتا۔ اے ایمان اور انصاف سے دُور بھاگنے والو سچ کہو کیا اس پیشگوئی میں کوئی ایسی شرط نہ تھی جس پر قدم مارنا آتھم کا اس کی موت میں تاخیر ڈال سکتا تھا۔ سو تم جھوٹ مت بولو اور وہ نجاست نہ کھاؤ جو عیسائیوں نے کھائی۔

آنکھ کھول کر دیکھو کہ یہ پیشگوئی اپنی تمام چمکوں کے ساتھ پوری ہو گئی۔ اب اس پیشگوئی کو ایک پیشگوئی نہ سمجھو بلکہ یہ دو پیشگوئیاں ہیں جو اپنے وقت پر ظہور میں آئیں۔

(۱) اوّل وہ پیشگوئی جو براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱ میں درج ہے۔ جس نے آج سے پندرہ برس

یہ طریق فیصلہ ہیں جو میں نے پیش کئے ہیں۔ اور میں ہر ایک کو خدا تعالیٰ کی قسم دیتا ہوں کہ اب سچے

بقیہ حاشیہ

پہلے صاف لفظوں میں یہ ظاہر کیا تھا کہ عیسائیوں کا ایک فتنہ برپا ہوگا۔ اور یہودی صفت
لوگ اُن کے ساتھ ملیں گے اور وہ حق کو چھپانے کے لئے بڑا مکر کریں گے۔ اور بہت ایذا دیں گے
آخر صدق ظاہر ہو جائے گا۔ سو وہی صدق تھا جس کی تائید میں پندرہ برس پہلے یہ پیشگوئی کی گئی۔
پھر میں کہتا ہوں کہ وہی صدق تھا جس نے آتھم کو پیشگوئی سننے کے بعد ایک مجرم کی طرح لرزاں
ہراساں بنا دیا تھا۔ پھر میں کہتا ہوں کہ وہی صدق تھا۔ جس نے آتھم کو تین جھوٹے بہتانوں
کے بنانے کے لئے مجبور کیا۔ پھر میں کہتا ہوں کہ وہی صدق تھا جس نے آتھم کو قسم
کھانے سے روکا۔ پھر میں کہتا ہوں کہ وہی صدق تھا۔ جس نے آتھم کو اس ایذا اُٹھانے کے
بعد نالش کرنے کی جرأت سے ڈرا دیا۔ پھر میں کہتا ہوں کہ وہی صدق تھا جس سے آتھم آخری الہام
کے موافق آخری اشتہار سے سات مہینے کے اندر تمام پادریوں کا منہ کالا کر کے قبر کے
گڑھے میں جا پڑا۔

آتھم کی پیشگوئی کو اگر اس پیشگوئی کے ساتھ جو پندرہ برس پہلے براہین احمدیہ
کے صفحہ ۲۴۱ میں لکھی گئی تھی۔ اکٹھا کر کے پڑھا جائے تو یہ ایک ایسا اعجاز نمایاں ہے۔ جس سے
بڑے بڑے کافروں کے دل نرم ہو سکتے ہیں۔ اور یہ پیشگوئی آفتاب کی طرح چمکتی ہوئی نظر
آتی ہے۔ مگر ان مولویوں کو کس سے تشبیہ دوں۔ وہ اُس بیوقوف اندھے سے مشابہت رکھتے ہیں
کہ جو آفتاب کے وجود سے منکر ہو گیا تھا۔ اور بڑے زور سے وعظ کرتا تھا کہ آفتاب کے وجود
پر کوئی بھی دلیل نہیں۔ تب آفتاب نے اس کو کہا کہ اے مادر زاد اندھے میں کونسی دلیل تجھ کو
بتلاؤں کہ تا تو میرے وجود کا قائل ہو جائے۔ سو بہتر ہے کہ تو خدا سے دعا کیا کرتا وہ تجھے
آنکھیں بخشے پھر جب تو سوجاکھا ہو جائے گا تو بآسانی مجھے دیکھ لے گا۔

یہ غضب کی بات ہے کہ جس واقعہ کی خبر خدا نے پندرہ برس پہلے دے دی اور اُسی
طور پر وہ واقعہ ظہور میں آیا۔ اور اپنی شرط کے موافق پورا ہوا۔ اور پھر دوسرے الہام کے موافق
جو اُسی زمانہ میں شائع ہو چکا۔ آتھم آخری اشتہار سے سات مہینے کے اندر قبر میں جا پہنچا اور سب
مراتب پیشگوئی کے پورے ہو گئے۔ اور اس جھگڑے کے متعلق جو ہم میں اور عیسائیوں میں نہایت
زور سے برپا ہوا۔ آج سے تیرہ سو برس پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی خبر دی۔
یہ سب کچھ ہوا مگر اب تک بعض بے ایمان اور اندھے مولوی اور خبیث طبع عیسائی اس

دل سے ان طریقوں میں سے کسی طریق کو قبول کریں یعنی یا تو میعاد دو ماہ میں جو مارچ ۱۸۹۷ء

بقیہ حاشیہ

آفتاب ظہور حق سے منکر ہیں۔ مولوی ثناء اللہ صاحب نے جو عبدالحق کے مباہلہ کا ذکر کرکے پھر مجملاً یہ اشارہ کیا ہے کہ آثار نصرت الٰہی بعد مباہلہ عبدالحق کی طرف تھے۔ یہ ایک عظیم الشان سچائی کا خون کیا ہے اور اس قدر ایک گندہ جھوٹ بولا ہے جس سے ایک مومن کا بدن کانپ جاتا ہے۔

افسوس یہ لوگ مولوی کہلانے کا تو بہت شوق رکھتے ہیں۔ مگر تقویٰ اور دیانت سے ایسے دُور ہیں کہ جیسے مشرق سے مغرب۔ اگر ان کلمات سے مولوی ثناء اللہ صاحب کا یہ مطلب ہے کہ عیسائیوں نے پیشگوئی کی میعاد کے بعد امرتسر میں بہت شور مچایا تھا۔ اور ناپاک فرقہ نصرانیوں کا طوائف کی طرح کوچوں اور بازاروں میں ناچتے پھرتے تھے۔ اور اس عاجز کو سب پادری اور اُن کے ہم سرشت مولوی اور پلید طبع بعض اخباروں والے گالیاں دیتے تھے اور طرح طرح کی بدزبانی کرتے تھے یہ گویا عبدالحق کے مباہلہ کا اثر تھا۔ تو میں مولوی ثناء اللہ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہر ایک جوش اور بدزبانی جس کی واقعات صحیحہ پر بنا نہ ہو اور محض اپنی غلط فہمی اور کوتہ اندیشی ہو۔ اہل حق کی عزت کو اُس سے کچھ نقصان نہیں پہنچ سکتا۔ اور نہ کسی مخالف کی اس سے فتح سمجھی جاسکتی ہے۔ بلکہ ایسے لوگوں کی یہ جھوٹی خوشی اخیر پر اُن کے لئے ایک لعنت سے بھرا ہوا عذاب ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ جن لوگوں نے ہمارے سید و مولےٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وطن سے نکالا اور بہت سی بے ادبیوں اور شوخیوں کے ساتھ پیش آئے یا فرعون نے جو کئی مرتبہ حضرت موسیٰ کو اپنے دربار سے دھکے دے کر باہر کر دیا۔ اور ان کا نام کافر رکھا اور اپنی دانست میں بہت بے عزتی کی ایسا ہی جب حضرت مسیح نے یہودیوں کو ایلیا کے نزول کے بارے میں اُن کے خیال کے موافق تسلّی بخش جواب نہ دیا۔ تو یہودیوں نے مسیح پر بہت ٹھٹھا مارا اور ان کا نام ملحد رکھا گیا۔ اور اکثر لوگوں نے اُن کو مارا اور اُن کے مُنہ پر تھوکا اور کوڑے بھی لگے اور اپنے خیال میں بڑی بے عزتی کی۔ لیکن درحقیقت یہ سب جھوٹی خوشیاں تھیں اور واقعات صحیحہ پر اُن کی بنیاد نہ تھی۔ اس لئے نہیں کہہ سکتے کہ ان بے ادبیوں سے اُن پاک نبیوں کی کوئی واقعی بے عزتی ہوگئی۔ یا کوئی واقعی فتح اُن کے مخالفوں کو میسر آئی۔ مثلاً دیکھو کہ اس زمانہ میں نجاست خوار پادری ہمارے سید و مولیٰ فخر المرسلین خاتم النبیین سید الاوّلین والآخرین کی کیسی بے ادبیاں کر رہے ہیں۔ ہزاروں گالیاں نکالتے ہیں جھوٹے بہتان لگاتے ہیں۔ نعوذ باللہ۔ ڈاکو۔ راہزن۔ زانی اپنی شیطانی سیرت سے نام رکھتے

کی دسش تاریخ تک مقرر کرتا ہوں۔ اس عربی رسالہ کا ایسا ہی فصیح بلیغ جواب چھاپ کر شائع کر دیا

بقیہ حاشیہ

ہیں۔ جیسا کہ ابھی ایک پلید ذریت شیطان فتح مسیح نام متعین فتح گڑھ نے اسی قسم کی آنجناب کی نسبت بے ادبیاں کیں۔ مگر کیا ان بدکاروں نجاست خواروں کی بے ادبیوں سے جو زندہ خدا کو چھوڑ کر ایک ناچیز مُردہ کی پُوجا میں لگ گئے ہیں۔ اس آفتاب ہدایت کی شان میں کچھ فرق آگیا ہے نہیں۔ بلکہ یہ تمام زیادتیاں انھیں پر حسرتیں ہیں۔

پس اسی طرح اگر اندھے پادریوں نے یا ایک چشم مولویوں نے آتھم کے مقدمہ کی حقیقت کو اچھی طرح نہ سمجھا اور بدزبانی کی تو اس **غلط فہمی** کی واقعی ذلت انھیں کو پہنچی اور اس خطا کی سیاہی انھیں کے مُنہ پر لگی اور سچائی کے چھوڑنے کی لعنت انہیں پر برسی۔ چنانچہ صدہا آدمیوں نے بعد اس کے رو رو کے توبہ کی کہ ہم غلطی پر تھے۔ غرض کسی جھوٹی خوشی سے کسی پر سچا الزام نہیں آسکتا اور نہ جھوٹے الزام سے کوئی واقعی دھبہ کسی کی عزت کو لگ سکتا ہے۔ اور نہ اس سے کسی کی واقعی فتح سمجھی جا سکتی ہے۔ بلکہ وہ انجام کے لحاظ سے ان لوگوں پر لعنت کا داغ ہے جنہوں نے ایسی جھوٹی خوشی کی۔

پس آتھم کی نسبت جس قدر پلیدوں اور نابکاروں نے خوشیاں کیں۔ اب وہی خوشیاں ندامت اور حسرت کا رنگ پکڑ گئیں۔

اب ڈھونڈو آتھم کہاں ہے۔ کیا پیشگوئی کے الفاظ کے مطابق وہ قبر میں داخل نہیں ہوا۔ کیا وہ ہاویہ میں نہیں گرایا گیا

اے اندھو! میں کب تک تمہیں بار بار بتلاؤں گا۔ کیا ضرور نہ تھا کہ خدا اپنی شرط کے موافق اپنے پاک الہام کو پورا کرتا۔ آتھم تو اسی وقت مر گیا تھا جبکہ میری طرف سے چار ہزار کے انعام کے ساتھ متواتر اس پر حجت پوری ہوئی اور وہ سر نہ اُٹھا سکا۔ پھر خدا نے اس کو نہ چھوڑا جب تک قابض ارواح کے اس کو سپرد نہ کر دیا۔

پیشگوئی ہر ایک پہلو سے کھُل گئی۔ اب بھی اگر جہنم کو اختیار کرتا ہے۔ تو میں عمداً گرنے والے کو پکڑ نہیں سکتا۔ یہ تمام واقعات ایسے ہیں کہ ان سب پر پوری اطلاع پا کر ایک متقی کا بدن کانپ جاتا ہے اور پھر وہ خدا سے شرم کرتا ہے۔ کہ ایسی کھُلی کھُلی پیشگوئی سے انکار کرے۔ میں یقیناً جانتا ہوں کہ اگر کوئی میرے سامنے خدا تعالےٰ کی قسم کھا کر اس پیشگوئی کے صدق سے انکار کرے تو خدا تعالیٰ اُس کو بغیر سزا نہیں چھوڑے گا۔ اوّل چاہیئے۔ کہ وہ

ان تمام واقعات سے اطلاع پا دے تا اس کی بے خبری اس کی شفیع نہ ہو۔ پھر بعد اس کے قسم کھا دے کہ یہ خدا تعالےٰ کی طرف سے نہیں اور جھوٹی ہے۔ پھر اگر وہ ایک سال تک اس قسم کے وبال سے تباہ نہ ہوجائے اور کوئی فوق العادت مصیبت اس پر نہ پڑے تو دیکھو کہ میں سب کو گواہ کرکے کہتا ہوں کہ اس صورت میں میں اقرار کروں گا کہ ہاں میں جھوٹا ہوں۔ اگر عبدالحق اس بات پر اصرار کرتا ہے تو وہی قسم کھا دے اور اگر محمد حسین بٹالوی اس خیال پر زور دے رہا ہے تو وہی میدان میں آوے۔ اور اگر مولوی احمداللہ امرتسری یا ثناءاللہ امرتسری ایسا ہی سمجھ رہا ہے۔ تو انہیں پر فرض ہے کہ قسم کھانے سے اپنا تقوٰی دکھلاویں اور یقیناً یاد رکھو کہ اگر اُن میں سے کسی نے قسم کھائی کہ آتھم کی نسبت پیشگوئی پوری نہیں ہوئی اور عیسائیوں کی فتح ہوئی۔ تو خدا اس کو ذلیل کرے گا۔ رُوسیاہ کرے گا۔ اور لعنت کی موت سے اس کو ہلاک کرے گا کیونکہ اس نے سچائی کو چھپانا چاہا۔ جو دین اسلام کے لئے خدا کے حکم اور ارادہ سے زمین پر ظاہر ہوئی۔

مگر کیا یہ لوگ قسم کھا لیں گے؟ ہرگز نہیں۔ کیونکہ یہ جھوٹے ہیں۔ اور کتوں کی طرح جھوٹ کا مُردار کھا رہے ہیں۔

اب اگر کوئی یہ سوال کرے کہ اگرچہ عبدالحق کے مباہلہ میں اس طرف سے کسی بددُعا کا ارادہ نہ کیا گیا۔ مگر جو صادق کے سامنے مباہلہ کے لئے آیا ہو۔ کسی قدر تو بعد مباہلہ ایسے امور کا پایا جانا چاہیئے جن پر غور کرنے سے اس کی ذلت اور نامرادی پائی جائے اور اپنی عزت دکھلائی دے۔

سو جاننا چاہیئے کہ وہ امور بہ تفصیل ذیل ہیں جو بحکم العاقبۃ للمتقین[1] ہماری عزت کے موجب ہوئے۔ **اوّل**۔ آتھم کی نسبت جو پیشگوئی کی گئی تھی۔ وہ اپنے واقعی معنوں کے رُو سے پُوری ہوگئی۔ اور اُس دن وہ پیشگوئی بھی پوری ہوئی۔ جو پندرہ برس پہلے براہین احمدیہ کے صفحہ ۲۴۱ میں لکھی گئی تھی۔ آتھم اصل منشاء الہام کے مطابق مرگیا۔ اور تمام مخالفوں کا مُنہ کالا ہوا۔ اور اُن کی تمام جھوٹی خوشیاں خاک میں مل گئیں۔ اس پیشگوئی کے واقعات پر اطلاع پاکر صدہا دلوں کا کفر ٹوٹا اور ہزاروں خط اس کی تصدیق کے لئے پہنچے۔ اور مخالفوں اور مکذبوں پر وہ لعنت پڑی جو اَب دم نہیں مار سکتے۔ **دوسرا** وہ امر جو مباہلہ کے بعد میری عزت کا موجب ہوا وہ اُن عربی رسالوں کا مجموعہ ہے جو مخالف مولویوں اور پادریوں کے ذلیل کرنے کے لئے لکھا

[1] هود : ۵۰

میرے پاس نشان دیکھنے کے لئے رہیں اور یا اشتہار شائع کرکے اپنے ہی گھر میں میرے نشان کی

گیا تھا اور انھیں میں سے یہ عربی مکتوب ہے جو اب نکلا۔ کیا عبدالحق اور کیا اس کے دوسرے بھائی ان رسائل کے مقابل پر مرگئے اور کچھ بھی لکھ نہ سکے اور دنیا نے یہ فیصلہ کردیا کہ عربی دانی کی عزت اسی شخص یعنی اس راقم کے لئے مسلم ہے جس کو کافر ٹھہرایا گیا ہے اور یہ سب مولوی جاہل ہیں۔

اب سوچو کہ یہ عزت کی تعریفیں مجھ کو کس وقت ملیں۔ کیا مباہلہ کے بعد یا اُس کے پہلے۔ سو یہ ایک مباہلہ کا اثر تھا کہ خدا نے ظاہر کیا۔ اسی وقت میں خدا نے شیخ محمد حسین بطالوی کا وہ الزام کہ اس شخص کو عربی میں ایک صیغہ نہیں آتا میرے سر پر سے اُتارا۔ اور محمد حسین اور دوسرے مخالفین کی جہالت کو ظاہر کیا۔ فالحمد للہ علیٰ ذٰلک۔

تیسرا وہ امر جو مباہلہ کے بعد میری عزت کا موجب ہوا وہ قبولیت ہے جو مباہلہ کے بعد دنیا میں کھُل گئی۔ مباہلہ سے پہلے میرے ساتھ شاید تین چار سو آدمی ہوں گے۔ اور اب آٹھ ہزار سے کچھ زیادہ وہ لوگ ہیں جو اس راہ میں جان فشاں ہیں۔ اور جس طرح اچھی زمین کی کھیتی جلد جلد نشو و نما پکڑتی اور بڑھتی جاتی ہے ایسا ہی فوق العادت طور پر اس جماعت کی ترقی ہو رہی ہے۔ نیک روحیں اس طرف دوڑتی چلی آتی ہیں۔ اور خدا زمین کو ہماری طرف کھینچتا چلا آتا ہے۔ مباہلہ کے بعد ہی ایک ایسی عجیب قبولیت پھیلی ہے کہ اس کو دیکھ کر ایک رقت پیدا ہوتی ہے۔ ایک دو اینٹ سے اب ایک محل تیار ہو گیا ہے۔ اور ایک دو قطرہ سے اب ایک نہر معلوم ہوتی ہے۔ ذرہ آنکھیں کھولو اور پنجاب اور ہندوستان میں پھرو۔ اب اکثر جگہ ہماری جماعتیں پاؤ گے۔ فرشتے کام کر رہے ہیں اور دلوں میں نور ڈال رہے۔ سو دیکھو مباہلہ کے بعد کیسی عزت ہم کو ملی۔ سچ کہو کیا یہ خدا کا فعل ہے یا انسان کا۔

چوتھا وہ امر جو مباہلہ کے بعد میری عزت کا موجب ہوا۔ رمضان میں خسوف کسوف ہے۔ کتب حدیث میں صدہا برسوں سے یہ لکھا ہوا چلا آتا تھا کہ مہدی کی تصدیق کے لئے رمضان میں خسوف کسوف ہوگا۔ اور آجتک کسی نے نہیں لکھا کہ پہلے اس سے کوئی ایسا مہدویت کا مدعی ظاہر ہوا تھا جس کو خدا نے یہ عزت دی ہو کہ اُس کے لئے رمضان میں خسوف کسوف ہو گیا ہو۔ سو خدا نے مباہلہ کے بعد یہ عزت بھی میرے نصیب کی۔

اے اندھو! اب سوچو کہ مباہلہ کے بعد یہ عزت کس کو ملی۔ عبدالحق تو میری ذلت کے لئے دعائیں کرتا تھا۔ یہ کیا واقعہ پیش آیا کہ آسمان بھی مجھے عزت دینے کے لئے جُھکا۔

ایک برس تک انتظار کریں۔ اور یا مباہلہ کر لیں۔ **ششم**۔ اور اگر ان باتوں میں سے کوئی بھی نہ کریں تو مجھ سے

کیا تم میں ایک بھی سوچنے والا نہیں جو اس بات کو سوچے۔ کیا تم میں ایک بھی دل نہیں جو اس بات کو سمجھے۔ زمین نے عزّت دی۔ آسمان نے عزّت دی اور قبولیت پھیل گئی۔

پانچواں وہ امر جو مباہلہ کے بعد میرے لئے عزّت کا موجب ہوا۔ علم قرآن میں اتمام حجت ہے۔ میں نے یہ علم پاکر تمام مخالفوں کو کیا عبدالحق کا گروہ اور کیا بٹالوی کا گروہ۔ غرض سب کو بلند آواز سے اس بات کے لئے مدعو کیا کہ مجھے علم حقائق اور معارف قرآن دیا گیا ہے۔ تم لوگوں میں سے کسی کی مجال نہیں کہ میرے مقابل پر قرآن شریف کے حقائق و معارف بیان کر سکے۔ سو اس اعلان کے بعد میرے مقابل ان میں سے کوئی بھی نہ آیا۔ اور اپنی جہالت پر جو تمام ذلتوں کی جڑ ہے انہوں نے مُہر لگا دی۔ سو یہ سب کچھ مباہلہ کے بعد ہوا۔ اور اسی زمانہ میں کتاب کرامات الصادقین لکھی گئی۔ اس کرامت کے مقابل پر کوئی شخص ایک حرف بھی نہ لکھ سکا۔ تو کیا اب تک عبدالحق اور اس کی جماعت ذلیل نہ ہوئی۔ اور کیا اب تک یہ ثابت نہ ہوا۔ کہ مباہلہ کے بعد یہ عزّت خدا نے مجھے دی۔

چھٹا امر جو مباہلہ کے بعد میری عزّت اور عبدالحق کی ذلّت کا موجب ہوا۔ یہ ہے کہ عبدالحق نے مباہلہ کے بعد اشتہار دیا تھا کہ ایک فرزند اُس کے گھر میں پیدا ہوگا۔ اور میں نے بھی خدا تعالےٰ سے الہام پاکر یہ اشتہار انوار الاسلام میں شائع کیا تھا کہ خدا تعالےٰ مجھے لڑکا عطا کرے گا۔ سو خدا تعالےٰ کے فضل اور کرم سے میرے گھر میں تو لڑکا پیدا ہوگیا۔ جس کا نام شریف احمد ہے اور قریباً پونے دو برس کی عمر رکھتا ہے۔ اب عبدالحق کو ضرور پوچھنا چاہیئے۔ کہ اس کا وہ مباہلہ کی برکت کا لڑکا کہاں گیا۔ کیا اندر ہی اندر پیٹ میں تحلیل پا گیا یا پھر رجعت قہقری کر کے نطفہ بن گیا۔ کیا اس کے سوا کسی اور چیز کا نام ذلّت ہے کہ جو کچھ اس نے کہا وہ پورا نہ ہوا۔ اور جو کچھ میں نے خدا کے الہام سے کہا خدا نے اس کو پورا کر دیا۔ چنانچہ ضیاء الحق میں بھی اسی لڑکے کا ذکر لکھا گیا ہے۔

ساتواں امر جو مباہلہ کے بعد میری عزّت اور قبولیت کا باعث ہوا خدا کے راستباز بندوں کا وہ مخلصانہ جوش ہے جو انہوں نے میری خدمت کے لئے دکھلایا۔ مجھے کبھی یہ طاقت نہ ہوگی کہ میں خدا کے ان احسانات کا شکر ادا کر سکوں۔ جو روحانی اور جسمانی طور پر مباہلہ کے بعد میرے وارد حال ہو گئے۔ روحانی انعامات کا نمونہ میں لکھ چکا

انجام آتھم

اور میری جماعت سے سات سال تک اس طور سے صلح کرلیں کہ تکفیر اور تکذیب اور بدزبانی سے منہ

ہوں یعنی یہ کہ خدا تعالےٰ نے مجھے وہ علم قرآن اور علم زبان محض اعجاز کے طور پر بخشا کہ اس کے مقابل پر صرف عبدالحق کیا بلکہ کل مخالفوں کی ذلت ہوئی۔ ہر ایک خاص و عام کو یقین ہو گیا۔ کہ یہ لوگ صرف نام کے مولوی ہیں گویا یہ لوگ مر گئے۔ عبدالحق کے مباہلہ کی نحوست نے اس کے اور رفیقوں کو بھی ڈبویا۔

اور جسمانی نعمتیں جو مباہلہ کے بعد میرے پر وارد ہوئیں۔ وہ مالی فتوحات ہیں۔ جو اس درویش خانہ کے لئے خدا تعالےٰ نے کھول دیں۔ مباہلہ کے روز سے آج تک پندرہ ہزار کے قریب فتوح غیب کا روپیہ آیا۔ جو اس سلسلہ کے ربانی مصارف میں خرچ ہوا۔ جس کو شک ہو وہ ڈاک خانہ کی کتابوں کو دیکھ لے اور دوسرے ثبوت ہم سے لیلے۔ اور رجوع خلائق کا اس قدر مجمع بڑھ گیا کہ بجائے اس کے کہ ہمارے لنگر میں ساٹھ یا ستر روپیہ ماہواری کا خرچ ہوتا تھا۔ اب اوسط خرچ کبھی پانچسو کبھی چھ سو ماہواری تک ہو گیا اور خدا نے ایسے مخلص اور جان فشان ارادتمند ہماری خدمت میں لگا دیئے کہ جو اپنے مال کو اس راہ میں خرچ کرنا اپنی سعادت دیکھتے ہیں۔ چنانچہ منجملہ ان کے حبی فی اللہ **حاجی سیٹھ عبدالرحمٰن اللہ رکھا صاحب** تاجر مدراس ہیں۔ جو اس رسالہ کے لکھنے کے وقت بھی اس جگہ موجود ہیں۔ اور مدراس سے دُور دراز سفر کر کے میرے پاس تشریف لائے ہوئے ہیں۔ سیٹھ صاحب موصوف مباہلہ کے اثر کا ایک اول نمونہ ہیں۔ جنہوں نے کئی ہزار روپیہ ہمارے سلسلہ کی راہ میں محض للہ لگا دیا ہے۔ اور برابر ایسی سرگرمی سے خدمت کر رہے ہیں کہ جب تک انسان یقین سے نہ بھر جائے اس قدر خدمت نہیں کر سکتا۔ وہ ہمارے درویش خانہ کے مصارف کے اول درجہ کے خادم ہیں اور آجتک یکمشت رقوم کثیرہ اس راہ میں دیتے رہے ہیں۔ علاوہ اس کے میں دیکھتا ہوں کہ انہوں نے ایک سو روپیہ ماہواری اعانت کے طور پر اپنے ذمہ واجب کر رکھا ہے۔ مباہلہ کے بعد ان کے مال سے جس قدر مجھے مدد پہنچی ہے اور پہنچ رہی ہے میں اس کی نظیر نہیں دیکھتا۔ یہ خدا تعالیٰ کی رحمت ہے کہ اس نے اس درجہ کی محبت دلوں میں ڈال دی۔ یہ حاجی سیٹھ عبدالرحمٰن صاحب وہی ہیں جو آتھم کو قسم دینے کے وقت اس بات کے لئے تیار تھے۔ کہ اگر آتھم قسم پر روپیہ طلب کرے تو اپنے پاس سے دس ہزار روپیہ تک اس کے پاس جمع کرا دیں۔

ایسا ہی مباہلہ کے بعد حبی فی اللہ **شیخ رحمت اللہ صاحب** نے مالی اعانت سے بہت سا بوجھ ہمارے درویش خانہ کا اُٹھایا ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ سیٹھ صاحب موصوف

بند رکھیں۔ اور ہر ایک کو محبت اور اخلاق سے ملیں اور قہر الٰہی سے ڈر کر ملاقاتوں میں مسلمانوں

بقیہ حاشیہ

سے بعد نمبر دوم پر شیخ صاحب ہیں۔ جو محبت اور اخلاص سے بھرے ہوئے ہیں۔ شیخ صاحب موصوف اس راہ میں دو ہزار سے زیادہ روپیہ دے چکے ہوں گے۔ اور ہر ایک طور سے وہ خدمت میں حاضر ہیں۔ اور اپنی طاقت اور وسعت سے زیادہ خدمت میں سرگرم ہیں۔

ایسا ہی بعض میرے مخلص دوستوں نے مباہلہ کے بعد اُس درویش خانہ کے کثرت مصارف کو دیکھ کر اپنی تھوڑی تھوڑی تنخواہوں میں سے اس کے لئے حصہ مقرر کر دیا ہے۔ چنانچہ میرے مخلص دوست **منشی رستم علی صاحب** کورٹ انسپکٹر گورداسپورہ تنخواہ میں سے تیسرا حصہ یعنی بیس ۲۰ روپیہ ماہوار دیتے ہیں۔

ہماری عزیز **جماعت حیدرآباد** کی یعنی **مولوی سید مردان علی** صاحب اور **مولوی سید ظہور علی صاحب** اور **مولوی عبدالحمید** صاحب دس دس روپیہ اپنی تنخواہ میں سے دیتے ہیں۔ اور اسی طرح مفتی محمد صادق صاحب بھیروی اور منشی روڑا صاحب کپورتھلہ اور ان کے رفیق اور ڈاکٹر خلیفہ رشیدالدین صاحب چکراتہ اور ڈاکٹر بوڑیخاں صاحب قصور۔ اور سیّد ناصر شاہ صاحب سب اوورسیر۔ اور حکیم فضل الدین صاحب بھیروی* اور خلیفہ نوردین صاحب جموں✤ سب دل و جان اس راہ میں مصروف ہیں۔ ایسا ہی ہماری مخلص اور محب **جماعت سیالکوٹ** یہ تمام محبین اپنی طاقت سے زیادہ خدمت میں مصروف ہیں۔ اسی طرح محبی انوارحسین صاحب رئیس شاہ آباد بدل و جان خدمت میں لگے ہوئے ہیں۔

ایسا ہی ہمارے دلی محب **مولوی محمد احسن صاحب** امروہی جو اس سلسلہ کی تائید کے لئے عمدہ عمدہ تالیفات میں سرگرم ہیں۔ اور صاحبزادہ پیرجی سراج الحق صاحب نے تو ہزاروں مریدوں سے قطع تعلق کر کے اس جگہ کی درویشانہ زندگی قبول کی۔ اور میاں عبداللہ صاحب سنوری۔ اور مولوی برہان الدین صاحب جہلمی۔ اور مولوی مبارک علی صاحب سیالکوٹی۔ اور قاضی ضیاء الدین صاحب قاضی کوٹی۔ اور منشی چودھری نبی بخش صاحب بٹالہ ضلع گورداسپورہ۔ اور منشی جلال الدین صاحب یلانی وغیرہ احباب اپنی اپنی طاقت کے موافق خدمت میں لگے ہوئے ہیں۔ میں اپنی جماعت کے محبت اور اخلاص پر تعجب کرتا ہوں۔ کہ ان میں سے نہایت ہی کم معاش والے جیسے میاں جمال الدین اور خیرالدین اور امام الدین کشمیری میرے گاؤں سے قریب رہنے والے ہیں وہ تینوں غریب بھائی بھی جو شاید تین آنہ یا چار آنہ روزانہ مزدوری کرتے ہیں۔ سرگرمی سے ماہواری چندہ میں شریک ہیں۔ ان کے دوست میاں عبدالعزیز پٹواری کے اخلاص سے بھی مجھے تعجب ہے کہ باوجود قلت معاش کے ایک دن

* حکیم صاحب مال اور جان سے اس راہ میں ایسے مصروف ہیں کہ گویا محو ہیں۔ ✤ اور خلیفہ نور دین صاحب علاوہ دائمی اعانت کے ابھی پانسو روپیہ نقد بطور امداد دے چکے ہیں۔ منہ

کی عادت کے طور پر پیش آویں۔ ہر ایک قسم کی شرارت اور خباثت کو چھوڑ دیں پس اگر ان سات سال

بقیہ حاشیہ

سو روپیہ دے گیا کہ میں چاہتا ہوں کہ خدا کی راہ میں خرچ ہو جائے۔ وہ سو روپیہ شاید اُس غریب نے کئی برسوں میں جمع کیا ہوگا۔ مگر للّٰہی جوش نے خدا کی رضا کا جوش دلایا۔ ✤

پس یہ خدا کی رحمت اور خدا کا فضل ہے جو اُس نے ہمیں اُن تکالیف سے بچایا۔ جن میں ہمارے مخالف گرفتار ہیں۔ میں اُس واحد لا شریک کی قسم کھا کر کہہ سکتا ہوں کہ اگرچہ مباہلہ سے پہلے بھی وہ ہمیشہ میرا متکفل رہا۔ مگر مباہلہ کے بعد کچھ ایسے برکات روحانی اور جسمانی نازل ہوئے کہ پہلی زندگی میں مَیں ان کی نظیر نہیں دیکھتا۔

آٹھواں امر جو مباہلہ کے بعد میری عزت زیادہ کرنے کے لئے ظہور میں آیا۔ کتاب **ست بچن** کی تالیف ہے۔ اس کتاب کی تالیف کے لئے خدا تعالےٰ نے مجھے وہ سامان عطا کئے جو **تین سو برس** سے کسی کے خیال میں بھی نہیں آئے تھے۔ میری یہ کتاب سولہ لاکھ سکھ صاحبان کے لئے ایسی ایک لطیف دعوت ہے جس سے میں امید کرتا ہوں۔ کہ اُن کے دلوں پر بہت اثر پڑے گا۔ میں اس کتاب میں **باوا نانک صاحب** کی نسبت ثابت کر چکا ہوں کہ باوا صاحب درحقیقت مسلمان تھے اور لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ آپ کا ورد تھا۔ آپ بڑے **صالح** آدمی تھے۔ آپ نے دو مرتبہ **حج** بھی کیا۔ اور اولیاء اسلام کی قبور پر اعتکاف بھی کرتے رہے۔ جنم ساکھیوں میں آپ کے وصایا میں اسلام اور توحید اور نماز روزہ کی تاکید پائی جاتی ہے۔ آپ نماز کے بہت پابند تھے۔ اور بنفس نفیس خود بانگ بھی دیا کرتے تھے آخری شادی آپ کی ایک نیکبخت مسلمان کی لڑکی سے ہوئی تھی جس سے سمجھا جاتا ہے کہ آپ نے بدل مسلمانوں کے ساتھ تعلق رشتہ بھی پیدا کر لیا۔ اور اسی کتاب میں لکھا ہے۔ کہ آپ کی بھاری یادگار وہ **چولہ** ہے جس پر کلمہ شریف اور قرآن شریف کی بہت سی آیتیں لکھی ہوئی ہیں۔ آپ نے یادگار کے طور پر گرنتھ کو نہیں چھوڑا۔ اور نہ اس کے جمع کرنے کے لئے کوئی وصیت کی۔ صرف اس چولہ کو چھوڑا جس پر قرآن شریف لکھا ہوا تھا۔ اور جس پر جلی قلم سے یہ لکھا ہوا تھا۔ **اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ**۔ یعنی سب دین جھوٹے ہیں مگر اسلام۔ پس یہ کتاب جو بعد مباہلہ تیار ہوئی۔ یہ وہ عطیہ ربانی ہے جو **مجھ کو ہی** عطا کیا گیا۔ اور خدا نے **اس تبلیغ** کا ثواب **مجھ کو ہی** عطا فرمایا۔

نواں امر جو مباہلہ کے بعد میری عزت کے زیادہ ہونے کا موجب ہوا یہ ہے کہ اس

✤ ہمارے دلی محب صاحبزادہ افتخار احمد خلف رشید حاجی منشی احمد جان صاحب مرحوم لدھیانوی کے ... سے ... صاحبزادہ ... صاحب موصوف اپنے وطن سے گویا ہجرت کر کے معہ اپنے تمام عیال اور اپنے بھائی میاں منظور محمد کے میرے پاس ہیں اور ہر یک خدمت میں حاضر ہیں گویا اپنی زندگی اس راہ میں وقف کر رہے ہیں۔ منہ

میں میری طرف سے خدا تعالیٰ کی تائید سے اسلام کی خدمت میں نمایاں اثر ظاہر نہ ہوں اور جیسا کہ مسیح کے

عرصہ میں آٹھ ہزار کے قریب لوگوں نے میرے ہاتھ میں بیعت کی اور بعض قادیان پہنچ کر اور بعض نے بذریعہ خط توبہ کا اقرار کیا۔ پس میں یقیناً جانتا ہوں کہ اس قدر بنی آدم کی توبہ کا ذریعہ جو مجھ کو ٹھہرایا گیا یہ اس قبولیت کا نشان ہے جو خدا کی رضامندی کے بعد حاصل ہوتی ہے اور میں دیکھتا ہوں کہ میری بیعت کرنیوالوں میں دن بدن صلاحیت اور تقویٰ ترقی پذیر ہے۔ اور ایام مباہلہ کے بعد گویا ہماری جماعت میں ایک اور عالم پیدا ہو گیا ہے۔ میں اکثر کو دیکھتا ہوں کہ سجدہ میں روتے اور تہجد میں تضرع کرتے ہیں۔ ناپاک دل کے لوگ ان کو کافر کہتے ہیں۔ اور وہ اسلام کا جگر اور دل ہیں۔ میں دیکھتا ہوں کہ ہمارے نو عمر دوست جیسا کہ **خواجہ کمال الدین بی۔ اے** بڑی سرگرمی سے دین کی اشاعت میں کوشش کر رہے ہیں۔ اُن کے چہرہ پر نیک بختی کے نشان پاتا ہوں۔ وہ دین کے لئے سچا جوش اپنے دل میں رکھتے ہیں۔ نمازوں میں خشوع ظاہر کرتے ہیں۔ ایسا ہی ہمارے نو عمر دوست میرزا یعقوب بیگ و میرزا ایوب بیگ جوان صالح ہیں۔ بارہا میں نے اُن کو نماز میں روتے دیکھا ہے۔

یقینی علامت نشانہ

غرض یہ سب اس راہ میں فدا ہو رہے ہیں۔ ایسا ہی ہمارے محب مخلص **میرزا خدا بخش صاحب** اس راہ میں وہ صدق رکھتے ہیں کہ جس کے بیان کرنے کے لئے الفاظ نہیں۔ اور ہمارے مخلص دوست **منشی زین الدین محمد ابراہیم** صاحب انجنیر بمبئی وہ ایمانی جوش رکھتے ہیں کہ میں گمان نہیں کر سکتا کہ تمام بمبئی میں اُن کا کوئی نظیر بھی ہے۔ ہمارے مخلص اور محبت و اخلاص میں محو **مولوی حکیم نوردین صاحب** کا ذکر کرنا اس جگہ ضروری نہیں کیونکہ وہ تمام دنیا کو پامال کر کے میرے پاس اُن فقراء کے رنگ میں آبیٹھے ہیں جیسا کہ اخص صحابہ رضی اللہ عنہم نے طریق اختیار کر لیا تھا۔

اب ہمارے مخالفین کو سوچنا چاہیئے کہ اس باغ کی ترقی اور سرسبزی عبدالحق کے مباہلہ کے بعد کس قدر ہوئی ہے۔ یہ خدا کی قدرت نے کیا ہے جس کی آنکھیں ہوں وہ دیکھے۔ ہماری **امرتسر** کی مخلص جماعت۔ ہماری **لاہور** کی مخلص جماعت۔ ہماری **سیالکوٹ** کی مخلص جماعت۔ ہماری **کپورتھلہ** کی مخلص جماعت۔ ہماری **ہندوستان** کے شہروں کی مخلص جماعتیں وہ نور اخلاص اور محبت اپنے اندر رکھتی ہیں کہ اگر ایک با فراست آدمی ایک مجمع میں ان کے منہ دیکھے تو یقیناً سمجھ لیگا کہ یہ خدا کا ایک معجزہ ہے جو ایسا اخلاص ان کے دل میں بھر دیئے۔ اُن کے چہروں پر اُن کی محبت کے نور چمک رہے ہیں وہ ایک پہلی جماعت ہے جس کو خدا صدق کا نمونہ دکھلانے کیلئے تیار کر رہا ہے

دسواں امر جو عبدالحق کے مباہلہ کے بعد میری عزت کا موجب ہوا جلسہ مذاہب لاہور

ہاتھ سے ادیانِ باطلہ کا مرجانا ضروری ہے یہ موت جھوٹے دینوں پر میرے ذریعہ سے ظہور میں نہ آوے

بقیہ حاشیہ

ہے اس جلسہ کے بارے میں مجھے زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں جس رنگ اور نورانیت کی قبولیت میرے مضمون کے پڑھنے میں پیدا ہوئی۔ اور جس طرح دلی جوش سے لوگوں نے مجھے اور میرے مضمون کو عظمت کی نگاہ سے دیکھا۔ کچھ ضرورت نہیں کہ میں اس کی تفصیل کروں۔ بہت سی گواہیاں اس بات پر سُن چکے ہو کہ اس مضمون کا جلسہ مذاہب پر ایسا فوق العادت اثر ہوا تھا۔ کہ گویا ملائک آسمان سے نور کے طبق لے کر حاضر ہوگئے تھے۔ ہر ایک دل اس کی طرف ایسا کھینچا گیا تھا۔ کہ گویا ایک دستِ غیب اس کو کشاں کشاں عالم وجد کی طرف لے جا رہا ہے۔ سب لوگ بے اختیار بول اُٹھے تھے کہ اگر یہ مضمون نہ ہوتا تو آج بباعث محمد حسین وغیرہ کے اسلام کو سُبکی اُٹھانی پڑتی۔ ہر ایک پکارتا تھا کہ آج اسلام کی فتح ہوئی۔ مگر سوچو کہ کیا یہ فتح ایک دجّال کے مضمون سے ہوئی۔ پھر میں کہتا ہوں کہ کیا ایک کافر کے بیان میں یہ حلاوت اور یہ برکت اور یہ تاثیر ڈال دی گئی۔ وہ جو مومن کہلاتے تھے اور آٹھ ہزار مسلمان کو کافر کہتے تھے جیسے محمد حسین بٹالوی خدا نے اس جلسہ میں کیوں ان کو ذلیل کیا۔ کیا یہ وہی الہام نہیں "کہ میں تیری اہانت کرنیوالوں کی اہانت کروں گا" اس جلسہ اعظم میں ایسے شخص کو کیوں عزت دی گئی جو مولویوں کی نظر میں ایک کافر مرتد ہے۔ کیا کوئی مولوی اس کا جواب دے سکتا ہے۔

پھر علاوہ اس عزت کے جو مضمون کی خوبی کی وجہ سے عطا ہوئی۔ اسی روز وہ پیشگوئی بھی پوری ہوئی جو اس مضمون کے بارے میں پہلے سے شائع کی گئی تھی۔ یعنی یہ کہ

یہی مضمون سب مضمونوں پر غالب آئیگا

اور وہ اشتہارات تمام مخالفوں کی طرف جلسہ سے پہلے روانہ کئے گئے تھے۔ شیخ محمد حسین بطالوی اور مولوی احمد اللہ اور ثناء اللہ وغیرہ کی طرف روانہ ہو چکے تھے سو اس روز وہ الہام بھی پورا ہوا اور شہر لاہور میں دھوم مچ گئی کہ نہ صرف مضمون اس شان کا نکلا جس سے اسلام کی فتح ہوئی بلکہ ایک الہامی پیشگوئی بھی پوری ہوگئی۔

اس روز ہماری جماعت کے بہادر سپاہی اور اسلام کے معزز رکن حبّی فی اللہ **مولوی عبدالکریم صاحب** سیالکوٹی نے مضمون کے پڑھنے میں وہ بلاغت فصاحت دکھلائی کہ گویا ہر لفظ میں اُن کو رُوح القدس مدد دے رہا تھا۔

سو یہ عزتیں اور قبولیتیں ہم کو مباہلہ کے بعد ملیں۔ اب کوئی مولوی ہمیں سمجھا دے

صاحب خود تشریف نہیں لا سکتے تھے اس لئے یہ لیکچر ان کے ایک لائق شاگرد منشی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی نے پڑھ کر سنایا۔ ۲۷ تاریخ کو یہ لیکچر ساڑھے تین گھنٹہ تک ہوتا رہا اور عوام الناس نے نہایت ہی خوشی اور توجہ سے اس کو سنا لیکن ابھی صرف ایک سوال ختم ہوا۔ مولوی عبدالکریم نے وعدہ کیا کہ اگر وقت ملا تو باقی کا بھی سنا دونگا۔ اسلئے اگزیکٹو کمیٹی اور پریسیڈنٹ نے یہ تجویز کر

یعنی خدا تعالیٰ میرے ہاتھ سے وہ نشان ظاہر نہ کرے جن سے اسلام کا بول بالا ہو اور جس سے

حاشیہ

کہ عبدالحق نے مباہلہ کے بعد کونسی عزت دنیا میں پائی۔ کونسی قبولیت اس کی لوگوں میں پھیلی۔ کونسے مالی فتوحات کے دروازے اس پر کھلے۔ کون سی علمی فضیلت کی پگڑی اُس کو پہنائی گئی۔ صرف فضول گوئی کے طور سے ایک بیٹا ہونے کا دعویٰ کیا تھا کہ تا یہی مباہلہ کا اثر سمجھا جائے۔ مگر اس کی بدبختی سے وہ دعوے بھی باطل نکلا۔ اور اب تک اس کی عورت کے پیٹ میں سے ایک چوہا بھی پیدا نہ ہوا۔ مگر اس کے مقابل پر خدا تعالیٰ نے میرے الہام کو پورا کر کے مجھے لڑکا عطا کیا ✦

یہ **دس** برکتیں مباہلہ کی ہیں جو میں نے لکھی ہیں۔ پھر کیسے خبیث وہ لوگ ہیں جو اس مباہلہ کو بے اثر سمجھتے ہیں۔ فعلیھم ان یتدبّروا ویفکّروا فی ھٰذہ العشرۃ الکاملۃ۔

بالآخر ہم دوبارہ ہر ایک مخالف مکفّر مکذّب پر ظاہر کرتے ہیں کہ وہ مباہلہ کے میدان میں آویں اور یقیناً سمجھیں کہ جس طرح خدا تعالیٰ نے عبدالحق کے مباہلہ کے بعد یہ دس قسم کا ہم پر انعام و اکرام کیا۔ اور اُس کو ذلیل کیا۔ اور اس کا بیٹے کا دعویٰ بھی جھوٹا نکلا۔ اور کوئی عزت اس کو حاصل نہ ہوئی۔ اور خدا تعالیٰ نے اس کے تمام دعاوی کو ردّ کیا۔ اس سے بڑھ کر اُس مباہلہ میں ہوگا۔ میں نے اُس روز **بددُعا نہیں کی**۔ کیونکہ وہ ناسمجھ اور غبی تھا۔ اور اس کی جہالت اس کو قابل رحم ٹھہراتی تھی **مگر اب میں بددُعا کروں گا**۔ سو چاہیئے کہ ہر یک مباہلہ کی درخواست کرنے والا اپنی طرف سے چھپا ہوا اشتہار شائع کرے۔ اور یہ ضروری ہوگا کہ مباہلہ کرنے والا صرف ایک نہ ہو۔ بلکہ کم سے کم **دس** ہوں۔ اور چونکہ مباہلہ کے لئے ہر یک شخص بُلایا گیا ہے خواہ پنجاب کا ہو یا ہندوستان کا۔ یا بلاد عرب کا یا بلاد فارس کا۔ اس لئے یہ **مشقت** مخالفوں پر جائز نہیں رکھی گئی کہ وہ دور دراز سفر کر کے پہنچیں بلکہ حسب منطوق وما جعل علیکم فی الدّین من حرج۔ یرید اللّٰہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر۔ یہ تجویز قرار پائی ہے کہ ہر ایک شخص **اشتہارات کے ذریعہ سے مباہلہ کرے**۔ مگر یہ شرط ضروری ہے کہ جو الہامات میں نے رسالہ انجام آتھم میں صفحہ ۵۱ سے صفحہ ۶۲ تک لکھے ہیں۔ وہ کل الہامات اپنے اشتہار مباہلہ میں لکھے۔ اور محض حوالہ نہ دے بلکہ کل الہامات صفحات مذکورہ کے اشتہار میں درج کرے۔ اور پھر بعد اس کے عبارت ذیل کی دُعا اُس اشتہار میں لکھے۔ اور وہ یہ ہے

دُعا

اے خدائے علیم و خبیر میں جو فلاں ابن فلاں ساکن قصبہ فلاں ہوں اس شخص کو

✦ عبدالحق غزنوی نے ۲۳ شعبان ۱۳۱۴ھ کو اس لعنت کی سیاہی کو دھونے کیلئے جو اس کے مُنہ پر جم گئی ہے ایک اشتہار دیا ہے اس اشتہار کا جواب ضمیمہ میں کامل طور پر آچکا ہے صرف دو باتیں قابل ذکر ہیں اوّل یہ کہ وہ عربی میں مقابلہ کرنے کیلئے اپنے تئیں تیار ظاہر کرتا ہے۔ بہت خوب۔ یہی نشان دیکھ لے ....

ہر ایک طرف سے اسلام میں داخل ہونا شروع ہو جائے۔ اور عیسائیت کا باطل معبود فنا ہو جائے اور دنیا

بقیہ حاشیہ

جس کا نام غلام احمد ہے دعویٰ مسیح موعود ہونے میں کاذب اور مفتری اور کافر جانتا
ہوں اور یہ تمام الہام اُس کے جو میں نے انجام آتھم کے صفحہ ۵۱ سے صفحہ ۶۲ تک اس
اشتہار میں لکھے ہیں یہ سب میرے نزدیک افترا یا شیطانی وساوس ہیں۔ تیری طرف
سے نہیں ہیں۔ پس اے خدائے قادر اگر تو جانتا ہے کہ میں اپنے اس اصرار میں سچا
ہوں اور اس کا یہ دعویٰ تیری طرف سے نہیں اور نہ یہ الہام تیری طرف سے ہیں
بلکہ وہ درحقیقت کافر ہے تو اس اُمّتِ مرحومہ پر یہ احسان کر کہ اس مفتری کو
ایک سال کے اندر ہلاک کر دے تا لوگ اس کے فتنہ سے امن میں آجائیں اور اگر یہ
مفتری نہیں اور تیری طرف سے ہے اور یہ تمام الہام تیرے ہی مُنہ کی پاک باتیں
ہیں تو مجھ پر جو میں اس کو کافر اور کذّاب سمجھتا ہوں دُکھ اور ذلّت سے بھرا ہوا
عذاب آج کے دن سے ایک برس کے اندر نازل کر۔ آمین۔

یہ اشتہار جب کسی مباہلہ کرنے والے کی طرف سے بغیر کسی تغیر تبدّل کے آئیگا۔ تو ایک شخص کو کہا جائیگا
کہ اس اشتہار کو ہماری جماعت میں پڑھے تب اس کے ختم ہونے پر تمام جماعت آمین کہے گی اور ایسا ہی سمجھا
جائیگا کہ گویا بالمواجہ مباہلہ ہوا۔ ایسا ہی میری طرف سے اس اشتہار آنے کے بعد اس مضمون کی تحریر مباہلہ چھپے گی۔
کہ میں وہ تمام الہامات جو انجام آتھم کے صفحہ ۵۱ سے صفحہ ۶۲ تک لکھے گئے ہیں اس اپنی تحریر میں درج کرونگا۔
اور یہ دعا بعد اُس کے لکھوں گا۔ کہ اے خدائے قادر و علیم اگر تو جانتا ہے کہ میں نے دعویٰ **مسیح موعود**
ہونے کا اپنی طرف سے بنالیا ہے اور یہ تیرے الہامات نہیں جو اس اشتہار میں لکھے گئے ہیں۔ بلکہ میرا
افترا ہیں یا شیطانی وساوس ہیں تو آج کی تاریخ سے ایک برس گذرنے سے پہلے مجھے وفات دے
یا کسی ایسے عذاب میں مبتلا کر جو موت سے بدتر ہو۔ لیکن اگر تو جانتا ہے کہ میرا دعویٰ تیرے الہام سے ہے۔
اور یہ سب الہامات تیرے الہامات ہیں جو اس اشتہار میں لکھے گئے ہیں۔ تو اس مخالف کو جو اپنے اشتہار
مباہلہ کے ذریعہ سے میری تکذیب کرتا اور مجھ کو کاذب جانتا ہے۔ ایک سال کے عرصہ میں نہایت
دُکھ کی مار میں مُبتلا کر۔ آمین۔ اور جب یہ اشتہار اس مخالف مباہلہ کنندہ کے پاس پہنچے تو چاہیئے
کہ وہ ایک جماعت میں پڑھا جائے اور بعد ختم ہونے مضمون کے ساری جماعت آمین کہے۔

یہ تجویز مباہلہ اُن لوگوں کے لئے ہے جو پچاس کوس سے زیادہ فاصلہ پر رہتے ہیں۔
لیکن اگر پچاس کوس کے اندر ہوں جیسے شیخ محمد حسین بٹالوی اور ثناء اللہ امرتسری اور احمد اللہ

اور رنگ نہ پکڑ جائے۔ تو میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں اپنے تئیں کاذب خیال کروں گا اور خدا جانتا ہے کہ میں ہرگز کاذب نہیں۔ یہ سات برس کچھ زیادہ سال نہیں ہیں۔ اور اس قدر انقلاب اس تھوڑی مدت میں ہو جانا انسان کے اختیار میں ہرگز نہیں پس جبکہ میں سچے دل سے اور خدا تعالیٰ کی قسم کے ساتھ یہ اقرار کرتا ہوں اور تم سب کو اللہ کے نام پر صلح کی طرف بلاتا ہوں تو اب تم خدا سے ڈرو۔ اگر میں خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں ہوں تو میں تباہ ہو جاؤں گا۔ ورنہ خدا کے مامور کو کوئی تباہ نہیں کر سکتا۔

یہ یاد رہے کہ معمولی بحثیں آپ لوگوں سے بہت ہو چکی ہیں اور عیسیٰ علیہ السلام کی وفات قرآن اور حدیث سے بپایہ ثبوت پہنچ گئی۔ اس طرف سے کتابیں تالیف ہو کر لاکھوں انسانوں میں پھیل گئیں۔ طرف ثانی نے بھی ہر یک تلبیس اور تزویر سے کام لیا۔ پاک کتابوں کے نیک رد عوں پر بڑے بڑے اثر پڑے۔ اور ہزار ہا سعید لوگ اس جماعت میں داخل ہو گئے۔ اور تقریری اور تحریری بحثوں کے نتیجے اچھی طرح کھُل گئے۔ اب پھر اسی بحث کو چھیڑنا یا فیصلہ شدہ باتوں سے انکار کرنا محض شرارت اور بے ایمانی ہے۔ کتابیں موجود ہیں۔ ہاں عین مباہلہ کے وقت پھر ایک گھنٹہ تک تبلیغ کر سکتا ہوں۔ پس فیصلہ کی یہی راہیں ہیں جو میں نے پیش کی ہیں۔ اب اس کے بعد جو شخص طے شدہ بحثوں کی ناحق درخواست کرے گا میں سمجھوں گا۔ اس کو حق کی طلب نہیں بلکہ سچائی کو ٹالنا چاہتا ہے۔

یہ بھی یاد رہے کہ اصل مسنون طریق مباہلہ میں یہی ہے کہ جو لوگ ایسے مدعی کے ساتھ مباہلہ کریں جو مامور من اللہ ہونے کا دعویٰ رکھتا ہو اور اس کو کاذب یا کافر ٹھہرا دیں۔ وہ

بقیہ حاشیہ

امرتسری اور عبدالحق غزنوی اور میاں عبدالجبار غزنوی تو اُن کے لئے یہ طریق احسن ہے۔ کہ وہ بالمواجہ مباہلہ کریں۔ آدھی مسافت میں طے کروں اور آدھی وہ طے کریں۔ اور ایک درمیانی جگہ میں مباہلہ ہو جائے۔ یہ ہماری آخری اتمام حجت ہے۔ اب بھی اگر کوئی شخص ظلم کو نہیں چھوڑے گا۔ تو اس پر خدا تعالےٰ کی حجت پوری ہو گئی۔ والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ۔ منہ

ایک جماعت مباہلین کی ہو۔صرف ایک یا دو آدمی نہ ہوں۔کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آیت کریمہ فقل تعالو میں تعالوا کے لفظ کو بصیغہ جمع بیان فرمایا ہے۔سو اُس نے اس جمع کے صیغہ سے اپنے نبی کے مقابل پر ایک جماعت مکذبین کو مباہلہ کیلئے بُلایا ہے نہ شخص واحد کو۔بلکہ من حاجك کے لفظ سے جھگڑنے والے کو ایک شخص واحد قرار دے کر پھر مطالبہ جماعت کا کیا ہے۔اور یہ فرمایا ہے کہ اگر کوئی جھگڑنے سے باز نہ آوے اور دلائل پیش کردہ سے تسلی نہ پکڑے تو اس کو کہدو کہ ایک جماعت بن کر مباہلہ کیلئے آویں۔سو اسی بنا پر ہم نے جماعت کی قید لگا دی ہے جس میں یہ صریح فائدہ ہے کہ جو امر خارق عادت بطور عذاب مکذبین پر نازل ہو وہ مشتبہ نہیں رہے گا۔مگر صرف ایک شخص میں مشتبہ رہنے کا احتمال ہے۔

اس جگہ اس بات کا بھی ذکر کرنا ضروری ہے کہ تمام مخالفین کو یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ اگر اس کتاب کی اشاعت کے بعد کوئی مخالف مباہلہ کیلئے تیار ہو جائے اور اس کے اشتہار آبھی چھپ جاویں تو ہر ایک مباہلہ کے خواہشمند پر واجب ہوگا کہ اسی کے ساتھ شامل ہو کر مباہلہ کرلے۔اور اگر کوئی ایسا نہ کرے اور پھر کسی دوسرے وقت میں مباہلہ کی درخواست بھیجے تو ایسی درخواست منظور نہیں کی جاویگی۔اور ایسا شخص کسی طور سے قابل التفات نہیں سمجھا جاوے گا چاہیئے کہ ہر ایک شخص ہمارے اس اشتہار کو یاد رکھے اور اس کے موافق کاربند ہو۔

بالآخر ہم اس جگہ نقل خط میاں غلام فرید صاحب پیر نواب بہاولپور جو ایک صالح اور متقی مرد مشائخ پنجاب میں سے ہیں۔اس غرض سے درج کرتے ہیں کہ تا دوسرے مشائخ مدعوین بھی کم سے کم اُن کے نمونہ پر چلیں۔اور اگر زیادہ توفیق یاری نکرے۔تو البتہ اُن کے خیال سے کم نہ رہیں میں سچ سچ کہتا ہوں کہ جو شخص اس قدر بھی اس عاجز کی تصدیق کریگا جیسا کہ میاں غلام فرید صاحب نے اپنے خط کے ذریعہ سے کی اُس کا بھی خدا اُن لوگوں میں حشر کریگا جنہوں نے سچائی کو رد کرنا نہیں چاہا۔دل کا ایک ذرہ تقویٰ بھی انسان کو خدا تعالیٰ کے غضب سے بچا لیتا ہے۔میں نہیں چاہتا کہ ایک بُت کی طرح میری پوجا کی جائے میں صرف اس خدا کا جلال چاہتا ہوں جس کی طرف سے میں مامور ہوں۔جو شخص مجھے بیعزتی سے دیکھتا ہے وہ اُس خدا کو بیعزتی سے دیکھتا ہے جس نے مجھے مامور کیا ہے اور جو مجھے قبول کرتا ہے وہ اس خدا کو

قبول کرتا ہے جس نے مجھے بھیجا ہے۔ انسان میں اس سے زیادہ کوئی خوبی نہیں کہ تقویٰ کی راہ کو اختیار کر کے مامور من اللہ کی لڑائی سے پرہیز کرے اور اس شخص کی جلدی سے تکذیب نہ کرے جو کہتا ہے کہ میں مامور من اللہ ہوں اور محض تجدید دین کے لئے صدی کے سر پر بھیجا گیا ہوں۔ ایک متقی اس بات کو سمجھ سکتا ہے کہ اس چودھویں صدی کے سر پر جس میں ہزاروں حملے اسلام پر ہوئے ایک ایسے مجدد کی ضرورت تھی کہ اسلام کی حقیقت ثابت کرے۔ ہاں اس مجدد کا نام اس لئے مسیح ابن مریم رکھا گیا کہ وہ کسر صلیب کے لئے آیا ہے اور خدا اس وقت چاہتا ہے کہ جیسا کہ مسیح کو پہلے زمانہ میں یہودیوں کی صلیب سے نجات دی تھی اب عیسائیوں کی صلیب سے بھی اس کو نجات دے۔ چونکہ عیسائیوں نے انسان کو خدا بنانے کے لئے بہت کچھ افترا کیا ہے۔ اس لئے خدا کی غیرت نے چاہا کہ مسیح کے نام پر ہی ایک شخص کو مامور کر کے اس افترا کو نیست و نابود کرے۔ یہ خدا کا کام ہے اور ان لوگوں کی نظر میں عجیب۔

قرآن شریف صاف کہتا ہے کہ مسیح وفات پا کر آسمان پر اٹھایا گیا ہے۔ لہذا اس کا نزول بروزی ہے نہ کہ حقیقی اور آیت فلما توفیتنی میں صریح ظاہر کیا گیا ہے کہ واقعہ وفات حضرت عیسیٰ علیہ السلام وقوع میں آگیا۔ کیونکہ اس آیت کا یہ مطلب ہے کہ عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد بگڑینگے نہ کہ اُن کی زندگی میں۔ پس اگر فرض کر لیں کہ ابتک حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت نہیں ہوئے تو ماننا پڑے گا کہ عیسائی بھی ابتک نہیں بگڑے۔ اور یہ صریح باطل ہے بلکہ آیت تو بتلاتی ہے کہ عیسائی صرف مسیح کی زندگی تک حق پر قائم رہے ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حواریوں کے عہد میں ہی خرابی شروع ہو گئی تھی۔ اگر حواریوں کا زمانہ بھی ایسا ہوتا کہ اس زمانہ میں بھی عیسائی حق پر قائم ہوتے تو خدا تعالےٰ اس آیت میں صرف مسیح کی زندگی کی قید نہ لگاتا بلکہ حواریوں کی زندگی کی بھی قید لگا دیتا پس اس جگہ سے ایک نہایت عمدہ نکتہ عیسائیت کے زمانہ فساد کا معلوم ہوتا ہے۔ اور وہ یہ کہ درحقیقت حواریوں کے زمانہ میں ہی عیسائی مذہب میں شرک کی تخم ریزی ہو گئی تھی۔ ایک شریر یہودی پولوس نام جو یونانی زبان سے بھی کچھ حصہ رکھتا تھا جس کا ذکر مثنوی رومی میں بھی ہے حواریوں میں آملا اور ظاہر کیا۔ کہ میں نے عالم کشف میں عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا ہے۔ اس شخص نے عیسائی مذہب میں بہت فساد ڈالا آخر

نتیجہ یہ ہوا کہ ایک فرقہ عیسائیوں کا تو توحید پر قائم رہا اور ایک خبیث فرقہ اُس کے اغوا سے مُردہ پرست ہوگیا۔ جس کی ذریات ہمارے ملک میں بھی پیدا ہوگئی ہیں۔ تیسری صدی عیسوی میں مشرک فرقہ اور موحد فرقہ کے درمیان بڑا مباحثہ ہوا۔ اس مباحثہ کا بانی مبانی قیصر روم تھا۔ بہت سی تحقیق اور تہذیب کے ساتھ بادشاہ کے رُوبرو یہ مُباحثہ طے ہوا۔ اور انجام یہ ہوا کہ فرقہ موحد غالب آیا۔ اُسی روز سے قیصر روم نے جو عیسائی تھا توحید کے مذہب کو اختیار کر لیا۔ اور برابر چھٹی صدی تک ہر ایک قیصر موحد عیسائی ہوتا رہا۔ غرض جیسا کہ آیت کا مفہوم ہے۔ عیسائیوں میں فساد اور بگاڑ حضرت عیسیٰ کی وفات کے بعد ہی شروع ہو گیا تھا۔

اور صحیح بخاری میں صاف لفظوں میں لکھا گیا ہے کہ آنیوالا مسیح موعود اسی امت میں سے ہو گا۔ سو یہ امر سراسر تقویٰ کے خلاف ہے کہ اللہ اور رسول کے بیان سے سرکش رہیں۔ دیکھو یہی علماء کیسے شوق سے چودھویں صدی کے منتظر تھے۔ اور تمام دل بول اٹھے تھے کہ اسی صدی کے سر پر مہدی اور مسیح پیدا ہو گا۔ بہت سے صلحاء اور اولیاء کے کشف اس بات پر قطع کر چکے تھے کہ مہدی اور مسیح موعود کا زمانہ چودھویں صدی ہے۔ اب اُن کے دلوں کو کیا ہو گیا۔ وکانوا من قبل یستفتحون علی الذین کفروا فلما جاءھم ما عرفوا کفروا بہ فلعنۃ اللہ علی الکافرین[1] مگر ضرور تھا۔ کہ وہ مجھے کافر کہتے اور میرا نام دجّال رکھتے۔ کیونکہ احادیث صحیحہ میں پہلے سے یہی فرمایا گیا تھا۔ کہ اس مہدی کو کافر ٹھہرایا جائے گا۔ اور اس وقت کے شریر مولوی اس کو کافر کہیں گے اور ایسا جوش دکھلائیں گے کہ اگر ممکن ہوتا تو اس کو قتل کر ڈالتے۔ مگر خدا کی شان ہے کہ ان ہزاروں میں سے یہ میاں غلام فرید صاحب چاچڑاں والوں نے پرہیزگاری کا نور دکھلایا۔ ذٰلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء[2] خدا ان کو اجر بخشے اور عاقبت بالخیر کرے۔ آمین۔ اب جبتک یہ تحریریں دنیا میں رہیں گی میاں صاحب موصوف کا ذکر بالخیر بھی اس کے ساتھ دنیا میں کیا جائے گا۔ یہ زمانہ گذر جائے گا۔ اور دوسرا زمانہ آئے گا۔ اور خدا اس زمانے کے لوگوں کو آنکھیں دیگا اور وہ اُن لوگوں کے حق میں دُعا خیر کریں گے جنھوں نے مجھے پاکر میرا ساتھ دیا ہے۔ سچ سچ کہتا ہوں کہ یہ وقت گذر جائیگا۔ اور ہر ایک غافل اور منکر اور مکذب وہ حسرتیں ساتھ لے جائے گا جس کا تدارک

[1] البقرۃ: ۹۰ [2] الحدید: ۲۲

پھر اُس کے ہاتھ میں نہیں ہوگا۔ اب میاں غلام فرید صاحب کا خط ذیل میں حسب وعدہ مذکور لکھا جاتا ہے اور وہ یہ ہے

مِن فقیر باب اللہ غلام فرید سجادہ نشین الیٰ جناب میرزا غلام احمد صاحب قادیانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب الارباب۔ وَالصلوٰۃ علیٰ رسولہ الشفیع بیوم الحساب۔ وعلیٰ آلہ وَالاصحاب والسلام علیکم وعلیٰ مَن اجتھد واصاب۔ امّا بَعد فقد ارسلت الیّ الکتاب۔ وبہ دعوت الی المُباھلۃ وطالبت بالجواب۔ وانی وان کنت عدیم الفرصۃ ولکن رایت جزءہ من حُسن الخطاب۔ وسوق العتاب۔ اعلم یا اعزالاحباب۔ انّی من بدو حالک واقف علیٰ مقام تعظیمک لنیل الثواب۔ وما جرت علیٰ لسانی کلمۃ فی حقک الا بالتبجیل ورعایۃ الآداب۔ والآن اطلع لک بانّی معترف بصلاح حالک بلا ارتیاب۔ وموقن بانک من عباد اللہ الصالحین وفی سعیک المشکور مثاب۔ واُوتیت الفضل من الملک الوھّاب۔ ولک ان تسئل من اللہ تعالیٰ خیر عاقبتی وادعو لکم حُسن مآب۔ ولولا خوف الاطناب۔ لازددت فی الخطاب۔ وَالسلام علیٰ من سلک سبیل الصواب۔ فقط ۲۷ رجب ۱۳۱۴ھ مقام چاچڑاں

(مہر)

ترجمہ اس کا یہ ہے تمام تعریفیں اُس خدا کیلئے ہیں جو رب الارباب ہے۔ اور درود اس رسول مقبول پر جو یوم الحساب کا شفیع ہے اور نیز اس کی آل اور اصحاب پر۔ اور تم پر سلام اور ہر یک پر جو راہ صواب میں کوشش کرنیوالا ہو۔ اس کے بعد واضح ہو کہ مجھے آپ کی وہ کتاب پہنچی جس میں مباہلہ کیلئے جواب طلب کیا گیا ہے۔ اور اگرچہ میں عدیم الفرصت تھا تاہم میں نے اس کتاب کی ایک جُز کو جو حسن خطاب اور طریق عتاب پر مشتمل تھی پڑھی ہے سوائے ہر یک حبیب سے عزیز تر تجھے معلوم ہو کہ میں ابتدا سے تیرے لئے تعظیم کرنے کے مقام پر کھڑا ہوں۔ تا مجھے ثواب حاصل ہو اور کبھی میری زبان پر بجز تعظیم اور تکریم اور رعایت آداب کے تیرے حق میں کوئی کلمہ جاری نہیں ہوا۔ اور اب میں مطلع کرتا ہوں کہ میں بلاشبہ تیرے نیک حال کا معترف ہوں۔ اور میں یقین رکھتا ہوں کہ تو خدا کے صالح بندوں میں سے ہے۔ اور تیری سعی عند اللہ قابل شکر ہے جس کا اجر ملیگا اور خدائے بخشندہ بادشاہ کا تیرے پر فضل ہے۔ میرے لئے عاقبت بالخیر کی دُعا کر اور میں آپ کے لئے انجام خیر و خوبی کی دُعا کرتا ہوں۔ اگر مجھے طول کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں زیادہ لکھتا۔ والسلام علی من سلک سبیل الصواب۔ منمقام اچھا چڑاں

ایک اور پیشگوئی کا پورا ہونا

چونکہ حدیث صحیح میں آچکا ہے کہ مہدی موعود کے پاس ایک چھپی ہوئی کتاب ہو گی جس میں اس کے تین سو تیرہ [۳۱۳] اصحاب کا نام درج ہو گا۔ اس لئے یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ وہ پیشگوئی آج پوری ہو گئی۔ یہ تو ظاہر ہے کہ پہلے اس سے اس اُمت مرحومہ میں کوئی ایسا شخص پیدا نہیں ہوا کہ جو مہدویت کا مدعی ہوتا اور اُس کے وقت میں چھاپہ خانہ بھی ہوتا۔ اور اس کے پاس ایک کتاب بھی ہوتی جس میں تین سو تیرہ نام لکھے ہوئے ہوتے۔ اور ظاہر ہے کہ اگر یہ کام انسان کے اختیار میں ہوتا تو اس سے پہلے کئی جھوٹے اپنے تئیں اس کا مصداق بنا سکتے۔ مگر اصل بات یہ ہے کہ خدا کی پیشگوئیوں میں ایسی فوق العادت شرطیں ہوتی ہیں کہ کوئی جھوٹا ان سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔ اور اس کو وہ سامان اور اسباب عطا نہیں کئے جاتے جو سچے کو عطا کئے جاتے ہیں۔

شیخ علی حمزہ بن علی ملک الطوسی اپنی کتاب جواہر الاسرار میں جو ۸۴۰ھ میں تالیف ہوئی تھی مہدی موعود کے بارے میں مندرجہ ذیل عبارت لکھتے ہیں۔ " در اربعین آمدہ است کہ خروج مہدی

از قریہ کدعہ باشد۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یخرج المھدی من قریۃ یقال لھا کدعہ
یصدقہ اللہ تعالیٰ ویجمع اصحابہ من اقصی البلاد علی عدۃ اھل بدر بثلاث مائۃ
وثلاثۃ عشر رجلا ومعہ صحیفۃ مختومۃ (ای مطبوعۃ) فیھا عدد اصحابہ
باسمائھم وبلادھم وخلالھم یعنی مہدی اس گاؤں سے نکلیگا جس کا نام کدعہ ہے یہ نام دراصل قادیان کے
نام کو معرب کیا ہوا ہے) اور پھر فرمایا کہ خدا اس مہدی کی تصدیق کریگا۔ اور دور دور سے اس کے دوست جمع کریگا جن کا شمار اہل بدر
کے شمار سے برابر ہوگا یعنی تین سو تیرہ [۳۱۳] ہونگے اور ان کے نام بقید مسکن و خصلت چھپی ہوئی کتاب میں درج ہوں گے۔

اب ظاہر ہے کہ کسی شخص کو پہلے اس سے یہ اتفاق نہیں ہوا۔ کہ وہ مہدی موعود ہونے کا دعویٰ کرے اور اس کے پاس
چھپی ہوئی کتاب ہو جس میں اس کے دوستوں کے نام ہوں لیکن میں پہلے اس سے بھی **آئینہ کمالات اسلام** میں تین سو تیرہ [۳۱۳] نام
درج کر چکا ہوں اور اب دوبارہ اتمام حجت کیلئے تین سو تیرہ [۳۱۳] نام ذیل میں درج کرتا ہوں تا ہر یک منصف سمجھ لے کہ یہ پیشگوئی بھی میرے
ہی حق میں پوری ہوئی اور بموجب منشاء حدیث کے یہ بیان کر دینا پہلے سے ضروری ہے کہ یہ تمام اصحاب خصلت صدق و صفا رکھتے ہیں
اور حسب مراتب جس کو اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے بعض بعض سے محبت اور انقطاع الی اللہ اور سرگرمی دین میں سبقت لے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ
سب کو اپنی رضا کی راہوں میں ثابت قدم کرے۔ اور وہ یہ ہیں۔

(۱) منشی جلال الدین صاحب پنشنر سابق میر منشی رجمنٹ نمبر ۱۲ موضع بلانی کھاریاں ضلع گوجرات
(۲) مولوی حافظ فضل دین صاحب 〃
(۳) میاں محمد دین پٹواری بلانی 〃
(۴) قاضی یوسف علی نعمانی معہ اہلبیت تشام حصار
(۵) میرزا امین بیگ صاحب معہ اہل بیت بہاوجی جیپور
(۶) مولوی قطب الدین صاحب بدوملی سیالکوٹ
(۷) منشی روڑا صاحب . . . کپورتھلہ
(۸) میاں محمد خاں صاحب . . . 〃
(۹) منشی ظفر احمد صاحب . . . 〃
(۱۰) منشی عبد الرحمن صاحب . . . 〃
(۱۱) منشی فیاض علی صاحب . . . 〃
(۱۲) مولوی عبد الکریم صاحب . سیالکوٹ
(۱۳) سید حامد شاہ صاحب 〃
(۱۴) منشی وزیر الدین صاحب کانگڑہ
(۱۵) منشی گوہر علی صاحب جالندھر

۱۶۔ مولوی غلام علی صاحب ڈپٹی رہتاس۔ جہلم
۱۷۔ میاں نبی بخش صاحب رفوگر۔ امرتسر
۱۸۔ میاں عبد الخالق صاحب 〃
۱۹۔ میاں قطب الدین صاحب مس گر 〃
۲۰۔ مولوی ابو الحمید صاحب حیدرآباد دکن
۲۱۔ مولوی حاجی حافظ حکیم نور دین صاحب معہ ہر دو زوجہ۔ بھیرہ۔ ضلع شاہ پور
۲۲۔ مولوی سید محمد احسن صاحب امروہہ ضلع مرادآباد
۲۳۔ مولوی حاجی حافظ حکیم فضل دین صاحب معہ ہر دو زوجہ بھیرہ
۲۴۔ صاحبزادہ محمد سراج الحق صاحب جمالی نعمانی قادیانی سابق سرساوی معہ اہلبیت
۲۵۔ سید ناصر نواب صاحب دہلوی۔ حال قادیانی
۲۶۔ صاحبزادہ افتخار احمد صاحب لدھیانوی معہ اہلبیت
۲۷۔ صاحبزادہ منظور محمد صاحب معہ اہلبیت 〃
۲۸۔ حافظ حاجی مولوی احمد اللہ خان معہ اہلبیت 〃
۲۹۔ سیٹھ عبد الرحمن صاحب حاجی اللہ رکھا معہ اہلبیت مدراس

۳۰۔ میاں جمال الدین سیکھواں گورداسپور معہ اہلبیت
۳۱۔ میاں خیر الدین 〃 〃
۳۲۔ میاں امام الدین 〃 〃
۳۳۔ میاں عبد العزیز پٹواری 〃 〃
۳۴۔ منشی گلاب دین۔ رہتاس۔ جہلم
۳۵۔ قاضی ضیاء الدین صاحب۔ قاضی کوٹی
۳۶۔ میاں عبد اللہ صاحب پٹواری۔ سنوری
۳۷۔ شیخ عبد الرحیم صاحب نو مسلم سابق لیس دفعدار رسالہ نمبر ۱۲ چھاؤنی سیالکوٹ
۳۸۔ مولوی مبارک علی صاحب امام 〃
۳۹۔ میرزا نیاز بیگ صاحب کلانوری
۴۰۔ میرزا یعقوب بیگ صاحب 〃
۴۱۔ میرزا ایوب بیگ صاحب معہ اہلبیت 〃
۴۲۔ میرزا خدا بخش صاحب۔ جھنگ
۴۳۔ سردار نواب محمد علی خان صاحب رئیس مالیر کوٹلہ
۴۴۔ سید محمد عسکری خان صاحب سابق اکسٹرا اسسٹنٹ الہ آباد

۴۵ مرزا محمد یوسف بیگ صاحب سامانہ ریاست پٹیالہ
۴۶ شیخ شہاب الدین صاحب ..... لودیانہ
۴۷ شہزادہ عبدالمجید صاحب ..... "
۴۸ منشی حمید الدین صاحب ..... "
۴۹ میاں کرم الٰہی صاحب ..... "
۵۰ قاضی زین العابدین صاحب خانپور سرہند
۵۱ مولوی غلام حسن صاحب رجسٹرار ... پشاور
۵۲ محمد انوار حسین خانصاحب شاہ آباد۔ ہردوئی
۵۳ شیخ فضل الٰہی صاحب ... فیض اللہ چک
۵۴ میاں عبدالعزیز صاحب ... دہلی
۵۵ مولوی محمد سعید صاحب ... شامی طرابلسی
۵۶ مولوی حبیب شاہ صاحب ... خوشاب
۵۷ حاجی احمد صاحب ... بخارا
۵۸ حافظ نور محمد صاحب - فیض اللہ چک
۵۹ شیخ نور احمد صاحب ... امرتسر
۶۰ مولوی جمال الدین صاحب ... سید والہ
۶۱ میاں عبداللہ صاحب ... ٹھٹھہ شیر کا
۶۲ میاں اسمٰعیل صاحب ... سرساوہ
۶۳ میاں عبدالعزیز صاحب نومسلم - قادیان
۶۴ خواجہ کمال الدین صاحب بی اے مع اہلبیت لاہور
۶۵ مفتی محمد صادق صاحب بھیرہ - ضلع شاہپور
۶۶ شیر محمد خان صاحب بکھر "
۶۷ منشی محمد افضل صاحب لاہور حال ممباسہ
۶۸ ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خانصاحب گوڑیانی ملازم "
۶۹ میاں کریم الدین صاحب مدرس قلعہ سوبھا سنگھ
۷۰ سید محمد اسمٰعیل دہلوی طالب علم حال قادیان
۷۱ بابو تاج الدین صاحب اکونٹنٹ ... لاہور
۷۲ شیخ رحمت اللہ صاحب تاجر ... لاہور
۷۳ شیخ نبی بخش صاحب ... "
۷۴ منشی معراج الدین صاحب "
۷۵ شیخ مسیح اللہ صاحب شاہجہان پوری
۷۶ منشی چوہدری نبی بخش صاحب مع اہلبیت - بٹالہ

۷۷ میاں محمد اکبر صاحب ..... بٹالہ
۷۸ شیخ مولا بخش صاحب ... ڈنگہ گجرات
۷۹ سید امیر علی شاہ صاحب سارجنٹ سیالکوٹ
۸۰ میاں محمد جان صاحب ..... وزیرآباد
۸۱ میاں شادی خان صاحب ... سیالکوٹ
۸۲ میاں محمد نواب خانصاحب تحصیلدار ... جہلم
۸۳ میاں عبداللہ خانصاحب برادر نواب خانصاحب "
۸۴ مولوی برہان الدین صاحب "
۸۵ شیخ غلام نبی صاحب ..... راولپنڈی
۸۶ بابو محمد بخش صاحب ہیڈ کلرک۔ چھاؤنی انبالہ
۸۷ منشی رحیم بخش صاحب میونسپل کمشنر۔ لدھیانہ
۸۸ منشی عبدالحق صاحب کرانچی والہ "
۸۹ حافظ فضل احمد صاحب ..... لاہور
۹۰ قاضی امیر حسین صاحب ..... بھیرہ
۹۱ مولوی حسن علی صاحب مرحوم۔ بھاگلپور
۹۲ مولوی فیض احمد صاحب لنگیاں والی۔ گوجرانوالہ
۹۳ سید محمود شاہ صاحب مرحوم۔ سیالکوٹ
۹۴ مولوی غلام امام صاحب عزیز الواعظین منی پور آسام
۹۵ رحمٰن شاہ صاحب ناگپور ضلع چاندہ - دردڑہ
۹۶ میاں جان محمد صاحب مرحوم - قادیان
۹۷ منشی فتح محمد مع اہلبیت بزدار لیہ ڈیرہ اسمٰعیل خان
۹۸ شیخ محمد صاحب ..... ٹکی
۹۹ حاجی منشی احمد جان صاحب مرحوم۔ لودیانہ
۱۰۰ منشی پیر بخش صاحب مرحوم ... جالندھر
۱۰۱ شیخ عبدالرحمٰن صاحب نومسلم قادیان
۱۰۲ حاجی عصمت اللہ صاحب ... لودیانہ
۱۰۳ میاں پیر بخش صاحب .... "
۱۰۴ منشی ابراہیم صاحب .... "
۱۰۵ منشی قمر الدین صاحب .... "
۱۰۶ حاجی محمد امیر خان صاحب ... سہارنپور
۱۰۷ حاجی عبدالرحمٰن صاحب مرحوم .. لودیانہ
۱۰۸ قاضی خواجہ علی صاحب ... "

۱۰۹ منشی تاج محمد خان صاحب .... لودیانہ
۱۱۰ سید محمد ضیاء الحق صاحب ... روپڑ
۱۱۱ شیخ محمد عبدالرحمٰن صاحب عرف شعبان ... کابلی
۱۱۲ خلیفہ رجب دین صاحب تاجر ... لاہور
۱۱۳ پیرجی خدا بخش صاحب مرحوم .. ڈیرہ دون
۱۱۴ حافظ مولوی محمد یعقوب خانصاحب "
۱۱۵ شیخ چراغ علی نمبردار ... تھہ غلام نبی
۱۱۶ محمد اسحٰق غلام کبریا صاحب فرزند رشید
مولوی محمد احسن صاحب امروہی
۱۱۷ احمد حسن صاحب فرزند رشید مولوی
محمد احسن صاحب امروہی
۱۱۸ سیٹھ احمد صاحب عبدالرحمٰن حاجی اللہ رکھا
تاجر ...... مدراس
۱۱۹ سیٹھ صالح محمد صاحب حاجی اللہ رکھا تاجر "
۱۲۰ سیٹھ ابراہیم صاحب صالح محمد حاجی اللہ رکھا "
۱۲۱ سیٹھ عبدالحمید صاحب حاجی ایوب حاجی اللہ رکھا "
۱۲۲ حاجی مہدی صاحب عربی بغدادی نزیل "
۱۲۳ سیٹھ محمد یوسف صاحب حاجی اللہ رکھا "
۱۲۴ مولوی سلطان محمود صاحب میلاپور "
۱۲۵ حکیم محمد سعید صاحب " "
۱۲۶ منشی قادر علی صاحب " "
۱۲۷ منشی غلام دستگیر صاحب " "
۱۲۸ منشی سراج الدین صاحب ترمل کہیڑی "
۱۲۹ قاضی غلام مرتضیٰ صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر
مظفر گڈھ حال پنشنر
۱۳۰ مولوی عبدالقادر خانصاحب جمالپور - لودیانہ
۱۳۱ مولوی عبدالقادر صاحب خاص "
۱۳۲ مولوی رحیم اللہ صاحب مرحوم لاہور
۱۳۳ مولوی غلام حسین صاحب "
۱۳۴ مولوی غلام نبی صاحب مرحوم خوشاب شاہ پور
۱۲۵ مولوی محمد حسین صاحب علاقہ ریاست کپورتھلہ
۱۳۶ مولوی شہاب الدین صاحب غزنوی - کابلی

۱۲۷۔ مولوی سید محمد تفضل حسین صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ۔ علیگڈھ ضلع فرخ آباد
۱۲۸۔ منشی صادق حسین صاحب مختار۔۔ اٹاوہ
۱۲۹۔ شیخ مولوی فضل حسین صاحب احمد آبادی۔ جہلم
۱۳۰۔ میاں عبد العلی موضع عبد الرحمٰن ضلع شاہ پور
۱۳۱۔ منشی نصیر الدین صاحب لونی حال حیدرآباد
۱۳۲۔ قاضی محمد یوسف صاحب۔ قاضی کوٹ۔ گوجرانوالہ
۱۳۳۔ قاضی فضل الدین صاحب " "
۱۳۴۔ قاضی سراج الدین صاحب " "
۱۳۵۔ قاضی عبد الرحیم صاحب فرزند رشید قاضی ضیاء الدین صاحب کوٹ قاضی۔ گوجرانوالہ
۱۳۶۔ شیخ کرم الٰہی صاحب کلارک ریلوے۔۔۔ پٹیالہ
۱۳۷۔ میرزا عظیم بیگ صاحب مرحوم۔ سامانہ۔ پٹیالہ
۱۳۸۔ میرزا ابراہیم بیگ صاحب مرحوم " "
۱۳۹۔ میاں غلام محمد طالب علم جہلم۔ لاہور
۱۴۰۔ مولوی محمد فضل صاحب چنگا۔ گوجرخاں
۱۴۱۔ ماسٹر قادر بخش صاحب۔۔۔ لودیانہ
۱۴۲۔ منشی الٰہ بخش صاحب۔۔۔ "
۱۴۳۔ حاجی ملا نظام الدین صاحب "
۱۴۴۔ عطاء الٰہی غوث گڈھ۔۔۔ پٹیالہ
۱۴۵۔ مولوی نور محمد صاحب مانگٹ "
۱۴۶۔ مولوی کریم اللہ صاحب۔۔۔ امرتسر
۱۴۷۔ سید عبد الہادی صاحب سولن۔ شملہ
۱۴۸۔ مولوی محمد عبد اللہ خان صاحب۔ پٹیالہ
۱۴۹۔ ڈاکٹر عبد الحکیم خاں صاحب۔۔۔ "
۱۶۰۔ ڈاکٹر نور محمد خان صاحب۔ قصور ضلع لاہور
۱۶۱۔ ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب لاہور حال چکراتہ
۱۶۲۔ غلام محی الدین خان صاحب فرزند ڈاکٹر نور محمد خان صاحب
۱۶۳۔ مولوی صفدر حسین صاحب۔ حیدرآباد دکن
۱۶۴۔ خلیفہ نور دین صاحب۔۔۔ جموں
۱۶۵۔ میاں اللہ دتا صاحب۔۔۔ "
۱۶۶۔ منشی عزیز الدین صاحب۔۔۔ کانگڑہ

۱۶۷۔ سید مہدی حسین صاحب علاقہ پٹیالہ
۱۶۸۔ مولوی حکیم نور محمد صاحب۔ موکل
۱۶۹۔ حافظ محمد بخش مرحوم۔ کوٹ قاضی
۱۷۰۔ چوہدری شرف الدین صاحب۔ کوٹلہ فقیر۔ جہلم
۱۷۱۔ میاں رحیم بخش صاحب۔۔۔ امرتسر
۱۷۲۔ مولوی محمد افضل صاحب کملہ۔۔۔ گجرات
۱۷۳۔ میاں اسمٰعیل صاحب۔۔۔ امرتسری
۱۷۴۔ مولوی غلام جیلانی صاحب۔ گھڑونواں جالندھر
۱۷۵۔ منشی امانت خان صاحب۔ نادون۔ کانگڑہ
۱۷۶۔ قاری محمد صاحب۔۔۔ جہلم
۱۷۷۔ میاں کرم داد معہ اہلبیت۔۔۔ قادیان
۱۷۸۔ حافظ نور احمد۔۔۔ لودیانہ
۱۷۹۔ میاں کرم الٰہی صاحب۔۔۔ لاہور
۱۸۰۔ میاں عبد الصمد صاحب۔۔۔ نارووال
۱۸۱۔ میاں غلام حسین معہ اہلیہ۔ رہتاس
۱۸۲۔ میاں نظام الدین صاحب۔۔۔ جہلم
۱۸۳۔ میاں محمد صاحب۔۔۔ جہلم
۱۸۴۔ میاں علی محمد صاحب۔۔۔ "
۱۸۵۔ میاں عباس خاں۔ کہوہار۔ گجرات
۱۸۶۔ میاں قطب الدین صاحب۔ کوٹلہ فقیر۔ جہلم
۱۸۷۔ میاں اللہ دتا خان صاحب اڈیالہ۔ "
۱۸۸۔ محمد حیات صاحب۔ چک جانی۔ "
۱۸۹۔ مخدوم مولوی محمد صدیق صاحب۔ بھیرہ
۱۹۰۔ عبد المغنی صاحب فرزند رشید مولوی برہان الدین صاحب جہلمی
۱۹۱۔ قاضی چراغ دین۔ کوٹ قاضی۔ گوجرانوالہ
۱۹۲۔ میاں فضل الدین صاحب قاضی کوٹ
۱۹۳۔ میاں علم الدین صاحب کوٹلہ فقیر۔ جہلم
۱۹۴۔ قاضی میر محمد صاحب۔ کوٹ کھلیان
۱۹۵۔ میاں اللہ دتا صاحب۔۔۔ نت۔ گوجرانوالہ
۱۹۶۔ میاں سلطان محمد صاحب۔۔۔ "
۱۹۷۔ مولوی خان ملک صاحب کھیوال

۱۹۸۔ میاں الٰہ بخش صاحب علاقہ بند۔۔ امرتسر
۱۹۹۔ مولوی عنایت اللہ مدرس مانانوالہ
۲۰۰۔ منشی میراں بخش صاحب گوجرانوالہ
۲۰۱۔ مولوی احمد جان صاحب مدرس "
۲۰۲۔ مولوی حافظ احمد دین چک سکندر گجرات
۲۰۳۔ مولوی عبد الرحمٰن صاحب کھیوال۔ جہلم
۲۰۴۔ میاں مہر دین صاحب۔۔۔ لالہ موسیٰ
۲۰۵۔ میاں ابراہیم صاحب پنڈوری۔ جہلم
۲۰۶۔ سید محمود شاہ صاحب فتح پور۔ گجرات
۲۰۷۔ محمد جو صاحب۔۔۔ امرتسر
۲۰۸۔ منشی شاہ دین صاحب۔ دینا۔ جہلم
۲۰۹۔ منشی روشن دین صاحب۔ ڈنڈوٹ۔ "
۲۱۰۔ حکیم فضل الٰہی صاحب۔۔۔ لاہور
۲۱۱۔ شیخ عبد اللہ دیوانچند صاحب کمپونڈر "
۲۱۲۔ منشی محمد علی صاحب "
۲۱۳۔ منشی امام الدین صاحب کلرک "
۲۱۴۔ منشی عبد الرحمٰن صاحب " "
۲۱۵۔ خواجہ جمال الدین صاحب بی اے لاہور حال جموں
۲۱۶۔ منشی مولا بخش صاحب کلرک۔۔۔ لاہور
۲۱۷۔ شیخ محمد حسین صاحب مراد آبادی۔ پٹیالہ
۲۱۸۔ عالم شاہ صاحب کھاریاں۔ گجرات
۲۱۹۔ مولوی شیر محمد صاحب ہوجن۔ شاہپور
۲۲۰۔ میاں محمد اسحٰق صاحب اوورسیر بھیرہ حال ممباسہ
۲۲۱۔ میرزا اکبر بیگ صاحب۔۔۔ کلانور
۲۲۲۔ مولوی محمد یوسف صاحب۔۔۔ سنور
۲۲۳۔ میاں عبد الصمد صاحب۔۔۔ سنور
۲۲۴۔ منشی عطا محمد صاحب، سیالکوٹ
۲۲۵۔ شیخ مولا بخش صاحب "
۲۲۶۔ سید خصیلت علی شاہ صاحب ڈپٹی انسپکٹر ڈنگہ
۲۲۷۔ منشی رستم علی صاحب کورٹ انسپکٹر گورداسپور
۲۲۸۔ سید احمد علی شاہ صاحب سیالکوٹ

۲۲۹۔ ماسٹر غلام محمد صاحب — سیالکوٹ
۲۳۰۔ حکیم محمد دین صاحب۔۔۔۔ — ״
۲۳۱۔ میاں غلام محی الدین صاحب — ״
۲۳۲۔ میاں عبد العزیز صاحب — ״
۲۳۳۔ منشی محمد دین صاحب — ״
۲۳۴۔ منشی عبد المجید صاحب ۔اوجلہ۔ گورداسپور
۲۳۵۔ میاں خدا بخش صاحب بٹالہ — ״
۲۳۶۔ منشی حبیب الرحمٰن صاحب حاجی پور۔ کپورتھلہ
۲۳۷۔ محمد حسین صاحب کنگھیاں والی۔ — گوجرانوالہ
۲۳۸۔ منشی زین الدین محمد ابراہیم۔ انجنیئر۔ بمبئی
۲۳۹۔ سید فضل شاہ صاحب — لاہور
۲۴۰۔ سید ناصر شاہ صاحب اورسیر۔ اوڑی کشمیر
۲۴۱۔ منشی عطا محمد صاحب چنیوٹ جھنگ
۲۴۲۔ شیخ نور احمد صاحب جالندھر حال ممباسہ
۲۴۳۔ منشی سرفراز خان صاحب۔ جھنگ
۲۴۴۔ مولوی سید محمد رضوی صاحب۔ حیدرآباد
۲۴۵۔ مفتی فضل الرحمٰن صاحب معہ اہلیہ۔ بھیرہ
۲۴۶۔ حافظ محمد سعید صاحب بھیرہ۔ حال لندن
۲۴۷۔ مستری قطب الدین صاحب — بھیرہ
۲۴۸۔ مستری عبد الکریم صاحب — ״
۲۴۹۔ مستری غلام الٰہی صاحب — ״
۲۵۰۔ میاں عالم دین صاحب — ״
۲۵۱۔ میاں محمد شفیع صاحب — ״
۲۵۲۔ میاں نجم الدین صاحب — ״
۲۵۳۔ میاں خادم حسین صاحب — ״
۲۵۴۔ بابو غلام رسول صاحب — ״
۲۵۵۔ شیخ عبد الرحمٰن صاحب نومسلم — ״
۲۵۶۔ مولوی سردار محمد صاحب — لون میانی
۲۵۷۔ مولوی دوست محمد صاحب — ״
۲۵۸۔ مولوی حافظ محمد صاحب بھیرہ۔ حال کشمیر
۲۵۹۔ مولوی شیخ قادر بخش صاحب۔ احمدآباد
۲۶۰۔ منشی اللہ داد صاحب کلرک چھاؤنی شاہپور

۲۶۱۔ میاں حاجی وریام — خوشاب
۲۶۲۔ حافظ مولوی فضل دین صاحب — ״
۲۶۳۔ سید دلدار علی صاحب۔ بلہور۔ کانپور
۲۶۴۔ سید رمضان علی صاحب ״ — ״
۲۶۵۔ سید جیون علی صاحب پلول حال الہ آباد
۲۶۶۔ سید فرزند حسین صاحب چاندپور۔ ״
۲۶۷۔ سید اہتمام علی صاحب موہرونڈا۔ ״
۲۶۸۔ حاجی نجف علی صاحب۔ کٹرہ محلہ الہ آباد
۲۶۹۔ شیخ گلاب صاحب ״ — ״
۲۷۰۔ شیخ خدا بخش صاحب ״ — ״
۲۷۱۔ حکیم محمد حسین صاحب — لاہور
۲۷۲۔ میاں عطا محمد صاحب — سیالکوٹ
۲۷۳۔ میاں محمد دین صاحب — جموں
۲۷۴۔ میاں محمد حسن صاحب عطار — لدھیانہ
۲۷۵۔ سید نیاز علی صاحب۔ بدایون حال رامپور
۲۷۶۔ ڈاکٹر عبد الشکور صاحب۔۔۔ سرسہ
۲۷۷۔ شیخ حافظ الدین صاحب بی اے جہاویاں
۲۷۸۔ میاں عبد السبحان — لاہور
۲۷۹۔ میاں شہامت خاں — نادون
۲۸۰۔ مولوی عبد الحکیم صاحب دھاروار علاقہ بمبئی
۲۸۱۔ قاضی عبد اللہ صاحب — کوٹ قاضی
۲۸۲۔ عبد الرحمٰن صاحب پٹواری — سنوری
۲۸۳۔ برکت علی صاحب مرحوم۔ تقہ غلام نبی
۲۸۴۔ شہاب الدین صاحب — ״
۲۸۵۔ صاحب دین صاحب تہال۔ گجرات
۲۸۶۔ مولوی غلام حسن مرحوم — دینا نگر
۲۸۷۔ نواب دین صاحب مدرس — ״
۲۸۸۔ احمد دین صاحب — منارہ
۲۸۹۔ عبد اللہ صاحب قرآنی — لاہور
۲۹۰۔ کرم الٰہی صاحب کمپازیٹر — ״
۲۹۱۔ سید محمد آفندی — ترکی
۲۹۲۔ عثمان عرب صاحب — طائف شریف

۲۹۳۔ عبد الکریم صاحب مرحوم — چمارو
۲۹۴۔ عبد الوہاب صاحب — بغدادی
۲۹۵۔ میاں کریم بخش صاحب مرحوم مغفور
جمال پور ضلع لدھیانہ
۲۹۶۔ عبد العزیز صاحب عرف عزیز الدین ناسنگ
۲۹۷۔ حافظ غلام محی الدین صاحب بھیرہ حال قادیان
۲۹۸۔ محمد اسمٰعیل صاحب نقشہ نویس کالکا ریلوے
۲۹۹۔ احمد دین صاحب چک۔ کھاریاں
۳۰۰۔ محمد امین کتاب فروش — جہلم
۳۰۱۔ مولوی محمود حسن خانصاحب مدرس ملازم پٹیالہ
۳۰۲۔ محمد رحیم الدین — حبیب والہ
۳۰۳۔ شیخ حرمت علی صاحب کراری الہ آباد
۳۰۴۔ میاں نور محمد صاحب غوث گڈھ — پٹیالہ
۳۰۵۔ مستری اسلام احمد صاحب — بھیرہ
۳۰۶۔ حسینی خاں صاحب — الہ آباد
۳۰۷۔ قاضی رضی الدین صاحب — اکبرآباد
۳۰۸۔ سعد اللہ خانصاحب — الہ آباد
۳۰۹۔ مولوی عبد الحق صاحب ولد مولوی
فضل حق صاحب مدرس سامانہ پٹیالہ
۳۱۰۔ مولوی حبیب اللہ صاحب مرحوم
محافظ دفتر پولس۔ — جہلم
۳۱۱۔ رجب علی صاحب پنشنر ساکن
جھونسی کہنہ ضلع الہ آباد
۳۱۲۔ ڈاکٹر سید منصب علی صاحب
پنشنر۔ الہ آباد
۳۱۳۔ میاں کریم اللہ صاحب سارجنٹ
پولس۔ جہلم

اب دیکھو یہ تین سو تیرہ مخلص جو اس کتاب میں درج ہیں یہ اسی پیشگوئی کا مصداق ہے جو احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں پائی جاتی ہے۔ پیشگوئی میں **کدعہ** کا لفظ بھی ہے جو صریح **قادیان** کے نام کو بتلا رہا ہے پس تمام مضمون اس حدیث کا یہ ہے کہ وہ مہدی موعود قادیان میں پیدا ہوگا۔ اور اس کے پاس ایک کتاب چھپی ہوئی ہوگی جس میں تین سو تیرہ[۳۱۳] اس کے دوستوں کے نام درج ہونگے۔ سو ہر ایک شخص سمجھ سکتا ہے کہ یہ بات میرے اختیار میں تو نہیں تھی کہ میں ان کتابوں میں جو اس زمانہ سے ہزار برس پہلے دنیا میں شائع ہو چکی ہیں اپنے گاؤں قادیان کا نام لکھ دیتا۔ اور نہ میں نے چھاپہ کی کل نکالی ہے تا یہ خیال کیا جائے کہ میں نے اس غرض سے مطبع کو اس زمانہ میں ایجاد کیا ہے۔ اور نہ تین سو تیرہ مخلص اصحاب کا پیدا کرنا میرے اختیار میں تھا بلکہ یہ تمام اسباب خود خدا تعالیٰ نے پیدا کئے ہیں۔ تا وہ اپنے رسول کریم کی پیشگوئی کو پورا کرے۔

مگر اس زمانہ کے مولویوں کی حالت پر سخت افسوس ہے۔ کہ **وہ نہیں چاہتے** کہ کوئی پیشگوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری ہو۔ آتھم کی نسبت کیسی صفائی سے پیشگوئی پوری ہوئی۔ خدا تعالیٰ کی الہامی شرط کے موافق اوّل آتھم سودائیوں کی طرح ڈرتا پھرا۔ اور بباعث شدت خوف شرط سے فائدہ اٹھایا۔ آخر بیباکی کی حالت میں خدا تعالیٰ کے قطعی الہام کے موافق واصل جہنم ہوا۔ اور یہی پیشگوئی تھی جس کی براہین احمدیہ کے صفحہ[۲۴۱] میں بھی اب سے سترہ[۱۷] برس پہلے خبر دی گئی تھی۔ سو جیسا کہ اس پیشگوئی کی تکذیب میں پادریوں نے جھوٹ کی نجاست کھائی۔ عبد الحق اور عبد الجبار غزنویان وغیرہ مخالف مولویوں نے بھی وہ نجاست کھائی اور جیسا کہ عیسائیوں نے اسلام پر حملہ کیا۔ انہوں نے بھی اسلام پر حملہ کیا۔ کیونکہ یہ نشان اسلام کی تائید میں تھا۔ سو ان لوگوں نے اسلام کی کچھ پروا نہ کی اور کچھ بھی حیا اور شرم اور تقویٰ سے کام نہ لیا۔ اسی لئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کا نام یہودی رکھا۔ اگر یہ لوگ آتھم کے بارے میں کوئی سچی نکتہ چینی کرتے تو ہمیں کچھ افسوس نہ تھا مگر ان لوگوں نے تو اُس سچائی پر تھوکا جو آفتاب کی طرح چمک رہی تھی۔ عبد الحق غزنوی بار بار لکھتا ہے کہ پادریوں کی فتح ہوئی ہم اس کے جواب میں بجز اس کے کیا کہیں اور کیا لکھیں کہ اے بد ذات یہودی صفت پادریوں کا اس میں مُنہ کالا ہوا۔ اور ساتھ ہی تیرا بھی۔ اور پادریوں پر ایک آسمانی لعنت پڑی اور ساتھ ہی وہ لعنت تجھ کو بھی کھا گئی۔ اگر تو سچا ہے تو اب ہمیں دکھلا کہ آتھم کہاں ہے۔ اے خبیث کب تک تو جیئے گا۔ کیا تیرے لئے ایک دن موت کا مقرر نہیں۔

ایسا ہی ذرہ انصاف کرنا چاہیئے کہ کس قوت اور چمک سے کسوف اور خسوف کی پیشگوئی پوری ہوئی۔ اور ہمارے دعویٰ پر آسمان نے گواہی دی۔ مگر اس زمانہ کے ظالم مولوی اس سے بھی منکر ہیں۔ خاص کر رئیس الدجالین عبدالحق غزنوی اور اس کا تمام گروہ علیھم نعال لعن اللہ الف الف مرۃ۔ اپنے ناپاک اشتہار میں نہایت اصرار سے کہتا ہے کہ یہ پیشگوئی بھی پوری نہیں ہوئی اے پلید دجّال! پیشگوئی تو پوری ہوگئی۔ لیکن تعصب کے غبار نے تجھ کو اندھا کر دیا۔ پیشگوئی کے اصل لفظ جو امام محمد باقر سے دارقطنی میں مروی ہیں یہ ہیں:" ان لمھدینا اٰیتین لم تکونا منذ خلق السّمٰوٰت والارض ینکسف القمر لاول لیلۃ من رمضان وتنکسف الشمس فی النصف منہ الخ۔ یعنی ہمارے مہدی کی تائید اور تصدیق کے لئے دو نشان مقرر ہیں۔ اور جب سے کہ زمین و آسمان پیدا کئے گئے وہ دو نشان کسی مدعی کے وقت ظہور میں نہیں آئے۔ اور وہ یہ ہیں کہ مہدی کے ادّعا کے وقت میں چاند کو اس پہلی رات میں گرہن ہوگا جو اُس کے خسوف کی تین راتوں میں سے پہلی رات ہے یعنی تیرھویں رات۔ اور سورج کو اس کے گرہن کے دنوں میں سے اُس دن گرہن ہوگا جو درمیان کا دن ہے یعنی اٹھائیس ۲۸ تاریخ کو اور جب سے دنیا پیدا ہوئی ہے کسی مدعی کے لئے یہ اتفاق نہیں ہوا کہ اُس کے دعویٰ کے وقت میں خسوف کسوف رمضان میں ان تاریخوں میں ہوا ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا **اس غرض سے نہیں تھا** کہ وہ خسوف کسوف قانون قدرت کے برخلاف ظہور میں آئے گا۔ اور نہ حدیث میں کوئی ایسا لفظ ہے۔ بلکہ صرف یہ مطلب تھا کہ اُس مہدی سے پہلے کسی مدعی صادق یا کاذب کو یہ اتفاق نہیں ہوا ہوگا کہ اس نے مہدویت یا رسالت کا دعویٰ کیا ہو۔ اور اس کے وقت میں ان تاریخوں میں رمضان میں خسوف کسوف ہوا ہو۔ پس ان مولویوں کو چاہیئے تھا۔ کہ اگر اس پیشگوئی کی صحت میں شک تھا تو ایسی کوئی نظیر سابق زمانہ میں سے بحوالہ کسی کتاب کے پیش کرتے۔ جس میں لکھا ہوتا کہ پہلے ایسا دعویٰ ہو چکا ہے۔ اور اُس کے وقت میں ایسا خسوف کسوف بھی ہو چکا ہے مگر اس طرف تو انہوں نے رُخ بھی نہیں کیا۔ اور یہ احمقانہ عذر پیش کر دیا ہے کہ اس پیشگوئی کے یہ معنی ہیں کہ چاند کو رمضان کی پہلی رات میں گرہن لگیگا۔ اور پندرہ تاریخ کو سُورج گرہن ہوگا۔ لاحول ولاقوۃ۔ ان احمقوں نے یہ معنی کس لفظ سے سمجھ لئے۔ اے نادانو! آنکھوں کے اندھو! مولویت کو بدنام کرنے والو! ذرہ سوچو!

کہ حدیث میں چاند گرہن میں **قمر** کا لفظ آیا ہے۔ پس اگر یہ مقصود ہوتا کہ پہلی رات میں چاند گرہن ہوگا تو حدیث میں قمر کا لفظ نہ آتا۔ بلکہ **ہلال** کا لفظ آتا۔ کیونکہ کوئی شخص اہل لغت اور اہل زبان میں سے پہلی رات کے چاند پر قمر کا لفظ اطلاق نہیں کرتا۔ بلکہ وہ تین رات تک ہلال کے نام سے موسوم ہوتا ہے۔ پس ایک ایماندار کے لئے یہ ایک بدیہی قرینہ ہے کہ اس جگہ پہلی رات سے مہینہ کی پہلی رات مراد نہیں۔ بلکہ چاند گرہن کی پہلی رات مراد ہے۔ اگر مہینہ کی پہلی رات مراد ہوتی تو اس جگہ ہلال کا لفظ چاہیئے تھا نہ قمر کا۔ گویا یوں عبارت چاہیئے تھی کہ ینکسف الھلال لاوّل لیلۃ۔ سو اب سوچنا چاہیئے کہ یہ لوگ اس علمیت کے ساتھ مولوی کہلاتے ہیں اب تک یہ بھی خبر نہیں کہ پہلی رات کے چاند کو عربی زبان میں کیا کہتے ہیں۔

اور یہ خیال کہ اس حدیث میں جو یہ فقرہ ہے کہ لم تکونا منذ خلق السّمٰوٰت والارض اس سے سمجھا جاتا ہے کہ یہ خسوف و کسوف بطور خارق ہوگا نہ ایسا خسوف کسوف جو منجّمین کے نزدیک معلوم و معروف ہے۔ یہ وہم بھی اس بات پر قطعی دلیل ہے کہ یہ لوگ علم عربی اور عالمانہ تدبّر سے بالکل بے نصیب اور بے بہرہ ہیں۔ یہودیوں کے لئے خدا نے اُس گدھے کی مثال لکھی ہے جس پر کتابیں لدی ہوئی ہوں مگر یہ خالی گدھے ہیں۔ یہ اس شرف سے بھی محروم ہیں جو ان پر کوئی کتاب ہو۔ ہر یک عقلمند جس کو ذرہ انسانی عقل میں سے حصہ ہو سمجھ سکتا ہے کہ اس جگہ لم تکونا کا لفظ اٰیتان سے متعلق ہے جس کے یہ معنے ہیں کہ یہ دونوں نشان بجز مہدی کے پہلے اس سے اور کسی کو عطا نہیں کئے گئے۔ پس اس جگہ یہ کہاں سے سمجھا گیا کہ یہ کسوف خسوف خارق عادت ہوگا بھلا اس میں وہ کونسا لفظ ہے جس سے خارق عادت سمجھا جائے۔ اور جبکہ مطلوب صرف یہ بات تھی کہ ان **تاریخوں میں** کسوف خسوف **رمضان** میں ہونا کسی کے لئے اتفاق نہیں ہوا۔ صرف مہدی موعود کے لئے اتفاق ہوگا تو پھر کیا حاجت تھی کہ خدا تعالےٰ اپنے قدیم نظام کے برخلاف چاند گرہن پہلی رات میں جبکہ خود چاند کالعدم ہوتا ہے کرتا۔ خدا نے قدیم سے چاند گرہن کے لئے ۱۳۔ ۱۴۔ ۱۵۔ اور سورج گرہن کے لئے ۲۷۔ ۲۸۔ ۲۹ تاریخیں مقرر کر رکھی ہیں۔ سو پیشگوئی کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ یہ نظام اس روز ٹوٹ جائیگا۔ جو شخص ایسا سمجھتا ہے وہ گدھا ہے نہ انسان۔ پیشگوئی کے لفظ صاف ہیں جن سے صریح ثابت ہوتا ہے کہ لم تکونا کے لفظ سے صرف یہ مطلب ہے۔ کہ مہدی موعود کو ایک عزت دی جائیگی۔ اور اس

نشان کو اُس کے لئے خاص کر دیا جائے سو پیشگوئی کا بھی مفہوم یہی ہے کہ یہ نشان کسی دوسرے مدعی کو نہیں دیا گیا خواہ صادق ہو یا کاذب۔ صرف مہدی موعود کو دیا گیا ہے۔ اگر یہ ظالم مولوی اس قسم کا خسوف کسوف کسی اور مدعی کے زمانہ میں پیش کر سکتے ہیں تو پیش کریں۔ اس سے بیشک میں جھوٹا ہو جاؤں گا۔ ورنہ میری عداوت کے لئے اس قدر عظیم الشان معجزہ سے انکار نہ کریں۔

اے اسلام کے عار مولویو! ذرہ آنکھیں کھولو۔ اور دیکھو کہ کس قدر تم نے غلطی کی ہے۔ جہالت کی زندگی سے تو موت بہتر ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ اس حدیث میں کسوف خسوف کو بے نظیر نہیں ٹھہرایا گیا بلکہ اس نسبت کو بے نظیر ٹھہرایا گیا ہے جو مہدی کے ساتھ اس کو واقع ہے یعنی مطلب یہ ہے کہ اس طور کا خسوف کسوف جو اپنی تاریخوں اور مہینے کے لحاظ سے مہدی کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ یہ تعلق اس کا پہلے اس سے کبھی کسی دوسرے کے ساتھ نہیں ہوا۔ اور تفسیر اس قول کی اس طرح پر ہے کہ ان لمھدینا اٰیتین لم تکونا لاحد منذ خلق السمٰوٰت والارض۔ پس اس جگہ غرض تو یہ ہے کہ یہ دو نشان اس خصوصیت کے ساتھ مہدی کو دیئے گئے ہیں پہلے اس سے کسی کو نہیں دیئے گئے اور لم تکونا کا لفظ اٰیتین کی تشریح کرتا ہے کہ وہ مہدی کے ساتھ خاص کئے گئے ہیں۔ خسوف کسوف کی کوئی نرالی حالت بیان کرنا منظور نہیں بلکہ اس عبارت میں دونوں نشانوں کی مہدی کے ساتھ تخصیص منظور ہے۔ نہ یہ کہ خسوف کسوف کی کوئی نرالی حالت بیان کی جائے۔ اور اگر نرالی حالت بیان کرنا منظور ہوتا۔ تو عبارت یوں چاہیئے تھی۔ کہ ینکسف القمر والشمس علیٰ نہجٍ ما انکسفا منذ خلق السمٰوٰت والارض یعنی ایسے طور سے چاند اور سورج کا گرہن ہو گا۔ کہ پہلے اس سے جب سے آسمان و زمین پیدا کئے گئے ہیں۔ ایسا خسوف کسوف کبھی نہیں ہوا۔ اب میں نے خوب تشریح کر کے اصل معنوں کو ننگا کر کے دکھلا دیا ہے۔ اب بھی اگر کوئی نہ سمجھے گا۔ تو وہ پاگل کہلائے گا۔

اور اگرچہ پیشگوئی کے لفظوں سے یہ بات ہرگز نہیں نکلتی کہ خسوف کسوف کوئی نرالی طور پر ہو گا مگر خدا تعالیٰ نے ان مولویوں کا منہ کالا کرنے کے لئے اس خسوف کسوف میں بھی ایک امر خارق عادت رکھا ہے۔ چنانچہ مارچ ۱۸۹۴ء پایونیر اور سول ملٹری گزٹ

نے اقرار کیا ہے کہ یہ خسوف و کسوف جو ۶ اپریل ۱۸۹۴ء کو ہوگا۔ یہ ایک ایسا عجیب ہے کہ پہلے اس سے اس شکل اور صورت پر کبھی نہیں ہوا" دیکھو کفار گواہی دیتے ہیں کہ یہ کسوف خسوف خارق عادت ہے اور مولوی اعتراض کر رہے ہیں۔ !!!

چو کافر شناسا تر از مولویست ۔۔۔۔۔ بریں مولویت بباید گریست

پھر ایک اور اعتراض سادہ لوح عبد الحق کا یہ ہے کہ "محدثین نے دار قطنی کی اس حدیث کے بعض راویوں پر جرح کی ہے اس لئے یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔" لیکن اس احمق کو سمجھنا چاہیئے کہ حدیث نے اپنی سچائی کو آپ ظاہر کر دیا ہے کیونکہ اس کی پیشگوئی پوری ہو گئی پس اس صورت میں جرح سے حدیث کا کچھ نقصان نہیں ہوا۔ بلکہ جنہوں نے جرح کیا ہے اُن کی حماقت ظاہر ہوئی راویوں کی تنقید اور اُن کا جرح ایک ظنی امر ہے۔ اور ایک پیشگوئی کا پورا ہو جانا اور اس کا صدق مشاہدہ میں آجانا یقینی امر ہے اور ظن یقین کو اُٹھا نہیں سکتا۔ رؤیت روایت پر مقدم ہے مثلاً ایک بڑے معتبر راوی نے ایک جگہ بیان کیا کہ عبد الحق غزنوی فوت ہو گیا ہے پھر اتنے میں تم خود اُس مجلس میں حاضر ہو گئے۔ تو اب میں پوچھتا ہوں کہ اُن مجلس والوں کو جن کے پاس ایک معتبر روایت تمہاری موت کی پہنچ چکی تھی۔ کیا کرنا چاہیئے ؟ کیا تمہارا جنازہ پڑھا جائے یا زندہ دیکھکر روایتوں کو رد کیا جائے۔ اے کسی جنگل کے وحشی! خبر معاینہ کے برابر نہیں ہو سکتی۔ کیا تو نے لیس الخبر کالمعاینة کبھی نہیں سُنا۔ آثار اور احادیث جو آحاد ہیں وہ مفید ظن ہے اور معاینہ مفید یقین ہے۔ پس کیا ظن یقین کو کچھ نقصان پہنچا سکتا ہے۔ فرض کیا کہ اس حدیث میں کوئی راوی کذاب ہے مفتری ہے شیعہ ہے۔ مگر جبکہ یہ پیشگوئی پوری ہو گئی تو اس طریق سے حدیث کی صحت پر شہادت پیدا ہو گئی۔ کسی کا کاذب ہونا قطعی طور پر اس کی روایت کو رد نہیں کر سکتا۔ کبھی کاذب بھی سچ بول سکتا ہے۔ دنیا میں ایسے لوگ بہت کم ہیں جنہوں نے ساری عمر جھوٹ نہ بولا ہو۔ تو کیا یقینی طور پر اُن کی گواہی کو رد سکتے ہیں۔ پس ذرہ شرم کرو اور اپنے گریبان میں مُنہ ڈال کر دیکھو کہ تم نے اس حدیث کے دو راویوں عمرو اور جابر جعفی کو جھوٹا ٹھہرایا مگر اُن کا جھوٹ ثابت نہیں کسی نے اُن کے جھوٹ کا شرعی ثبوت پیش نہیں کیا بلکہ اُن کی یہ روایت کسوف خسوف سچی نکلی۔ مگر تمہارا گندہ جھوٹ ایسی صفائی سے ثابت ہو گیا کہ تم عند الشرع سخت سزا کے لائق ٹھہر گئے اور وہ جھوٹ یہ ہے کہ تم نے حقیقت کو چھپانے کے لئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزہ کو باطل ٹھہرانے کی نیت سے گرہن کی تاریخوں کو بدل ڈالا سُورج چاند کا گرہن جس کی نسبت پیشگوئی ہے تمام

ہندو مسلمان عیسائی جانتے ہیں اور **اخباروں** اور **جنتریوں** میں مندرج ہے کہ وہ اس طرح پر واقع ہوا۔ کہ چاند گرہن تیرہ [۱۳] رمضان کو ہوا۔ اور سورج گرہن اٹھائیس رمضان کو۔ جیسا کہ ہم نے اپنے رسالہ **نور الحق** میں اسی وقت چھاپ دیا تھا۔ مگر تم نے حق کو چھپانے کیلئے یہ جھوٹ کا گوہ کھایا کہ اپنے اس اشتہار میں جس کا عنوان صیانۃ الاناس عن شر الوسواس الخناس ہے چاند گرہن کی تاریخ بجائے تیرہ [۱۳] رمضان کے چودہ [۱۴] رمضان لکھ دی اور سورج گرہن کی تاریخ بجائے اٹھائیس [۲۸] رمضان کے انتیس [۲۹] رمضان لکھ دی۔ پس اے بدذات خبیث دشمن اللہ رسول کے تو نے یہ یہودیانہ تحریف اسی لئے کی کہ تا یہ عظیم الشان معجزہ پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا دنیا پر مخفی رہے۔ جابر اور عمرو بن شمر کا جھوٹ تو ہرگز ثابت نہیں ہوا۔ بلکہ سچ ثابت ہوا۔ مگر تیرا جھوٹ اے نابکار پکڑا گیا۔ جابر اور عمرو کا سچا ہونا کسوف خسوف سے ثابت ہوگیا۔ اور رؤیت نے روایت کے ضعف کو دُور کر دیا۔ اب جو شخص ان بزرگوں کو جھوٹا کہے جن کے طفیل سے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ دُنیا پر کھلا وہ بدذات خود جھوٹا اور بے ایمان ہے۔

اور پھر یہ ایک وسوسہ عبد الحق غزنوی نے پیش کیا ہے کہ خسوف کسوف کے بارے میں جو اقوال ہیں وہ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ اُن کے بعد مہدی کا ظہور ہو مگر میرزا قادیانی کے دعویٰ اور خروج کا یہ چوتھا سال ہے۔ لیکن یاد رہے کہ یہ بھی اس نابکار کی تزویر اور تلبیس ہے پیشگوئی کے صاف لفظ یہ ہیں کہ ان لمھدینا آیتین یعنی ہمارے مہدی کے مصدق مؤید دو نشان ہیں۔ پس یہ لام جو انتفاع کے لئے آیا ہے صاف دلالت کرتا ہے کہ خسوف کسوف سے پہلے مہدی کا ظہور ضروری ہے اور نشان کسوف خسوف اس کے خروج کے بعد ہوا ہے اور اس کی تصدیق کیلئے ظاہر کیا گیا ہے اور نشانوں کے ظاہر کرنے کیلئے سنت اللہ بھی یہی ہے کہ وہ سچے مدعی کے دعویٰ کی تصدیق کیلئے ہوتے ہیں۔ بلکہ ایسے وقت ہی ہوتے ہیں جبکہ اس مدعی کی تکذیب سرگرمی سے کیجائے۔ اور جو قبل از وقت بعض علامات ظاہر ہوتی ہیں ان کا نام نشان نہیں بلکہ اُن کا نام ارہاص ہے آیت جس کا ترجمہ نشان ہے اصل میں ایواء سے مشتق ہے جس کے معنے ہیں پناہ دینا۔ سو آیت کے لفظ کا عین محل وہ ہے جب ایک مامور من اللہ کی تکذیب کی جائے اُس کو جھوٹا ٹھہرایا جائے تب اس وقت اس بیکس کو خدا تعالیٰ اپنی پناہ میں لانے کیلئے جو کچھ خارق عادت امر ظاہر کرتا ہے اس امر کا نام آیت یعنی نشان ہے۔ اس تحقیقات سے ثابت ہے کہ نشان کے لئے ضروری ہے کہ تکذیب کے بعد ظاہر ہو گویا اُس کے سچے ہونے پر ایک نشانی لگا دیگی۔ لیکن یہ نشانی اس وقت نفع دیگی کہ جب تکذیب کے وقت ظاہر ہو اور قبل وجود مدعی جو کچھ ظاہر ہو وہ امر مشتبہ ہوتا ہے۔ اور ہر ایک اس کو اپنی طرف نسبت کر سکتا ہے۔ اب اس کا کون فیصلہ کرے کہ اس کا مصداق فلاں شخص ہے دوسرا نہیں۔ لیکن اگر نشان کے وقت میں دو مدعی ہوں

تو نشان کا مصداق وہ ہوگا جس نے کھُلے طور پر زور سے اپنے دعویٰ کا اظہار کیا ہے اور جس کی تکذیب بڑی سرگرمی اور زور شور سے ہوئی ہے صادق کی ایک یہ بھی نشانی ہے کہ اس کی تکذیب بڑے زور شور سے ہوتی ہے دیکھو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب میں منکرین نے ایک قیامت برپا کردی تھی۔ اور مسیلمہ کذاب کو چُپکے ہی قبول کرلیا تھا۔ صادق اوائل میں ستایا جاتا اور دُکھ دیا جاتا ہے مگر آخر فتح پاتا ہے۔ کاذب پہلے قبول کیا جاتا ہے۔ مگر آخر ذلیل ہوتا ہے۔ اور یہی سنّت اللہ ہے۔ کہ جب ایک شخص مدّعی پیدا ہو پھر اگر وہ سچا ہے تو اس کی تائید کے لئے نشان پیدا ہوتے ہیں۔ یہ نہیں کہ مدّعی کا ابھی نام نشان نہو اور نشان پہلے ظاہر کیا جائے اور ایسے نشان پر کوئی نفع بھی مترتب نہیں ہوسکتا کیونکہ ممکن ہے کہ نشانوں کو دیکھ کر دعویٰ کرنے والے بہت نکل آویں۔ یہ بھی خیال کرنا چاہئیے۔ کہ اب خسوف کسوف کو تیسرا سال جاتا ہے بھلا بتاؤ کونسا دوسرا مہدی پیدا ہوگیا۔ جو تمہارے نزدیک سچا ہے۔ ماسوا اس کے خسوف کسوف کا نشان ایک غضب اور انذار کا نشان ہے جو اُن لوگوں کیلئے ظاہر ہونا چاہیئے جو تکذیب میں سرگرم ہوں اور اُن کی عقلوں پر ضلالت کا گرہن لگ گیا ہو۔ پھر جبکہ ابھی مہدی کا وجود ہی نہیں تو اس کا مکذب کون ہوگا جس کے ڈرانے کیلئے یہ انذاری نشان ظاہر ہوا۔ کیا عقل قبول کرسکتی ہے کہ غضب کا نشان تو ظاہر ہوجائے مگر جس کے لئے غضب کیا گیا ہے ابھی وہ موجود نہ ہو۔

یہ بھی سمجھو کہ ہر ایک نشان میں ایک سِرّ ہوا کرتا ہے۔ سو ہم بیان کرچکے ہیں کہ خسوف کسوف میں یہی سِرّ تھا کہ تا علماء کی ظلمانی حالت کا نقشہ جو بوجہ تکذیب اُن میں پیدا ہوگئی۔ آسمان پر ظاہر کیا جائے آسمان کا خسوف کسوف علماء کے خسوف کسوف کے لئے بطور ظِلّ اور اثر کے تھا۔ اور پہلے خبر دی گئی تھی۔ کہ عُلماء اُس مہدی موعود کی تکذیب اور تکفیر کریں گے۔ اور وہ لوگ تمام دنیا سے بدتر ہوں گے۔ سو ضرور تھا کہ ایسا ہی ظہور میں آتا۔ سو علماء نے اُس زور شور سے تکذیب اور تکفیر کی کہ جو احادیث اور آثار میں پہلے سے لکھا گیا تھا۔ وہ سب پورا کیا۔ اور اس طرح پر ان کی ایمانی روشنی مسلوب ہوئی۔ اور اُن کے دلوں پر انکار کی ظلمت کا خسوف کسوف لگ گیا۔ اور پھر اس خسوف کسوف پر گواہی پیش کرنے کے لئے آسمان پر خسوف کسوف ہوا۔ پس اسی وجہ سے یہ دونوں خسوف کسوف انذار کے نشان ہیں۔ اور ہر ایک کسوف خسوف سے انذار ہی مطلوب ہوتا ہے جیسا کہ حدیثوں* میں اسی طرف اشارہ کرنے کے لئے آیا ہے کہ ہر ایک کسوف یا خسوف کے وقت نماز پڑھو۔ استغفار میں مشغول ہو اور صدقہ دو۔

* نوٹ چنانچہ بخاری مطبوعہ مصر صفحہ ۱۲۲ سطر ۲۰ میں ہے۔ عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان اللہ تعالیٰ یخوّف بھما عبادہ۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وما نرسل بالآیات الا تخویفا۔ منہ

اور انذاری نشانوں کے لئے ضروری ہے کہ اوّل کسی قسم کی معصیت زمین کے باشندوں سے صادر ہو۔ سو اس خسوف کے پہلے جو معصیت ظہور میں آئی تھی وہ یہی تھی کہ علماء نے اس عاجز کی تکفیر اور تکذیب نہایت اصرار سے کی اور اُن کے دل کسوف خسوف کے رنگ میں ہو گئے۔ پس چونکہ آسمان زمین کے واقعات کے لئے آئینہ عکس نما کا حکم رکھتا ہے اس لئے یہ کسوف خسوف عکس کے طور پر آسمان پر ہو گیا۔ ہمیشہ کسوف خسوف زمینی لوگوں کی ظلمانی حالت کا شاہد ہوتا ہے۔ مگر دونوں گرہن کا رمضان میں جمع ہونا علماء کی تکذیب اور تکفیر اور دلی تاریکی کی ایک تصویر دکھلائی گئی۔ حق یہی ہے اگر چاہو تو قبول کرو۔

ان مولویوں نے اس بات پر کمر باندھی ہے۔ کہ جہاں تک ممکن ہے خدا کے نشانوں کی تکذیب کریں۔ جاہلوں کو جو خود مُردے ہوتے ہیں۔ ان لوگوں نے دھوکے دے دیکر خراب کر دیا ہے۔ جس طرح یہ لوگ اپنی حماقت سے اس پیشگوئی کو بطور تکذیب پیش کرتے ہیں جو آتھم کے متعلق ہے۔ اسی طرح وہ دوسری پیشگوئی کو بھی پیش کرتے ہیں جو احمد بیگ اور اس کے داماد کے متعلق تھی۔ مگر افسوس کہ وہ اپنی ناانصافی سے ذرہ اس بات کو نہیں سوچتے کہ اس پیشگوئی کا ایک جزو نہایت صفائی سے میعاد کے اندر پورا ہو چکا ہے اور دو ٹانگوں میں سے ایک ٹانگ ٹوٹ چکی ہے۔ پس ضرور تھا کہ جن لوگوں کو ایسا غم اور ایسی مصیبت پہنچی وہ توبہ اور خوف سے اس لائق ہو جاتے کہ خدا تعالیٰ اس پیشگوئی کے دوسرے حصہ میں تاخیر ڈال دیتا۔ یسعیاہ نبی کی پیشگوئی جو قطعی طور پر بتلاتی تھی کہ اسرائیل کا بادشاہ پندرہ دن میں مر جائے گا۔ وہ پیشگوئی اس بادشاہ کے تضرع کے سبب سے پندرہ سال کے ساتھ خدا نے بدل دی۔ یہ قصہ ہماری حدیثوں میں ہی نہیں بلکہ عیسائیوں اور یہودیوں کی کتابوں میں بھی ابتک موجود ہے۔ جس سے دُنیا میں کسی اہل کتاب کو انکار نہیں۔ یونہ نبی کی کتاب+ بھی اب تک بائبل کے ساتھ شامل ہے۔ جس میں یونس کی قطعی پیشگوئی کا قوم کی توبہ استغفار پر ٹل جانا صاف اور صریح لفظوں میں لکھا ہے۔ سو سمجھنا چاہیئے کہ احمد بیگ کی موت ایسا دردناک ماتم تھا جس سے گھر ویران ہو گیا۔ وہ چھوٹے چھوٹے چار بچے اور ایک بیوہ چھوڑ کر مر گیا۔ اور اس کی موت کے بعد جس غم اور مصیبت میں وہ سب پڑ گئے اس کا کوئی اندازہ کر سکتا ہے۔ کیا ایسی مصیبت کی موت اور پھر سراسر پیشگوئی کے مطابق طبعاً یہ تاثیر نہیں

+ باب۳ آیت ۴ دیکھو

رکھتی تھی کہ ان لوگوں کو احمد بیگ کی وفات کے بعد اپنے عزیز داماد کی موت کا فکر کھانے لگتا۔ اور اس طرح ہراساں ہوکر رجوع الی الحق کرتے۔ کیا انسان میں یہ خاصیت نہیں کہ چشم دید تجربہ اس پر سخت اثر ڈالتا ہے۔ سو درحقیقت ایسا ہی ہوا۔ احمد بیگ کی موت نے اس کے وارثوں کو خاک میں ملا دیا۔ اور ایسے غم میں ڈالا کہ گویا وہ مر گئے اور سخت خوف میں پڑ گئے اور دعا میں اور تضرع میں لگ گئے۔ سو ضرور تھا۔ کہ خدا تعالیٰ اس جگہ بھی تاخیر ڈالتا۔ جیسا کہ آتھم کے متعلق کی پیشگوئی میں تاخیر ڈالی۔ ہم عربی مکتوب میں لکھ چکے ہیں کہ یہ پیشگوئی بھی مشروط بہ شرط تھی اور ہم یہ بھی بار بار بیان کر چکے ہیں کہ وعید کی پیشگوئی بغیر شرط کے بھی تخلف پذیر ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ یونس کی پیشگوئی میں ہوا۔ ✻

سو چاہیئے تھا کہ ہمارے نادان مخالف **انجام** کے منتظر رہتے اور پہلے ہی سے اپنی بدگوہری ظاہر نہ کرتے۔ بھلا جس وقت یہ سب باتیں پوری ہو جائیں گی۔ تو کیا اس دن یہ احمق مخالف جیتے ہی رہیں گے اور کیا اس دن یہ تمام لڑنے والے سچائی کی تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے نہیں ہو جائیں گے ان بیوقوفوں کو کوئی بھاگنے کی جگہ نہیں رہے گی۔ اور نہایت **صفائی سے ناک کٹ جائے گی**۔ اور ذلت کے سیاہ داغ اُن کے منحوس چہروں کو بندروں اور سوٗروں کی طرح کر دیں گے۔ سُنو! اور یاد رکھو کہ میری پیشگوئیوں میں کوئی ایسی بات نہیں کہ جو خدا کے نبیوں اور رسولوں کی پیشگوئیوں میں ان کا نمونہ نہ ہو۔ بیشک یہ لوگ میری تکذیب کریں۔ بیشک گالیاں دیں۔ لیکن اگر میری پیشگوئیاں نبیوں اور رسولوں کی پیشگوئیوں کے نمونہ پر ہیں تو اُن کی تکذیب انہیں پر لعنت ہے۔ چاہیئے کہ اپنی جانوں پر رحم کریں اور رُوسیاہی کے ساتھ نہ مریں۔ کیا یونس کا قصہ انہیں یاد نہیں کہ کیونکر وہ عذاب ٹل گیا۔ جس میں کوئی شرط بھی نہ تھی۔ اور اس جگہ تو شرطیں موجود ہیں۔ اور احمد بیگ کے اصل وارث جن کی تنبیہ کے لئے یہ نشان تھا اُس کے مرنے کے بعد پیشگوئی سے ایسے متاثر ہوئے تھے کہ اس پیشگوئی کا نام لے لیکر روتے تھے اور پیشگوئی کی عظمت دیکھ کر اس گاؤں کے تمام مرد عورت کانپ اُٹھے تھے۔ اور عورتیں چیخیں مار کر کہتی تھیں کہ ہائے وہ باتیں سچ نکلیں۔ چنانچہ وہ لوگ اُس دن تک غم اور خوف میں تھے۔ جبتک اُن کے داماد سلطان محمد کی میعاد گذر گئی۔ پس اس تاخیر کا یہی سبب تھا جو خدا کی قدیم سنّت کے موافق ظہور میں آیا۔ خدا کے الہام میں جو توبی توبی

✻ اس پیشگوئی کی تصدیق کے لئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پہلے سے ایک پیشگوئی فرمائی ہے کہ یتزوج و یولد له۔ یعنی وہ مسیح موعود بیوی کریگا اور نیز وہ صاحب اولاد ہوگا۔ اب ظاہر ہے کہ تزوج اور اولاد کا ذکر کرنا عام طور پر مقصود نہیں کیونکہ عام طور پر ہر ایک شادی کرتا ہے اور اولاد بھی ہوتی ہے۔ اس میں کچھ خوبی نہیں بلکہ تزوج سے مراد وہ خاص تزوج ہے جو بطور نشان ہوگا اور اولاد سے مراد وہ خاص اولاد ہے جس کی نسبت اس عاجز کی پیشگوئی موجود ہے۔ گویا اس جگہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سیہ دل منکروں کو اُن کے شبہات کا جواب دے رہے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ یہ باتیں ضرور پوری ہوں گی۔ منہ۔

اِنّ البلاءعلیٰ عقبکِ ۱۸۸۶ء میں ہوا تھا۔اس میں صریح شرط توبہ کی موجود تھی۔ اور الہام کذّبوا بِاٰیٰتنا اس شرط کی طرف ایما کر رہا تھا۔پس جبکہ بغیر کسی شرط کے یونس کی قوم کا عذاب ٹل گیا۔توشرطی پیشگوئی میں ایسے خوف کے وقت میں کیوں تاخیر ظہور میں نہ آتی۔یہ اعتراض کیسی بے ایمانی ہے جو تعصب کی وجہ سے کیا جاتا ہے۔میں نے نبیوں کے حوالے بیان کر دیئے۔حدیثوں اور آسمانی کتابوں کو آگے رکھ دیا۔مگر یہ نابکار قوم ابھی تک حیا اور شرم کی طرف رُخ نہیں کرتی۔

یاد رکھو کہ اس پیشگوئی کی دوسری جُز پوری نہ ہوئی تو میں ہر یک بد سے بدتر ٹھہروں گا۔اسے احمقو!یہ انسان کا افترا نہیں۔یہ کسی خبیث مفتری کا کاروبار نہیں۔یقیناً سمجھو کہ یہ خدا کا سچا وعدہ ہے وہی خدا جس کی باتیں نہیں ٹلتیں۔وہی رب ذوالجلال جس کے ارادوں کو کوئی روک نہیں سکتا۔اس کی سنتوں اور طریقوں کا تم میں علم نہیں رہا۔اس لئے تمہیں یہ ابتلا پیش آیا۔

براہین احمدیہ میں بھی اس وقت سے سترہ برس پہلے اس پیشگوئی کی طرف اشارہ فرمایا گیا ہے۔ جو **اِسوقت** میرے پر کھولا گیا ہے اور وہ یہ الہام ہے۔جو براہین کے صفحہ ۴۹۶ میں مذکور ہے۔

یاآدم اسکن انت وزوجك الجنّة۔ یامریم اسکن انت وزوجك الجنّة۔

یااحمد اسکن انت وزوجك الجنّة۔ اس جگہ تین جگہ زوج کا لفظ آیا۔اور تین نام اس عاجز کے رکھے گئے۔پہلا نام آدم۔یہ وہ ابتدائی نام ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے اس عاجز کو روحانی وجود بخشا۔اس وقت **پہلی** زوجہ کا ذکر فرمایا۔پھر **دوسری** زوجہ کے وقت میں مریم نام رکھا کیونکہ اس وقت مبارک اولاد دی گئی جس کو مسیح سے مشابہت ملی۔اور نیز اس وقت مریم کی طرح کئی ابتلا پیش آئے۔جیسا کہ مریم کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے وقت یہودیوں کی بدظنیوں کا ابتلا پیش آیا اور **تیسری** زوجہ جس کی **انتظار** ہے۔اُس کے ساتھ احمد کا لفظ شامل کیا گیا۔اور یہ لفظ احمد اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس وقت حمد اور تعریف ہوگی۔یہ ایک چھپی ہوئی پیشگوئی ہے۔جس کا بھید **اِسوقت** خدا تعالےٰ نے مجھ پر کھول دیا۔غرض یہ تین مرتبہ زوج کا لفظ تین مختلف نام کے ساتھ جو بیان کیا گیا ہے وہ اسی پیشگوئی کی طرف اشارہ تھا۔

براہین میں ایسے اسرار بہت ہیں جو اب کھلتے جاتے ہیں۔ مثلاً براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۷ میں یہ پیشگوئی ہے۔ کِتَابُ الْوَلِیّ ذُوالفقار علیّ۔ اس پیشگوئی کی تشریح وہ الہام خوب کرتا ہے۔ جو جلسہ مذاہب کے اشتہار میں درج کیا گیا ہے۔ یعنی اللّٰہ اکبر خربت خیبر۔ خیبر کے فتح کرنیوالے حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔ اور اُن کا ہتھیار ذوالفقار تھی۔ سو یہ الہام بتلاتا ہے کہ اس عاجز کو ذوالفقار کی جگہ وہ معارف دیئے گئے ہیں جو کتابوں میں لکھے جاتے ہیں۔ اور خیبر سے مراد مسلمان صورت مولویوں کی قلعہ بندی ہے جو دراصل یہودی السیرت ہیں۔ اب اُن کا قلعہ خراب ہو جائے گا۔ چنانچہ جلسہ مذاہب میں ان لوگوں کی خوب بیعزتی ہوئی ✱ چنانچہ انگریزی اخباروں نے بھی آزادی کے ساتھ اس کی شہادت دی۔

ایسا ہی براہین احمدیہ میں احمد بیگ اور اس کے داماد کے متعلق کی پیشگوئی کی نسبت صفحہ ۵۱۰ اور صفحہ ۵۱۱ میں اور صفحہ ۵۱۵ میں پہلے سے خبر موجود ہے اور وہ یہ ہے۔ وان لم یعصمک الناس فیعصمک اللّٰہ

✱**حاشیہ**۔ سول ملٹری گزٹ اور آبزرور نے اس بات کو تسلیم کر لیا ہے۔ کہ یہی مضمون تمام مضامین پر غالب رہا۔ اور ان اخباروں نے اس کی اعجازی قوت کو اس حد تک مان لیا ہے کہ گویا اس تقریر نے تمام حاضرین پر ایک مسمریزم کا عمل کر دیا۔ اور تمام طبیعتیں اس کی طرف کھینچی گئی ہیں۔ اور آبزرور میں یہ بھی لکھا ہے کہ مسلمانوں کو لازم ہے کہ اس مضمون کا انگریزی میں ترجمہ کر کے یورپ اور امریکہ میں پھیلائیں تا انہیں حقیقی اسلام کی خبر ہو۔ اور بیدار مغز لوگوں نے اس مضمون کو صرف عالی درجہ کا مضمون نہیں سمجھا بلکہ اُس کے اعجاز کے قائل ہو گئے چنانچہ آج چودہ جنوری ۱۸۹۷ء کو سیالکوٹ محلہ اماری سے ایک کارڈ مرسلہ اللہ دتا صاحب میرے پاس پہنچا جس میں وہ لکھتے ہیں کہ چونکہ وہ مضمون جو آپ کی طرف سے لاہور میں پڑھا گیا تھا وہ ایک معجزہ کے رنگ میں تھا اس لئے میں اس خوشی کے شکریہ میں سو روپیہ نقد آپ کی خدمت میں بھیجتا ہوں اور مبارک باد دیتا ہوں کہ اس سے اسلام کی فتح ہوئی۔ خدا تعالےٰ میاں اللہ دتا صاحب کو اس خوشی کے عوض میں بہت سی ذاتی خوشیاں بھی دکھلاوے جو اسلام کی فتح سے خوش ہے خدا اُس سے خوش ہے۔ اب کیا اس اعجاز صریح کو جس سے سچے مسلمانوں نے یہ خوشیاں ظاہر کیں کوئی چھپا سکتا ہے۔ پس عبد الحق کو سوچنا چاہیئے کہ مباہلہ کے یہ اثر ہوتے ہیں۔ نہ یہ کہ متوفی بھائی کی ایک بیوہ اور بوڑھی عورت پر قبضہ کر کے اس کو مباہلہ کی فتحیابی کی دلیل ٹھہرا دے۔ اور بزرگ بھائی کی موت یاد نہ آوے۔ **لعنت ہے** ایسی خوشی پر۔ شیخ محمد حسین بطالوی بھی سوچیں! کہ کیا کبھی ان کا مضمون بھی اعجاز تصور ہو کر ہزاروں آدمیوں نے اس پر گواہی دی ہے کیا کبھی اعجازی مبارکبادی میں دو پیسہ بھی ان کو انعام ملے ہیں۔ منہ۔

من عندہٖ یعصمک اللّٰہ من عندہٖ وان لم یعصمک الناس۔ واذ یمکر بک الذی کفر۔ اوقد لی یا ھامان۔ لعلی اطلع الٰی الٰہ موسیٰ وانی لاظنہ من الکاذبین تبت یدا ابی لھب وتب ما کان لہ ان یدخل فیھا الا خائفا۔ وما اصابک فمن اللّٰہ۔ الفتنۃ ھٰھنا فاصبر کما صبر اولوالعزم۔ الا انھا فتنۃ من اللّٰہ لیحب حبًّا جمًّا۔ حبًّا من اللّٰہ العزیز الاکرم۔ عطاءً غیر مجذوذ۔ شاتان تذبحان۔ وکل من علیھا فان۔ ولا تھنوا ولا تحزنوا۔ الم تعلم ان اللّٰہ علٰے کل شیئٍ قدیر۔ انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفر لک اللّٰہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر۔ الیس اللّٰہ بکافٍ عبدہٗ۔ فبرّاہ اللّٰہ مما قالوا وکان عند اللّٰہ وجیھا۔

ترجمہ یعنی خدا تجھے بچائیگا۔ اگرچہ لوگ نہ بچائیں۔ میں پھر کہتا ہوں کہ خدا تجھے بچائیگا۔ اگرچہ لوگ نہ بچائیں۔ وہ زمانہ یاد کر کہ جب ایک شخص تجھ سے مکر کرے گا۔ اور اپنے رفیق ہامان کو کہے گا کہ فتنہ انگیزی کی آگ بھڑکا۔ اس جگہ فرعون سے مراد شیخ محمد حسین بطالوی ہے اور ہامان سے مراد نو مسلم سعد اللہ ہے اور پھر فرمایا کہ وہ کہیگا کہ میں اس کے خدا کی حقیقت معلوم کرنا چاہتا ہوں اور میں اس کو جھوٹا سمجھتا ہوں یعنی باخدا ہونے کا دعویٰ سراسر کذب ہے کوئی تعلق خدا تعالیٰ سے نہیں۔ اور پھر فرمایا کہ یہ فرعون ہلاک ہو گیا۔ اور دونوں ہاتھ اُس کے ہلاک ہو گئے یعنی یہ شخص ذلیل کیا جائیگا✱ اور ہاتھ جو کسب معاش کا ذریعہ ہیں۔ نکمّے ہو جائیں گے۔

✱ حاشیہ۔ محمد حسین بطالوی کی ذلت کا یہ بھی موجب ہے کہ اس نے ایک شیطانی پیشگوئی کی تھی کہ میں اس شخص کو یعنے اس عاجز کو ذلیل کر دوں گا۔ اور لوگوں کو رجوع سے بند کر دوں گا۔ مگر اُس کے برعکس ظہور میں آیا۔ اُس کی پیشگوئی کے وقت شاید سو کے قریب بھی ہماری جماعت نہیں تھی۔ اب خدا تعالیٰ کے فضل سے آٹھ ہزار کے قریب ہیں۔ ابھی قریب عرصہ میں الٰہ آباد میں ایک بھاری جماعت پیدا ہو گئی ہے۔ جن کو ہمارے دلی دوست میرزا خدا بخش صاحب کے قیام الٰہ آباد سے بہت مدد ملی ہے۔ میرزا صاحب موصوف نے اس قدر اس سلسلہ کو اُس طرف پھیلایا ہے کہ گویا تمام مخالفین کی ناک کاٹ کر آئے ہیں۔ اس خوشی کے وقت میں اُن کی وہ سو روپیہ کی مدد بھی قابلِ قدر ہے جو انہوں نے ۵۰ ایک دفعہ اور ۵۰ روپیہ اب قادیان میں آکر اس سلسلہ کی تائید کے لئے دیئے ہیں۔ جزاہم اللہ خیر الجزاء۔ منہ

یعنے اُس پر فقر فاقہ کی مُصیبت نازل ہوگی۔ اور اپنے مقاصد میں ناکام رہے گا اور رُسوا ہو جائے گا۔ اور پھر فرمایا کہ اس شخص کے دعویٰ اسلام اور مولویت کے لائق نہیں تھا کہ تکفیر اور تکذیب پر جُرأت کرتا اور اس نازک مقدمہ میں چالاکی کے ساتھ دخل دیتا۔ ہاں یہ چاہیئے تھا کہ صحت نیّت اور خوف دل کے ساتھ اپنے شکوک رفع کراتا۔ اور پھر فرمایا کہ اس شخص کے منصوبوں سے جو کچھ تجھے ضرر پہنچے گا۔ وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جب یہ تکفیر اور تکذیب کریگا تو اُس وقت مُلک میں ایک بڑا فتنہ برپا ہوگا۔ وہ فتنہ انسان کی طرف سے نہیں بلکہ تیرے خدا نے یہی چاہا تا وہ تجھ سے نہایت درجہ کی محبّت کرے کیونکہ ہر ایک اصطفاء ابتلاء کے بعد ہوتا ہے خدا کی محبت بڑے قدر کے لائق ہے کیونکہ وہ سب پر غالب اور سب سے زیادہ کریم ہے۔ پس جس سے وہ محبت کرے گا اس کی تمام امیدیں کامیابی کا انجام رکھتی ہیں۔ اور اُس کی یہ عطا غیر منقطع ہے۔ اس کے بعد یُوں ہوگا کہ دو بکریاں ذبح کی جائینگی پہلی بکری سے مراد میرزا احمد بیگ ہوشیار پوری ہے اور دوسری بکری سے مراد اُس کا داماد ہے اور پھر فرمایا۔ کہ تم سُست مت ہو اور غم مت کرو کیونکہ ایسا ہی ظہور میں آئیگا۔ کیا تو نہیں جانتا کہ خدا ہر یک چیز پر قادر ہے اور پھر فرمایا کہ ہم نے تجھے کُھلی کُھلی فتح دی ہے یعنی کُھلی کُھلی فتح دیگے تا کہ تیرا خدا تیرے اگلے پچھلے گُناہ بخشدے یعنی کامل عزت اور قبولیت عطا کرے کیونکہ خدا تعالیٰ کا تمام گناہ بخشدینا اس محاورہ پر استعمال پاتا ہے کہ وہ اعلیٰ درجہ پر راضی ہو جائے اور پھر فرمایا کہ خدا اپنے بندہ کے لئے کافی ہے۔ وہ اُس کو اُن تمام الزاموں سے بَری کریگا جو اس پر لگائے جاتے ہیں۔ اور وہ بندہ خدا کے نزدیک وجیہ ہے۔

ان پیشگوئیوں میں علاوہ اور پیشگوئیوں کے جو اُن کے ضمن میں بیان کی گئیں دو بکریوں کے ذبح ہونے کی پیشگوئی احمد بیگ اور اُس کے داماد کی طرف اشارہ ہے جو آج سے سترہ برس پہلے براہین احمدیہ میں شائع ہو چکی ہے ایسا ہی محمد حسین کی تکفیر کا فتنہ جو صرف پانچ چار سال سے شائع ہوا ہے آج سے سترہ برس پہلے اُس فتنہ کی براہین میں خبر دی گئی ہے چنانچہ میں ابھی بیان کر چکا ہوں۔ اب سوچنا چاہیئے کہ کیا یہ انسان کا کام ہے۔ کیا انسان کو یہ قدرت حاصل ہے کہ آئندہ واقعات کی خبر سالہا سال پہلے ایسی صفائی سے بیان کر سکے۔ بڑے عظیم الشان فتنے میری نسبت دو وقوع میں آئے ہیں۔ ایک پادریوں کا۔ ایک محمد حسین وغیرہ کی تکفیر کا سو ان دونوں فتنوں کی تصریح کیساتھ براہین احمدیہ میں سترہ برس پہلے آج کے دن سے خبریں موجود ہیں کیا دُنیا میں کوئی اور شخص موجود ہے جس کی تحریروں میں یہ عظیم الشان سلسلہ پیشگوئیوں کا پایا جائے یقیناً کوئی سخت بیحیا ہوگا جو اس فوق العادۃ سلسلہ سے انکار کرے اس جگہ الہام الٰہی بارش کیطرح برس رہا ہے آسمانوں کے دروازے کھلے ہیں اب دیکھو کہ یہ شریر مولوی کہانتک اور کہانتک انکار کریں گے میں خدا سے یقینی علم پا کر کہتا ہوں کہ اگر یہ تمام مولوی اور ان کے سجادہ نشین اور اُن کے ملہم

اکٹھے ہو کر الہامی امور میں مجھ سے مقابلہ کرنا چاہیں تو خدا اُن سب کے مقابل پر میری فتح کرے گا کیونکہ میں خدا کی طرف سے ہوں پس ضرور ہے کہ بموجب آیۃ کریمہ کتب اللہ لاغلبن انا ورسلی[1] میری فتح ہو۔ فمت یا عبد الشیطان الموسوم بعبد الحق۔ فان اللہ معزنی ومذلک ومکرمنی ومھینک وان اللہ لایحب الظالمین۔

کمال افسوس ہے جو میں نے سُنا ہے کہ اسلام کے بدنام کرنیوالے غزنوی گروہ جو امرتسر میں رہتے ہیں۔ لوگوں کو کہتے ہیں کہ ایک بدبخت محمد سعید دہلوی جو مرتد ہو گیا ہے اور اس کا بھائی کبیر جو اب دسمبر ۱۸۹۶ء میں بمقام کوٹلہ مالیر فوت ہو گیا ہے یہ دونوں واقعہ عبد الحق کے مباہلہ کا اثر ہیں۔ اب مسلمانو! سوچو کہ یہ سیاہ دل فرقہ غزنویوں کا کس قدر شیطانی افتراؤں سے کام لے رہا ہے۔ اے بدبخت مفتریو! خبیث محمد سعید یا اُس کے بھائی سے میری کوئی قرابت نہیں ان لوگوں کے ساتھ نہ ہمارا کوئی رشتہ ہے نہ اُن سے کچھ غرض تعلق ہے کیا عبد الحق کے مباہلہ کا اثر ایک تیسرے گھر پر گرا جس کا ہم سے کچھ بھی تعلق نہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ عبد الحق کے مباہلہ کے بعد بہت ذلیل ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے ان کو ایسے ایسے جھوٹے منصوبے تراشنے پڑے اگر عبد الحق کی رُوسیاہی کے دھونے کیلئے ایسے ہی جھوٹے منصوبے بنانے تھے تو دہلی کے غیر معروف دو لونڈوں کا ذکر بیفائدہ تھا ہماری دانست میں بہتر یہ تھا کہ آجکل جو بمبئی میں ہزارہا لوگ طاعون سے مر رہے ہیں اُس کو عبد الحق کے مباہلہ کا اثر ٹھہرا کر اس مضمون کا اشتہار شائع کر دیتے کہ ”چونکہ منشی زین الدین محمد ابراہیم (جو نہایت درجہ مخلص اینجانب اور سلسلہ بیعت میں داخل ہیں) بمبئی میں رہتے ہیں لہذا مناسب تھا کہ مُباہلہ کا اثر اُسی شہر پر نہ کسی اور جگہ پڑتا“۔ نمعلوم کہ یہ جاہل اور وحشی فرقہ ابتک کیوں شرم اور حیا سے کام نہیں لیتا۔ عبد الحق کے مباہلہ کے بعد جس قدر خدا تعالیٰ نے ہمیں ترقی دی۔ ہماری قبولیت[1] زمین پر پھیلا دی۔ ہماری[2] جماعت کو ہزارہا تک پہنچایا۔ ہماری علمیت[3] کا لاکھوں کو قائل کر دیا۔ الہام[4] کیموافق مباہلہ کے بعد ہمیں ایک لڑکا عطا کیا جس کے پیدا ہونے سے تین لڑکے ہمارے ہو گئے یعنی دوسری بیوی سے اور نہ صرف یہی[5] بلکہ ایک چوتھے لڑکے کیلئے متواتر الہام کیا اور ہم عبد الحق کو یقین دلاتے ہیں کہ وہ نہیں مریگا جبتک اس الہام کا پورا ہونا بھی نہ سُن لے اب اس کو چاہیئے کہ اگر وہ کچھ چیز ہے تو دعا سے اس پیشگوئی کو ٹالدے اور پھر خدا نے[6] پیشگوئی کے موافق آتھم کو فی النار کر کے پادریوں اور ہمارے[7] مخالف مولویوں کا منہ کالا کیا۔ ہزارہا[8] روپیہ تک مالی فتوحات مجھ پر کیں اور جلسہ[9] مذاہب میں جو ۲۹ دسمبر ۱۸۹۶ء کو ہوا تھا ہماری تقریر کی وہ قبولیت ظاہر کی کہ انگریزی اخبار بول اُٹھے کہ ہاں یہی تقریر غالب رہی اس کو معجزہ سمجھ کر بعض جوانمرد مسلمانوں نے روپیہ بھیجا جیسا کہ میاں اللہ دتا صاحب سیالکوٹی نے کل ۵ جنوری ۱۸۹۷ء کو اسی خوشی سے سو[10] روپیہ بھیجدیا اور اس[11] روز ہماری وہ الہامی پیشگوئی بھی پوری ہوئی جو اس مضمون کی نسبت بذریعہ اشتہار شائع کیگئی تھی کہ یہ مضمون سب پر غالب آئیگا کیا اس عزت اور ان تمام الہاموں کے پُورا ہونے سے ابتک عبد الحق کا مُنہ کالا نہیں ہوا۔ کیا اب تک غزنویوں کی

[1] المجادلۃ : ۲۲

جماعت پر لعنت نہیں پڑی ۔بیشک خدا نے ان لوگوں کو ذلّت کی رُوسیاہی کے اندر غرق کر دیا ۔مُباہلہ کا کھُلا کھلا اثر اس کو کہتے ہیں۔ اور خدا کی تائید اس کا نام ہے اور تکلف سے جھُوٹ بولنا گوہ کھانا ہے ۔

ہم اس مضمون کے خاتمہ میں یہ بیان کرنا بھی ضروری سمجھتے ہیں کہ جن ناپاک طبع لوگوں نے تکفیر پر کمر باندھی ہے اُن کے مقابل پر ایسے لوگ بھی بہت ہیں جن کو عالم رؤیا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی اور اُنہوں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس عاجز کی نسبت دریافت کیا اور آپ نے فرمایا کہ وہ شخص درحقیقت منجانب اللہ ہے اور اپنے دعویٰ میں صادق ہے چنانچہ ایسے لوگوں کی بہت سی شہادتیں ہمارے پاس موجود ہیں جس شخص کو اس تحقیق کا شوق ہے وہ ہم سے اس کا ثبوت لے سکتا ہے ۔

اور غزنوی افغانوں کی جماعت جو ناپاک خیالات اور تکذیب کی بلا میں گرفتار ہیں۔ اُن کے لئے اگر وہ انصاف اور خدا ترسی سے کچھ حصّہ رکھتے ہیں اُن کے والد بزرگوار مولوی **عبداللہ صاحب کی شہادت** کافی ہے ہمارے پاس وہ گواہ موجود ہیں جو حلف سے بیان کرسکتے ہیں کہ مولوی عبداللہ صاحب نے اپنے کشف کی رُو سے بتلایا تھا کہ ایک نور آسمان سے نازل ہوا۔ اور **قادیان** کی سمت میں اُترا ہے اور اُن کی اولاد اُس نور سے محروم رہ گئی۔ اس گواہی میں حافظ محمد یوسف صاحب **ضلعدار** بھی شریک ہیں۔ جو مولوی عبداللہ کے دوست اور محُسن بھی ہیں بلکہ اُن کے بھائی محمد یعقوب نے ایک جلسہ میں قسم کھا کر کہا تھا کہ مولوی عبداللہ نے اُس نور کے ذکر کے وقت اس عاجز کا نام بھی لیا تھا کہ یہ نور اُن کے حصّہ میں آگیا اور میری اولاد بے نصیب اور بے بہرہ رہی **لہٰذا** مناسب ہے کہ عبدالحق غزنوی اور عبدالجبار جو اپنی شرارت اور خباثت سے تکفیر اور گالیوں پر زور دے رہے ہیں۔ اپنے فوت شدہ بزرگ کے کلمات کی تحقیق ضرور کرلیں۔ ایسا نہ ہو کہ اُن کی وصیت کی نافرمانی کرکے اُن کے عاق بھی ٹھہر جائیں۔ اس بزرگ مولوی عبداللہ نے اپنی زندگی کے زمانہ میں میرے نام بھی دو خط بھیجے تھے اور اُن خطوں میں قرآنی آیتوں کے الہام کے ساتھ مجھے خوشخبری دی تھی کہ تم کفار پر غالب رہو گے۔ اور پھر وفات کے بعد میرے پر ظاہر کیا تھا۔ کہ میں آپ کے دعویٰ کا مصدق ہوں چنانچہ میں اللہ جلشانہٗ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ انہوں نے میرے دعویٰ کو سُنکر تصدیق کی اور صاف لفظوں میں مجھے کہا کہ "جب میں دُنیا میں تھا تو میں امید رکھتا تھا کہ ایسا شخص خدا تعالےٰ کی طرف سے ظاہر ہوگا" یہ اُن کے الفاظ ہیں۔ ولعنة اللہ علی الکاذبین ۔

اور اس وقت کے سجادہ نشینوں میں سے دو بزرگ اَور ہیں جنہوں نے اس عاجز کے مقام اور مرتبہ سے انکار نہیں کیا اور قبول کیا ہے۔ ایک تو میاں غلام فرید صاحب چاچڑاں والے پیر نواب صاحب بہاولپور ہیں۔

جن کا خط عربی میں نے چھاپ دیا ہے جس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ وہ علم عربی میں ایک فاضل ہیں۔

اور دوسرے پیر صاحب العلم ہیں جو بلاد سندھ کے مشاہیر مشائخ میں سے ہیں جن کے مُرید ایک لاکھ سے کچھ زیادہ ہوں گے۔ اور باوجود اس کے وہ علوم عربیہ میں مہارت تامہ رکھتے ہیں۔ اور علماء راسخین میں سے ہیں چنانچہ اُنہوں نے جو میری نسبت گواہی دی ہے وہ یہ ہے۔ "اِنّی رایتُ رسول اللّٰہ صلے اللّٰہ علیہ وسلم واستفسرتہ فی امرك وقلتُ بیّن لی یارسول اللّٰہِ اَھو کاذبٌ مفتری او صادق۔ فقال رسول اللّٰہ صلے اللّٰہ علیہ وسلم " انّہ صادق ومن عند اللّٰہ" فعرفت انك علیٰ حق مُّبین۔ وبعد ذٰلك لا نشك فی امرك ولا نرتاب فی شانك و نعمل کما تامر۔ فان امرتنا ان اذھبوا الی بلاد امریکہ فاتا نذھب الیھا وماتکون لنا خیرۃ فی امرنا وستجدنا ان شاء اللّٰہ من المطاوعین۔" یعنی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم کشف میں دیکھا پس میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ شخص جو مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کرتا ہے۔ کیا یہ جھوٹا اور مفتری ہے یا صادق ہے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ صادق ہے اور خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ پس میں نے سمجھ لیا کہ آپ حق پر ہیں۔ اب بعد اس کے ہم آپ کے امور میں شک نہیں کریں گے اور آپ کی شان میں ہمیں کچھ شبہ نہیں ہوگا اور جو کچھ آپ فرمائیں گے ہم وہی کریں گے۔ پس اگر آپ یہ کہو کہ ہم امریکہ میں چلے جائیں تو ہم وہیں جائیں گے۔ اور ہم نے اپنے تئیں آپ کے حوالہ کر دیا ہے اور انشاء اللہ ہمیں فرمانبردار پاؤ گے۔

یہ وہ باتیں ہیں جو اُن کے خلیفہ عبد اللطیف مرحوم اور شیخ عبد اللہ عرب نے زبانی بھی مجھے سُنائیں اور اب بھی میرے دلی دوست سیٹھ صالح محمد حاجی اللہ رکھا صاحب جب مدراس سے اُن کے پاس گئے تو انہیں بدستور مصدق پایا۔ بلکہ انہوں نے عام مجلس میں کھڑے ہو کر اور ہاتھ میں عصا لیکر تمام حاضرین کو بلند آواز سے سُنا دیا کہ میں اُن کو اپنے دعویٰ میں حق پر جانتا ہوں اور ایسا ہی مجھے کشف کی رُو سے معلوم ہوا ہے اور اُن کے صاحبزادہ صاحب نے کہا کہ جب میرے والد صاحب تصدیق کرتے ہیں تو مجھے بھی انکار نہیں۔

اب عبد الحق غزنوی کو کچھ کھا کر مر جانا چاہیئے کہ خدا تعالیٰ اس عاجز کی لاکھوں انسانوں میں عزت ظاہر کر رہا ہے جس میں اس کی ذلت ہے۔ اس پلید کو سوچنا چاہیئے کہ مباہلہ کا یہ اثر ہوتا ہے یا یہ کہ بھائی مرا اور اس کی بوڑھی عورت پر قبضہ کیا اور پھر اس کو مباہلہ کا اثر ٹھہرایا۔

اور یاد رہے کہ صرف یہی نہیں کہ میاں غلام فرید صاحب چاچڑاں والے اور پیر صاحب صاحب العلم سندھ والے مصدق ہیں اور صاحبزادہ پیر سراج الحق صاحب جن کے بزرگوں کے ہندوستان میں ہزارہا مریدیں اس عاجز کی

بیعت میں معہ اپنے اہل بیت کے داخل ہو چکے ہیں۔ ایسا ہی حاجی **منشی احمد جان صاحب** لدھیانوی مرحوم اس عاجز کے اوّل درجہ کے معتقدین میں سے تھے اور ان کے تمام صاحبزادے اور صاحبزادیاں اور گھر کے لوگ غرض تمام کُنبہ اُن کا اس عاجز کی بیعت میں داخل ہو چکا ہے۔

بالآخر میں پھر ہر یک طالب حق کو یاد دلاتا ہوں کہ وہ دین حق کے نشان اور اسلام کی سچائی کے آسمانی گواہ جس سے ہمارے **نابینا علماء** بے خبر ہیں۔ وہ **مجھ کو** عطا کئے گئے ہیں **مجھے بھیجا گیا** ہے تا میں **ثابت** کروں کہ **ایک اسلام ہی ہے** جو زندہ مذہب ہے۔ اور وہ کرامات **مجھے** عطا کئے گئے ہیں جن کے مقابلہ سے تمام غیر مذاہب والے اور ہمارے اندرونی اندھے مخالف بھی عاجز ہیں۔ میں ہر یک مخالف کو دکھلا **سکتا ہوں۔ کہ**

قرآن شریف

اپنی تعلیموں اور اپنے علوم حکمیہ اور اپنے معارف دقیقہ اور بلاغت کاملہ کی رُو سے **معجزہ** ہے۔ **موسیٰ** کے معجزہ سے بڑھ کر اور **عیسیٰ** کے معجزات سے صدہا درجہ زیادہ۔

میں بار بار کہتا ہوں۔ اور **بلند** آواز سے کہتا ہوں کہ **قرآن** اور **رسول کریم** صلی اللہ علیہ وسلم سے **سچی محبت** رکھنا اور **سچی تابعداری** اختیار کرنا انسان کو **صاحب کرامات** بنا دیتا ہے۞۔ اور اُسی کامل انسان پر علوم غیبیہ کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔ اور دنیا میں کسی مذہب والا روحانی برکات میں اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ **چنانچہ میں اس میں صاحب تجربہ ہوں۔** میں دیکھ رہا ہوں

۞ جو شخص یہ کہتا ہے کہ اس زمانہ میں اسلام میں کوئی اہل کرامت موجود نہیں وہ اندھا اور سیاہ دل ہے۔ اسلام وہ مذہب ہے کہ کسی زمانہ میں اہل کرامت سے خالی نہیں رہا۔ اور اب تو اتمام حجت کے لئے کرامات کی نہایت ضرورت ہے اور وہ ضرورت خدا تعالےٰ کے فضل سے حسب المراد پوری ہوگئی ہے کوئی شخص نہیں کہ کرامت نمائی میں اسلام کے مقابل ٹھہر سکے۔ منہ

کہ بجز **اسلام** تمام مذہب **مُردے** اُن کے خُدا **مُردے** اور خود وہ تمام پیرو **مُردے** ہیں۔ اور خدا تعالےٰ کے ساتھ **زندہ تعلق** ہو جانا بجز اسلام قبول کرنے کے ہرگز ممکن نہیں ہرگز ممکن نہیں۔

اے نادانو! تمہیں **مُردہ پرستی** میں کیا مزہ ہے؟ اور مُردار کھانے میں کیا لذت؟!!! **آؤ میں تمہیں بتلاؤں کہ زندہ خدا کہاں ہے**۔ اور کس قوم کے ساتھ ہے۔ **وہ اسلام کے ساتھ ہے**۔ اسلام اس وقت موسیٰ کا **طور** ہے جہاں خُدا بول رہا ہے۔ **وہ خدا جو نبیوں کے ساتھ** کلام کرتا تھا۔ اور پھر چُپ ہوگیا۔ **آج وہ**

ایک مسلمان

کے دل میں **کلام کر رہا ہے**۔ کیا تم میں سے **کسی کو شوق نہیں**؟ کہ اس بات کو پرکھے۔ پھر اگر حق کو پاوے تو قبول کر لیوے۔ **تمہارے ہاتھ میں** کیا ہے؟! کیا ایک **مُردہ کفن میں لپیٹا ہوا**۔ پھر کیا ہے؟ کیا ایک **مُشت خاک**۔ کیا یہ مُردہ خدا ہو سکتا ہے؟ کیا یہ تمہیں کچھ جواب دے سکتا ہے؟ **ذرہ آؤ! ہاں! لعنت ہے تم پر اگر نہ آؤ**۔ اور اُس سڑے گلے مُردہ کا میرے خدا کے ساتھ مقابلہ نہ کرو۔

دیکھو میں تمہیں کہتا ہوں کہ **چالیس دن** نہیں گذریں گے۔ کہ وہ بعض آسمانی نشانوں سے تمہیں شرمندہ کرے گا۔ ناپاک ہیں وہ دل جو سچے ارادہ سے نہیں آزماتے۔ **اور پھر انکار** کرتے ہیں۔ اور پلید ہیں وہ طبیعتیں

جو شرارت کی طرف جاتی ہیں نہ طلب حق کی طرف۔

اومیرے مخالف مولویو! اگر تم میں شک ہو تو آؤ چند روز میری صحبت میں رہو۔ اگر خدا کے نشان نہ دیکھو تو مجھے پکڑو۔ اور جس طرح چاہو تکذیب سے پیش آؤ۔ **میں اتمام حُجت کر چکا۔** اب جب تک تم اِس حجت کو نہ توڑلو۔ تمہارے پاس کوئی جواب نہیں۔ خدا کے نشان **بارش کی طرح** برس رہے ہیں۔ **کیا تم میں سے کوئی نہیں** ۔جو سچا دل لے کر میرے پاس آوے۔ **کیا ایک بھی نہیں۔**

"دُنیا میں ایک نذیر آیا۔ پر دُنیا نے اُسکو قبول نہ کیا۔ لیکن خدا اُسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کر دے گا۔"

والسلام علیٰ مَن اتبع الھدےٰ

۲۲ جنوری ۱۸۹۷ء

ت